بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ



# افعال القرآن

مؤلفہ

پروفیسر عاشق حسین بن متلب علی

ناشر

مکتبہ رشیدیہ

اقبال مارکیٹ کمیٹی چوک راولپنڈی

Cell:0333-5133712

Tel:051-5557877

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَاِنَّمَا یَسَّرْنٰہُ بِلِسَانِکَ لَعَلَّھُمْ یَتَذَکَّرُوْنَ 58 دُخان

وَالَّذِیْنَ جَاھَدُوْا فِیْنَا لَنَھْدِیَنَّھُمْ سُبُلَنَا 69 العَنْکَبُوْت

خَیْرُکُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ (الحدیث)

# اَفْعَالُ الْقُرْاٰن

## جلد اول

ابواب وار، مع اہم لغۃ القرآن وگرامر

مؤلفہ

پروفیسر عاشق حسین بن متاب علی

گورنمنٹ کالج اصغر مال، راولپنڈی

﴿جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ﴾

کتاب کا نام افعال القرآن

تالیف [illegible] حسین بن متاب علی

سن اشاعت طبع اول ستمبر 2007ء

کمپوزنگ قاضی محمد یعقوب چشتی

قیمت 250 روپے، 10 ڈالر

پبلشر مکتبہ رشیدیہ، اقبال مارکیٹ کمیٹی چوک، راولپنڈی 0515557877,03335133712

ملنے کے پتے

☆کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار، راولپنڈی

☆احمد بک کارپوریشن، اقبال روڈ، راولپنڈی

☆ماڈرن بک ڈپو، میلوڈی مارکیٹ، اسلام آباد

☆بک سینٹر-32 حیدر روڈ صدر، راولپنڈی

☆اشرف بک ایجنسی، کمیٹی چوک، راولپنڈی

☆المھدی انٹرنیشنل، اسلام آباد

☆فرید بک سٹال، اردو بازار، لاہور

☆الکریم پبلی کیشنز، اقبال روڈ کمیٹی چوک، راولپنڈی

☆اقبال بک سنٹر صدر، کراچی

☆دارالاشاعت اردو بازار، کراچی

☆المسعود بکس، سکستھ روڈ، راولپنڈی

☆مسٹر بکس، اسلام آباد

☆اکرم برادرز، شاندار چوک، جہلم

☆والی کتاب گھر، اردو بازار، گوجرانوالہ

☆مکتبہ رحمانیہ، اردو بازار، لاہور

☆دارالقرآن، اردو بازار، لاہور

☆اسلامی کتب خانہ، اردو بازار، لاہور

☆مکتبہ قاسمیہ، ملتان

☆کتابستان بک سیلرز، شاہی بازار، بہاولپور

☆مکتبہ رشیدیہ، سرکی روڈ، کوئٹہ

☆ادارۃ النور، اٹک سٹی

☆مکتبہ سید احمد شہید، اکوڑہ خٹک (سرحد)

☆مکتبہ حقانیہ، قصہ خوانی، پشاور

☆ڈان بک ڈپو، باغ، آزاد کشمیر

پاکستان کے کسی بھی شہر یا قصبے سے 150 روپے (خصوصی رعایت) کا منی آرڈر بنام محمد یٰسین درج ذیل پتے پر بھیج کر آپ گھر بیٹھے کتاب افعال القرآن آسانی سے منگوا سکتے ہیں۔ مکتبہ رشیدیہ، اقبال مارکیٹ کمیٹی چوک، راولپنڈی

# حمد ربّ ذوالجلال والاکرام

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط

اَيًّامَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ج

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ ج عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ O هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰـمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ O هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَـهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ط يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ O

اَللّٰهُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَىُّ الْقَيُّوْمُ ج لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ

اَللّٰهُ

نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ط اَلْمِصْبَاحُ فِىْ زُجَاجَةٍ ط اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّىٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ لا يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِىْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ط نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ط يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ط وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ط وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ O

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّىْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّىْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا O

فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ　　سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى　　وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا　　اَللّٰهُ اَكْبَرُ

## ﴿ذکر رسول محمد مصطفیٰ ﷺ﴾

## وَ مَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ

# مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اِسْمُهٗ اَحْمَدُ

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰیO مَا ضَلَّ صَاحِبُکُمْ وَمَا غَوٰی O وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰیO اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی O عَلَّمَهٗ شَدِیْدُ الْقُوٰی O ذُوْ مِرَّةٍ فَاسْتَوٰی O وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰی O ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰیO فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰیO فَاَوْحٰٓی اِلٰی عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰی O مَا کَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی O اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰی مَا یَرٰی O وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰیO عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰیO عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰی O اِذْ یَغْشَی السِّدْرَةَ مَا یَغْشٰی O مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی O لَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰیٰتِ رَبِّهِ الْکُبْرٰی O

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ     وَمَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ

قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰهُ     لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ الرَّحِیْمٌ

وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ رَمٰی     اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَ ط یَدُاللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا o وَّدَاعِیًا اِلَی اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا o

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَکُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ کَجَهْرِ بَعْضِکُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُکُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَO

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِکَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ط یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًاO

## وَ رَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ     عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو خود قرآن سیکھتا اور اُس کو سکھاتا ہے۔

معلم انسانیت، حاملِ قرآن محمدِ مصطفیٰ ﷺ کے نام،
صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، قرآن کے محبین، صالحینِ اُمت اور
اُن تمام انسانوں کے نام، جو آنے والے قرآنی انقلاب
کو خوش آمدید کہنے کے لئے شدت سے منتظر ہیں۔

# ﴿دیباچہ﴾

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

سُبۡحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الۡعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ. وَسَلٰمٌ عَلَى الۡمُرۡسَلِيۡنَ. وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ وَ الۡعَاقِبَةُ لِلۡمُتَّقِيۡنَ وَالصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَى الۡمُرۡسَلِيۡنَ اَجۡمَعِيۡنَ وَ عَلٰى خَاتَمِ النَّبِيّٖنَ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصۡحَابِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ.

تمام تعریفیں ربِ ذوالجلال والاکرام کے لئے جو وحدہٗ لاشریک ہے۔ جس طرح وہ الحی والقیوم کی صفت دوامیت رکھتا ہے، اسی طرح صفتِ احدیت میں وہ یکتائیت رکھتا ہے، اسی لئے وہ شرک کو پسند کرتا ہے نہ معاف کرتا ہے، جب تک انسان توبۃ النصوح نہ کرلے۔ " اِنَّ الشِّرۡكَ لَظُلۡمٌ عَظِيۡمٌ " وہ ہر شے سے بے نیاز اور غنی ہے۔ اس کی رحمت و مغفرت اس کے جلال پر حاوی ہے۔ جو انسان صدقِ دل سے اس کی طرف رجوع کرے وہ اس کو کبھی مایوس نہیں کرتا ہے۔ اللّٰہ کا فرمان لَا تَقۡنَطُوۡا مِنۡ رَّحۡمَةِ اللّٰهِ ہمیشہ جاری وساری ہے۔ مومنین اس کی رحمت سے کبھی مایوس نہیں ہوتے۔ بد بخت افراد، کافرین، منافقین، مشرکین، منکرین اور ملحدین ہی مایوس ہوتے ہیں۔ وہ ہر ذی روح کا مکمل خیال رکھتا ہے۔ تمام مخلوق کی حیات کے تمام لوازمات پورے کرتا ہے۔ وہ انسانوں کا رب ہے۔ اسکی صفتِ رحمانیت عام ہے جو انسان جتنی سعی و محنت کرتا ہے وہ اسکو اس کا ضرور پھل اور اجر دیتا ہے۔ ارشادِ ربانی ہے: وَاَنۡ لَّيۡسَ لِلۡاِنۡسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ۝ وَاَنَّ سَعۡيَهٗ سَوۡفَ يُرٰى ۝ (39، 40، النجم) مگر مومنین کے ساتھ اس کا وعدہ ہے کہ وہ ان کی سعی ضائع نہیں کرے گا۔ فَمَنۡ يَّعۡمَلۡ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤۡمِنٌ " فَلَا كُفۡرَانَ لِسَعۡيِهٖ اور دوسری جگہ فرمایا: اِنَّا لَا نُضِيۡعُ اَجۡرَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ بلکہ مومنین کی لازمی مدد کرنا اور ان کو غالب رکھنا اللّٰہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لے رکھا ہے مگر کچھ شرائط کے ساتھ۔

" وَلَا تَهِنُوۡا وَ لَا تَحۡزَنُوۡا وَ اَنۡتُمُ الۡاَعۡلَوۡنَ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ "

وَ كَانَ حَقًّا عَلَيۡنَا نَصۡرُ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ (47، الروم) اور ضروری ہے ہم پر مدد کرنا مومنین کی۔

حَقًّا عَلَيۡنَا نُنۡجِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ (103، یونس) مومنین کو نجات دینا ہم پر واجب ہے۔

ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا (72،مریم) پھر ہم نجات دیں گے ان کو جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں۔

ایک اور جگہ فرمایا: وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ٥ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ (3،2،الطلاق)۔

مگر شرط یہ ہے کہ تم پہلے اللہ کی مدد کرو۔ اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ (7، محمد) اور جب اللہ کسی کی مدد کرتا ہے تو پھر کوئی بھی اس پر غالب نہیں آسکتا۔ اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ (160،الِ عِمرٰان)

کیونکہ انسان جو بھی عمل کرتے ہیں ، جس نیت سے بھی کرتے ہیں وہ دیکھتا رہتا ہے، مہلت دیتا رہتا ہے۔

وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ (15،البقرۃ) فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا (18،الطارق)

اعمال کے مطابق جزاو سزا کے فیصلے صادر فرماتا ہے۔ اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ اس کے تمام فیصلے اس کے اپنے آئین کے تحت ہیں اس میں ذرہ بھر تبدیلی نہیں کرتا۔ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ،لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ وہ آئین کتاب اللہ ہے جو "قرآن حکیم" ہے۔ یہ اس کی آخری الہامی کتاب ہے جو اس نے آخری نبی محمد مصطفیٰ ﷺ پر نازل فرمائی جو گزشتہ تمام صحائف اور الہامی کتب کی جامع ہے۔ یہ تمام گزشتہ ادیان کا خلاصہ اور نچوڑ ہے۔

وانہ لفی زبر الاولین اس میں تحریف ناممکن ہے کیونکہ اس کی حفاظت اللہ تعالیٰ نے خود اپنے ذمہ لی ہے۔

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ

اس میں قیامت تک اور مابعد القیامت پیش آنے والے حالات وواقعات کا اندراج ہے۔

ولا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین

ونزلنا علیک الکتٰب تبیانا لکل شی

ولا اصغر من ذلک ولا اکبر الا فی کتٰب مبین

اللہ تعالیٰ کی سنت اور اس کے آئین سے کروڑوں نہیں بلکہ اربوں انسانوں کو آگاہی نہیں ہے وہ اس کی زبان سے روشناس ہی نہیں۔ جو زبان سے شناسا ہیں وہ احکام الٰہی پر نہ تو استقامت سے عمل کرتے ہیں نہ ہی ان کی ترویج وتنفیذ میں مخلص ہیں اس کا نتیجہ ساری امت کے سامنے ہے۔

میراث میں آئی ہے انہیں مسندِ ارشاد زاغوں کے تصرف میں عقابوں کے نشیمن

ستاون (57) کے لگ بھگ اسلامی ممالک میں سے کسی ایک ملک میں بھی پوری طرح قرآن وسنت کے مطابق آئین نہیں ہے۔ اور نہ ہی آئندہ کے پروگرام میں ہے۔ البتہ سعودی عرب میں حدود اللّٰہ اور اسلامی تعزیرات پر عمل درآمد ہوتا ہے۔ مگر وہ بھی کما حقہ، نہیں۔ اگر قرآنِ حکیم کے احکامات پر اجتماعی طور پر عمل درآمد ہوتا تو پوری دُنیا اَمن وسلامتی کا گہوارہ بن جاتی۔ جب کہ ایسا کہیں بھی نہیں ہے۔ حتی کہ جان و مال کی حفاظت کا کسی ملک میں بھی خاطر خواہ انتظام نہیں ہے۔

فطرت افراد سے اغماض تو کر لیتی ہے کبھی کرتی نہیں ملت کے گناہوں کو معاف

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ومن لم یحکم بما انزل اللّٰہ فا ولئک ھم الکفرون (44. المائدة)

اسی سورت کی آیت 45 میں "ھم الظالمون" اور آیت ۴۷ میں "ھم الفٰسقون" کے الفاظ آئے ہیں جو لوگ اللّٰہ کے احکام کے مطابق فیصلے نہیں کرتے ایسے لوگ کافر ہیں، ظالم ہیں، فاسق ہیں۔ اللّٰہ تعالیٰ کافروں، ظالموں اور فاسقوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔ جب تک وہ دل کی گہرائیوں سے توبہ نہ کرلیں۔ ان کے لئے وقتاً فوقتاً امرِ الٰہی نافذ ہوتا رہتا ہے مگر ان کو اس کی بھنک بھی محسوس نہیں ہوتی۔ وہ ہر بات میں اپنی علمی موشگافیاں کرتے اور ٹامک ٹوئیاں مارتے رہتے ہیں کیونکہ ان کے پاس اللّٰہ کی کتاب کا علم نہیں ہوتا۔

ومن الناسِ من یجادل فی اللّٰہ بغیر علم ولا ھدی ولا کتب منیر (8، الحج)

کتاب اللّٰہ کی علم ومعرفت کے لئے اس کی زبان کا جاننا ہر مسلمان پر فرض ہے جس میں قرآن نازل ہوا۔

انا انزلنٰہ قرانا عربیا لعلکم تعقلون

انا جعلنٰہ قرانا عربیا لعلکم تعقلون

وکذلک انزلنہ قرانا عربیا

وکذلک اوحینا الیک قرانا عربیا

کتٰب فصلت ایٰتہ قرانا عربیا لقوم یعلمون

قرانا عربیا غیر ذی عوج لعلھم یتقون

اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم اپنے آخری نبی حضرت محمد ﷺ کی زبان میں نازل کیا اور اس کو آسان کر دیا۔ فَاِنَّمَا یَسَّرنٰہُ بِلِسَانِکَ (97،مریم) فَاِنَّمَا یَسَّرنٰہُ بِلِسَانِکَ لَعَلَّھُم یَتَذَکَّرُوْن (58،دخان)

جو خطہ عرب کی نہایت جامع و منضبط اور فصیح و بلیغ و مبین زبان ہے۔ ایسی کوئی دوسری زبان ہے نہ ہو سکتی ہے۔

بلسان عربی مبین (95،الشعراء) وھذالسان عربی مبین (103،النحل)

اسی لئے اللہ کے رسول محمد مصطفیٰ ﷺ کا فرمان ہے: احبو العربیة لثلاث انا عربی و القرآن عربی ولسان اھل الجنة عربی " عربی کو تین وجوہات کی بناء پر پسند کرو۔ میں عربی ہوں، قرآن حکیم عربی میں ہے اور اہل جنت کی زبان عربی ہے۔" لہٰذا قرآن مجید کے فرامین اور آپؐ کے فرمان کی روشنی میں یہ بات بالکل واضح ہے کہ قرآن مجید کے متن کو اسکی زبان میں سمجھنا اشد ضروری ہے۔ اعلیٰ سے اعلیٰ ترجمہ بھی اصل متن کا متبادل نہیں ہو سکتا۔ مختلف زبانوں میں تراجم سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ ہدایت بھی مل سکتی ہے مگر کلام الٰہی کے لب و لہجہ، حلاوت و شیرینی اور دبدبہ و تمکنت والے کلمات کی روح نصیب نہیں ہو سکتی۔ قرآن حکیم کے عربی متن کے بغیر دوسروں تک دینِ اسلام کی اصل روح کا اِبلاغ نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا حُبِ الٰہی اور حُبِ مصطفیٰ ﷺ کا بنیادی تقاضا ہے کہ ہر مسلمان اتنی قرآنی عربی ضرور سیکھے کہ وہ اللہ اور اسکے رسولؐ کے پیغام کو سمجھ سکے اور کوئی دوسرا شخص اس کو گمراہ نہ کر سکے۔ اور اِس حدیث پاک کے مطابق خود قرآن سیکھے اور دوسروں کو بھی سکھائے۔

خیر کم من تعلم القران و علمه تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو خود قرآن سیکھے اور دوسروں کو سکھائے۔

اس کیلئے ہر غیر عرب مسلم ملک کے نظامِ تعلیم میں عربی زبان لازمی مضمون کے طور پر شامل کرنا اَشد ضروری ہے۔

لہٰذا ہر مسلم حکومت کا فرض ہے کہ وہ جہاں کھیلوں اور دیگر کئی ایک غیر اہم امور کے لئے کروڑوں، اربوں روپے بجٹ میں مختص کرتی ہے اس کو قرآن مجید جیسی اہم کتاب اور عربی زبان کی تعلیم و تدریس کے لئے خطیر رقم مختص کرنی چاہیئے تاکہ افراد احکام الٰہی کے مطابق زندگیاں گزاریں اور معاشروں میں امن و سکون میسر آئے، دنیا و آخرت

سنورے۔ ترقی اور خوشحالی بھی اسی سے آئے گی۔ قرآن حکیم میں ہے:

ولو ان اھل القرٰی امنوا واتقوا لفتحنا علیھم برکٰت من السماء والارض (96، الاعراف)

"اور اگر کہیں بستیوں والے ایمان لاتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو کھول دیتے ہم ان پر برکات کے (سرچشمے) آسمان سے اور زمین سے"۔

اس کے برعکس جو اپنی معیشت وخوشحالی پر اتراتے ہیں اور احکام الٰہی پر انفرادی اور اجتماعی لحاظ سے عمل نہیں کرتے اللہ تعالیٰ ان کو ہلاک کردیتا ہے۔ کم اھلکنا من قریۃ بطرت معیشتھا (58، القصص)

حتیٰ کہ وہ بستیاں الٹا دیتا ہے۔ وجعلنا عالیھا سافلھا ایک جگہ "والموتفکۃ ھوٰی" آیا ہے اور دوسری جگہ فقطع دابر القوم الذین ظلموا آیا ہے۔

لہٰذا ہر مسلم ملک میں سب سے زیادہ توجہ قرآن مجید کی تعلیم پر دینے کی ضرورت ہے۔ کلاس اول سے پی ایچ ڈی تک ہر طالب علم کے لئے قرآن مجید کی تعلیم لازمی ہو۔ مگر نہایت مناسب اور موزوں قرآنی نصاب ہو۔ اس کو مشکل بنا کر نہ پیش کیا جائے بلکہ سہل ترین ہو۔ تاکہ وہ ایک بہترین مجاہد انسان بن کر انسانیت کی فلاح و بہبود کے لئے کام کرے۔ اسی طرح ریسرچ کے ہر مقالے کا آغاز موضوع سے متعلقہ قرآنِ حکیم کی کسی آیت کی طرف اشارہ کرتا ہو۔ اس طرح آپ پوری دنیا کے سکالرز اور محققین تک قرآنِ حکیم کا پیغام بآسانی پہنچا سکتے ہیں۔

وہ مردِ مجاہد نظر آتا نہیں مجھ کو ہو جس کی رگ و پے میں فقط مستی کردار

قرآن مجید کی تعلیم سے ہی مذہبی انتشار وافتراق اور فرقہ واریت پر قابو پایا جاسکتا ہے دوسرا کوئی اور طریقہ نہیں۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو مذہبی جنون بڑھتا جائے گا جو تباہی و بربادی پر منتج ہوگا اور میرا رب کوئی اور صالح قوم لے آئے گا۔ جو قرآن کی دلدادہ ہوگی اور احکام الٰہی پر سختی سے عمل پیرا ہوگی اس طرح قرآن کا آفتاب طلوع ہو کر رہے گا۔ ساری دنیا مل کر بھی اس کا راستہ نہیں روک سکتی۔

چراغ مصطفوی ﷺ پھونکوں سے کبھی بجھایا نہیں جاسکتا بلکہ باطل کی پھونکوں سے نوری چراغ مزید بھڑکتا ہے۔

ویحق اللّٰہ الحق بکلمتِہ ولو کرہ المجرمون

یریدون ان یطفئوا نور اللّٰہ بافواھھم ویابَی اللّٰہ الا ان یتم نورہ ولو کرہ الکفرون

بالکل یہی بات سورۃ " الصَّفُ " کی آیت نمبر 8 میں دہرائی گئی ہے اب مسلمانوں کا فرض ہے کہ اللّٰہ کے دین کے غلبہ کے لئے جان و مال کی قربانی دینے سے دریغ نہ کریں مگر موجودہ صورتحال اس کے برعکس ہے کہ سائنس ودیگر دنیاوی علوم کی تعلیم وتدریس کے لئے اربوں، کھربوں روپے مختص ہیں اور اعلیٰ سے اعلیٰ ادارے موجود ہیں، غیر ممالک میں جا کر علم حاصل کرنے کا ذوق وشوق ہے مگر قرآن وحدیث کے لئے صرف ذاتی کاوش سے تعمیر کردہ مساجد ومدارس ہیں۔ان مدارس کے طلباء واساتذہ کے لئے کوئی سہولیات نہیں ہیں۔نہ ہی کسی قسم کی ٹریننگ کا انتظام ہے۔کاش یہاں کے طلبا اور اساتذہ کے لیے خصوصی وظائف اور مراعات میسر ہوتیں۔نہایت ذہین، قابل، لائق اساتذہ اور علماء نہایت قلیل مشاہروں پر کام کرتے ہیں کیونکہ ان کی تنخواہیں اور طعام ورہائش مخیر حضرات کے چندے، زکوٰۃ، صدقات وخیرات کی مرہونِ منت ہیں۔پھر بھی وہ حتی المقدور دین اسلام کی خدمت کررہے ہیں۔

البتہ مساجد و مدارس کے ائمہ، علماء کرام اور طلباء تدریس وتبلیغ دین کے ساتھ حدیثِ رسول ﷺ الکاسب حبیب اللّٰہ پر عمل پیرا ہو کر رزق ومعیشت کے معاملات میں نہ صرف خود کفیل ہو سکتے ہیں بلکہ اس کے فوائد وثمرات معاشرے پر مرتب کرکے مادی وروحانی کمالات کے رُتبے پر فائز ہو سکتے ہیں اور ملک کی معیشت میں بھی اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔قرآنِ حکیم، احادیث اور دینی کتب کی کمپوزنگ اور طباعت واشاعت سے اپنی معیشت کو بہترین بنا سکتے ہیں اور دوسروں کی محتاجی سے مبرا ہو سکتے ہیں۔رزق حلال اور صدقِ مقال کی دینِ اسلام میں بہت زیادہ اہمیت وافادیت ہے۔

اے طائرِ لاہوتی اس رزق سے موت اچھی     جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

ایسے حالات میں ان سے افراد اور قوموں کی اصلاح اور عالمگیر امامت کی توقع عبث محض ہے۔

"ایں خیال است ومحال است"

قلبِ بیدار اور کسی صاحبِ علم وعمل فرد ہی کی قیادت مسلم امہ کی ڈوبتی ناؤ کو کنارے لگا سکتی ہے ورنہ

دل توڑ گئی ان کا دو صدیوں کی غلامی　　　دارو کوئی سوچ ان کی پریشاں نظری کا

غلام قوموں کی نہ زبان اپنی ہوتی ہے اور نہ ہی تفسیر و تعبیر۔ اسی لئے علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

الحذر، محکوم کی میت سے سو بار الحذر　　　اے سرافیل! اے خدائے کائنات! اے جانِ پاک

محکوم کے الہام سے اللہ بچائے　　　غارت گر اقوام ہے وہ صورت چنگیز

غلامی اور بدحالی کی زنجیر توڑنے کی تدبیر کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے۔ اس کی واحد صورت حَبْلُ اللّٰہ یعنی آئین الٰہی کی طرف عملی و اجتماعی رجوع کرنا ہے۔

ہر حکومت کی پہلی اور بنیادی ذمہ داری بلا تخصیص اپنے شہریوں کو عدل کی فراہمی ہے اور اس کا حصول اتنا سہل اور فوری ہو کہ مظلوم کو آہ و فریاد کی ضرورت نہ پڑے یتیم اور مظلوم کی آہ سے تو عرش بھی لرز جاتا ہے رب کائنات کا جلال رحمت پر حاوی ہو جاتا ہے بعض اوقات فوری امر نافذ ہو جاتا ہے۔ اور بعض اوقات تاخیر سے، ظالم اور جابرین کو المناک سزا دے کر ہمیشہ کے لئے فارغ کر کے عبرت بنا دیا جاتا ہے۔ کور چشم اور کور دِل لوگ جن کو آئیڈیل بنائے ہوتے ہیں وہ بھی ان کا نام تک لینا پسند نہیں کرتے اس سلسلے میں کیا فرعون، نمرود، شداد اور قارون جیسے مطلق العنان افراد کی مثالیں کافی نہیں ہیں۔ مسلم و غیر مسلم حکومتوں کو اپنے تمام شہریوں کو مساوی حقوق اور ان کے جان اور مال کی حفاظت کو ترجیح اوّل دینا ضروری ہے وگرنہ وہ مسلسل بدامنی اور انتشار کا شکار رہیں گے جو کسی حکومت کے لئے بھی مناسب نہیں۔ مسلم حکومتیں جان و مال کی حفاظت کے قانون اور حدود اللہ کو عملی طور پر نافذ کر کے ہی معاشرے میں اَمن قائم کر سکتی ہیں۔ اور پوری دُنیا کے لئے نمونہ بن سکتی ہیں اس طرح یہ دنیا جنت کا گہوارہ بن سکتی ہے ہم گزشتہ ساٹھ سال میں ایک حد کا بھی عملی نفاذ نہیں کر سکے اور نہ آئندہ کے پروگرام میں ہے اگر موجودہ مسلم حکومتیں اس پر آمادہ ہو جائیں تو کسی فرد کو بھی ان کے خلاف مزاحمت کا جواز ہی نہیں رہے گا اور اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب کی رضا اور خوشی بھی حاصل ہوگی۔ اور یہی فوز عظیم ہے۔ و رضوان اللہ اکبر

نماز اور عبادت کا اصل مقصد بھی معاشرے کو انفرادی اور اجتماعی لحاظ سے نہایت احسن خطوط پر استوار کرنا ہے۔

تیرا امام بے حضور، تیری نماز بے سرور ایسی نماز سے گزر، ایسے امام سے گزر

امہ صدیوں سے بے امام ہے۔اس کا کوئی مرکز نہیں آج پوری مسلم امہ اسکی سزا بھگت رہی ہے نہایت زبوں حالی ہے۔ ہر معاملے میں غیروں کی محتاج ہے۔ جس کا جس طرف جی چاہتا ہے ہانکتا جاتا ہے۔ نہ تو مسلم امہ علمی تحقیق میں کوئی مقام رکھتی ہے نہ سائنس اور ٹیکنالوجی میں اور نہ ہی صداقت، امانت اور عدالت کی علمبردار ہے۔

حلقہء شوق میں وہ جرأتِ اندیشہ کہاں آہ ! محکومی و تقلید و زوالِ تحقیق

زوالِ تحقیق سے نکلنے اور تحقیق کے کند تیشہ کو تیز کرنے کیلئے فعال قیادت، فوری عدل، مضبوط دفاع اور اعلیٰ معاشی نظام کے علاوہ تعلیم کو اوّل ترجیح دینا اشد ضروری ہے۔ تاکہ اعلیٰ ترین دماغ تعلیم و تربیت کا فریضہ سرانجام دیں وگرنہ باتیں ہی باتیں، کانفرنسز، سیمنارز اور دعوے ہی دعوے۔ صدیوں سے ہم حالتِ اضطرار میں ہیں۔

بجھی عشق کی آگ اندھیر ہے! مسلماں نہیں راکھ کا ڈھیر ہے

نہ مومن ہے نہ مومن کی امیری رہا صوفی گئی روشن ضمیری

57 اسلامی ممالک نہایت پسماندگی و کسمپرسی کی غلامانہ زندگی گزار رہے ہیں وجہ صاف ظاہر ہے۔

تقدیر کے قاضی کا یہ فتویٰ ہے ازل سے ہے جرمِ ضعیفی کی سزا مرگِ مفاجات!

محکوم اور غلام قوموں کے افراد غیروں کی زبان، انہی کے اقوال و نظریات اور حوالہ جات سے خود متاثر ہوتے ہیں اور انہی سے دوسروں کو متاثر کرتے ہیں۔ اور اپنی قومی زبان میں اپنے اعلیٰ نظریات تک کو بیان کرنے میں شرم اور عار محسوس کرتے ہیں۔

ان غلاموں کا یہ مسلک ہے کہ ناقص ہے کتاب کہ سکھاتی نہیں مومن کو غلامی کے آداب

آج کا اسلامیات اور عربی کا مسلم پی ایچ ڈی غیر مسلموں کا شاگرد و متعلم، گزشتہ دو صدیوں سے ایسا ہی ہے۔ آئندہ کی خبر نہیں۔ مسلمانوں کیلئے مر مٹنے کا مقام ہے۔ کیا کوئی غیر مسلم دین اسلام کا حقیقی تصور پیش کر سکتا ہے؟ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ "علوم الادیان والابدان" کے ماہر مسلمان ہوتے اور باقی مذاہب کے لوگ ان سے تقابلِ

ادیان کا علم حاصل کرنے آتے اور اسلام کی حقانیت سے متاثر ہو کر لوٹتے مگر صدیوں سے اس کے الٹ ہو رہا ہے۔

گرچہ مکتب کا جواں زندہ نظر آتا ہے — مردہ ہے! مانگ کے لایا ہے فرنگی سے نفس

شاید اس کی وجہ یہ ہو:

خودی کی موت سے مشرق کی سرزمینوں میں — ہوا نہ کوئی خدائی کا رازداں پیدا

ہند میں حکمت دیں کوئی کہاں سے سیکھے — نہ کہیں لذت کردار، نہ افکارِ عمیق

اس ساری تحریر کا لب لباب قرآن مجید کی اس آیت سے ماخوذ ہے

وقال الرسول یرب ان قومی اتخذوا ھذا القرآن مھجوراً

اور اللہ کے رسول ﷺ فریاد کریں گے۔ اے رب! میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑ رکھا تھا۔ جیسا کہ حدیث شریف میں ہے۔ ان اللہ یرفع بھذا الکتاب اقواماً ویضع بہ آخرینO (مسلم)

بے شک اللہ تعالیٰ اس کتاب کے ذریعے سے بعض قوموں کو رفعت اور بلندی عطا فرما دیتے ہیں اور اسی کتاب کے چھوڑنے کی وجہ سے بعض قوموں کو گرا دیتے ہیں۔

الفاظ، ومعانی میں تفاوت نہیں لیکن — مُلّا کی اذاں اور، مجاہد کی اذاں اور

امامت نہایت بھاری ذمہ داری کا نام ہے امامت پیشہ نہیں یہ قوم وملت کا اندیشہ ہے۔

ترا اندیشہ افلاکی نہیں ہے — تیری پرواز لولاکی نہیں ہے

یہ مانا اصل شاہینی ہے تیری — تری آنکھوں میں بے باکی نہیں ہے

گر تو می خواہی مسلماں زیستن — نیست ممکن جز بقرآں زیستن

اگر تو چاہتا ہے کہ بطور مسلمان زندگی گزارے یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک قرآن کے مطابق عملی زندگی نہ ہو یعنی معاشرے میں انفرادی واجتماعی لحاظ سے قرآنی احکام پر سختی سے عمل ہو۔

قرآن میں ہو غوطہ زن اے مردِ مسلمان — اللہ کرے تجھ کو عطا جدت کردار

انفرادی واجتماعی کامیابی کا راز اطیعوا اللّٰہ واطیعوا الرسول میں ہے صرف اسوہ حسنہ پر عمل اور عشق

رسولؐ ہی سے دنیا و آخرت سنور سکتی ہے کسی اور طریقہ سے نہیں۔

کی محمد ﷺ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں ۔۔۔ یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

قوتِ عشق سے ہر پست کو بالا کردے ۔۔۔ دہر میں اسمِ محمد ﷺ سے اجالا کردے

قرآن مجید کے حکم: **وما اٰتکم الرسول فخذوہ وما نھکم عنہ فانتھوا** اور اس حدیث پاک کو حرزِ جان بنالیں

**لایومن احد کم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین. (بخاری)**

تم میں سے اس وقت تک کوئی شخص مومن ہو ہی نہیں سکتا جب تک میں اسے اپنے باپ، اپنی اولاد اور تمام انسانوں کے مقابلے میں محبوب ترین نہ ہو جاؤں۔ ان پر عمل ہی سے دین و دنیا میں سرفرازی حاصل کی جاسکتی ہے۔ خلفائے راشدین اور لاکھوں صحابہ کرامؓ کی پرنور زندگیاں ہمارے لئے مشعلِ راہ ہیں کہ قرآن حکیم اور اسوہ رسولؐ نے ان کے ظاہر و باطن میں کیسا انقلاب برپا کیا جس کی مثال تاریخ عالم میں نہیں ہے۔ آج بھی ہم آپؐ کے اسوۂ حسنہ پر عمل پیرا ہو کر حقیقی فتح و کامرانی حاصل کر سکتے ہیں۔

فضائے بدر پیدا کر فرشتے تیری نصرت کو ۔۔۔ اتر سکتے ہیں گردوں سے قطار اندر قطار اب بھی

معرکہ حق تو برپا ہوتا رہتا ہے جس کے نتیجے میں قوم بھی بدلتی رہتی ہے۔

وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ (38.محمد)

اور اگر تم منہ پھیر لو گے تو تمہاری جگہ کسی دوسری قوم کو لے آئے گا اور وہ تمہاری طرح کے نہیں ہوں گے۔

مجبور و مقہور و مغضوب قوم کی جگہ وہ ہمیشہ صالح باصلاحیت بلحاظ علم و عمل قوم کو لے کر آتا ہے۔

موجودہ مردہ، بے حس اور بے امیر ملت اسلامیہ جس میں سلطنتیں چھوٹی چھوٹی ٹکڑیاں ہوں۔ ہوس زر اور حکومت کے پجاریوں، غیروں کے بھکاریوں، جدید علوم و سائنس و ٹیکنالوجی سے عاری اور قرآن حکیم کے احکام کے نفاذ سے دور بھاگنے والوں سے کسی معرکہ کی توقع عبث ہے جب تک یہ **واعتصموا بحبل اللّٰہ جمیعا ولا تفرقوا** (103،ال عمران) کے مژدہ جاں افزا کو نہ سمجھیں۔

فرمانِ الٰہی پڑھیں اور سوچیں: **ان الذین فرّقوا دینھم و کانو شیعا لست منھم فی شی** (159،الانعام)

ولاتنازعوا فتفشلوا وتذهب ریحکم واصبروا (46،الانفال)

یہ بات بالکل واضح ہے کہ جب تک تمام مسلمان "اتحاد بین المسلمین" کے مصمم ارادے سے ایک مرکز پر اکٹھے نہیں ہوتے اس وقت تک مغلوبیت اور زبوں حالی ان کا مقدر رہے گی۔

آہ اس راز سے واقف ہے ملا نہ فقیہہ      وحدت افکار کی بے وحدت کردار ہے خام

یہ تبھی ممکن ہے کہ ہر مسلمان قرآن حکیم کو رسول کریم ﷺ کی احادیث اور اسوۂ رسول ﷺ کی روشنی میں سمجھے اور اس پر استقامت سے عمل کا مظاہرہ کرے اور اس کے ساتھ ساتھ تمام جدید علوم، سائنس اور ٹیکنالوجی کا علم بھی حاصل کرے۔ اور معاشرے میں اجتماعی طور پر قرآن وسنت کے نفاذ کے لئے ایسی عملی تڑپ رکھتا ہو کہ معاشرہ جب تک درست ڈگر پر نہیں آجاتا وہ چین اور آرام سے زندگی نہ گزارے۔

مگر مسلم امہ کا موجودہ المیہ یہ ہے کہ وہ گزشتہ کئی صدیوں سے بلکہ خلافتِ راشدہ کے بعد دو غیر فطری دینی اور دنیاوی یعنی قدیم وجدید، مادی وروحانی طبقوں میں تقسیم ہو چکی ہے۔اسی بنیاد پر علوم کو بھی تقسیم کر لیا ہے۔پوری دنیا میں جدید علوم یعنی مادی اور سائنسی علوم حاصل کرنے والے افراد حکومتی اور پرائیویٹ اداروں میں اعلیٰ عہدوں پر فائز ہو کر معاشرے کے نظام کو عملی طور پر چلاتے ہیں۔تمام فیصلے وہی کرتے ہیں۔لہٰذا وہی ملکی قوانین اور پالیسیاں بناتے ہیں۔دینی علوم حاصل کرنے والے علماء حضرات اپنے آپ کو اس نہج پر تیار ہی نہیں کرتے کہ وہ معاشرے کے مسائل کو حل کرنے میں عملی طور پر شامل ہو سکیں۔وہ مساجد ومدارس اور عبادت وریاضت تک اپنے آپ کو مقید کر لیتے ہیں۔ اسی بنا پر وہ معاشرے کے عملی مسائل سے نہ صرف نابلد رہتے ہیں بلکہ وہ مسائل سے پوری طرح آگاہ ہی نہیں ہو پاتے۔ اجتہاد کا دروازہ بند ہونے کی بنیادی وجہ بھی یہی ہے۔ان دو طبقات کے درمیان ایک وسیع خلیج حائل ہے۔جس کو ختم کرنے کے لئے کافی عرصہ درکار ہے۔جس کے لئے تمام سرکاری اور پرائیویٹ اداروں میں عربی زبان، حفظ قرآن اور دینی تعلیم یعنی قرآن وحدیث اور فقہ پڑھانے کا مکمل اہتمام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔تاکہ ان اداروں سے پڑھنے والے لوگ محدث، فقیہہ، عالم، مفتی اور قاضی القضاۃ کے مراتب پر فائز ہو کر معاشرے میں احسن کردار ادا کریں۔اسی طرح مساجد اور دینی مدارس میں مروجہ جدید سائنسی علوم کا نصاب پڑھانا بھی ضروری

ہے۔البتہ جو افراد تخصص حاصل کرنا چاہیں وہ انٹر کے بعد اپنا شعبہ دین یا سائنس وآرٹس منتخب کر سکتے ہیں۔اس بنیادی تبدیلی سے معاشرے میں احسن تبدیلی آسکتی ہے۔ان دونوں طبقوں کے حسین امتزاج ہی سے معاشرہ بہتر ہوسکتا ہے۔

یہ کتاب ''افعال القرآن'' اس سلسلے کی ابتدائی کڑی ہے۔قرآنیات (Quranic Studies) کو پرائمری سے ایم اے، ایم ایس سی تک باقاعدہ مضمون کا درجہ دیا جائے۔اس میں باقاعدہ ایم ایس سی، ایم فل اور پی ایچ ڈی ہو۔ اور تمام عدالتی قوانین کو قرآن وسنت سے ہم آہنگ کیا جائے تاکہ اس کا علم حاصل کرنے والے افراد انفرادی عمل کے علاوہ اجتماعی عملی اطلاق کیلئے اپنے آپ کو اچھی طرح تیار کریں۔

اس کتاب میں قرآنی افعال کے ماضی ،مضارع، مصادر، اردو معانی، مع حوالہ جات درج کئے گئے ہیں۔ان کو حروف صحیحہ، مضاعف اور معتل کی طرز پر لکھا گیا ہے۔اگر اس ترتیب میں معمولی سا ردوبدل پائیں تو کوئی خاص وجہ ہوگی۔ثلاثی مجرد کے ابواب کا آغاز اسی باب کے فعل سے کیا گیا ہے۔بہرحال یہ ترتیب مکمل طور پر حروف تہجی کی بنیاد پر نہیں بلکہ آسان سے مشکل کلمات کی طرز پر ہے۔اس کے علاوہ شروع میں تمام افعال کے مادوں کی فہرست مع صفحہ نمبر بھی دے دی گئی ہے تاکہ ان کی مدد سے مطلوبہ فعل دیکھا جاسکے۔اردو معانی دو یا تین دیئے گئے ہیں۔تمام معانی دینے سے کام کافی طویل ہو جاتا۔حوالہ عموماً پہلے معنی کا دیا گیا ہے۔شاید بعض اوقات ایسا نہ ہو۔ اس کے علاوہ اہم اسماء کے معنی، کچھ قرآنی کلمات کے متضاد، گرامر کے بنیادی تصورات مع قواعد وضوابط کے علاوہ ماضی ومضارع، امر ونہی کی گردانیں بھی دے دی گئی ہیں تاکہ قاری اس کتاب کی مدد سے زیادہ سے زیادہ قرآن حکیم اور عربی زبان کی تفہیم حاصل کر سکے۔ان شاء اللہ یہ کتاب کالج اور یونیورسٹی کی سطح پر تحقیق کی مزید راہیں کھولے گی۔یہ کتاب نہ صرف قرآن فہمی کے لئے مفید ہوگی بلکہ اسلامیات، عربی اور اردو کے پروفیسرز، اساتذہ، ادیب، شعراء، مقرر حضرات، سکالرز اور طلباء کے لئے تلفیظ (الفاظ سازی) اور تلفظ کے مسائل میں کافی مفید ثابت ہوگی۔**یہ کتاب عربی اور اردو زبان کے درمیان پل کا کام بھی دے گی۔**ثلاثی مزید فیہ کے ابواب کو اچھی طرح سمجھ کر پڑھنے کے بعد ہزاروں نئے الفاظ اور تراکیب واصطلاحات آپ خود اختراع کر سکتے ہیں۔میرے لئے یہ بڑی حیران کن بات ہے کہ اردو کی کسی لغت میں بھی آغاز میں عربی ابواب خاص کر ثلاثی مزید فیہ کے پہلے

آٹھ ابواب کا تذکرہ نہیں ہے۔ ان آٹھ ابواب کے الفاظ کے سمجھنے سے اردو کے کئی ہزار مشکل الفاظ کے تلفظ بآسانی درست کئے جا سکتے ہیں، اردو تلفظ کو سہل بنانے کے لئے آئندہ ان کا اندراج اردو کی ہر لغات میں انتہائی ضروری ہے۔ اسی طرح اردو کے ہر معلم کے لئے ان کا جاننا نہ صرف مفید ہے بلکہ ضروری ہے۔ یہ آٹھ ابواب اردو الفاظ کے تلفظ ہی میں مددمعاون نہیں ہوں گے بلکہ اردو کے تمام طلباء و اساتذہ کے لئے قرآن فہمی کے رجحان میں اضافہ کا باعث بھی بنیں گے۔ تمام عربی معاجم ثلاثی مجرد، صلہ، اسماء اور مشتقات کی بحث کے علاوہ اکثر انہی آٹھ ابواب میں سے کچھ ابواب کے لحاظ سے الفاظ کو ترتیب دیتی ہیں۔ گویا ان ابواب کی مدد سے عربی معاجم کی تفہیم نہایت آسان ہو جاتی ہے۔ گویا یہ ابواب قرآن اور عربی زبان و اردو زبان کی کلید ہیں۔

یہ کتاب قرآن حکیم کی آیات **ولقد یسرنا القران للذکر فھل من مُّدَّکِر** اور **فَاِنَّمَا یَسَّرْنٰہُ بِلِسَانِکَ** ہی کی وضاحت ہے۔ بہر حال اس کتاب کی تیاری میں بہت سی مشکلات پیش آئیں۔ میرے سامنے اس موضوع پر کوئی تحقیقی کام موجود نہیں تھا۔ نہ ہی کوئی معیاری مستند، مکمل قرآنی معجم مل سکی۔ اگر عربی زبان میں کوئی ایسی معجم ہو بھی تو اس سے صرف عربی لوگ اور عربی دان علماء ہی استفادہ کر سکتے ہیں۔ دوسرا اور کوئی مستفید نہیں ہو سکتا اور نہ ہی کسی ایسی عربی تفسیر سے کما حقہ، فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ عربی زبان کی تمام قرآنی کتب و تفاسیر کا دوسری اہم زبانوں، اردو اور بین الاقوامی زبان میں ترجمہ کرنا مسلم امہ کی اوّلین ذمہ داری ہے اسی طرح آج جتنی بھی تحقیق قرآن و حدیث کے حوالہ سے ہو رہی ہے ہر ملک کا باشندہ اپنے مقالہ کو اپنی قومی / بین الاقوامی زبان میں بھی ترجمہ کر کے پیش کرے۔ درجن کے لگ بھگ قرآنی معجم میں ایک بھی تحقیقی معیار پر پوری نہیں اترتی۔ اسکی بنیادی وجہ شاید یہی ہو کہ یہ تمام انفرادی کاوش کا نتیجہ ہیں۔ انفرادی لحاظ سے ان افراد کا کام نہایت قابلِ تحسین ہے بلکہ قابلِ صد ستائش ہے۔ مگر "جامع قرآنی معجم" کی تیاری کا کام اجتماعی اور سرکاری سرپرستی ہی میں احسن انداز سے ہو سکتا ہے۔ علاقائی اور لشکری زبان اردو کی " اردو لغت " (تاریخی اصول پر) گزشتہ پچاس سال سے شروع ہے جو ابھی تک مکمل نہیں ہوئی۔ اس کے چند حروف پر ابھی کام باقی ہے۔ حالانکہ اردو زبان کے سینکڑوں محقق اور ڈاکٹرز ایک اعلیٰ سرکاری ادارے کی سرپرستی میں کام کر رہے ہیں۔ لہذا قرآنی معجم کیلئے بھی اسلامیات اور عربی کے پروفیسرز، ڈاکٹرز اور علماء

لغت کا ایک اعلیٰ بورڈ تشکیل دینے کی اشد ضرورت ہے۔اس کی منصوبہ بندی بھی بندہ ناچیز پیش کرسکتا ہے اور یہ کام پچاس سال کی بجائے صرف پانچ سال میں احسن انداز سے پایہ تکمیل تک پہنچ سکتا ہے۔کیونکہ موجودہ دور کمپیوٹر اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کا ہے۔دنیا بھر کی کتب اور غیر ملکی علماء سے آسانی سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔اس لغت کی وجہ سے فرقہ واریت اور من پسند قرآنی تاویلات سے بھی چھٹکارا حاصل کیا جاسکتا ہے۔اس کے علاوہ کوئی محقق، عالم، مترجم اور مفسر اس سے انحراف نہیں کر سکے گا بلکہ ہر خاص وعام کو اس سے فائدہ ہوگا۔اس لغت کا کم از کم چار زبانوں عربی، اردو، فارسی اور انگریزی میں بھی ساتھ ساتھ ترجمہ کرنا ضروری ہے تاکہ مختلف ممالک کے کروڑوں مسلمان اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔جو فرد بھی حکومتی سطح پر اس کا فیصلہ کرے گا مسلم اُمہ پر اس کا بڑا احسان ہوگا اور عنداللہ ماجور ہوگا۔بندۂ ناچیز نے تین تجاویز دی ہیں:

(1) تمام تعلیمی اداروں میں قرآن مجید کی تعلیم بطور مضمون (as a subject) لازمی قرار دی جائے۔

(2) مستند، مکمل جامع لغۃ القرآن کی تیاری جس کیلئے عربی ماہرین لغت کے بورڈ کی تشکیل دینے کی فوری ضرورت ہے

(3) حدود اللہ کا عملی نفاذ، تاکہ پوری مسلم امہ/انسانیت کے لئے پرامن معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔

اس تمام کاوش کا مقصد رضائے الٰہی اور حُبِ رسول ﷺ کا حصول اور اسلامی معاشروں کے لئے قرآنی تذکیر وتزکیہ کے ذریعے "حدود اللہ کا عملی نفاذ" ہے۔ تاکہ ایک صالح پرامن معاشرہ قائم ہو جس میں ہر فرد کی جان، مال اور عزت وعصمت مکمل محفوظ ہو۔جس سے مسلم امہ ایک غالب ملت کے طور پر ابھر کر پوری انسانیت کی رہبری کر کے اس کو موت کے دروازے میں داخل ہونے اور دوزخ کے گڑھے میں گرنے سے بچا سکتی ہے۔یہی فریضہ آدم علیہ السلام سے لے کر خاتم الانبیاء ﷺ تک تمام انبیاء کو سونپا گیا اور یہی تمام صالحین امت اور مومنین کے ذمہ ہے۔البتہ اس کے لئے ایک نہایت مدبر، بیدار قلب وبیدار مغز، جدید وقدیم علم اور حکمت ودین سے لیس اور اعلیٰ کردار کے حامل قائد کی ضرورت ہے۔

وہی زمانے کی گردش پہ غالب آتا ہے جو ہر نفس سے کرے عمرِ جاوداں پیدا

گر کوئی شعیب آئے میسر شبانی سے کلیمی دو قدم ہے

ایسی شخصیت کا حامل مردِ مجاہد ہی "کُلُّ فَکِّ نِظَام" کے نعرے کو عملی تعبیر دے سکتا ہے آج کی مخلوط

تہذیب و دانش، مکر و فریب کا سیاہ لبادہ اوڑھے ہوئے ہے۔ یہ ریت کے گروندے کی طرح ہے کیونکہ جو معاشرہ جھوٹ، مکر و فریب، رشوت، اقربہ پروری، سود، عدم مساوات، لاقانونیت، عدل و انصاف سے عاری اور غریب کُش منہاج پر عمل پیرا ہو وہ معاشرہ کب تک مزید ان کھوکھلی بنیادوں پر قائم رہ سکتا ہے۔ ایسے معاشرے کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرنا ہر فرد کی ذمہ داری ہے۔ اس کی درستگی کیلئے مکمل تعمیر نو کرنا ضروری ہے۔ بقول علامہ اقبال علیہ الرحمۃ:

دانش و تہذیب و دیں سودائے خام    تا تہہ و بالا نہ گردد ایں نظام

درجن کے لگ بھگ قرآنی اور عربی معاجم اور بیسیوں قرآنی کتب کے مطالعہ کے بعد افعال پر کام آپ کے ہاتھ میں ہے۔ اس کی خوب چھان پھٹک اور تنقید و تنقیح آپ کے ذمہ ہے۔ آپ کسی قسم کی بھی رعایت نہ برتیں مگر میری گزارشات اور کتابی حدود و قیود کو ضرور مدِ نظر رکھیں۔ تجاویز، آراء اور اغلاط آپ ہمیں بھیجیں ہم آپ کے ممنون ہوں گے اور کتاب میں آئندہ ایڈیشن میں تصحیح کر دیں گے۔ کتاب کی تیاری، کمپوزنگ اور پروف ریڈنگ نہایت مشکل مراحل تھے۔ مگر یہ سارا کام صرف اور صرف رب رحیم و کریم کے خصوصی فضل و کرم سے پایۂ تکمیل تک پہنچا ہے۔ میں اپنی علمی کم مائیگی کا معترف ہوں۔ یہ کام صرف ذوق و شوق کی بنا پر کیا گیا ہے۔ میں ان تمام علماء کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکر گزار ہوں جن کی معاجم، کتب و تفاسیر کی مدد سے میں نے یہ کام نہایت احتیاط سے آپ تک پہنچایا ہے۔ اگر علماء کا کام میرے سامنے نہ ہوتا تو میں یہ کام قطعاً کر نہ پاتا۔ میں نے حتیٰ المقدور معانی، مفہوم اور حوالہ جات کے لحاظ سے بہت احتیاط برتی ہے مگر ہر انسانی کاوش ادھوری اور نامکمل ہوتی ہے اور غلطی سے مبرا نہیں ہوتی۔ اللہ تعالیٰ میری دانستہ اور نادانستہ کمی و کوتاہی معاف فرمائے۔ قرآنی کام جتنا حساس اور ذمہ دارانہ ہوتا ہے میں کسی صورت اس قابل نہیں ہوں۔ یہ صرف عنایتِ الٰہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی بارگاہ میں قبول و مقبول فرمائے اور اس کا فیض اور بصیرت ایک عام مسلمان سے لے کر ہر صالح مومن کو عنایت فرمائے تاکہ مسلم معاشروں کے کردار و عمل میں انفرادی و اجتماعی ایسی تبدیلی آئے جو احسن قرآنی انقلاب کا پیش خیمہ ہو۔ یہ بات اچھی طرح ذہن نشین رہے کہ قرآن حکیم کی تفہیم و تشریح احادیث و اُسوۂ رسول ﷺ، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اقوال اور ان کی عملی زندگی کی اتباع کے بغیر ناممکن ہے۔    وما توفیقی الا باللہ

## ﴿ کچھ وضاحتیں، کچھ معذرتیں ﴾

اس کتاب میں قرآنی افعال کے ماضی، مضارع، مصدر مع حوالہ دیئے گئے ہیں۔ معروف اَسمائے مشتقہ کے علاوہ اَسماء سے بھی جو افعال و مصدر متعلقہ ہیں ان کو درج کر دیا گیا ہے تا کہ قرآن حکیم کے زیادہ سے زیادہ الفاظ قرآن فہمی میں معاون ہوں، خاص کر ثلاثی مجرد کے ابواب میں متعدد اسماء ایسے ہیں جن میں فعل کی کارفرمائی ہے۔ اکثر مفسرین نے بھی اَسمائے مشتقہ اور اَسماء کے باب مع مصدر تحریر کئے ہیں۔ لہٰذا میں نے بھی ان کی تقلید میں یہ کام کیا ہے۔ حوالہ میں ایسے تمام اسماء کے نیچے (___) لگا دی گئی ہے تا کہ قارئین کو سمجھنے میں سہولت رہے۔ معانی قرآن کے مستند ترجمہ کے مطابق دیے گئے ہیں۔ بعض اوقات یہ ممکن نہ تھا لہٰذا لغوی معنی کی بجائے آپ قرآنی سیاق وسباق کے مطابق کسی بھی مستند ترجمہ قرآن سے وہاں مطلب کو خود سمجھیں افعال کے نہ تو تمام معانی دینے ممکن تھے نہ ہی ان کے دو سے زیادہ مصادر لکھنے اور نہ ہی کسی فعل کے ایک یا دو سے زائد مشترکہ ابواب کا لکھنا ممکن تھا۔

مثلاً قَـنِـطَ (ض ، ن ، س ، ف ، ک ) پانچ ابواب سے تعلق رکھتا ہے۔ (المنجد) مگر میں نے صرف زیادہ تر قرآن حکیم میں استعمال ہونے والے ابواب کو لکھا ہے۔ بعض افعال آٹھ سے دس معانی میں استعمال ہوئے ہیں۔ ذکر (الذکر) بیس ، الھدی اٹھارہ، القضا پندرہ، الفتنہ پندرہ، الرحمۃ چودہ اور الصلوٰۃ دس کے لگ بھگ معانی میں استعمال ہوئے ہیں۔ (لغات القرآن تاج محمد دہلوی ماخوذ از اتقان العلوم) مثلاً اسی طرح بعض افعال کے دس سے بارہ تک مصادر معاجم میں لکھے ہوئے ہیں اس کتاب میں زیادہ تر مستعمل ایک یا دو مصدر لکھے ہیں۔ درج ذیل دو افعال کے بارہ بارہ مصادر بعض معاجم میں درج ہیں۔

(i) شَعِرَ (ن) شِعْرًا ، شَعْرًا ، شَعْرَةً ، شِعْرَةً ، شُعُوْرًا ، شُعُوْرَةً ،
مَشْعُوْراً ، مَشْعُوْرَةً ، مَشْعُوْرَآء ، شَعْرٰی ، شُعْرٰی ، شِعْرٰی۔ جاننا، محسوس کرنا

(ii) لَقِیَ (س) لِقَآءً ، لِقَآءَةً، لِقْيَانَةً ، لِقَايَةً ، لَقَآءَةً ، لِقْيَانًا ،
لُقْيَانًا، لِقِيًّا ، لُقِيًّا ، لَقْيَةً ، لُقْيَةً ، لُقًى۔ دیکھنا، ملاقات کرنا، پانا

یہ دو مثالیں صرف اس لئے دی ہیں تا کہ آپ کے ذہن میں عربی مبین کی وسعت وکشادگی کا مکمل احساس رہے۔

عربی مبین کی وسعت اور جامعیت کا اندازہ اس بات سے لگائیں کہ قرآن حکیم میں مادہ **خلف** تقریباً آٹھ مختلف ابواب میں استعمال ہوا ہے اس کے کم وبیش چھ سو کے قریب کلمات بنائے جا سکتے ہیں۔

کمپیوٹر کمپوزنگ میں بعض کلمات کو عربی رسم الخط کے مطابق نہیں لکھا جا سکتا ایسے کلمات جن کے آخر میں "ی" اور اس سے پہلے الف مقصورہ ہو تو اس کے بعد اگر ضمائر کو ملانا ہو تو "ی" کا شوشہ کمپوز نہیں ہو سکا۔ قرآنِ حکیم کے خطاط اور مترجمین اس کا خاص خیال رکھیں۔ سورۃ الشمس کی تمام آیات کے آخری کلمات اس کی مثال ہیں۔ زَکّٰی سے زَکّٰھَا، دَسّٰی سے دَسّٰھَا اسی طرح ھَدٰی، تَرٰی، اَدْرٰی سے، ھَدٰہُ، تَرٰکَ، اَدْرٰکَ۔

قرآنِ حکیم میں یائے مجہول "ے" کہیں نہیں ہے۔ صرف مَجْرٖھَا میں بطور آواز آتی ہے۔ چھوٹی اور بڑی "ی" دونوں ایک ہی طرح کمپوز کی گئی ہیں۔

اہم نوٹ: قرآن حکیم میں ایک جگہ اَفْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا (۸، سبا ۳۴) میں اَفْتَرٰی دراصل أَأَفْتَرٰی تھا جس کا ترجمہ ہے "کیا اس نے بہتان باندھا ہے اللہ پر جھوٹا؟" اور دوسری جگہ اَطَّلَعَ الْغَيْبَ (۷۸، مریم ۱۹) میں أَاِطَّلَعَ تھا جس کا ترجمہ "کیا وہ مطلع ہو گیا غیب پر" اَتَّخَذْتُمْ 80، البقرۃ 02، دراصل ءَ اِتَّخَذْتُمْ تھا۔ کیا تم نے اختیار کیا/لیا۔ ان تینوں جگہ قواعد کے مطابق جب دو ہمزہ متحرک متصل ہوں تو ایک ہمزہ تخفیف کے اصول کے تحت حذف ہو جاتا ہے۔ اور ہمزہ پر اِعراب پہلے کے مطابق آتا ہے مگر معانی میں استفہامیہ "کیا" آتا ہے۔ لہٰذا اَفْتَرٰی، اَطَّلَعَ اور اَتَّخَذْتُمْ کے معانی کرنے میں بہت احتیاط برتیں۔ کئی مترجمین نے ایسے مقامات پر ترجمہ کرنے میں احتیاط نہیں برتی۔ قرآن حکیم میں اسی طرح کے اور بھی کئی نازک مقامات ہیں۔

یہ کام نہایت دقیق اور مشکل تھا۔ بہت احتیاط سے معانی مع حوالہ جات اور اعراب تحریر کیے گئے ہیں مگر اس کے باوجود کئی سقم رہ گئے ہوں گے۔ لہٰذا آپ غلطیوں کی نشاندہی بذریعہ خط مؤلف / پبلشر کے نام کر کے عنداللہ ماجور ہوں۔ اگر آپ مناسب سمجھیں تو اسی کتاب پر درستگی کر کے ہمیں بھجوا دیں۔ ہم سب سے زیادہ غلطیاں نکالنے والے پہلے تین افراد کو تصحیح شدہ نسخے اِرسال کر دیں گے۔

# طلباء و معلمین کیلئے اُردو و عربی "تلفیظ وتلفظ"

عربی زبان میں افعال تین حرفی (ثلاثی) یا چار حرفی (رباعی) ہوتے ہیں۔ یہی تین یا چار بنیادی حروف مادہ (جڑ، بیج) یا حروف اصلی کہلاتے ہیں۔ رباعی افعال کا استعمال بہت کم ہے لہٰذا ہم صرف تین حرفی افعال کو تفصیل سے لیں گے۔ "س ل ا م و ن ی ت" (سلام و نیت) حروف زائد بہت اہم ہیں۔

مادہ کے تین اصلی حروف میں ان حروف زائد میں سے کچھ حروف کے مناسب جگہوں پر استعمال سے نئے الفاظ مع اِعراب (اوزان، ابواب یا مصادر) بن جاتے ہیں۔ جو کہ ثلاثی مزید فیہ کے ابواب کہلاتے ہیں۔ اِن تمام ابواب کے نام مادہ ف ع ل سے بنائے گئے ہیں۔ اِن ابواب/مصادر کے الفاظ میں ف ع ل کی جگہ عربی حروف تہجی کے حروف علت اور ہمزہ کے علاوہ کوئی سے تین حروف رکھ دیں بالکل درست نیا لفظ تیار ہے۔ اور تلفظ بھی آپ کے پاس متعلقہ باب کے اعراب سمیت موجود ہے۔ ان تمام الفاظ کے معانی مصدری/بلحاظ اسم ہوں گے۔

| مادہ | باب/مصدر | عربی | اردو | فاعل | مفعول |
|---|---|---|---|---|---|
| ف ع ل | ا ف ع ا ل | اِفْعَالٌ | اِفْعَال | مُفْعِلٌ | مُفْعَلٌ |
| ف ع ل | ان ف ع ا ل | اِنْفِعَالٌ | اِنْفِعَال | مُنْفَعِلٌ | ...... |
| ف ع ل | ا ف ت ع ا ل | اِفْتِعَالٌ | اِفْتِعَال | مُفْتَعِلٌ | مُفْتَعَلٌ |
| ف ع ل | اس ت ف ع ا ل | اِسْتِفْعَالٌ | اِسْتِفْعَال | مُسْتَفْعِلٌ | مُسْتَفْعَلٌ |
| ف ع ل | ت ف ع ی ل | تَفْعِيْلٌ | تَفْعِیْل | مُفَعِّلٌ | مُفَعَّلٌ |
| ف ع ل | ت ف ع ل | تَفَعُّلٌ | تَفَعُّل | مُتَفَعِّلٌ | مُتَفَعَّلٌ |
| ف ع ل | ت ف ا ع ل | تَفَاعُلٌ | تَفَاعُل | مُتَفَاعِلٌ | مُتَفَاعَلٌ |
| ف ع ل | م ف ا ع ل ۃ | مُفَاعَلَةٌ | مُفَاعَلَہ | مُفَاعِلٌ | مُفَاعَلٌ |

| اِفْعَال | اِفْتِعَال | اِنْفِعَال | اِسْتِفْعَال | تَفْعِیل | تَفَعُّل | تَفَاعُل | مُفَاعَلَة |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسلام | امتحان | انقلاب | استقبال | تعلیم | تعلم | تعارف | مجاہدہ |
| جماع | اجتناب | انعکاس | استفہام | تقسیم | تکلف | تساہل | مبادلہ |
| اخراج | اجتہاد | انعطاف | استفسار | تفریق | تفکر | تقابل | مضاربہ |
| اسقاط | احتراز | انہضام | استحسان | تفسیر | تدبر | تغافل | محاسبہ |
| اصلاح | احترام | انہدام | استحقاق | تسہیل | تکبر | تعامل | محاصرہ |
| ارسال | احتساب | انہماک | استحکام | تفہیم | تعصب | تشاکل | معاملہ |
| ارشاد | اختصار | انجماد | استخراج | تدبیر | تعطل | تناسل | مذاکرہ |
| اطلاع | انتظار | انحراف | استحصال | تمہید | تعلق | تماثل | مشاعرہ |
| ابلاغ | اختلاف | انحصار | استعمال | تہذیب | تعجب | تجاہل | مشاہدہ |
| ابدال | ارتفاع | اندراج | استغراق | تشہیر | تحفظ | تعارض | معاشرہ |
| ابطال | ارتکاب | انسداد | استغفار | تصدیق | تشکر | تعاقب | مظاہرہ |
| ابہام | اشتراک | انشقاق | استقلال | تضحیک | تنزل | تفاخر | مصافحہ |
| ادراک | اشتہار | انضباط | استدلال | تطہیر | ترنم | تقاطع | مطالبہ |
| اسرار | اعتدال | انعقاد | استمرار | تعریف | تصنع | تصادم | مقابلہ |
| اصرار | اعتکاف | انکشاف | استبداد | تعطیل | تبسم | تناسب | مطالعہ |
| اسراف | اعتماد | انکسار | استکبار | تعمیر | تجسس | تناقص | مکالمہ |
| اصراف | التماس | انقسام | استکثار | تعمیل | تحمل | تکاثر | مراسلہ |

اِن اوزان پر سینکڑوں نہیں ہزاروں الفاظ مع تلفظ آپ خود بنا سکتے ہیں یہی عمل ’’ تلفیظ وتلفظ ‘‘ ہے۔ اوپر مذکورہ الفاظ میں سے اگر حروف زائد کو نکال دیں تو آپ کے پاس ’’مادہ‘‘ آجائے گا جو عربی لسان شجر کا ’’بیج‘‘ ہے۔

## ﴿بَابُ الْهَمْزَه ء اَ﴾

| ماده | الفاظ | باب | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ء ب ق | اَبَقَ | ض | 183 |
| ء ب ی | ابٰی | ف | 237 |
| ء ت ی | اَتٰی | ض | 183 |
| | اٰتٰی | اف | 260 |
| ء ث ر | اَثَرَ | ن ض | 213 |
| | اٰثَرَ | اف | 261 |
| ء ث م | اَثِمَ | س | 222 |
| | اَثَّمَ | تَفعِيلٌ | 273 |
| ء ج ج | اَجَّ | ن | 203 |
| ء ج ر | اَجَرَ | ن ض | 213 |
| | اِسْتَأْجَرَ | است | 311 |
| ء ج ل | اَجِلَ | س | 222 |
| | اَجَّلَ | تَفعِيلٌ | 273 |
| ء خ ذ | اَخَذَ | ن | 213 |
| | اٰخَذَ | اف | 280 |
| | اِتَّخَذَ | اِفْتَعَلَ | 303 |
| ء خ ر | اَخَرَ | ض | × |
| | اَخَّرَ | تَفعِيلٌ | 273 |
| | تَأَخَّرَ | تَفَاعُلٌ | 285 |

| ماده | الفاظ | باب | صفحہ |
|---|---|---|---|
| | اِسْتَأْخَرَ | است | 311 |
| ء د د | اَدَّ | ن | 203 |
| ء د ی | اَدٰی | ض | 183 |
| | اَدّٰی | تَفعِيلٌ | 274 |
| ء ذ ن | اَذِنَ | س | 222 |
| | اٰذَنَ | اف | 261 |
| | اَذَّنَ | تَفعِيلٌ | 273 |
| | تَاَذَّنَ | تَفَاعُلٌ | 285 |
| | اِسْتَأْذَنَ | است | 312 |
| ء ذ ی | اَذِیَ | س | 226 |
| | اٰذٰی | اف | 260 |
| ء ر ب | اَرِبَ | س | 222 |
| ء ز ر | اَزَرَ | ض | × |
| | اٰزَرَ | اف | 280 |
| ء ز ز | اَزَّ | ن | 203 |
| ء ز ف | اَزِفَ | س | 222 |
| ء س ر | اَسَرَ | ض | 183 |
| ء س س | اَسَّ | ن | × |
| | اَسَّسَ | تَفعِيلٌ | 273 |
| ء س ف | اَسِفَ | س | 222 |

| ماده | الفاظ | باب | صفحہ |
|---|---|---|---|
| | اٰسَفَ | اف | 261 |
| ء س ن | اَسَنَ | ن ض | 213 |
| ء س و | اَسَا | ن | 212 |
| ء س ی | اَسِیَ | س | 226 |
| ء ش ر | اَشِرَ | س | 222 |
| ء ص ر | اَصَرَ | ض | 183 |
| ء ف ف | اَفَّ | ن | 203 |
| ء ف ق | افَقَ | ف | 233 |
| ء ف ک | اَفَکَ | ض | 183 |
| | اِئْتَفَکَ | افت | 299 |
| ء ف ل | اَفَلَ | ن ض | 213 |
| ء ک ل | اَکَلَ | ن | 213 |
| ء ل ت | اَلَتَ | ض | 183 |
| ء ل ف | اَلِفَ | س | × |
| | اٰلَفَ | اف | 261 |
| | اَلَّفَ | تَفعِيلٌ | 273 |
| ء ل م | اَلِمَ | س | 222 |
| ء ل و | اَلَا | ن | 209 |
| ء ل ی | اَلِیَ | س | × |
| | اٰلٰی | اف | 260 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | اِئْتَلٰی | افت | 299 |
| ءمر | اَمَرَ | ن | 213 |
| | اِئْتَمَرَ | افت | 299 |
| ءمل | اَمَلَ | ن | 213 |
| ءمم | اَمَّ | ن | 203 |
| ءمن | اَمَنَ | ض | 183 |
| | اَمِنَ | س | 222 |
| | اَمُنَ | ک | 241 |
| | اٰمَنَ | اف | 261 |
| | اِئْتَمَنَ | افت | 299 |
| ءمو | اَمَا | ن | 209 |
| ءنس | اَنِسَ | س | × |
| | اٰنَسَ | اف | 261 |
| | اِسْتَاْنَسَ | است | 312 |
| ءنی | اَنٰی | ض | 180 |
| ءوب | اٰبَ | ن | 213 |
| | اَوَّبَ | تَفْعِيْلٌ | 273 |
| ءوذ | اٰذَ | ن | 213 |
| ءول | اٰلَ | ن | × |
| | اَوَّلَ | تَفْعِيْلٌ | 273 |
| ءوه | اٰهَ | ن | 213 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ءوی | اَوٰی | ض | 183 |
| | اٰوٰی | اف | 260 |
| ءید | اٰدَ | ض | 183 |
| | اَیَّدَ | تَفْعِيْلٌ | 273 |

## باب الباء ب

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب ء ر | بَأَرَ | ف | 234 |
| ب ء س | بَئِسَ | س | 223 |
| | بَئُسَ | ک | 241 |
| | اِبْتَأَسَ | افت | 299 |
| ب ت ر | بَتَرَ | ن | 185 |
| ب ت ک | بَتَکَ | ض | x |
| | بَتَّکَ | تَفْعِيْلٌ | 263 |
| ب ت ل | بَتَلَ | ن | x |
| | بَتَّلَ | تَفْعِيْلٌ | 263 |
| | تَبَتَّلَ | تَفَعُّلٌ | 282 |
| ب ث ث | بَثَّ | ن | 198 |
| | اِنْبَثَّ | انف | 306 |
| ب ج س | بَجَسَ | ن | x |
| | اِنْبَجَسَ | انف | 305 |
| ب ح ث | بَحَثَ | ف | 227 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب خ س | بَخَسَ | ف | 227 |
| ب خ ع | بَخَعَ | ف | 227 |
| ب خ ل | بَخِلَ | س | 214 |
| ب د ء | بَدَءَ | ف | 235 |
| ب د ر | بَدَرَ | ن | x |
| | بَادَرَ | مُفَاعَلَةٌ | 277 |
| ب د ع | بَدَعَ | ف | 227 |
| | بَدُعَ | ک | 238 |
| | اِبْتَدَعَ | افت | 295 |
| ب د ل | بَدَلَ | ن | 185 |
| | اَبْدَلَ | اف | 245 |
| | بَدَّلَ | تَفْعِيْلٌ | 263 |
| | تَبَدَّلَ | تَفَعُّلٌ | 282 |
| | اِسْتَبْدَلَ | است | 308 |
| ب د و | بَدَا | ن | 209 |
| | اَبْدٰی | اف | 258 |
| ب ذ ر | بَذَرَ | ن | x |
| | بَذَّرَ | تَفْعِيْلٌ | 263 |
| ب ر ء | بَرِءَ | س | 226 |
| ب ر ء | بَرَءَ | ف | 235 |
| | اَبْرَءَ | اف | 261 |

| | بَرَّءَ | تَفْعِيلٌ | 275 | ب س س | بَسَّ | ن | 198 | | اَبْطَلَ | اف | 245 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | تَبَرَّءَ | تَفَعُّلٌ | 285 | ب س ط | بَسَطَ | ن | 185 | ب ط ن | بَطَنَ | ن | 185 |
| ب ر ج | بَرَجَ | ن | 185 | ب س ق | بَسَقَ | ن | 185 | | بَطُنَ | ک | 238 |
| | تَبَرَّجَ | تَفَعُّلٌ | 282 | ب س ل | بَسَلَ | ن | x | ب ع ث | بَعَثَ | ف | 227 |
| ب ر ح | بَرِحَ | ف س | 227 | | اَبْسَلَ | اف | 245 | | اِنْبَعَثَ | انف | 305 |
| ب ر د | بَرَدَ | ن ک | 185 | ب س م | بَسَمَ | ض | x | ب ع ث ر | بَعْثَرَ | رباعی | 321 |
| ب ر ر | بَرَّ | ن ض | 198 | | تَبَسَّمَ | تَفَعُّلٌ | 282 | ب ع د | بَعِدَ | س | 214 |
| ب ر ز | بَرَزَ | ن | 185 | ب ش ر | بَشَرَ | ن | 185 | | بَعُدَ | ک | 239 |
| | بَرَّزَ | تَفْعِيلٌ | 263 | | اَبْشَرَ | اف | 245 | | اَبْعَدَ | اف | 245 |
| ب ر ز خ | بَرْزَخَ | رباعی | 321 | | بَشَّرَ | تَفْعِيلٌ | 263 | | بَاعَدَ | مُفَاعَلَةٌ | 277 |
| ب ر ص | بَرِصَ | ف | 227 | | بَاشَرَ | مُفَاعَلَةٌ | 277 | ب غ ت | بَغَتَ | ف | 227 |
| ب ر ق | بَرِقَ | س | 214 | | اِسْتَبْشَرَ | است | 308 | ب غ ض | بَغَضَ | ن | 185 |
| ب ر ک | بَرَکَ | ن | x | ب ص ر | بَصُرَ | ک | 238 | ب غ ی | بَغٰی | ض | 180 |
| | بَارَکَ | مُفَاعَلَةٌ | 277 | | اَبْصَرَ | اف | 245 | | اِبْتَغٰی | افت | 298 |
| | تَبَارَکَ | تَفَاعُلٌ | 290 | | بَصَّرَ | تَفْعِيلٌ | 274 | | اِنْبَغٰی | انف | 306 |
| ب ر ی | بَرٰی | ض | 180 | | اِسْتَبْصَرَ | است | 308 | ب ق ی | بَقِيَ | س | 224 |
| ب ر م | بَرَمَ | ن | x | ب ط ء | بَطُؤَ | ک | x | | اَبْقٰی | اف | 258 |
| | اَبْرَمَ | اف | 245 | | بَطَّأَ | تَفْعِيلٌ | 275 | ب ک م | بَکِمَ | س، ف | 214 |
| ب ر ہ ن | بَرْهَنَ | رباعی | 321 | ب ط ر | بَطِرَ | س | 214 | ب ک ی | بَکٰی | ض | 180 |
| ب ز غ | بَزَغَ | ن | 185 | ب ط ش | بَطَشَ | ض | 162 | | اَبْکٰی | اف | 258 |
| ب س ر | بَسَرَ | ن | 185 | ب ط ل | بَطَلَ | ن | 185 | ب ل د | بَلَدَ | ن | 185 |

| مادہ | فعل | باب | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ب ل س | بَلَسَ | ن | x |
| | اَبْلَسَ | اف | 245 |
| ب ل ع | بَلَعَ | ف | 227 |
| ب ل غ | بَلَغَ | ن | 185 |
| | بَلُغَ | ک | 238 |
| | اَبْلَغَ | اف | 245 |
| | بَلَّغَ | تَفعِيلٌ | 263 |
| ب ل و | بَـلَا | ن | 209 |
| ب ل ی | بَلِیَ | س | 224 |
| | اَبْلٰی | اف | 258 |
| | اِبْتَـلٰی | افت | 298 |
| ب ن ی | بَنٰی | ض | 180 |
| ب ہ ت | بَهِتَ | س، ک | 214 |
| | بُهِتَ | ف | 227 |
| ب ہ ج | بَهِجَ | س، ف | 224 |
| ب ہ ل | بَهَلَ | ف | x |
| | اِبْتَهَلَ | افت | 295 |
| ب و ء | بَآءَ | ن | 213 |
| | بَوَّءَ | تَفعِيلٌ | 275 |
| | تَبَوَّءَ | تَفَعُّلٌ | 285 |
| ب و ر | بَارَ | ن | 204 |

| مادہ | فعل | باب | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ب ی ت | بَاتَ | ض | 176 |
| | بَيَّتَ | تَفعِيلٌ | 272 |
| ب ی د | بَادَ | ض | 176 |
| ب ی ض | بَاضَ | ض | 176 |
| | اِبْيَضَّ | اِفْعَلَّ | 313 |
| ب ی ع | بَاعَ | ض | 176 |
| | بَايَعَ | مُفَاعَلَةٌ | 281 |
| | تَبَايَعَ | تَفَاعُلٌ | 291 |
| ب ی ن | بَانَ | ض | 176 |
| | اَبَانَ | اف | 255 |
| | بَيَّنَ | تَفعِيلٌ | 272 |
| | تَبَيَّنَ | تَفَعُّلٌ | 285 |
| | اِسْتَبَانَ | است | 310 |

## باب التاء

| مادہ | فعل | باب | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ت ب ب | تَبَّ | ن | 198 |
| | تَبَّبَ | تَفعِيلٌ | 263 |
| ت ب ر | تَبِرَ | س | 214 |
| | تَبَّرَ | تَفعِيلٌ | 263 |
| ت ب ع | تَبِعَ | س | 214 |
| | اَتْبَعَ | اف | 245 |
| | تَتَابَعَ | تَفَاعُلٌ | 290 |
| | اِتَّبَعَ | اِفْعَل | 304 |
| ت ج ر | تَجَرَ | ن | 185 |
| ت ر ب | تَرِبَ | س | 214 |
| ت ر ف | تَرِفَ | س | x |
| | اَتْرَفَ | ف | 245 |
| ت ر ک | تَرَکَ | ن | 185 |
| ت ع س | تَعَسَ | ف | 227 |
| ت ف ث | تَفِثَ | س | 214 |
| ت ق ن | تَقَنَ | ف | x |
| | اَتْقَنَ | اف | 245 |
| ت ل ل | تَلَّ | ن | 198 |
| ت ل و | تَـلَا | ن | 209 |
| ت م م | تَمَّ | ض | 171 |
| | اَتَمَّ | اف | 253 |
| ت و ب | تَابَ | ن | 204 |
| ت ی ہ | تَاهَ | ض | 176 |

## باب الثاء

| ث ب ت | ثَبَتَ | ن | 186 |
|---|---|---|---|
| | اَثْبَتَ | اف | 245 |
| | ثَبَّتَ | تَفْعِيْلٌ | 263 |
| ث ب ر | ثَبَرَ | ن | 186 |
| ث ب ط | ثَبَطَ | ن | x |
| | ثَبَّطَ | تَفْعِيْلٌ | 263 |
| ث ب ی | ثَبٰی | ض | 180 |
| ث ج ج | ثَجَّ | ن | 198 |
| ث خ ن | ثَخَنَ | ن ک | x |
| | اَثْخَنَ | اف | 245 |
| ث ر ب | ثَرَبَ | ض | x |
| | ثَرَّبَ | تَفْعِيْلٌ | 263 |
| ث ر ی | ثَرِیَ | س | 224 |
| ث ق ب | ثَقَبَ | ن | 186 |
| ث ق ف | ثَقِفَ | س | 214 |
| ث ق ل | ثَقُلَ | ک | 239 |
| | اَثْقَلَ | اف | 245 |
| | اِثَّاقَلَ | اِفَّاعَلَ | 293 |
| ث م ر | ثَمَرَ | ن | x |
| | اَثْمَرَ | اف | 245 |

| ث م ن | ثَمَنَ | ن | 186 |
|---|---|---|---|
| | ثَمُنَ | ک | 239 |
| ث ن ی | ثَنٰی | ض | 180 |
| | اِسْتَثْنٰی | است | 311 |
| ث و ب | ثَابَ | ن | 204 |
| | اَثَابَ | اف | 255 |
| | ثَوَّبَ | تَفْعِيْلٌ | 271 |
| ث و ر | ثَارَ | ن | x |
| | اَثَارَ | اف | 255 |
| ث و ی | ثَوٰی | ض | 182 |
| ث ی ب | ثَيَّبَ | تفعیل | 272 |

## باب الجیم

| ج ء ر | جَاَرَ | ف | 234 |
|---|---|---|---|
| ج ب ر | جَبَرَ | ن | 186 |
| ج ب ل | جَبَلَ | ن | 186 |
| ج ب ی | جَبٰی، جَبَا | ض | 180 |
| | اِجْتَبٰی | افت | 298 |
| ج ث ث | جَثَّ | ن | x |
| | اِجْتَثَّ | افت | 298 |
| ج ث م | جَثَمَ | ن ض | 186 |

| ج ث و | جَثَا | ن | x |
|---|---|---|---|
| ج ث ی | جَثٰی | ض | 180 |
| ج ح د | جَحَدَ | ف | 227 |
| ج ح م | جَحُمَ | ک | 238 |
| ج د د | جَدَّ | ض | 171 |
| | جَدَّ | ن | 198 |
| ج د ر | جَدَرَ | ن | 186 |
| | جَدُرَ | ک | 238 |
| ج د ل | جَدِلَ | س | 214 |
| | جَادَلَ | مُفَاعَلَةٌ | 277 |
| ج ذ ذ | جَذَّ | ن | 198 |
| ج ر ح | جَرَحَ | ف | 227 |
| | اِجْتَرَحَ | افت | 295 |
| ج ر ر | جَرَّ | ن | 198 |
| ج ر ز | جَرِزَ | س | 214 |
| ج ر ع | جَرَعَ | س ف | x |
| | تَجَرَّعَ | تَفَعُّلٌ | 282 |
| ج ر ف | جَرَفَ | ن | 186 |
| ج ر م | جَرَمَ | ض | 162 |
| | اَجْرَمَ | اف | [illegible]45 |
| ج ر ی | جَرٰی | ض | [illegible] |

| مادہ | فعل | باب | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ج ز ء | جَزَءَ | ف | 235 |
| ج ز ع | جَزِعَ | س | 214 |
| ج ز ی | جَزٰی | ض | 180 |
| | جَازٰی | مُفَاعَلَةٌ | 280 |
| ج س س | جَسَّ | ن | x |
| | تَجَسَّسَ | تَفَعُّلٌ | 284 |
| ج ع ل | جَعَلَ | ف | 227 |
| ج ف و | جَفٰی،جَفَا | ن | x |
| | تَجَافٰی | تَفَاعُلٌ | 292 |
| ج ل ب | جَلَبَ | ض ن | x |
| | اَجْلَبَ | اف | 245 |
| ج ل د | جَلَدَ | ض | 162 |
| ج ل س | جَلَسَ | ض | 162 |
| ج ل ل | جَلَّ | ض | 171 |
| ج ل و | جَلَا | ن | 209 |
| | جَلّٰی | تَفْعِيلٌ | 274 |
| | تَجَلّٰی | تَفَعُّلٌ | 286 |
| ج م ح | جَمَحَ | ف | 227 |
| ج م د | جَمَدَ | ن | 186 |
| ج م ع | جَمَعَ | ف | 227 |
| | اَجْمَعَ | اف | 245 |

| مادہ | فعل | باب | صفحہ |
|---|---|---|---|
| | اِجْتَمَعَ | افت | 295 |
| ج م ل | جَمَلَ | ن،ک | 186 |
| ج م م | جَمَّ | ن | 198 |
| ج ن ب | جَنَبَ | ن | 186 |
| | جَنِبَ | س | 215 |
| | جَنَّبَ | تَفْعِيلٌ | 263 |
| | تَجَنَّبَ | تَفَعُّلٌ | 282 |
| | اِجْتَنَبَ | افت | 295 |
| ج ن ح | جَنَحَ | ف | 227 |
| ج ن ف | جَنِفَ | س | 215 |
| | تَجَانَفَ | تَفَاعُلٌ | 290 |
| ج ن ن | جَنَّ | ض | 171 |
| ج ن ن | جَنَّ | ن | 198 |
| ج ن ی | جَنٰی | ض | 180 |
| ج ہ د | جَهَدَ | ف | 227 |
| | جَاهَدَ | مُفَاعَلَةٌ | 277 |
| ج ہ ر | جَهَرَ | ف | 227 |
| ج ہ ز | جَهَزَ | ف | x |
| | جَهَّزَ | تَفْعِيلٌ | 263 |
| ج ہ ل | جَهِلَ | س،ف | 215 |
| ج و ب | جَابَ | ن | 204 |

| کُسَالٰی (کَسلَان) | کاہلی، سستی |
| کِسَفًا (کِسفَة) | ٹکڑے (بادل یا روئی کے) |

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| كَعْبَيْنِ (كَعْبٌ) | دونوں ٹخنے |
| كَلْبٌ | کتا |
| كِفَاتًا | سمیٹنے والی |
| كُفُوًا | کفو، جوڑ، ہم سر |
| كَلٌّ | بوجھ |
| كَلِمٌ (كَلِمَةٌ) | الفاظ، باتیں |
| كُنَّسٌ (كَانِسٌ) | دبک جانے والے |
| كُنُوزٌ (كَنْزٌ) | خزانے |
| كَوَاعِبَ (كَاعِبٌ) | نوجوان عورتیں |
| كَوَافِرُ (كَافِرَةٌ) | کافر عورتیں |
| كَهْفٌ | غار |
| كَهْلًا | ادھیڑ عمر، بڑھاپا |
| كَيْلٌ | پیمانہ، ناپ |

## باب اللام (ل)

| الفاظ (واحد) | معنی |
|---|---|
| لَاجَرَمَ | کوئی شک نہیں |
| لِبَدًا (لِبْدَةٌ) | ہجوم، بھیڑ |
| لَبَنٌ | دودھ |
| لُجِّيٌّ | گہرا |
| لُجَّةٌ | گہرا پانی |
| لُحُوْمٌ (لَحْمٌ) | گوشت |
| لِحْيَتِيْ | میری داڑھی |
| لُدٌّ (اَلَدُّ) | جھگڑالو لوگ |
| لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ | کھیل اور تماشا |
| لَعَمْرُكَ | تیری عمر کی قسم |
| لُغُوْبٌ | تھکان |
| لَمَمٌ | صغیرہ گناہ کے قریب |
| لَوَاقِحَ (لَاقِحَةٌ) | بوجھل، حاملہ |
| لَوْنٌ | رنگ |
| لُؤْلُؤٌ | موتی |
| لَيَالٍ، لَيَالِيْ (لَيْلَةٌ، لَيْلٌ) | راتیں |
| لَيًّا | مروڑ کر |

## باب المیم (م)

| الفاظ (واحد) | معنی |
|---|---|
| اَلْمَائِدَةُ | دسترخوان |
| مَأْتِيًّا | اٹھایا ہوا، حتمی |
| مَآرِبُ (مَأْرِبَةٌ) | فائدے، ضرورتیں |
| اَلْمَاعُوْنَ | معمولی برتنے کی چیزیں |
| مَأْمَنٌ | جائے امن |
| مَبْلَغٌ | انتہا |
| مَثْوًا | جگہ، ٹھکانہ |
| مُبَيِّنَةٌ | آراستہ و پیراستہ |
| مَتَابٌ اسم ظرف | میرا توبہ کرنا مصدر میمی |
| مُتَجٰوِرٰتٌ | نزدیک، آس پاس |
| مِثْلٌ | مانند، کی طرح |
| مَثَابَةٌ | جائے ثواب |
| مَثُلَاتٌ (مَثُلَةٌ) | سزائیں، کہاوتیں |
| مُثْقَلُوْنَ (مُثْقَلٌ) | بوجھ میں دبا ہوا |
| مُثْلٰى | پسندیدہ، برگزیدہ |
| مَثَانِيْ | مکرر، تعریف کیا ہوا |
| مَثُوْبَةٌ | ثواب، معاوضہ |
| مُجْرِمِيْنَ (مُجْرِمٌ) | جرم کرنیوالے |
| مَجُوْسَ | آتش پرست، مجوسی |
| مَثْوٰى | ٹھکانا |
| مَجٰلِسُ (مَجْلِسٌ) | مجلسیں |
| مَحَارِيْبُ (مِحْرَابٌ) | محرابیں، قلعے |
| مَحِلَّهٗ | اپنی جگہ، قربان گاہ |
| مُحِلِّيْ (مُحِلٌّ) | حلال قرار دینے والے |
| مِدَادًا | روشنائی |

| لفظ | معنی | لفظ | معنی | لفظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| مَخَاضِ | دردِ زہ | مَسْبُوْقِيْنَ (مَسْبُوْق) | پیچھے رہ جانے والے | مُطَفِّفِيْنَ (مُطَفِّف) | کمی کرنے والے |
| مِدْرَارًا | زور کی بارش | مِسْكٌ | مُشک، کستوری | مَعْرُوْشَاتٍ (مَعْرُوْشَة) | چھپر، اونچے |
| مَدَآئِنَ (مَدِيْنَة) | شہروں | مَشْحُوْنَ | بھری ہوئی | مَعْزٌ | بکرے، بکریاں |
| مَدِيْنُوْنَ (مَدِيْن) | زیرِ حکم | مَشَارِبُ (مَشْرَب) | پینے کی چیزیں | مَعْزِلٍ | کنارے |
| مُذْعِنِيْنَ (مُذْعِن) | ماننے والے بن کر | مِشْكٰوةٍ | طاق (چراغ کا) | مَعْشَرَ | بڑی جماعت |
| مَرّٰتٍ (مَرَّة) | بہت دفعہ | مَشِيْدٍ | مُزیّن، منقش | مَغَارِبِ (مَغْرِب) | ضد مشارق |
| مَرْجِعٌ | اصل لوٹنے کی جگہ | مَصَابِيْحَ (مِصْبَاح) | چراغ، قندیل | مَغٰرٰتٍ (مَغَارَة) | غار |
| مَرْعٰى | چارہ | مَصَانِعَ (مَصْنَع) | محلات، کارخانے | مَغَارِمَ (مَغْرَم) | جرمانے |
| اَلْمَرَاضِعَ (مُرْضِعَة) | دودھ پلانے والیاں | مُصْبِحِيْنَ | صبح صبح | مَغَانِمَ (مَغْنَم) | غنیمت کے مال |
| مَرَافِقِ (مِرْفَق) | کہنیاں | مَصْرِفًا | لوٹنے کی جگہ | مُغْنُوْنَ | کفایت کرنے والے |
| مَرَّةٍ | دفعہ، مرتبہ، بار | مُضْغَةٍ | بوٹی، گوشت کا ٹکڑا | مَفَاتِحَ (مِفْتَاح) | کنجیاں |
| مِرَّةٍ | قوت، طاقت | مُصَلِّيْنَ (مُصَلِّي) | نماز پڑھنے والے | مُفْتَرَيٰتٍ (مُفْتَرَاة) | گھڑی ہوئی بات |
| مُرْسَلٰتِ (مُرْسَلَة) | بھیجی ہوئی جماعتیں | مَضَاجِعَ (مَضْجَع) | خواب گاہیں، بستر | مَفْتُوْنُ | دیوانہ |
| مَرْضَاةِ، مصدر میمی۔ | رضامندی | مَطَرٌ | مینہ، بارش | مَقَابِرَ (مَقْبَرَة) | قبریں |
| مَرْضٰى (مَرِيْض) | بیمار لوگ | مَعْدُوْدَاتٍ (مَعْدُوْدَة) | گنتی کے دن | مَقْتًا | ناراضی |
| مِرْيَةٍ | شک | مَعَاذِيْرَ (مَعْذِرَة) | بہانے | مَقَاعِدَ (مَقْعَد) | بیٹھنے کی جگہیں |
| مَرِيْدٍ | سرکش | مَعَارِجَ (مِعْرَاج) | سیڑھیاں، درجات | مَقَالِيْدُ (مِقْلَد) | کنجیاں |
| مُزْجٰةٍ | نکمی تھوڑی سی | مَعَايِشَ (مَعِيْشَة) | معاش کے سامان | مَقَامِعُ (مِقْمَع) | ہتھوڑے |
| مُزْنِ (مُزْنَة) | سفید بادل یا بدلی | مَعَرَّةٌ | ضرر، تکلیف | مَقْصُوْرٰتٌ (مَقْصُوْرَة) | محفوظ، محلات |
| مَسَاكِنِ (مَسْكَن) | رہائش گاہیں | مُعْتَرَّ | بے قرار سائل | مُقْوِيْنَ (مُقْوِي) | مسافر، محتاج صحرائی |

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| مَلْجَأً | جائے پناہ |
| مِلْحٌ | نمکین، کھاری |
| مُلُوْکٌ (مَلِکٌ) | بادشاہ |
| مَلٰٓئِکَۃٌ (مَلَکٌ) | فرشتے |
| اَلْمَلَاُ | سردار، جماعت |
| مِلْءُ الْاَرْضِ | زمین بھر، بہت زیادہ |
| مَلِیًّا | مدت تک |
| مَنَازِلَ (مَنْزِلٌ) | منزلیں |
| مَنَاسِکَ (مَنْسَکٌ) | عبادت کے طریقے |
| مَشَارِبُ (مَشْرِبَۃٌ) | پینے کی چیزیں |
| مَنَافِعُ (مَنْفَعَۃٌ) | فائدے |
| مَنَاکِبُ (مَنْکِبٌ) | راستے، کندھے |
| مِنْسَاَتَہٗ | اس کا عصا |
| مُنْشَئٰتٌ (مُنْشَاَۃٌ) | کشتیاں |
| مِنْهَاجًا | راہ عمل |
| مَوَاخِرَ (مَاخِرَۃٌ) | پانی کو چیرنے والی کشتیاں |
| مَوَازِیْنُ (مِیْزَانٌ) | ترازو |
| مَوَاضِعُ (مَوْضِعٌ) | مقامات |
| مَوَاطِنَ (مَوْطِنٌ) | جنگ کے میدان، وطن |
| مَوَاقِعُ (مَوْقِعٌ) | واقع ہونے کی جگہ |
| مَوَاقِیْتُ (مِیْقَاتٌ) | اوقات کے پیمانے |
| مَوَالِیَ (مَوْلٰی) | ولی، اقرباء، ورثاء |
| مَوْبِقًا | ہلاکت کا گڑھا |
| مَوْتٰی (مَیِّتٌ) | مُردے |
| مَوْئِلًا | جائے پناہ |
| مُوْرِیٰتِ (مُوْرِیَۃٌ) | آگ روشن کرنے والے |
| مَوْلُوْدٌ | بچہ |
| مَیْسِرٌ | جوا |
| مَهْمَا | جو کچھ، خواہ کوئی بھی |
| مِهَادٌ | بچھونا، ٹھکانا |
| مَیْسَرَۃٍ | فراغت، آسانی |

## باب النُّون (ن)

| الفاظ (مفرد) | معنی |
|---|---|
| اَلنَّاسُ (اِنْسَانٌ) | کئی انسان |
| نَافِلَۃً | نفل انعام |
| نَاقَۃٌ | اونٹنی |
| نَاقُوْرِ | صور، بگل |
| نَجْدَیْنِ (نَجْدٌ) | دو راستے، خیر و شر |
| نُجُوْمٌ (نَجْمٌ) | ستارے، بیل بوٹے |
| نُحَاسٌ | دھواں |
| نَحْلٌ (نَحْلَۃٌ) | شہد کی مکھیاں، اسم جنس |
| نَخْلٌ | کھجور کے درخت |
| نَخِیْلٌ (نَخْلَۃٌ) | کھجور کے درخت |
| نِحْلَۃً | عطیہ، مہر |
| نَدِیًّا | مجلس، محفل |
| نُذُرٌ (نَذِیْرٌ) | ڈرانے والے |
| نِسَآءٌ (اِمْرَاَۃٌ، نِسْوَۃٌ) | عورتیں |
| نُسُکٌ | قربانی |
| نَسْیًا، مَنْسِیًّا | بھولی بسری |
| نَصٰرٰی (نَصْرَانِیٌّ) | بہت سے نصرانی |
| نُصْبٌ | محنت، تکلیف، ایذا |
| نُصُبٍ (نُصُبٌ) | پرستش گاہ، بت |
| نَصَحَ | مخلص، خالص کیا |
| نَصِیْبٌ | ٹکڑا، قسمت |
| نَضْرَۃٌ | تر و تازگی |
| نَظْرَۃٌ | ایک نظر بھر کر دیکھنا |
| نَظِرَۃٌ | مہلت، ڈھیل |
| نُعَاسًا | اونگھ |
| نِعَاجٌ (نَعْجَۃٌ) | بھیڑ، دُنبی |

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| نَعْلَيْكَ | تیرے دونو جوتے |
| نِعْمَ | اچھا ہے، خوب ہے |
| نَعْمَآءَ (نِعْمَةٌ، نِعْمَةٌ) | نعمتیں |
| نِعِمَّا | کیا ہی اچھا ہے |
| نَفْحَةٌ | ایک لپٹ (جھونکا) |
| نَفَرٌ، نَفِيْرٌ | جماعت (نفری) |
| نَفَقَاتٌ (نَفَقَةٌ) | صدقے |
| نَفَقًا | سُرنگ |
| نُفُوْسٌ (نَفْسٌ) | اشخاص |
| نَقْعًا | غبار، دھول |
| نَقِيْرًا | گٹھلی کا چھلکا |
| نُكُرٍ | ناگوار |
| نَكُ اصل نَكُوْنُ | ہم تھے |
| نَمَارِقُ | گاؤ تکیے |
| نَمْلٌ (نَمْلَةٌ) | چیونٹیاں |
| نَوَاصِيَ (نَاصِيَةٌ) | پیشانیاں |
| نُوْنٌ | مچھلی |
| نَوٰى (نَوَاةٌ) | گٹھلیاں (کھجوری) |
| نُهٰى (نُهْيَةٌ) | عقلیں |

## باب الها (ہ)

| الفاظ (واحد) | معنی |
|---|---|
| هَبَآءً | ریت |
| هَاتُوْا | تم لے آؤ |
| هَدْىَ | قربانی کے جانور |
| هُدَاىَ | میری ہدایت |
| هَيْتَ | تُو آجا |
| هِيْمٌ (هَيْمَآءُ) | پیاسی اونٹنیاں |
| هَيِّنٌ | آسان |
| هَيْهَاتَ | ناممکن ہے |

## باب الواؤ (و)

| الفاظ (واحد) | معنی |
|---|---|
| وَاصِبٌ | دائمی |
| وَالٍ | کارساز |
| وَابِلٌ | بارش |
| وَبِيْلًا | بھاری |
| وَتِيْنَ | شہ رگ |
| وَالتِّيْنِ | قسم ہے انجیر کی |
| وُجْدِكُمْ | تمہاری استطاعت |
| وُجُوْهٌ (وَجْهٌ) | چہرے |
| وِجْهَةٌ | سمت، قبلہ، رخ |
| وَجْهَ النَّهَارِ | دن کے اوّل حصے میں |
| وُحُوْشٌ (وَحْشٌ) | جنگلی جانور، درندے |
| وِرْدًا | پیاسے |
| وَرَقٌ (وَرَقَةٌ) | ورق، پتے |
| بِوَرِقِكُمْ | اپنا روپیہ دے کر |
| وَرِيْدِ | گردن کی شہ رگ |
| وَزَرَ | جائے پناہ |
| وَصِيْدٌ | چوکھٹ، دہلیز |
| وِقْرًا | بوجھ |
| وَقُوْدُ | ایندھن |
| وِلْدَانٌ (وَلِيْدٌ) | لڑکے |
| وَلِيْجَةً | جگری دوست، رازدار |
| وَانْهَ | اور تو منع کر |
| وَيْكَاَنَّ اسم تعجب | تعجب ہے کہ |
| وَيْلٌ | افسوس، خرابی |

## باب الیاء (ی)

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| یَبْنَؤُمَّ | یا ابنَ اُمّ |
| یَتٰمٰی (یَتِیْم) | یتیم لڑکے |
| یَقْطِیْن | کدو کی طرح کی بیل |
| یَکُ اصل یَکُوْنُ | وہ تھا/تھے |
| یَدٌ | ہاتھ |
| یَمّ | پانی، سمندر |
| یَنَابِیْعَ (یَنْبُوْع) | چشمے |
| یَوْمَیْنِ (یوم) | دو دن |

## کثیر الاستعمال حروف اور الفاظ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| اَ ، ءَ | کیا |
| اِذْ | تو تب، جب |
| اِذَا | اگر، جب |
| اِذًا ، اِذَنْ | پھر تو، اسی وقت |
| اَلْ | جو، خاص، تمام |
| اَلَا | کیا نہیں |
| اَلَا | خبردار |
| اِلَّا | سوائے، مگر، بجز |
| اَلَّا (اَنْ + لَا) | کہ، یہ کہ نہیں ہے |
| اَلَّذِیْنَ | وہ لوگ، جو لوگ |
| اَللّٰهُمَّ | اے اللہ |
| اِلٰی | طرف، تک |
| اَمْ | خواہ، یا، کیا |
| اِمَّا | جب، یا، خواہ |
| اَمَّا (اَنْ + مَا) | لیکن، جو، جس نے |
| اِنْ | اگر نہیں |
| اَنْ | کہ، یہ کہ |
| اِنَّ | بے شک |
| اِنَّا | بے شک، ہم |
| اِنَّمَا | کہ یقیناً، صرف |
| اَنَّمَا | کی طرح، گویا |
| اَنّٰی | کیونکر، کس طرح، جہاں سے |
| اَوْ | یا، بلکہ |
| اَوَ | اور کیا |
| اُولَآءِ (واحد ذا) | یہ سب |
| اُولٰٓئِکَ (واحد ذالک) | یہی وہ سب |
| اُولُوْ (واحد ذُوْ) | والے |
| اُولِیْ | والے |
| اُولَاتُ (واحد ذات) | والیاں |
| اَیُّ | کون |
| اِیْ، نَعَمْ | ہاں |
| اِنَّمَا، کلمہ حصر | صرف، ہی |
| اَیَّانَ | کب |
| اَیْنَ | کہاں |
| اَیْنَمَا | جدھر، کدھر |
| بِ | سے، ساتھ، پر |
| بَعْض | بعض |
| بَلْ | بلکہ |

| بَلٰی | ہاں، کیوں نہیں | فَلَمَّا | پس جب | لَنْ | ہرگز نہیں |
|---|---|---|---|---|---|
| بِمَ ، بِمَا | کس چیز سے | فِیْ | بیچ، اندر، کے ساتھ | لَوْ | اگر، کاش |
| تِلْکَ | یہ | قَدْ | تحقیق، یقیناً | لَئِنْ | البتہ، اگر |
| ثُمَّ | پھر، اس کے بعد | قَالَ | اس نے کہا | لَوْلَا | اگر نہ، کیوں نہیں |
| ثَمَّ | ہاں، اس جگہ | قُلْ | تو کہہ | لِمَ | کیوں |
| حَتّٰی | یہاں تک کہ | کَ | جیسے | لَمْ | نہ ، نہیں |
| حَیْثُ | جہاں، جہاں کہیں | کَذٰلِکَ | اسی طرح | لِمَنْ | کس کی |
| حِیْنَ | وقت، ہر زمانہ | کَمَا | جیسا کہ | لَیْسَ (مذکر) | نہیں |
| ذَا ، ذُوْ ، ذِی | والا، والی | کَانَ | ہے، تھا | لَیْسَتْ (مؤنث) | نہیں ہے |
| ذٰلِکَ | یہ | کَاَنَّ | گویا کہ | مَا | جو، نہیں، کیا |
| ذٰلِکُمْ | اسی طرح | کَاَیِّنْ | کتنے ہی | مَتٰی | کب |
| ذَوَا | والے | کِلَا | دونوں مذکر | مَا ذَا | کیا |
| سَ ، سَوْفَ | عنقریب | کِلْتَا | دونوں مؤنث | مَعَ | ساتھ |
| عَسٰی | شاید | کَلَّا | ہرگز نہیں | مَا کَادُوْ | وہ لگتے نہ تھے |
| عَمَّ | کس چیز کے بارے میں | کُلّ | تمام | مَنْ | کون، جو |
| عَمَّا | اس سے، جو کچھ | کَیْفَ | کیسے، کس طرح | مِنْ | سے |
| عِنْدَ | نزدیک، پاس | لِ 25 سے زائد معانی | تاکہ، واسطے | مِمَّا (مِنْ+مَا) | کس چیز سے |
| غَیْرُ | نہیں ہے | لَا | نہیں | مِمَّنْ (مِنْ+مَنْ) | کون ان میں سے |
| فَ | پس، پھر | لَعَلَّ | شاید | یٰاَیُّھَا (مذکر) | اے |
| فَبِمَا | پس کس چیز سے | لٰکِنْ ، لٰکِنَّ | لیکن، بلکہ | یٰاَیَّتُھَا (مؤنث) | اے |

# اسمائے اعداد

| عدد | مذکر کے لئے | مؤنث کے لئے | تیس | ثَلٰثُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| ایک | وَاحِدٌ | وَاحِدَةٌ | چالیس | اَرْبَعِیْنَ |
| دو | اِثْنَانِ | اِثْنَتَیْنِ، اِثْنَتَانِ | پچاس | خَمْسِیْنَ |
| تین | ثَلٰثَةٌ | ثَلٰثٌ | ساٹھ | سِتِّیْنَ |
| چار | اَرْبَعَةٌ | اَرْبَعٌ | ستر | سَبْعُوْنَ، سَبْعِیْنَ |
| پانچ | خَمْسَةٌ | خَمْسٌ | اسی | ثَمَانِیْنَ |
| چھ | سِتَّةٌ | سِتٌّ | ننانوے | تِسْعٌ وَّ تِسْعُوْنَ |
| سات | سَبْعَةٌ | سَبْعٌ | سو | مِائَةٌ |
| آٹھ | ثَمَانِیَةٌ | ثَمَانِیْ | دوسو | مِائَتَیْنِ |
| نو | تِسْعَةٌ | تِسْعٌ | تین سو | ثَلٰثُ مِائَةٍ |
| دس | عَشَرَةٌ | عَشْرٌ | ہزار | اَلْفٌ |
| گیارہ | اَحَدَ عَشَرَ | | ہزاروں | اُلُوْفٌ |
| بارہ | اِثْنَا عَشَرَ | | تین ہزار | ثَلَاثَةُ الْفٍ |
| بارہ | اِثْنَتَا عَشَرَةَ | | پانچ ہزار | خَمْسَةُ الْفٍ |
| انیس | تِسْعَةَ عَشَرَ | | پچاس ہزار | خَمْسِیْنَ اَلْفَ |
| بیس | عِشْرُوْنَ | | لاکھ | مِائَةُ اَلْفٍ |

## ترتیبی اعداد　　　　　　کسری اعداد

| پہلا | اَوَّل | پہلی | اُوْلٰی | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| دوسرا | ثَانٍ | دوسری | ثَانِيَةٌ | 1/2 نِصْفٌ | نِصْفٌ |
| تیسرا | ثَالِثٌ | تیسری | ثَالِثَةٌ | 1/3 ثُلُثٌ | ثُلُثٌ |
| چوتھا | رَابِعٌ | چوتھی | رَابِعَةٌ | 1/4 رُبُعٌ | رُبُعٌ |
| پانچواں | خَامِسٌ | پانچویں | خَامِسَةٌ | 1/5 خُمُسٌ | خُمُسٌ |
| چھٹا | سَادِسٌ | چھٹی | سَادِسَةٌ | 1/6 سُدُسٌ | سُدُسٌ |
| ساتواں | سَابِعٌ | ساتویں | سَابِعَةٌ | 1/7 سُبُعٌ | سُبُعٌ |
| آٹھواں | ثَامِنٌ | آٹھویں | ثَامِنَةٌ | 1/8 ثُمُنٌ | ثُمُنٌ |
| نواں | تَاسِعٌ | نویں | تَاسِعَةٌ | 1/9 تُسُعٌ | تُسُعٌ |
| دسواں | عَاشِرٌ | دسویں | عَاشِرَةٌ | 1/10 عَشَرٌ | مِعْشَارٌ |

# اضداد اور مترادفات کی اہمیت

قاعدہ ہے" تعرف الاشیاء باضدادِ ھا " اشیاء کی حقیقت اپنی اپنی ضد سے پہچانی جاتی ہے۔ نور وظلمت، محبت وعداوت، اَمرونہی ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ قرآنِ حکیم کو بہتر طور سمجھنے کے لئے مفردات کا سمجھنا شرط اوّل ہے۔اور اِن کی کماحقہ تفہیم کے لئے قرآن حکیم میں ان سے متعلق دیگر مشتقات اکٹھے کرنے ضروری ہیں قرآن حکیم کا کوئی کلمہ لیں، اس سے متعلق مختلف آیات نکالیں۔ پھر اس کلمہ کے مترادفات تلاش کریں۔اور ان کے معانی کی باریکیوں کو سمجھیں اس کے بعد اُس کلمہ کا ضد کلمہ تلاش کریں۔ پھر ضد کی ضد تلاش کریں اسی طرح اس کے مترادف کی ضد معلوم کریں۔آپ کے سامنے قرآنِ حکیم کے لغوی و اصطلاحی معانی کی شرح صدر ہونی شروع ہوجائے گی۔ بالکل اسی انداز سے اُس کلمہ سے متعلق حدیث شریف میں سے کلمات نکال کر سمجھیں تو آپ کے پاس قرآن حکیم کو سمجھنے کا ایک ایسا منظم ومربوط طریقہ آجائے گا کہ اللہ تعالیٰ آپ پر عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ اور عَلَّمَهُ الْبَيَانَ واضح فرمادے گا اور عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ کی حقیقت بھی آشکار کردے گا۔مترادفات القرآن پر مولانا عبدالرحمٰن کیلانیؒ کی نہایت خوبصورت اور جامع کتاب ہے۔"بعض نے کہا ہے ضدان دو چیزوں کو کہا جاتا ہے جو ایک جنس کے تحت ہوں مگر ان میں سے ہر ایک اپنے خصوصی اوصاف کے باعث دوسرے سے مخالف ہو اور ان میں انتہائی بُعد پایا جائے جیسے سفیدی وسیاہی اور خیروشر۔ اور جو دو متغائر چیزیں ایک جنس کے تحت نہ ہوں انہیں ضدان نہیں کہا جاتا جیسے۔ حلاوت اور حرکت۔ اہل لغت کہتے ہیں کہ ضدان ان چیزوں کو کہا جاتا ہے جو ایک محل میں جمع نہ ہوسکتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے متعلق " لَا نِدَّ لَهٗ وَ لَا ضِدَّ لَهٗ " کہہ کر دونوں کی نفی کی جاتی ہے۔

کلمہ اللہ کا نہ کوئی ند ہے اور نہ کوئی ضد " (مفردات القرآن از امام راغب اصفہانی)

یہ اس کے بے مثال و بے نظیر اور یکتا ومنفرد ہونے کی معجزاتی دلیل ہے۔

قرآن حکیم میں ضد الفاظ بعض سورتوں اور آیات میں موتیوں اور نگینوں کی طرح اس طرح جڑے ہوئے ہیں کہ معانی اور حقائق خود بخود ظاہر وباطن میں سرایت کرتے جاتے ہیں۔ایک کلمہ کے ایک سے زائد ضد کلمات ہوسکتے ہیں۔اگلے صفحہ پر چند سورتوں کی چند آیات میں اضداد کو ملاحظہ فرمائیں۔

" بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ "

﴿ فِیْ سُوْرَةِ اللَّیْلِ ﴾

وَاللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی ﴿۱﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰی ﴿۲﴾

وَمَا خَلَقَ الذَّکَرَ وَالْاُنْثٰی ﴿۳﴾ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی ﴿۶﴾

فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْیُسْرٰی ﴿۷﴾ وَکَذَّبَ بِالْحُسْنٰی ﴿۹﴾

فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰی ﴿۱۰﴾ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰی ﴿۱۳﴾

﴿ فِیْ سُوْرَةِ الشَّمْسِ ﴾

وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ﴿۳﴾ وَاللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰهَا ﴿۴﴾ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ﴿۵﴾

وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ﴿۶﴾ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ﴿۸﴾ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰهَا ﴿۹﴾

وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ﴿۱۰﴾

﴿ فِیْ سُوْرَةِ الْمُطَفِّفِیْنَ ﴾

کَلَّآ اِنَّ کِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِیْ سِجِّیْنٍ ﴿۷﴾ وَمَآ اَدْرٰکَ مَا سِجِّیْنٌ ﴿۸﴾

کَلَّآ اِنَّ کِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِیْ عِلِّیِّیْنَ ﴿۱۸﴾ وَمَآ اَدْرٰکَ مَا عِلِّیُّوْنَ ﴿۱۹﴾

﴿ فِیْ سُوْرَةِ الْاِنْفِطَارِ ﴾

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ ﴿۱۳﴾ وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ ﴿۱۴﴾

وجوہ: وہ مشترک لفظ ہے جو کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

نظائر: باہم موافقت رکھنے والے مرادف اور ہم معنی الفاظ کو کہا جاتا ہے۔ یہ بھی قرآن مجید کا ایک معجزہ ہے کہ اس کا ایک ایک کلمہ بیس یا کم وبیش وجوہ پر پھرتا ہے۔ یہ بات انسان کے کلام میں نہیں پائی جاتی۔

## لغت ذوی الاضداد

ایسے کلمات جو بذاتہٖ ذوی الاضداد ہیں۔ یعنی ایک ہی لفظ میں اس کی ضد کا معنی بھی موجود ہوتا ہے۔

جیسے بَاعَ بمعنی خرید وفروخت کرنا، یعنی خریدنا بھی اور فروخت کرنا بھی۔

اِشْتَرٰی خریدنا کسی چیز کے بدلے میں دوسری چیز لینا

بیچنا کسی چیز کے بدلے میں کوئی دوسری چیز دینا

بِالْقِسْطِ انصاف سے قَاسِطٌ ظلم کرنے والا

خَفٰی چھپا ہونا، پوشیدہ ہونا۔ اسی لفظ کے دوسرے معنی ظاہر کرنا۔ اَخْفٰی چھپانا

دَانَ یَدِیْنُ دِیْنٌ دَانَ اسے محکوم کیا، حکومت کی، عزت دی، ذلیل کیا۔

گویا کلمہ دین دو متضاد مفہوم میں استعمال ہوتا ہے۔ مکمل حاکمیت اور حکومت بھی اور مکمل عبدیت کے معنی میں بھی۔ ویسے دین کے اور بھی کئی ایک معانی ہیں۔

حَسِبَ شمار کرنا، گمان کرنا۔ حَسَبَ شمار کرنا، حساب کرنا۔

ظَنَّ گمان کرنا اور اس کے دوسرے معنی ''یقین کرنا'' ہیں۔

| کلمہ | ضد | کلمہ | ضد | کلمہ | ضد | کلمہ | ضد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْاٰخِرَۃ | اَلدُّنْیَا | اَحَبَّ | کَرِہَ | اِصْبَاح" | اِمْسَآء" | اَقْبَلَ | اَدْبَرَ |
| اٰخِر" | اَوَّل، سَابِق" | اِحْرَام" | اِحْلَال" | اَصْغَرُ | اَکْبَرُ | اِقْتَار" | اِسْرَاف" |
| اٰخَرَ | اَزَلَ | اَحْرَمَ | حَلَّلَ | اَصْلَحَ | اَفْسَدَ | اِقْدَام" | اِدْبَار" |
| اٰمَنَ | کَفَرَ | اَحْسَنَ | اَسَآءَ | اَصل" | فَرْع" | اِقْرَار" | اِنْکَار" |
| اَبَد" | اَزَل" | اَحَلَّ | حَرَّمَ | اَصِیْل" | بُکْرَۃ" | اَکْبَرُ | اَصْغَرُ |
| اَبْدٰی | کَتَمَ، وَارٰی | اَخَّرَ | قَدَّمَ | اَضَاعَ | اَصَابَ، حَفِظَ | اَکَنَّ | اَعْلَنَ، عَرَضَ |
| اَبْرَار" | اَشْرَار" | اَلْاٰخِرَۃ | اَلْعَاجِلَۃ | اَطَاعَ | عَصٰی | اَلَّفَ | شَتَّتَ |
| اَبْرَمَ | نَقَضَ | اِخْتَلَفَ | اِتَّفَقَ | اَطْعَمَ | جَاعَ | اَمَام | خَلْف |
| اَبْکَار" | ثَیِّبٰت" | اَخْرَبَ | عَمَرَ | اَعَزَّ | اَذَلَّ | اَمَانَت | خِیَانَت |
| اَبْیَضُ | اَسْوَدُ | اَخْفٰی | اَعْلَنَ | اَعِزَّۃ" | اَذِلَّۃ" | اَمَرَ | نَهٰی |
| اِتِّصَال" | اِنْفِصَال" | اَرْض" | سَمَآء | اَعْطٰی | مَنَعَ، بَخِلَ | اَمْن" | خَوْف" |
| اَثْبَتَ | اَنْسَخَ | اِزْدَادَ | غَاضَ | اَعْلٰی | اَدْنٰی | اُنْثٰی | ذَکَر" |
| اَلْاِثْمُ | اَلْبِرُّ | اِسْتَاْخَرَ | اِسْتَقْدَمَ | اَعْمٰی | بَصِیْرُ | اِنَاث" | ذُکُوْرُ |
| اَثِیْم" | سَلِیْم" | اَسَرَّ | اَعْلَنَ، اَظْهَرَ | اَغْنٰی | عَائِلًا | اَنْجٰی | اَغْرَقَ |
| اُجَاج" | فُرَات" | اِسْتِغَاث" | اِسْتِجَاب" | اَغْنِیَآءُ | فُقَرَآء | اَنْکَرَ | اَعْرَفَ |
| اِجْتِمَاع" | اِنْتِشَار" | اَسْفَلَ | اَعْلٰی | اَفَاقَ | صَعِقَ | اِنْقَضَّ | اَقَامَ |
| اَجَل" | عَاجِل" | اِسْتَقْبَلَ | مَضٰی، اَسْلَفَ | اَفْلَحَ | خَابَ | اَوَّل | اٰخِر |
| اِجْمَاع" | اِخْتِلَاف" | اَشِدَّآء | رُحَمَآء | اَقْبَرَ | اَنْشَرَ | اَهَانَ | اَکْرَمَ |

| | |
|---|---|
| اِهْتَدٰی | ضَلَّ |
| اِهْتِزَازٌ | هَمَدٌ |
| اَيْقَاظًا | رُقُوْدٌ |
| بَادٍ | حَاضِرٌ |
| بَأْسَآءُ | سَرَّآءُ،نَعْمَآءُ |
| بَاسِرَةٌ | نَاضِرَةٌ |
| بَاقٍ | فَانٍ |
| بِئْسَ | نِعْمَ |
| بُخْلٌ | اِنْفَاقٌ |
| بَدَا | غَابَ،خَفِیَ |
| بَدْوٌ | حَضَرٌ |
| بَرْدٌ | حَمِيْمٌ |
| اَلْبَرُّ | اَلْبَحْرُ |
| اَلْبِرُّ | اَلْاِثْمُ |
| بَرَزَ | بَرِحَ |
| بَرَمَ | نَقَضَ |
| بَسَطَ | قَبَضَ |
| بَشِيْرٌ | نَذِيْرٌ |
| بَصِيْرٌ | عُمْیٌ |

| | |
|---|---|
| بُغْضٌ | حُبٌّ |
| بَطُؤَ | سَرُعَ |
| اَلْبَاطِلُ | اَلْحَقُّ |
| اَلْبَاطِنُ | اَلظَّاهِرُ |
| بَطَنَ | ظَهَرَ |
| بَعَثَ | مَاتَ،فَاتَ |
| بَعْدَ | قَبْلَ |
| بَعُدَ | قَرُبَ |
| بَعِيْدٌ | قَرِيْبٌ |
| بَعْضٌ | كُلُّ |
| بُغْضٌ | حُبٌّ،مَحَبَّةٌ |
| بَقِیَ | نَفِدَ |
| بَكٰی | ضَحِكَ |
| بِكْرٌ | ثَيِّبٌ |
| بُكْرَةٌ | اَصِيْلٌ |
| بَلَسَ | بَشَرَ |
| بَيَاتًا | ضُحًی |
| بَيْضَاءُ | سَوْدَآءُ |
| اَلْبَيْعُ | اَلرِّبٰو |

| | |
|---|---|
| تَبْيَضُّ | تَسْوَدُّ |
| تَجَلّٰی | يَغْشٰی |
| تَحْتَ | فَوْقَ |
| تُسِرُّوْنَ | تُعْلِنُوْنَ |
| تُعِزُّ | تُذِلُّ |
| تَفَرُّقٌ | تَجَمُّعٌ |
| تَقْوِيْمٌ | تَعْوِيْجٌ |
| تَقْوٰی | عُدْوَانٌ |
| تَنْزِيْلٌ | تَدْرِيْجٌ |
| تُؤْتِیْ | تَنْزِعُ |
| تُرِيْحُوْنَ | تَسْرَحُوْنَ |
| تَعَجَّلَ | تَاَخَّرَ |
| تَقَدَّمَ | تَاَخَّرَ |
| ثَبَتَ | زَلَقَ،زَلَّ |
| ثِقَالًا | خِفَافًا |
| ثَقُلَ | خَفَّ |
| ثَقِيْلٌ | خَفِيْفٌ |
| ثَوَابٌ | عَذَابٌ |
| ثَيِّبٰتٌ | اَبْكَارٌ |

| | |
|---|---|
| جَاهِلٌ | عَالِمٌ |
| جَائِرٌ | مُسْتَقِيْمٌ |
| جَبَّارًا | حَنَانًا |
| جَبَرَ | قَدَرَ |
| جَدِيْدٌ | قَدِيْمٌ |
| جَزِعَ | صَبَرَ |
| جُزْءٌ | كُلٌّ |
| جَلَسَ | قَامَ |
| جَلِیّ | خَفِیّ |
| جَمَعَ | فَرَّقَ |
| جَنَفَ | حَنَفَ |
| جَاعَ | شَبِعَ،اَطْعَمَ |
| جَهْرًا | سِرًّا |
| جَهَرَ | اَخْفٰی |
| جَهِلَ | عَلِمَ |
| حَبَّ | كَرِهَ |
| حُبٌّ | بُغْضٌ |
| حَدَثَ | عَدَمَ |
| حَدِيْثٌ | قَدِيْمٌ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَرّ | ظِلّ | حَنَف | جَنَف | خَمْط" | فُرَات" | ذَهَبَ | مَكَثَ |
| حُرّ" | عَبْد" | حَنَانًا | جَبَّارًا | خَوْف" | رَجَآء" | رَبِحَ | خَسِرَ |
| حُرُوْر" | ظِلَال" | اَلْحَيٰوةَ | اَلْمَوْةَ | خِيَانَتُ | اَمَانَتُ | رَبٰو | مَحَقَ |
| حَرَك" | سُكُن" | خَابَ | فَلَحَ | خَيْر" | شَرّ" | رَتَقَ | فَتَقَ |
| حَرَّمَ | حَلَّ،حَلَّلَ | خَبِيْث" | طَيِّب" | دَافِع" | وَاقِع" | رَجَآء" | خَوْف" |
| حَزَنَ | فَرِحَ | خَرِبَ | عَمَرَ | دُبُر" | قُبُل" | رَحُبَ | ضَاقَ |
| حَسُنَ | سَآءَ | خَرَجَ | دَخَلَ | دَخَلَ | خَرَجَ | رَحِمَة" | عَذَاب" |
| حَسُنَ | قَبُحَ | خَرَّ | رَفَعَ | دَرَجَاتٍ | دَرَكَاتٍ | رَشَدَ | غَوٰى |
| حَسَنَة" | سَيِّئَة" | خَسَأَ | رَحُبَ | دَسّٰى | زَكّٰى | رُشْد" | غَيّ" |
| حَصِيْد" | قَائِم" | خَسِرَ | رَبِحَ | دَعَا | صَمَتَ | رَشِيْد" | غَوِيّ" |
| حَضَر" | بَدْو" | خَطَآء" | صَوَاب" | دَمَّرَ | نَجّٰى | رَضِيَ | كَرِهَ،سَخِطَ |
| حَاضِر" | غَائِب" | خَفَّ | ثَقُلَ | اَلدُّنْيَا | اَلْاٰخِرَة | رَطُبَ | يَابِسَ |
| حَفِظَ | نَسِيَ،اَضَاعَ | خَفِيْف" | ثَقِيْل" | دُوْلَة" | دَوْرَة" | رَغِبَ | رَهِبَ |
| حَقّ" | بَاطِل" | خَفَضَ | رَفَعَ | ذَكَرَ | نَسِيَ،غَفَلَ | رَفَعَ | وَضَعَ |
| حَلَّ | عَقَدَ | خَفِيَ | جَلٰى،بَدَا | ذَكَر" | اُنْثٰى | رَقِيْق" | غَلِيْظ" |
| حَلُمَ | سَفِهَ | خَلَصَ | خَلَطَ | ذُكُوْر" | اِنَاث" | رِقَّة" | غِلْظَة" |
| حَمِدَ | ذَمَّ | خَلَف" | سَلَف" | ذَلَّ | عَزَّ | رُقُوْد" | اَيْقَاظًا |
| حَمَلَ | وَضَعَ | خَطَفَ | قَدَمَ | ذِلَّة" | عِزَّة" | زَادَ | نَقَصَ |
| حَمِيْم" | بَرْد" | خَلَوْا | لَقُوْا | ذَمّ | مَدَحَ،حَمِدَ | اِزْدَادَ | اَغَاضَ |

| زَفِيرٌ | شَهِيقٌ | اَسْلَمَ | كَفَرَ | صَبَرَ | جَزِعَ | ضُعْفٌ | قُوَّةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زَكِيًّا | عَصِيًّا | سَلِمَ | هَلَكَ | صَدَرَ | وَرَدَ | ضَعِيفٌ | قَوِيٌّ |
| زَلَّ | ثَبَتَ | سِمَانٌ | عِجَافٌ | صَدَقَ | كَذِبَ | ضَلَالَةٌ | هِدَايَةٌ |
| زَيَّنَ | كَرَّهَ | سَمَآءٌ | اَرْضٌ | صَدَّقَ | كَذَّبَ | ضَاقَ | رَحُبَ |
| سَاغَ | غَصَّ | سُوْدٌ | بِيْضٌ | صِدِّيْقٌ | عَدُوٌّ | طَالِبٌ | مُعْطِيٌ |
| سَخِطَ | رَضِيَ | سَوَادٌ | بَيَاضٌ | صَرْصَرٌ | سَمُوْمٌ | طَلَعَ | غَرَبَ |
| سَرَّ | كَشَفَ | سَوِيًّا | مُكِبًّا | صَعَدَ | نَزَلَ | طَوْعًا | كَرْهًا |
| سَتَرَ | فَضَحَ | شَاكِرًا | كَفُوْرًا | صَعِقَ | اَفَاقَ | طُوْلًا | عَرْضٌ |
| سَرَّآءَ | بَاسَآءَ | شَاهِدٌ | غَائِبٌ | صَغُرَ | كَبُرَ | طَوِيْلٌ | عَرِيْضٌ |
| سِرًّا | عَلَانِيَةً | شَتَّ | اَلَّفَ | صَغِيْرٌ | كَبِيْرٌ | طَوٰى | نَشَرَ |
| سَرُعَ | بَطُأَ | اَلشِّتَآءِ | اَلصَّيْفِ | صِغَارٌ | عِزَّةٌ | طَيِّبٌ | خَبِيْثٌ |
| سَفِهَ | حَلُمَ | شَرٌّ | خَيْرٌ | صَفَآءٌ | كَدَرٌ | طَيِّبَةٌ | خَبِيْثَةٌ |
| سَعَدَ | شَقِيَ | شَرْقِيَّةٌ | غَرْبِيَّةٌ | صَلَحَ | فَسَدَ،طَلَحَ | ظَاهِرٌ | بَاطِنٌ |
| سَعِيْدٌ | شَقِيٌّ | شَغِلَ | فَرَغَ | صَمَتَ | نَطَقَ،دَعَا | ظِلٌّ | حَرُوْرٌ |
| سِجِّيْنَ | عِلِّيِّيْنَ | شَقِيٌّ | سَعِيْدٌ | صَوَابًا | خَطَآءً | ظَلَمَ | عَدَلَ |
| سُفْلٰى | عُلْيَا | شَكَرَ | كَفَرَ | صَيْفٌ | شِتَآءٌ | ظُلُمٰتٌ | نُوْرٌ |
| سَقِيْمٌ | سَلِيْمٌ | شِمَالٌ | يَمِيْنٌ | ضَحِكَ | بَكٰى | ظَهَرَ | بَطَنَ |
| سَلَبَ | نَقَدَ | شَهْوَةٌ | نُفُوْرٌ | ضَرٌّ | نَفْعٌ | اَلْعَاجِلَةُ | اَلْاٰخِرَةُ |
| سَلَفٌ | خَلَفٌ | سَالِحٌ | طَالِحٌ | ضَرَّآءُ | سَرَّآءُ | عَالِمٌ | جَاهِلٌ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَبْد" | حُرّ" | عَقَم | لَقَح | غَابَ | حَضَر،شَهِدَ | فَوْق | تَحْتِ |
| عِجز" | قُدرَة" | عَقِيم" | لَاقِح" | غَاضَ | اِزْدَادَ | اَلْقَانِع | اَلْمُعْتَر |
| عِجَاف" | سِمَان" | عِلْم" | شَک،جَهل" | فَارِض" | بِکْر" | قُبْح | حَسُنَ |
| عَجمِی" | عَرَبِی" | عُلْيَا | سُفْلٰی | فَاسِق" | مُؤْمِن" | قَبَضَ | بَسَطَ |
| عَدَلَ | ظَلَمَ | عَمَرَ | اَخْرَبَ | فَانٍ | بَاقٍ | قَبْلَ | بَعْدَ |
| عَدَم" | حَدَث" | عِوَج" | قَيِّم" | فَتَحَ | اَغْلَقَ | قُبُل" | دُبُر" |
| عَدُوّ" | خَلِيل"،وَلِی" | غَبَرَة" | مُسْفِرَة" | فَتْح" | هَزِيمَة" | قَتَرَة" | مُسْفِرَة" |
| عُدْوَان" | تَقْوٰی | غَرَبَ | طَلَعَ | فَتَقَ | رَتَقَ | قَدَرَ | بَسَطَ |
| عَرَجَ | نَزَلَ | غَرْبِيَّة" | شَرْقِيَّة" | فُجَّار" | اَبْرَار"،بَآرّ" | قُدْرَة" | عِجز" |
| عَرَضَ | اَکَنَّ | غُرُوب" | طُلُوع" | فَرِحَ | حَزِنَ | قَدَّمَ | اَخَّرَ |
| عَرْض" | طُول" | غَدْوَة" | رَوَاح"،عَشِيًّا | فُرَات" | اُجَاج"،خَمْط | قَدِيم" | جَدِيد" |
| عَرَفَ | نَکَرَ | غَسَق | تَجَلّٰی | فَرْع | اَصْل" | قَرِيب" | بَعِيد" |
| عُسْرَة" | يُسْرَة" | غَصَّ | سَاغَ | فَرَغَ | شَغَلَ | قَسْوَة" | رِقَّة" |
| عُسْرٰی | يُسْرٰی | غَلِيظ" | رَقِيق" | فَسَدَ | صَلَحَ | قَصَرَ | مَدَّ |
| عَسِير" | يَسِير" | غَلَقَ | فَکَّ | فَصَلَ | وَصَلَ | قَطَعَ | وَصَلَ |
| عَشِيًّا | غَدَاوَة"،ضُحٰی | غَنِیّ" | فَقِير" | فَظّ" | لِين" | قَعَدَ | قَامَ |
| عِصِيًّا | زَکِيًّا | غَوٰی | رَشَدَ | فِعْل" | قَوْل" | قَلَّ | کَثُرَ |
| اَلْعَاجِلَة | اَلْآخِرَة | غَیّ" | رُشْد" | فَقِير" | غَنِیّ" | قَلِيل" | کَثِير" |
| عَطَآء | مَنَعَ | غَوِیّ" | رَشِيد" | فَنِیَ | بَقِیَ | قُوَّة" | ضُعْف" |

| قَوْل | فِعْل |
|---|---|
| قَيِّم | عِوَج |
| كَبِير | صَغِير |
| كَتَمَ | اَبْدَءَ |
| كَثِير | قَلِيل |
| كَذِبَ | صَدَقَ |
| كَدَر | صَفَآء |
| كَذَّبَ | صَدَّقَ |
| كَرَّهَ | زَيَّنَ |
| كَشَفَ | مَسَكَ، سَتَرَ |
| كَفَرَ | شَكَرَ |
| كُلّ | جُزْء |
| كَامِل | نَاقِص |
| لَقَحَ | عَقَمَ |
| لَقُوْا | خَلَوْا |
| لَيْل | نَهَار |
| لِيْن | فَظّ |
| لِيْن | خُشُوْنَة |
| مَآء | نَار |

| مُبَشِّرِيْنَ | مُنْذِرِيْنَ |
|---|---|
| مَحَا | ثَبَّتَ |
| مَحَقَ | رَبٰى |
| مُحْكَمَات | مُتَشٰبِهَات |
| مُحْصِنِيْنَ | مُسٰفِحِيْنَ |
| مَدَّ | قَصَرَ، جَذَرَ |
| مُسْلِمِيْنَ | مُجْرِمِيْنَ |
| مَضٰى | اِسْتَقْبَلَ |
| مُفْسِد | مُصْلِح |
| مَلَك | بَشَر |
| مَعْرُوْف | مَجْهُوْل |
| مَيْمَنَة | مَشْئَمَة |
| مَيْمَنَة | مَيْسَرَة |
| نَار | مَآء |
| نَثَرَ | نَظَمَ |
| نَحْس | سَعْد |
| نَذِيْر | بَشِيْر |
| نَزَعَ | اَتٰى |
| نَزَلَ | عَرَجَ |

| نَسِيَ | ذَكَرَ |
|---|---|
| نِسْيَان | حِفْظ |
| نَشَرَ | طَوٰى |
| نَطَقَ | صَمَتَ |
| نِعْمَ | بِئْسَ |
| نَعْمَآءُ | ضَرَّآءُ |
| نَفْحَة | لَفْحَة |
| نَفِدَ | بَقِيَ |
| نَفَرَ | شَهَا |
| نُفُوْر | شَهْوَة |
| نَفْع | ضَرّ |
| نَفٰى | ثَبَّتَ |
| نَقَصَ | زَادَ |
| نَقَضَ | بَرَمَ |
| نَكَالًا | مَوْعِظَة |
| نَكَرَ | عَرَفَ |
| نُوْر | ظُلُمٰت |
| نَهَار | لَيْل |
| نَهٰى | اَمَرَ |

| وَتْر | شَفْع |
|---|---|
| وَرَدَ | صَدَرَ |
| وَارٰى | اَبْدَءَ |
| وَصْل | فَصْل |
| وَصَلَ | فَصَلَ، قَطَعَ |
| وَضَعَ | رَفَعَ |
| وَفٰى | غَدَرَ |
| وَقَعَ | مَسَكَ |
| وَلَايَة | عَدَاوَة |
| هَجَرَ | وَصَلَ |
| هِدَايَة | ضَلَالَة |
| هَمَد | اِهْتِزَاز |
| هَزْم | فَتْح |
| يَابِس | رَطْب |
| يُبْدِءُ | يُعِيْدُ |
| يُسْر | عُسْر |
| يُسْرٰى | عُسْرٰى |
| يَمِيْن | شِمَال |
| يَنْزِلُ | يَعْرُجُ |

| يَضِيعُ | يَحْفَظُ |
|---|---|
| اٰسِنٍ | غَيْرِ اٰسِنٍ |
| الاِسْلَامِ | غَيْرَ الْاِسْلَامِ |
| بَاغٍ | غَيْرَ بَاغٍ |
| بَعِيْدٍ | غَيْرَ بَعِيْدٍ |
| طَيِّبٍ | غَيْرَ طَيِّبٍ |
| تَخْسِيْرٍ | غَيْرَ تَخْسِيْرٍ |
| اَلْحَقُّ | غَيْرَ الْحَقِّ |
| ذِىْ زَرْعٍ | غَيْرِ ذِىْ زَرْعٍ |
| سُوْءٍ | غَيْرِ سُوْءٍ |
| شَىْءٍ | غَيْرِ شَىْءٍ |
| صَالِحٍ | غَيْرُ صَالِحٍ |
| مَاْمُوْنٍ | غَيْرُ مَاْمُوْنٍ |
| مُبِيْنٍ | غَيْرُ مُبِيْنٍ |
| مُتَبَرِّجَاتٍ | غَيْرَ مُتَبَرِّجَاتٍ |
| مُتَجَانِفٍ | غَيْرَ مُتَجَانِفٍ |
| مَجْذُوْذٍ | غَيْرَ مَجْذُوْذٍ |
| مَدِيْنِيْنَ | غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ |
| مَرْدُوْدٍ | غَيْرُ مَرْدُوْدٍ |

| مُسَافِحِيْنَ | غَيْرَ مُسَافِحِيْنَ |
|---|---|
| مُسَافِحَاتٍ | غَيْرَ مُسَافِحَاتٍ |
| مَسْكُوْنَةٍ | غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ |
| مُسْمَعٍ | غَيْرَ مُسْمَعٍ |
| مُشْرِكِيْنَ | غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ |
| مُضَآرٍّ | غَيْرَ مُضَآرٍّ |
| اَلْمَغْضُوْبِ | غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ |
| مَكْذُوْبٍ | غَيْرُ مَكْذُوْبٍ |
| مَلُوْمِيْنَ | غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ |
| مَمْنُوْنٍ | غَيْرُ مَمْنُوْنٍ |
| مَنْقُوْصٍ | غَيْرَ مَنْقُوْصٍ |
| نَاظِرِيْنَ | غَيْرَ نَاظِرِيْنَ |
| يَسِيْرٍ | غَيْرُ يَسِيْرٍ |

## حروفِ مقطعات

قرآنِ کریم کی 29 سورتوں کی ابتداء میں کل 30 حروفِ مقطعات آئے ہیں۔ان کے حقیقی معانی و مفاہیم اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں۔ان میں کل حروفِ مقطعات 14 ''نص قاطع حکیم لہ' سرّ'' استعمال ہوئے ہیں۔اللہ تعالیٰ کوئی عبث کام نہیں کرتا۔اس لئے ان کا باقاعدہ مفہوم ہوگا۔حدیثِ پاک کا مفہوم ہے کہ قرآنِ کریم کے پڑھنے پر ہر حرف پر دس نیکیاں ملتی ہیں۔الٓمّٓ ایک حرف نہیں. الٓمّٓ تین حروف ہیں۔طٰہٰ اور یٰسٓ آپ ﷺ کے اسمائے پاک ہیں۔یہ تمام علیحدہ علیحدہ حروف کی صورت میں پڑھے جاتے ہیں۔ان میں سے سات حروفِ مقطعات الٓمّٓ (6)، حٰمٓ (7)، طٰسٓمّٓ (2)، طٰہٰ، یٰسٓ، عٓسٓقٓ، کٓھٰیٰعٓصٓ (ایک ایک آیت کے طور پر) 19 مکمل آیات کی صورت میں آئے ہیں اور باقی سات الٓرٰ (5)، صٓ، قٓ، نٓ، طٰسٓ، الٓمّٓصٓ، الٓمّٓرٰ (ایک ایک بار)، گیارہ آیات کے حصہ کے طور پر آئے ہیں۔

## انبیاء و رسل

قرآنِ پاک میں کل بیس 26 انبیاء و رسل کا ذکر آیا ہے۔جتنی بار ذکر آیا ہے وہ بھی درج ہے:۔

موسیٰؑ (136 بار)، ابراھیمؑ (69 بار)، عیسیٰؑ (59 بار)، نوحؑ (43 بار)، یوسفؑ (27 بار)، لوطؑ (27)، آدمؑ (25 بار)، ھارونؑ (20 بار)، سلیمانؑ (17 بار)، اسحاقؑ (17)، یعقوبؑ (16 بار)، داؤدؑ (16 بار)، اسمٰعیلؑ (12 بار)، شعیبؑ (11 بار)، صالحؑ (9 بار)، ہودؑ (7 بار)، زکریاؑ (7 بار)، یحییٰؑ (5 بار)، ایوبؑ (4 بار)، یونسؑ (4 بار)، الیاسؑ (3 بار)، ادریسؑ (2 بار)، الیسعؑ (2 بار)، ذوالکفلؑ (2 بار)، اور عزیرؑ (1 بار) اور محمد مصطفیٰ ﷺ کا ذکر مبارک متعدد بار آیا ہے۔

## الہامی کتب وصحائف

تورات (حضرت موسیٰ پر) ، زبور (حضرت داوُدؑ) ، انجیل (حضرت عیسیٰ پر)، قرآن (حضرت محمد ﷺ پر)
صُحفِ ابراھیمؑ و موسیٰؑ

## اقوام فی القرآن

قومِ تبّع قومِ عاد قومِ ثمود قومِ فرعون قومِ نوح
قومِ موسیٰ قومِ لوط قومِ قریش قومِ جوج ماجوج.

## اسماءُالبلاد و المقامات

مکّہ مکرمہ (بکّہ، مکّہ، اُمُّ القرٰی)، مدینہ "یثرب، مدین، مصر، روم، سبا، طور سینین ، حجر ، بابَل ، الایکہ ، الرّس ، طوٰی ، احقاف ، جُوْدِیُّ ، بدر ، حنین ، صفا ، مروہ ، عرفات ، المسجد الحرام ، المسجد الاقصٰی ، واد النمل.

## اصحاب فی القرآن

صاحب الحوت (ذالنون یعنی حضرت یونسؑ)، اصحاب الصراط السَّوِیّ (سیدھی راہ والے)، اصحاب الجنۃ (جنت والے)، اصحاب النّار، اصحاب الجحیم، اصحاب السَّعِی، اصحاب الکھف و الرقیم (غاروالے اورکتبہ والے)، اصحاب الاخدود (کھائیوں والے)، اصحاب الایکہ (بن کے رہنے والے)، اصحاب الحِجر (حجر کے رہنے والے)، اصحاب مدین (مدین کے رہنے والے) ، اصحاب القریہ (گاؤں والے)، اصحاب القبور (قبروں والے)، اصحٰب الفیل (ہاتھی والے)، اصحٰب الرس (کنویں والے)، اصحٰب السبت (ہفتہ کے دن والے)، اصحٰب السفینہ (کشتی والے)، اصحٰبُ موسٰی (موسیٰ کے ساتھی)، اصحٰب الاعراف (اعراف والے)، اصحٰب الجنۃ (باغ والے)۔

## ﴿قرآنِ حکیم کے اسماء وصفات﴾

ان اسماء اور ان کے معانی کا جاننا بھی ضروری ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| اَلْاَثَارَۃ :4 الاَحقاف ، | اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ: 23الزمر ، | اَحْسَنَ الْقَصَصِ : 3یوسف |
| اَلْاَمْرُ :5الطلاق، | اَلْاِمَامُ : 71بنی اسرائیل ، | اَلْاِیْمَانُ :93آلِ عمران |
| اَلْاٰیَاتُ :252البقرۃ ، | اَلْبَالِغَۃُ : 5 القمر ، | اَلْبُشْرٰی : 2 النمل |
| اَلْبَشِیْرُ :4 حٰمٓ السجدۃ ، | اَلْبَصَائِرُ :20الجاثیۃ ، | اَلْبَلَاغُ : 52 ابراھیم ، |
| اَلْبَیَانُ :138آلِ عمران ، | اَلْبَیِّنَاتُ :39العنکبوت ، | اَلْبَیِّنَۃُ : 157الانعام ، |
| اَلتَّبْصِرَۃُ : 8قٓ ، | اَلتِّبْیَانُ : 89النحل ، | اَلتَّذْکِرَۃُ :38الحاقۃ ، |
| اَلتَّصْدِیْقُ :37یونس ، | اَلتَّفْسِیْرُ : 33الفرقان ، | اَلتَّفْصِیْلُ : 145الاعراف |
| اَلتَّنْزِیْلُ : 5یٰسٓ ، | قَوْلٌ ثَقِیْلٌ :5المزمل ، | حَبْلُ اللّٰہِ :103لِ عمران |
| اَلْحُجَّۃُ :149الانعام ، | اَلْحَدِیْثُ : 111یوسف، | اَلْحَقُّ : 108یونس ، |
| اَلْحُکْمُ : 37الرعد ، | اَلْحِکْمَۃُ :5القمر ، | اَلْحَکِیْمُ :2یٰسٓ، |
| اَلْخَیْرُ :30النحل ، | اَلذِّکْرُ : 50الانبیاء ، | ذِکْرٰی : 8قٓ ، |
| رَحْمَۃٌ :57یونس ، | اَلرِّسَالَۃُ : 67المائدۃ ، | رُوْح :52الشوریٰ، |
| اَلزَّبُوْرُ :105الانبیاء ، | اَلشِّفَاءُ :57یونس، | اَلصُّحُفُ : 13عبس، |
| اَلصِّدْقُ : 33الزمر، | اَلصِّرَاطُ : 153الانعام ، | اَلْعَجَبُ : 1جن ، |
| اَلْعَدْلُ :115الانعام ، | اَلْعَرَبِیُّ : 2یوسف ، | العُرْوَۃُالْوُثْقٰی:22لقمان ، |
| العزیز :41حم السجدۃ ، | اَلْعَظِیْمُ : 87الحجر ، | اَلْعِلْمُ : 37الرعد ، |
| اَلْعَلِیُّ : 4الزخرف، | اَلْغَیْبُ : 24التکویر ، | اَلْفُرْقَانُ :1الفرقان ، |

| | | |
|---|---|---|
| اَلْفَصْلُ : 13الطارق، | اَلْفَضْلُ : 58یونس، | اَلْقُرْاٰنُ : 2یٰسٓ، |
| اَلْقِسْطُ : 42المائدة، | اَلْقَصَصُ : 176الاعراف، | اَلْقَوْلُ : 51القصص، |
| اَلْقِیْلُ : 122النساء، | اَلْقَیِّمُ : 2الکهف، | قَیِّمَةٌ : 3البینة، |
| اَلْکِتَابُ : 2البقرة، | اَلْکَرِیْمُ : 77الواقعة، | اَلْکَلَامُ (کَلَامُ اللہ) : 6التوبة، |
| اَلْکَلِمَةُ : 115الانعام، | اَلْکَلِمٰتُ : 27لقمان، | اَلْکَوْثَرُ : 1الکوثر، |
| اَلْمَاءُ : 17الرعد، | اَلْمُبَارَکُ : 29ص، | اَلْمُبِیْنُ : 69یٰسٓ، |
| اَلْمُتَشَابِهُ : 23الزمر، | اَلْمَثَانِیْ : 23الزمر، | اَلْمَثَلُ : 24ابراهیم، |
| اَلْمَجِیْدُ : 21البروج، | مُحْکَمَةٌ : 30محمد، | مَرْفُوْعَةٌ : 14العبس، |
| اَلْمَسْطُوْرُ : 2الطور، | اَلْمُصَدِّقُ : 48المائدة، | اَلْمُطَهَّرَةُ : 14عبس، |
| اَلْمُفَصَّلُ : 14الانعام، | مُکَرَّمَةٌ : 13عبس، | اَلْمُنَزَّلُ : 114الانعام، |
| اَلْمُنِیْرُ : 184ال عمران، | اَلْمَوْعِظَةُ : 66البقرة، | اَلْمُهَیْمِنُ : 48المائدة، |
| اَلْمِیْزَانُ : 25الحدید، | اَلنَّبَأُ : 67صٓ، | اَلنُّجُوْمُ : 75الواقعة، |
| اَلنَّذِیْرُ : 4حم السجدة، | اَلنِّعْمَةُ : 2القلم، | اَلنُّوْرُ : 164النساء، |
| اَلْوَحْیُ : 45الانبیاء، | اَلْهُدٰی : 185البقرة، | اَلْمُبَشِّرُ : 2الکهف، |
| اَلْمَتْلُوُّ : 121البقرة، | اَلْمُثَبِّتُ : 120هود، | اَلْمَجْمُوْعُ : 17القیامة، |
| اَلْمَحْفُوْظُ : 9الحجر، | اَلْمُرَتَّلُ : 4المزمل، | اَلْمَقْرُوْءُ : 106بنی اسرائیل |
| اَلْاِنْزَالُ : 174النساء، | اَلْمُیَسَّرُ : 17القمر، | اَلْهَادِیْ : 9بنی اسرائیل |

## ﴿اسماء الحسنٰی﴾

قرآنِ پاک میں ایک سو تیس کے لگ بھگ اللہ تعالیٰ کے اسماء کا ذکر آیا ہے:۔

اللہ اسمِ ذات ہے۔ باقی تمام اسماء صفاتی ہیں۔ان کے معانی و مفاہیم پر غور و فکر سے بے شمار لا ینحل مسئلے حل ہو سکتے ہیں۔اسماء الحسنٰی پر کافی کتب موجود ہیں۔ ہمارے ہاں محمد سلمان منصور پوری اور عبد الصمد کی صارم کتب مشہور ہیں۔مگر ایک جامع اور بسیط کتاب جس میں قرآنِ حکیم کی تمام آیات کے حوالے ہوں اور تمام اسماء کے مادے اور ان سے بننے والے قرآنی الفاظ کی وضاحت ایک نہایت وسیع اور عمیق مطالعہ کا متقاضی ہے۔

اسمِ ذات کا تصور اور وظیفہ دنیا و مافیھا سے ارفع و اعلیٰ ہے۔ اللہ اور یا حَیُّ یا قَیُّوْمُ اسمِ اعظم بتائے جاتے ہیں۔ ویسے تو جس کسی نے بھی اللہ تعالیٰ کا کوئی اسم بھی دل و جان سے اپنا لیا اس کے لئے وہی اسمِ اعظم بن گیا۔بعض اسماء کے جوڑے عجیب و غریب قوت و تاثیر رکھتے ہیں۔جیسے یا رحیمُ یا رحمٰنُ، یا علیمُ یا خبیرُ، یا سمیعُ یا بصیرُ، یا سلام یا مؤمنُ، یاقادرُ یا قدیرُ، یا ستّارُ یا غفّارُ، یا اوّلُ یا اٰخِرُ، یا ظَاهِرُ یا باطِنُ، یا خَافِضُ یا رَافِعُ، یاقَابِضُ یا بَاسِطُ. اس طرح آپ اپنے حالات و مسائل اور ذوق و شوق کے مطابق جوڑا اسماء یا زائد کا ملاپ اور بعض اوقات صرف ایک اسمِ الٰہی اپنا کر تو دیکھیں اس کی رحمت آپ کو اپنی آغوشِ رحمت میں لے لے گی۔ یا صَمَدُ، یاذَاالجلالِ و الاِکرام، یا اَرْحَمَ الرّٰحِمِین، یا رَزّاقُ، یا وَهّابُ، یا فَتّاحُ کا تصور بے پایاں رحمت و کرم کا حامل ہے۔بس تھوڑی سی احتیاط و پرہیز کی ضرورت ہے اور وہ ہے اکلِ حلال صدقِ مقال اور قلتِ طعام و منام۔اگر اثر نہ دکھائیں تو آہِ سحری میں مسلسل آہ و فغاں اور استغفار کرنے میں ہی انسان کی عافیت و سلامتی ہے۔

## ﴿اسمائے محمد ﷺ﴾

قرآنِ حکیم آپ پر نازل ہوا۔اس میں کثرت سے آپ ﷺ کا ذکر اور تعریف آئی ہے۔ذرا غور فرمائیں آپ کے لئے اللہ تعالیٰ نے وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ تک فرما دیا۔آپ کے اسماء کے معانی و مفاہیم پر غور و فکر کرنا

حب رسول کی طرف پیش قدمی ہے جس سے آخرکار اطاعتِ رسول نصیب ہو جاتی ہے۔ جو دراصل اطاعتِ الٰہی ہے۔اور یہی مطلوب و مقصود ہے۔کسی اللہ کے بندے نے ''چلتا پھرتا قرآن'' کتاب لکھی ہے جو کہ صدارتی انعام یافتہ ہے جو کہ حضرت عائشہ صدیقہؓ کے قول کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰن. یعنی آپ کا خلق قرآن تھا۔۔۔۔۔کی تصدیق و تشریح ہے۔ بے حد و حساب درود و سلام اس ذات پر جس نے قیامت تک آنے والے انسانوں کے لئے محفوظ کتابِ ہدایت قرآنِ حکیم اور سنت بطور لائحہ عمل چھوڑے۔اور انسانیت کو دوزخ کی آگ سے بچانے کے لئے اپنی ساری زندگی مصائب و آلام میں گزار کر قیامت تک کے انسانوں کے لئے اسوۂ حسنہ پر چلنے کی راہ ہموار کی اور ہر مسلمان کے ذمہ بَلِّغُوْا عَنِّی وَ لَوْ اٰیَة کا فرض سونپ کر جان جانِ آفرین کے حضور پیش کی۔

لاکھوں صلوٰۃ وسلام حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر جنھوں نے مسجد کی چٹائی پر بیٹھ کر بے سروسامانی کے عالم میں قیامت تک کے لئے عدل وانصاف کی مثال قائم کی۔

## ﴿قرآنی سورتیں﴾

قرآنِ پاک میں کل ۱۱۴ سورتیں ہیں۔ان سورتوں کے اسمائے پاک اور معانی جاننے اور ان پر غور کرنے سے بھی قرآن فہمی کا شعور بڑھتا ہے۔عام طور پر کسی بھی سورت کا نام اس کی آیات سے لیا گیا ہے۔بعض اوقات سورت کی پہلی آیت کے پہلے کلمہ کو سورت کا نام دے دیا گیا اور بعض اوقات مفاہیم کے لحاظ سے کسی مناسب اسم کو سورت کا نام دے دیا گیا ہے۔ایک مفسر نے ہر سورت کے آغاز کا کلمہ یا کلمات کو سورت کے نام سے منسوب کیا ہے۔بعض قرآنی نسخوں میں سورۃ بنی اسرائیل کو ''اسراء''سورہ المؤمنون کو ''غافر'' سورۂ دھر کو ''الانسان'' سے موسوم کیا گیا ہے۔اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ اسمائے مبارک بھی ہر لحاظ سے درست ہیں مگر ہم سب کو سعودی عرب کے قرآنی نسخوں کے مطابق متفق ہو کر پوری مسلم امہ کے لئے حضرت عثمانؓ کے مدون نسخہ کے مطابق قرآنِ حکیم کی اشاعت کرنی چاہیئے۔اسی طرح کتابت پر بھی متفق علیہ فیصلہ کر کے خالصتاً حضرت عثمانؓ کے نسخہ کے مطابق یکساں قرآن چھاپنا چاہیئے اور اصل نسخہ کے مطابق عکسی کاپیاں پوری دنیا کے بڑے بڑے شہروں

میں محفوظ مقامات پر رکھنی ضروری ہیں۔

امین احسن اصلاحی صاحب نے تفسیر تدبر القرآن میں ہر سورت کا عمود یعنی مرکزی مضمون تحریر فرمایا ہے۔ اس کے علاوہ سورتوں کے خلاصہ کا سمجھنا بھی ضروری ہے۔ اکثر مفسرین نے سورتوں کے خلاصے سورت کے آغاز سے پہلے بیان کئے ہیں۔ بعض سورتوں کے بہت زیادہ فضائل ہیں۔ قرآن کے طالب کو اس سے بہت زیادہ قرآن کے پڑھنے اور سمجھنے کی ترغیب ملتی ہے۔

## اسماء الاصنام

لات منات عزّیٰ یعوق نسر وُدّ سُواع یغُوث

## اسماء لوح محفوظ

لَوْحٌ مَّحْفُوظٌ ، اِمَامٌ مُّبِیْنٌ ، کِتَابٌ ، کِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ، کِتَابٌ مَّکْنُوْنٌ ، کِتَابٌ حَفِیْظٌ ، اُمُّ الْکِتَابُ

## اسماء القیامۃ

یوم القیامة ، یوم الحسرة ، یوم الوعید ، یوم العظیم ، یوم ثقیل ، یوم عقیل ، یوم الدین ، یوم الجمع ، یوم الحساب ، یوم التناد ، یوم الطلاق ، یوم الموعود ، الیوم المشهود ، یوم مجموعٌ ، یوم الخروج ، یوم الفصل ، یوم البعث ، یوم الأخر ، یوم الحق ، یوم التغابن ، النبا العظیم ، الواحد الحق ، الطامة الکبریٰ ، الأخرة ، الواقعة ، خافضة، رافعة ، الغاشیة ، الأزفة ، القارعة ، الساعة ، الحاقة ، الصاخة ،

## اسماء الکفار

اٰذر ابو لهب فرعون هامان قارون جالوت سامری

## دو آیات میں سے ہر ایک میں الگ الگ تمام حروف تہجی

ثم انزل ......بذاتِ الصدور 154 آل عمران مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ...اَجْرًا عَظِیْمًا (29، الفتح 48)

| ثم | انزل | نعاساً | یغشٰی | مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ | وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ |
|---|---|---|---|---|---|
| ث م ء | ن ز ل | ع س | ی غ ش | م ح د ر س و ل ا ہ | ذ ی ن ع |

| طآئفة | الحق | ظن | یخفون | کَزَرْعٍ | اخرج | شطئه | یبتغون |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ط | ح ق | ظ | خ ف و | ک ز | ء خ ج | ش ط | ب ت غ |

| کان | مضاجعھم | بذاتِ | الصدورِ | فَضْلًا | اَثَرِ | سُوْقِهٖ | الصّٰلِحٰتِ عَظِیْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ک ا | ض ج ھ | ب ذ ت | ص د ر (29) | ف ض | ث | ق | ص ظ (29) |

دونوں آیات کے کچھ کلمات لے کر نیچے حروف تہجی اس طرح لکھے ہیں کہ ان کی تکرار نہ ہو۔

☆ سورة المجادلة کا نام فعل جَادَلَ سے مُجَادَلَةٌ باب مُفَاعَلَةٌ سے ہے پورے قرآن حکیم میں مُفَاعَلَةٌ کے وزن پر یہی واحد مصدر ہے اسی باب سے باقی افعال فِعَالٌ کے وزن پر آئے ہیں۔ قرآنِ حکیم میں یہی وہ واحد سورت ہے جس کی کل 22 آیات میں سے ہر آیت میں اللّٰہ تعالیٰ کا اسم ذات ''اللّٰہ'' کم از کم ایک بار آیا ہے اور تکرار کے ساتھ کل 40 بار آیا ہے۔ مذکورہ کلمہ کے ساتھ آیت نمبر دے دیا گیا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِن اللّٰہ 1,2 , 7, 12 , 21 | | واللّٰہ 3,6,11,13 | باللّٰہ 4 |
| یحآدُّونَ اللّٰہ 5,20 | یعذبنا اللّٰہ 8 | واتقوا اللّٰہ 9 | باذن اللّٰہ 10 |
| غضب اللّٰہ 14 | اعد اللّٰہ 15 | سبیل اللّٰہ 16 | مِنَ اللّٰہ 17 |
| یبعثھم اللّٰہ 18 | ذکر اللّٰہ 19 | حزب اللّٰہ 22 | |

اور اِس سورت کا اختتام نہایت اہم خوشخبری و بشارت اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰہِ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ پر ہے۔

قرآنِ حکیم میں اسم ذات اللّٰہ 2600 سو سے زائد بار آیا ہے سورۂ حج کی 59 سے 65 مسلسل سات آیات میں اسم ذات اللّٰہ کے ساتھ دو دو صفاتی اسماءالحسنٰی بھی آئے ہیں۔ سورۂ قمر، رحمٰن اور واقعہ تینوں سورتوں میں اسم ذات اللّٰہ کا ذکر نہیں ہے۔

## بنیادی اصطلاحات

**حروفِ تہجی:** ا ، ج ، د ، ذ ، س ، ش ، ص ، ض ، ع ، غ ، ق ، ک ، ل ، م ، ن ، و
ب(با) ت(تا) ث(ثا) ح(حا) خ(خا) ر(را) ز(زا) ط(طا) ظ(ظا) ف(فا) ہ (ھا) ی(یا)

**حرکاتِ ثلاثہ:** زبر(َ) زیر(ِ) پیش (ُ) یہ حرکات فتحہ ، کسرہ اور ضمہ کہلاتی ہیں۔
اور یہ حرکات جن حروف پر ہوں انہیں مفتوح، مکسور، اور مضموم کہا جاتا ہے۔

**اِعراب:** عربی میں اسم کا آخری حرف کبھی ساکن نہیں ہوتا، لہٰذا آخری حرف پر زبر کو نصب، زیر کو جر اور پیش کو رفع کہتے ہیں اور جن الفاظ پر یہ آئیں۔ انہیں منصوب، مجرور اور مرفوع کہتے ہیں۔ یہ تینوں اعرابی حالتیں کہلاتی ہیں

**ساکن / مجزوم:** جس حرف پر جزم(ْ) ہو اُسے ساکن / مجزوم کہتے ہیں۔ جیسے قُلْ میں لام ساکن ہے

**مشدد:** جس حرف پر شد / تشدید(ّ) ہو مشدد کہلاتا ہے۔ جیسے عَلَّمَ میں ل مشدد ہے۔

**تنوین:** دو زبر(ً) دو زیر(ٍ) اور دو پیش(ٌ) تنوین کہلاتے ہیں۔ ان سے نون کی آواز پیدا ہوتی ہے۔

**الف مقصورہ:** کسی حرف پر کھڑی (زبر(ٰ) کو الف مقصورہ کہتے ہیں۔ جیسے موسیٰ میں س پر الف مقصورہ ہے۔

**الف ممدودہ:** جب الف کے اوپر (آ) جیسی نشانی ہو جیسے اَغْنِیَآءُ میں۔ عربی میں آدم کو ادم لکھا جاتا ہے۔

**حروفِ صحیحہ:** حروف علت: الف، واؤ، یاء کے علاوہ تمام حروف تہجی حروف صحیحہ کہلاتے ہیں۔

**الف کی تعریف:** الف پر کوئی حرکت اور علامت نہیں ہوتی، الف ہمیشہ خالی ہوتا ہے۔

**ہمزہ (ء) کی تعریف:** الف پر جب کوئی علامت یا حرکت ہو تو وہ ہمزہ کہلاتا ہے۔ اَ، اِ، اُ، اْ

**ہمزۃ القطع:** یہ ہمزہ کبھی حذف نہیں ہوتا۔ **ہمزۃ الوصل:** یہ بعض حالتوں میں حذف ہو جاتا ہے۔

**کلمہ فاء ، عین اور لام:** ثلاثی مجرد کے کسی بھی مادے کے پہلے حرف کو کلمہ فاء دوسرے کو کلمہ عین اور تیسرے کو کلمہ لام کہتے ہیں تا کہ بات سمجھاتے وقت آسانی رہے اور ابہام پیدا نہ ہو۔

**حروفِ قمریہ:** ح ق ک ا خ و ف ع ج ب غ م ھ ے (حق کا خوف عجب غم ہے)

**حروفِ شمسیہ:** ت ث، د ذ، ر ز ، س ش، ص ض ، ط ظ ، ل اور ن حروفِ شمسی کہلاتے ہیں

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَفْظ : ہم جو کچھ اپنی زبان سے بولتے ہیں اسے لفظ کہتے ہیں۔

کَلِمَہ : ہر بامعنی لفظ کو کلمہ کہتے ہیں۔ مثلاً کِتَابٌ، رَسُوْلٌ، لَا، مِنْ وغیرہ

کلمہ کی تین اقسام ہیں: 1: اسم 2: فعل 3: حرف

اِسْم : وہ لفظ ہے جو بذاتِ خود اپنے معانی ظاہر کرے اور اس کے معانی میں کوئی زمانہ بھی نہ پایا جائے یا کسی جگہ، شخص یا ان کی صفت کو ظاہر کرے۔ مثلاً اَللّٰهُ، مُحَمَّدٌ، مَكَّةُ، صَادِقٌ

فعل : وہ کلمہ جو بذاتِ خود اپنے معانی ظاہر کرے اور اس میں زمانہ حال، ماضی، مستقبل، میں سے کوئی زمانہ پایا جائے مثلاً قَالَ، يَقُوْلُ، سَيَقُوْلُ، غَفَرَ، يَغْفِرُ، نَصَرَ، يَنْصُرُ وغیرہ۔

حَرْف : وہ کلمہ جو اسم ہو نہ فعل اور اپنے معانی ظاہر کرنے کیلئے دوسرے کلموں کا محتاج ہو۔ اسماء اور افعال کو آپس میں ملائے۔ مثلاً۔ بِ، تَ، وَ، كَ، لِ، عَلٰى، مِنْ، عَنْ، فِيْ، حَتّٰى، اِلٰى وغیرہ۔

اسم کی دو بنیادی علامتیں ہیں۔ (i) ال (ii) تنوین ( ٌ ٍ ً )

مگر اسم ان دو بنیادی علامات کے بغیر، زیر، زبر اور پیش کے ساتھ بھی آ سکتا ہے جیسے صِرَاطَ الَّذِيْنَ میں صِرَاطَ

اَلْ : جب کسی اسم کے شروع میں اَلْ آ جائے تو یہ اسے خاص کر دیتا ہے۔ یہ لام تعریف کہلاتا ہے۔

جیسے كِتَابٌ سے اَلْكِتَابُ (خاص کتاب) رَسُوْلٌ سے الرَّسُوْلُ (خاص رسول)

اَلْكِتَابُ میں ”ل“ کی آواز موجود ہے جبکہ الرَّسُوْلُ میں ”ل“ خاموش ہے۔

لہٰذا ”ال“ کے لحاظ سے عربی زبان کے 29 حروف تہجی کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

1: حروف قمریہ: ایسے حروف جن سے پہلے ”ال“ کا لام واضح طور پر بولا اور پڑھا جاتا ہے قمری حروف کہلاتے ہیں۔ اس ایک جملے ”حق کا خوف عجب غم ہے“ ح ق، ک ا، خ و ف، ع ج ب، غ م، ھ ے (ی)

میں سارے 14 قمری حروف پوشیدہ ہیں۔

2: حروف شمسیہ: قمری حروف کے علاوہ باقی ت ث د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ل اور ن 14 ہی شمسی حروف ہیں۔ اگر شمسی حروف سے پہلے ''ال'' آ جائے تو لام نہیں بولا جاتا ہے جیسے الرَّسُوْلُ میں

جس اسم کے شروع میں ال آئے اس پر کبھی تنوین نہیں آتی۔ تمام عام اسماء کو معرف باللام بنایا جاسکتا ہے

عربی میں اسم کا آخری حرف کبھی ساکن نہیں ہوتا۔

'' ا ، و ی ، حروف علت ہیں اور باقی تمام حروف ''حروف صحیحہ'' کہلاتے ہیں۔

کسی بھی مفرد اسم کو عربی زبان میں چھ طریقوں سے لکھا جاسکتا ہے۔

جیسے کِتَابٌ ، کِتَابٍ ، کِتَاباً ، اَلْکِتَابُ ، اَلْکِتَابِ ، اَلْکِتَابَ ۔

## اسم کی اقسام بلحاظ تعریف / وصف

اسم کی اقسام بلحاظ تعریف دو ہیں: i: اسم ذات ii: اسم صفت۔

1: اسم ذات: جو لفظ کسی چیز، جگہ یا نام کو ظاہر کرے۔ مثلاً مَسْجِدٌ ، شَجَرَةٌ ، اَلْوَرَقُ ، اَلْکَعْبَةُ ، وَلَدٌ ، وغیرہ

2: اسم صفت: وہ لفظ جو کسی چیز، جگہ یا شخص کی اچھائی یا برائی بیان کرے۔

مثلاً: عَلِيْمٌ ، بَصِيْرٌ ، صَالِحٌ ، فَاسِقٌ ، عَالِمٌ ، جَاهِلٌ وغیرہ۔

## اصل / بناوٹ کے اعتبار سے اسم کی اقسام

اصل کے اعتبار سے اسم کی تین اقسام ہیں: i: اسم جامد ii: اسم مصدر iii: اسم مشتق

اسم جامد: ایسا اسم جو کسی دوسرے کلمہ سے نہ نکلا ہو اور نہ ہی مصدر ہو مثلاً۔ زَهْرَةٌ ، عُنُقٌ ، کُرْسِيٌّ

اسم مصدر: ایسا اسم جو کسی کام کا نام ہو۔ اور اس سے فعل اور مشتق اسم بنائے جائیں۔ ضَرْبٌ ، نَصْرٌ ، فَتْحٌ

کیونکہ یہ اسم ہے اس کو بھی چھ طریقوں سے لکھا جاسکتا ہے۔

نَصْرٌ ، نَصْرٍ ، نَصْرًا ، اَلنَّصْرُ ، اَلنَّصْرِ ، اَلنَّصْرَ

قرآن حکیم میں زیادہ تر مصادر منصوب آئے ہیں اور عربی معاجم میں مصادر کو زیادہ تر منصوب (ً) تحریر کیا جاتا ہے

اسم مشتق: وہ اسم جو کسی مصدر سے بنایا گیا ہو۔ اور اس میں مصدر کے معنی اور اس کی اصلیت موجود رہے۔

جیسے: نَاصِرٌ (نَصْرٌ سے) مَضْرُوْبٌ (ضَرْبٌ سے) سَامِعٌ (سَمْعٌ سے)

## ﴿اسم کی اقسام بلحاظ معنی﴾

اسم کی اقسام بلحاظ معنی دو ہیں: i: اسم نکرہ ii: اسم معرفہ

اسم نکرہ: ایک ہی قسم کی چیزوں کے مشترک نام کو اسم نکرہ کہتے ہیں یہ کسی خاص اور متعین چیز پر دلالت نہیں کرتا البتہ اسم نکرہ سے پہلے ال لگا کر اسے معرفہ بنایا جا سکتا ہے۔ اسم نکرہ کی وسعت زیادہ ہوتی ہے اور معرفہ کی کم، مثلاً، کِتَابٌ، ہر کتاب کو کہا جا سکتا ہے۔ مگر اَلْکِتَابُ کوئی خاص کتاب ہوگی۔ نکرہ پر اکثر تنوین ہوتی ہے۔

اسم معرفہ: کسی خاص جگہ، خاص شخص یا خاص نام کو اسم معرفہ کہتے ہیں۔ معرفہ پر بھی کبھی کبھی تنوین ہوتی ہے۔

مثالیں: مَكَّةُ ، مَدِيْنَةٌ، الرَّسُوْلُ ،الدِّيْنُ ، اَلْيَوْمُ ، عِمْرَانُ ، مَرْيَمُ ، مُوْسٰى ، اَلْكِتَابُ

## ﴿اسم معرفہ کی اقسام﴾

اسم معرفہ کی مندرجہ ذیل سات اقسام ہیں۔

1: اسم عَلَم : یہ کسی شخص، جگہ یا چیز کا خاص نام ہوتا ہے۔ مُحَمَّدٌ ، اِبْرَاهِيْمُ ، مَدْيَنَ ۔

2: اسم مُعَرَّف بِاللاّم: ایسا نکرہ جس کے شروع میں ال لگا کر معرفہ بنالیا جائے۔ جیسے قَلَمٌ سے اَلْقَلَمُ

3: اسم مضاف: بعض اوقات دو اسماء کو ملا کر مرکب بنایا جاتا ہے اس کی ایک قسم مرکب اضافی ہے۔ اس کا پہلا اسم مضاف اور دوسرا مضاف الیہ کہلاتا ہے۔ مضاف بھی مضاف الیہ کی وجہ سے معرفہ بن جاتا ہے۔

4: اسم نِداء: منادٰی وہ اسم ہے جس کو پکارا جائے۔ یہ نکرہ کو معرفہ بنا دیتا ہے۔

حروفِ نداء : یَا ، اَیُّھَا ، اَیَّتُھَا ، حروف نداء ہیں۔دس سورتوں کا آغاز حروفِ نداء سے ہوا ہے۔

5:اسم اشارہ: وہ اسم جس سے کسی شخص یا چیز کی طرف اشارہ کیا جائے مثلاً ھٰذَا ، ذٰلِکَ ۔

اسم اشارہ کی دو اقسام ہیں: i :اشارہ قریب (قریب کے لئے) ii: اشارہ بعید (دور کے لئے)

اسمائے اشارہ قریب — اسمائے اشارہ بعید

| جنس | واحد | تثنیہ | جمع | واحد | تثنیہ | جمع |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مذکر | ھٰذَا | ھٰذَانِ | ھٰؤُلَآءِ | ذٰلِکَ | ذٰنِکَ،ذٰلِکُمَا | اُولٰئِکَ/ذٰلِکُمْ |
| مؤنث | ھٰذِہٖ | ھَاتَانِ | ھٰؤُلَآءِ | تِلْکَ | تَانِکَ،ذٰلِکُمَا | اُولٰئِکَ/ذٰلِکُنَّ |

6:اسم موصول: موصول دراصل وصل سے ہے جس کا مطلب ملانا ہے۔یہ وہ اسم ہے جو دو جملوں کو آپس میں ملاتا ہے۔ مثلاً : اَلَّذِیْ ، مَا ، مَنْ وغیرہ

اسمائے موصولہ

| جنس | واحد | تثنیہ | جمع |
|---|---|---|---|
| مذکر | اَلَّذِیْ | اَلَّذَانِ / اَلَّذَیْنِ | اَلَّذِیْنَ |
| مؤنث | اَلَّتِیْ | اَللَّتَانِ / اَللَّتَیْنِ | اَلّٰتِیْ / اَلّٰئِیْ |

قرآنِ حکیم کی درج ذیل آیت میں اَلَّذَیْنِ کو پڑھنے میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔

وَقَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا رَبَّنَا اَرِنَا الَّذَیْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْھُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا (29. حم السجدة)

اور کہیں گے وہ لوگ جو کافر ہوئے اے ہمارے رب! دکھا ہم کو وہ دونوں گروہ جنوں اور انسانوں کے جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا ہے ہم دونوں کو روند ڈالیں اپنے قدموں تلے۔

منادی کی مختلف صورتیں: i: اگر منادی مفرد ہوتو مرفوع (ـُ) ہوتا ہے جیسے یَانُوحُ میں نُوحُ مرفوع ہے

ii: اگر منادی معرف باللام ہوتو مذکر کی صورت میں یٰاَیُّھَا جیسے یٰاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ۔

مؤنث کی صورت میں یٰاَیَّتُھَا جیسے یٰاَیَّتُھَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّۃُ

iii: اگر منادی مضاف ہوتو منصوب (ـَ) ہوتا ہے جیسے یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ میں رَسُوْلَ منصوب ہے

iv: بعض اوقات یائے متکلم (ی) کو حذف کر دیا جاتا ہے۔ اور آخری حرف کو مجرور کرتے ہیں یَا رَبِّیْ کی بجائے یَا رَبِّ

7: اسم ضمیر: ایسا اسم معرفہ ہے جو کسی دوسرے اسم کی جگہ استعمال ہو۔ مثلاً، ھُوَ، اَنْتَ، اَنَا وغیرہ۔

اسم ضمیر کی دو اقسام ہیں: i: ضمیر منفصل ii: ضمیر متصل

ضمائر منفصلہ: ایسی ضمیریں جو اپنا مستقل وجود رکھتی ہیں۔

ضمائر متصلہ: ایسی ضمیریں جو نہ تو مستقل ہوتی ہیں اور نہ ہی ان کا کوئی الگ وجود ہوتا ہے۔ بلکہ یہ ضمیریں کسی فعل یا اسم کے ساتھ آخر میں مل کر اپنا معنی دیتی ہیں۔ حسب ذیل ضمائر قرآن حکیم میں تقریباً بارہ ہزار بار استعمال ہوئی ہیں

| صیغہ | ضمائر منفصلہ: مذکر | | ضمائر منفصلہ: مؤنث | ضمائر متصلہ: مذکر | ضمائر متصلہ: مؤنث |
|---|---|---|---|---|---|
| واحد غائب | ھُوَ | وہ | ھِیَ | ......ہٗ | ......ھَا |
| تثنیہ غائب | ھُمَا | وہ دو (2) | ھُمَا | ......ھُمَا | ......ھُمَا |
| جمع غائب | ھُمْ | وہ سب | ھُنَّ | ......ھُمْ | ......ھُنَّ |
| واحد حاضر | اَنْتَ | تو | اَنْتِ | ......کَ | ......کِ |
| تثنیہ حاضر | اَنْتُمَا | تم دو (2) | اَنْتُمَا | ......کُمَا | ......کُمَا |
| جمع حاضر | اَنْتُمْ | تم سب | اَنْتُنَّ | ......کُمْ | ......کُنَّ |
| واحد متکلم | اَنَا | میں | اَنَا | ......ی | ......ی |
| جمع متکلم | نَحْنُ | ہم | نَحْنُ | ......نَا | ......نَا |

## اسم کی اقسام بلحاظ جنس

اسم کی اقسام بلحاظ جنس دو ہیں: i: مذکر (نر کے لئے) ii: مؤنث (مادہ کے لئے)

جن اسماء میں نر اور مادہ کا تصور ہو وہ حقیقی مذکر و مؤنث کہلاتے ہیں۔

مؤنث قیاسی: جس لفظ میں نر اور مادہ کا تصور نہ ہو تو ان میں مؤنث اسم کی تین لفظی علامات ہوتی ہیں۔

(i) آخری حرف "ۃ" ہو مثلاً نِعْمَةٌ ، قُدْرَةٌ ، مگر استثنائی صورت بھی ہوتی ہے۔ جیسے خَلِيْفَةٌ ، عَلَّامَةٌ میں گول ۃ کے باوجود یہ مذکر ہیں۔ انہیں " مذکر سماعی " کہا جاتا ہے۔

(ii) آخر میں الف ممدودہ (ـَاء) ہو مثلاً زَهْرَآءُ ، حَمْرَآءُ

(iii) آخر میں الف مقصورہ (یٰ) ہو مثلاً کُبْرٰی ، صُغْرٰی

مذکر اسم کے آخر میں ۃ لگانے سے مؤنث بن جاتا ہے۔ جَمِيْلٌ سے جَمِيْلَةٌ ۔

مؤنث سماعی: اس کے علاوہ بہت سے اسماء ایسے ہیں جن میں مؤنث کی کوئی علامت نہیں ہوتی مگر وہ مؤنث بولے جاتے ہیں۔ مثلاً قبیلوں، قصبوں اور شہروں کے نام، جسم کے اکثر جوڑا اعضاء مگر سَاقٌ (پنڈلی) مِرْفَقٌ (کہنی) خَدٌّ (گال) مذکر ہیں۔ اس کے علاوہ اَرْضٌ ، سَمَآءٌ ، جَهَنَّمُ ، دَارٌ ، نَارٌ ، نَفْسٌ ، شَمْسٌ ، سَبِيْلٌ ، رِيْحٌ ، بِئْرٌ ، دَلْوٌ ، كَأْسٌ ، خَمْرٌ اور رُؤْيَا مؤنث ہیں۔

## اسم کی اقسام بلحاظ عدد / تعداد

تعداد کے لحاظ سے عربی زبان میں اسم کی تین صورتیں ہیں۔

i: مفرد / واحد (ایک کے لئے) ii: تثنیہ / اثنیٰ (دو کے لئے) iii: جمع (تین یا تین سے زیادہ کے لئے)

تثنیہ بنانے کے لئے مفرد اسم کے آخری حرف کو زبر سے بدل کر " ان یا ـَ ین بڑھا دیں۔

عربی قواعد میں جمع کی دو اقسام ہیں۔ i: جمع سالم ii: جمع مکسر

1: جمع سالم: جس میں واحد سالم رہے خواہ مذکر ہو یا مؤنث۔

i: مذکر سالم: اس کی جمع بنانے کے لئے مفرد اسم کے آخری حرف کی حرکت کو پیش سے بدل کر " ون" بڑھائیں۔

جیسے: مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ، یا آخری حرف کی حرکت کو زیر سے بدل کر "ین" بڑھائیں مُسْلِمٌ سے مُسْلِمِیْنَ

ii: مؤنث سالم: اس کی جمع بنانے کے لئے مفرد اسم کی آخری " ۃ" حذف کر کے "اتٌ یا اتٍ "بڑھائیں۔

مثلاً: مُسْلِمَةٌ سے مُسْلِمَاتٌ یا مُسْلِمَاتٍ۔

2: جمع مکسر: یہ وہ جمع ہے جس میں واحد اسم کی شکل برقرار نہیں رہتی بلکہ ٹوٹ جاتی ہے۔ اس کا کوئی خاص قاعدہ نہیں بلکہ اس کے کئی ایک اوزان ہیں۔ جمع کے چند مشہور اوزان مع امثلہ درج ذیل ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | اَفْعَالٌ | مَثَلٌ سے اَمْثَالٌ | بَصَرٌ سے اَبْصَارٌ | جَبَرٌ سے اَجْبَارٌ |
| ۲ | فِعَالٌ | جَبَلٌ سے جِبَالٌ | دَارٌ سے دِیَارٌ | رَجُلٌ سے رِجَالٌ |
| ۳ | اَفْعُلٌ | شَهْرٌ سے اَشْهُرٌ | نَفْسٌ سے اَنْفُسٌ | عَيْنٌ سے اَعْيُنٌ |
| ۴ | فُعَلٌ | عَمَادٌ سے عَمَدٌ | قِصَّةٌ سے قِصَصٌ | طَبَقَةٌ سے طَبَقٌ |
| ۵ | فِعَلٌ | بِيْعَةٌ سے بِيَعٌ | شِيْعَةٌ سے شِيَعٌ | قِطْعَةٌ سے قِطَعٌ |
| ۶ | فُعُلٌ | رَسُوْلٌ سے رُسُلٌ | كِتَابٌ سے كُتُبٌ | سَبِيْلٌ سے سُبُلٌ |
| ۷ | فُعَلٌ | سُنَّةٌ سے سُنَنٌ | ظُلَّةٌ سے ظُلَلٌ | اُمَّةٌ سے اُمَمٌ |
| ۸ | فُعُوْلٌ | اَصْلٌ سے اُصُوْلٌ | اَلْفٌ سے اُلُوْفٌ | شَهْرٌ سے شُهُوْرٌ |
| ۹ | فَعِيْلٌ | نَخْلَةٌ سے نَخِيْلٌ | نِعْمَةٌ سے نَعِيْمٌ | حِمَارٌ سے حَمِيْرٌ |
| ۱۰ | اَفْعِلَةٌ | لِسَانٌ سے اَلْسِنَةٌ | سِلَاحٌ سے اَسْلِحَةٌ | وَادِيٌ سے اَوْدِيَةٌ |

| ۱۱ | فَعَائِلُ | بَصِيْرَةٌ سے بَصَآئِرُ | حَدِيْقَةٌ سے حَدَآئِقُ | خَزِيْنَةٌ سے خَزَآئِنُ |
|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | مَفَاعِلُ | مَنْزِلٌ سے مَنَازِلُ | مَشْرِقٌ سے مَشَارِقُ | مَجْلِسٌ سے مَجَالِسُ |
| ۱۳ | مَفَاعِيْلُ | مِيْزَانٌ سے مَوَازِيْنُ | مِصْبَاحٌ سے مَصَابِيْحُ | مِسْكِيْنٌ سے مَسَاكِيْنُ |
| ۱۴ | فَعَالِلُ | دِرْهَمٌ سے دَرَاهِمُ | سُنْبُلَةٌ سے سَنَابِلُ | سِلْسِلَةٌ سے سَلَاسِلُ |
| ۱۵ | اَفَاعِيْلُ | حَدِيْثٌ سے اَحَادِيْثُ | اُسْطُوْرَةٌ سے اَسَاطِيْرُ | اِبْرِيْقٌ سے اَبَارِيْقُ |
| ۱۶ | فَعَالِيْلُ | قِرْطَاسٌ سے قَرَاطِيْسُ | شَيْطَانٌ سے شَيَاطِيْنُ | خِنْزِيْرٌ سے خَنَازِيْرُ |
| ۱۷ | فُعَلَآءُ | شَاعِرٌ سے شُعَرَآءُ | ضَعِيْفٌ سے ضُعَفَآءُ | عَلِيْمٌ سے عُلَمَآءُ |
| ۱۸ | اَفْعِلَآءُ | غَنِيٌّ سے اَغْنِيَآءُ | وَلِيٌّ سے اَوْلِيَآءُ | دَعِيٌّ سے اَدْعِيَآءُ |
| ۱۹ | فَعْلٰى | مَرِيْضٌ سے مَرْضٰى | اَسِيْرٌ سے اَسْرٰى | قَتِيْلٌ سے قَتْلٰى |
| ۲۰ | فُعَلٰى | قَرْيَةٌ سے قُرٰى | عُلْيَا سے عُلٰى | لِحْيَةٌ سے لُحٰى |

نمبر 1 تا 10 تنوین کے ساتھ ہیں اور نمبر 11 تا 18 کی جمع پیش / رفع کے ساتھ ہے ان میں احتیاط کی ضرورت ہے۔

**اسم کی حالتیں بلحاظ اِعراب:** عربی میں اسماء کے اِعراب یعنی آخری حرف پر زبر، زیر، پیش، بدلتے رہتے ہیں ایسے اسماء کو مُعْرَبْ اسماء کہتے ہیں۔ اسم تین حالتوں میں سے کسی ایک میں ضرور ہوتا ہے۔ فاعلی، مفعولی، یا اضافی۔ فاعل کی حالت کو رفع (ُ) مفعول کی حالت کو نصب (َ) اور اضافت کی حالت کو جر (ِ) کہتے ہیں۔ اور اسم کو بالترتیب مرفوع، منصوب اور مجرور کہتے ہیں۔ انہی حالتوں کو اِعراب (اِعرابی حالت) کہتے ہیں۔ اسم کی اصلی حالت کو رَفع کہا جاتا ہے۔ جبکہ نَصب اور جر تبدیل شدہ حالت کو کہا جاتا ہے۔

**مُنْصَرِف:** وہ اسماء جو تنوین اور تمام قسم کی تبدیلیاں قبول کریں اور ان پر تینوں قسم کی حرکات آسکتی ہوں۔

**غیر منصرف:** جن پر نہ تنوین آتی ہے نہ زیر بلکہ ان پر زبر یا پیش آتی ہے ان کو "غیر منصرف" کہتے ہیں مثلاً جھنم

مبنی اسماء: جن اسماء کے آخری حرف کی حرکت مختلف موقعوں پر استعمال ہونے کے باوجود نہ بدلے بلکہ تمام حالتوں میں یکساں رہے وہ مبنی کہلاتے ہیں۔تمام حروف اور ضمائر (تثنیہ کے علاوہ) تمام اسمائے اشارہ، موصولہ استفہام اور ایسے اسماء جن کے آخر میں کھڑی زیر یا الف ہو مبنی ہیں۔

عامل: جن الفاظ/حروف سے کسی کلمہ کا اِعراب (آخری حرف کی حرکت یا سکون) بدل جاتا ہے اسے عامل کہتے ہیں

مفرد: کوئی بھی کلمہ اگر تنہا استعمال ہو تو مفرد کہلاتا ہے جیسے رِزْقٌ ، كِتَابٌ ، كَرِيْمٌ ، جَمِيْلٌ

مرکب: جب کوئی کلمہ کسی دوسرے کلمہ کے ساتھ مل کر استعمال ہو تو اسے مرکب کہتے ہیں۔مثلا رِزْقٌ كَرِيْمٌ

## ﴿مرکب کی اقسام﴾

مرکب کی دو اقسام ہیں: 1: مرکب ناقص 2: مرکب تام

1: مرکب ناقص : ایسا مرکب جس سے پوری بات سمجھ نہ آئے، مثلاً قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ۔

مرکب ناقص ہمیشہ کسی جملے کے جزو کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

2. مرکب تام یا جملہ : ایسا مرکب جس سے مکمل بات سمجھ آجائے مثلاً اَللّٰهُ سَمِيْعٌ

مرکب ناقص کی اقسام: 1: مرکب توصیفی 2: مرکب اضافی 3: مرکب اشاری 4: مرکب جاری

1: مرکب توصیفی: (موصوف + صفت) ایسا مرکب جس کے دونوں اجزاء اسم ہوں اور ان میں سے ایک اسم دوسرے اسم کی صفت (اچھائی یا برائی) بیان کرے۔ مثلاً۔ كَلِمَةٌ طَيِّبَةٌ

مرکب توصیفی، کا پہلا جزو موصوف، اور دوسرا جزو "صفت" کہلاتا ہے۔مرکب توصیفی میں، موصوف اور صفت میں جنس، عدد، وسعت اور اعراب کے لحاظ سے مطابقت ہوتی ہے۔

مگر جب موصوف کسی غیر عاقل کی جمع مکسر ہو تو صفت عموماً واحد، مؤنث ہوتی ہے مثلاً۔ اَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ۔

2: مرکب اضافی: (مضاف + مضاف الیہ) یہ دو اسماء سے مل کر بنتا ہے پہلے اسم کی نسبت دوسرے اسم کی طرف

کی جاتی ہے۔ پہلا اسم مضاف اور دوسرا مضاف الیہ کہلاتا ہے۔ مثلاً، کِتَابُ اللّٰہِ ۔ اللہ کی کتاب

مضاف کے شروع میں نہ ال آتا ہے نہ آخر میں تنوین آتی ہے۔

مضاف الیہ ہمیشہ حالتِ جر میں ہوتا ہے اگر تثنیہ یا جمع سالم مذکر، مضاف بن رہے ہوں تو دونوں کا ''ن'' گر جاتا ہے

مثلاً اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّکَ (48۔ طٰہٰ 20) میں رَسُوْلَانِ کا ''ن'' گرا دیا گیا۔

3: مرکب اشاری : (اسم اشارہ + مشارٌ الیہ) اسم اشارہ کے ذریعے جس چیز کی طرف اشارہ کیا جائے اسے

''مشارٌ الیہ '' کہتے ہیں اسم اشارہ اور مشارٌ الیہ کے مجموعے کو'' مرکب اشاری '' کہا جاتا ہے۔

i: اسم اشارہ پہلے اور مشارٌ الیہ بعد میں آتا ہے۔

ii: مشارٌ الیہ ہمیشہ معرف باللام ہوتا ہے ورنہ مرکب تام یعنی مکمل جملہ ہوگا۔

iii: مرکب توصیفی کی طرح مرکب اشاری میں بھی جنس، عدد، وسعت اور اعراب کے لحاظ سے مطابقت پائی جاتی ہے

4: مرکب جاری یا جری: (جار + مجرور): حروف جارہ (prepositions) جس اسم پر آتے ہیں اُسے

مجرور (ـِ ، ـٍ) کر دیتے ہیں۔ اور وہ اسم مجرور کہلاتا ہے حرف جار اور مجرور کے مجموعہ کو مرکب جاری کہتے ہیں کل

حروف جار سترہ (17) ہیں جن میں سے قرآن حکیم میں کل گیارہ (11) استعمال ہوئے ہیں۔

بِ ، تَ ، وَ ، کَ ، لِ ، عَلٰی ، مِنْ ، عَنْ ، فِیْ ، حَتّٰی ، اِلٰی .(11)

وَاللّٰہِ ، بِاللّٰہِ ، تَاللّٰہِ ( اللہ کی قسم) کَشَجَرَۃٍ (درخت کی مانند) لِلّٰہِ ( اللہ کے لئے)

عَلَی اللّٰہِ (اللہ پر) مِنَ اللّٰہِ (اللہ کی طرف سے) عَنْ قَوْمٍ ( قوم سے) فِیْہِ (اس میں)

حَتّٰی حِیْنَ ( کچھ وقت تک) اِلَی الْحَقِّ (حق کی طرف)

باقی چھ حروف جار : مُنْذُ ، مُذْ ، رُبَّ ، خَلَا ، عَدَا اور حَاشَا ہیں ۔

ب ، ت ، و تینوں قسم کے لئے آتے ہیں۔ ''و'' ''جب'' ''اور'' کے معنی میں آئے تو حرف عطف کہلاتا ہے۔

"ت" صرف قسم کیلئے آتا ہے۔ لِ 25 سے زائد معانی میں اور بِ 15 سے زائد مختلف معانی میں استعمال ہوتا ہے

مرکب جاری میں مجرور مرکب ناقص ہوسکتا ہے۔ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اللہ کی راہ میں

## مرکب تام یا مرکب مفید

**مرکب تام:** کلمات کا ایسا مجموعہ جس سے مکمل بات سمجھ آجائے، مرکب تام یا جملہ کہلاتا ہے اس کے کم از کم دو اجزاء ہوتے ہیں۔

**جملہ کی اقسام:** جملہ کی دو اقسام ہیں۔ i : جملہ اسمیہ ii: جملہ فعلیہ

**جملہ اسمیہ:** جس کا پہلا جزو اسم ہو، اَللّٰہُ غَفُوْرٌ ، مُحَمَّدٌ رَسُوْلٌ، جملہ اسمیہ کے پہلے جزو کو "مبتداء یا مُسند الیہ" اور دوسرے کو "خبر" یا "مُسند" کہتے ہیں "اللہ اور محمد ﷺ" مبتدا ہیں۔ اور "غَفُوْرٌ اور رَسُوْلٌ" خبر ہیں۔

لکھوں اِک مختصر جملہ کہ روضہ ہے محمد ﷺ کا یہی مُسْنَدْ الیہ اچھا سبب ہے رفع مُسند کا (محسن)

مبتداء معرفہ اور خبر نکرہ ہوتی ہے۔ دونوں اجزاء حالت رفع میں ہوتے ہیں۔

عدد اور جنس میں خبر ہمیشہ مبتداء کے مطابق ہوتی ہے۔

اگر چہ مرکب توصیفی میں بھی دو اسم ہوتے ہیں لیکن ہم انہیں مبتداء، خبر اس لئے نہیں کہتے کہ وہ دونوں معرفہ ہوتے ہیں یا دونوں نکرہ۔

**مبتداء کے عوامل:** ایسے کلمات جو جملہ اسمیہ میں مبتداء سے پہلے آجائیں تو مبتداء کا اعراب رفع (ـُ) سے نصب میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ یہ چھ حروف فعل کی طرح کام کرتے ہیں انہیں "اِنَّ واَخواتُها" یا حروف مشبہ بالفعل بھی کہا جاتا ہے۔ اِنَّ ، اَنَّ ، کَاَنَّ ،لٰکِنَّ ، لَیْتَ ، لَعَلَّ .

1: اِنَّ (بے شک، یقیناً، تحقیق) جملہ اسمیہ میں زور اور تاکید پیدا کرنے کے لئے آتا ہے جیسے اَللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ۔ جبکہ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ میں اِنَّ کی وجہ سے لفظ اللہ منصوب ہوگیا ہے۔

2: اَنَّ (کہ) یہ عام طور پر جملہ کے درمیان میں آتا ہے۔ مثال: مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ جبکہ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۔ اَنَّ کی وجہ سے مُحَمَّدًا منصوب ہو گیا ہے۔

3: کَاَنَّ ، (گویا کہ ، جیسا) یہ جملہ اسمیہ میں تشبیہ کا مفہوم دیتا ہے۔ کَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ،

4: لَعَلَّ ؛ جملہ کے شروع میں اس کا ترجمہ "شاید" اور درمیان میں "تاکہ" کیا جاتا ہے۔

ایسی آرزو اور تمنا کے اظہار کے لئے استعمال ہوتا ہے جو پوری ہو سکے۔

1: لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا 2: لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ

5: لَيْتَ (کاش) ایسی آرزو کے اظہار کے لئے استعمال ہوتا ہے جس کا حصول ناممکن ہو۔ یا کسی گزشتہ کوتاہی پر اظہار افسوس کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں عموماً اس کے شروع میں "یا" اور آخر میں "نی" "ھا" یا "نا" کے اضافہ کے ساتھ بھی استعمال ہوا ہے۔ يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ . يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرَابًا ،

اور اسی طرح، يٰلَيْتَنَا اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ،

6: لٰكِنَّ (لیکن) یہ لفظ گزری ہوئی بات کی وضاحت کرتا ہے۔ غلط فہمی کو دور کرنے کے لئے آتا ہے۔ اور کبھی اس کے نون پر جزم بھی آجاتی ہے۔ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ، وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ

خبر کے عوامل: (افعال ناقصہ) ایسے کلمات جو خبر پر داخل ہو کر اس کے اعراب کو رفع سے نصب میں تبدیل کر دیتے ہیں۔ ان کو " كَانَ وَاَخَوَاتُهَا " بھی کہا جاتا ہے وہ یہ سب ماضی کے صیغے ہیں۔ مگر " مَا دَامَ اور لَيْسَ " کے سوا سب کے مضارع بھی بن سکتے ہیں۔ وہ کلمات حسب ذیل ہیں۔

کان (تھا، ہے) صار (ہو گیا)، اصبح ، (ہو گیا، صبح کو ہوا) اضحی (ہو گیا، چاشت کے وقت ہوا)

ظل، دن میں ہوا۔ امسٰی، شام کو ہوا۔ بات ، رات کو ہوا۔ مادام ، ہمیشہ رہا۔ ما زال، ہمیشہ رہا۔ لیس، نہیں ہوا۔

مبتداء اور خبر کے درمیان ضمیر منفصل کا استعمال

جملہ اسمیہ میں خبر عام طور پر نکرہ ہوتی ہے۔مگر بعض اوقات خبر کے ساتھ "ال" کا اضافہ کر کے مبتداء اور خبر کے درمیان ایک ضمیر منفصل لائی جاتی ہے۔جس کا مقصد بات میں زور پیدا کرنا ہوتا ہے جس کا مرجع مبتداء ہوتا ہے۔

1: اُولٓئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ 2: اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ

3: ذٰلِکَ هُوَ الضَّلَالُ 4 هٰذَا هُوَ الْحَقُّ

جملہ فعلیہ: ایسا جملہ جو فعل سے شروع ہو۔مثلاً صَدَقَ اللّٰهُ جملہ فعلیہ کا پہلا حصہ یعنی فعل صَدَقَ مُسند اور دوسرا حصہ یعنی اللّٰه مُسند الیہ کہلاتا ہے۔

جملہ فعلیہ میں فعل، فاعل اور مفعول اور بعض اوقات مفعول پہلے اور فاعل بعد میں آتا ہے۔

مثال: قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ ،داود نے جالوت کو قتل کیا۔فاعل داود مرفوع ہے اور مفعول جَالُوْت منصوب ہے۔ ہر فاعل مرفوع اور مفعول منصوب ہوتا ہے۔

## مرکب ناقص سے مرکب تام (جملہ) بنانے کا طریقہ:

1: مرکب اشاری میں معرفہ،نکرہ بنانے سے جملہ اسمیہ بن جاتا ہے مرکب اشاری ذٰلِکَ الْکِتَابُ سے ذٰلِکَ کِتَابٌ، وہ کتاب ہے۔

2: مرکب توصیفی میں پہلے حصے کو معرفہ اور دوسرے حصے کو نکرہ بنانے سے جملہ اسمیہ بن جاتا ہے۔
جیسے مرکب توصیفی صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ سے اَلصِّرَاطُ مُسْتَقِیْمٌ جملہ اسمیہ بن گیا ہے۔

3: مرکب اضافی کے شروع میں اضافہ جیسے رَسُوْلُ اللّٰهِ سے پہلے مُحَمَّدٌ کا اضافہ مرکب تام بنا دیتا ہے۔
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

4: مرکب اضافی کے آخر میں اضافہ جیسے اَرْضُ اللّٰهِ کے بعد وَاسِعَةٌ ،وغیرہ لگانے سے مکمل جملہ بن جاتا ہے۔
اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ۔

5: مرکب جاری کے شروع میں اضافہ جیسے لِلّٰهِ سے پہلے اَلْحَمْدُ لگانے سے مرکب تام بن جاتا ہے ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ،ور اِنَّا لگانے سے اِنَّا لِلّٰهِ۔

6: مرکب جاری کے آخر میں اضافہ سے بھی جملہ بن جاتا ہے۔

لِلّٰہِ کے بعد مَافِي السَّمٰوٰتِ لگانے سے لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

## ﴿فعل کی اقسام بلحاظ زمانہ﴾

فعل کی زمانے کے لحاظ سے تین اقسام ہیں: 1: فعل ماضی 2: فعل حال 3: فعل مستقبل (حال+مستقبل=مضارع)

1: **فعل ماضی:** وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا زمانہ ماضی (گزرے ہوئے وقت) میں پایا جائے۔

مثالیں: ضَرَبَ ،اس نے مارا نَصَرَ ، اس نے مدد کی۔ سَمِعَ ، اس نے سنا

2: **فعل مضارع:** وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا زمانہ حال (موجودہ وقت) یا زمانہ مستقبل (آئندہ وقت) میں پایا جائے مثالیں۔ یَضْرِبُ ،وہ مارتا ہے / وہ مارے گا ، یَنْصُرُ ،وہ مدد کرتا ہے/وہ مدد کرے گا۔

**فعل امر:** وہ فعل ہے جس میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے۔

مثالیں : اِضْرِبْ ، تو مار(ایک مرد) اُنْصُرْ ، تو مدد کر(ایک مرد)

**فعل نہی:** وہ فعل ہے جس میں کسی کام سے روکا جائے۔مثالیں۔ لَا تَضْرِبْ ، تو مت مار لَا تَنْصُرْ ، تو مدد نہ کر

## ﴿فعل ماضی کی چھ اقسام﴾

i: **ماضی مطلق:** وہ فعل ماضی جس میں مطلق گزرا ہوا زمانہ یا فعل پایا جائے۔ مثلا ضَرَبَ ، نَصَرَ ۔

ii: **ماضی قریب:** وہ فعل جس میں قریب کا گزرا ہوا زمانہ یا فعل پایا جائے۔ماضی کے صیغہ سے پہلے "قَدْ" لگانے سے ماضی قریب بن جاتی ہے۔ مثلا قَدْ ضَرَبَ ،اس نے مارا ہے(ابھی)۔

iii: **ماضی بعید:** وہ فعل ماضی جس میں دور کا گزرا ہوا زمانہ پایا جائے۔ماضی کے صیغہ کے مطابق "کان" کی گردان کا اضافہ کیا جاتا ہے۔مثلاً کَانَ ضَرَبَ اس نے مارا تھا۔ کَانُوْا ضَرَبُوْا انہوں نے مارا تھا۔

iv: ماضی استمراری: اِسْتِمْرَارٌ کے معنی مسلسل یا لگا تار یعنی بار بار کرنا کے ہیں، لہٰذا ماضی استمراری کا مطلب زمانہ ماضی میں مسلسل کام ہوتے رہنے کے ہیں۔ فعل مضارع سے قبل کَانَ (ماضی کی گردان بمطابق صیغہ) لگا کر ماضی استمراری بنا لیتے ہیں۔

v: ماضی شکیہ: جس میں فعل کا ہونا گزرے ہوئے زمانہ میں شک وشبہ کے ساتھ پایا جائے۔ ماضی مطلق کے شروع میں لَعَلَّ لگانے سے ماضی شکیہ بن جاتی ہے اور لفظ یَکُوْنُ لگانے سے بھی ماضی شکیہ کے معنی پیدا ہو سکتے ہیں۔

vi: ماضی تمنائی یا ماضی شرطیہ: ماضی تمنائی میں فعل گزرے ہوئے زمانہ میں شرط یا آرزو کے ساتھ پایا جاتا ہے۔ ماضی مطلق کے شروع میں "لَوْ" لگانے سے ماضی تمنائی بن جاتی ہے۔

مادہ: (مواد، جڑ، بیج) تمام عربی اسماء وافعال کم از کم تین حروف سے بنتے ہیں۔ کوئی بھی عربی اسم یا فعل تین حروف سے کم کا نہیں ہوتا۔ حروف اصلیہ کے لحاظ سے تمام افعال سہ حرفی (ثلاثی) یا چار حرفی (رباعی) ہوتے ہیں۔

البتہ اسماء سہ حرفی، رباعی اور بعض پانچ حرفی (خماسی) بھی ہوتے ہیں۔ ان حروف کی حیثیت جڑ، یا بیج کی ہے۔ یہی کسی لفظ کا "مادہ" کہلاتے ہیں انہی سے الفاظ کے خاندان کا شجر بنتا ہے۔

زیادہ تر عربی معاجم مادہ کے اعتبار سے لکھی گئی ہیں لہٰذا مادہ کا جاننا نہایت اہم ہے۔

فعل کی اقسام بلحاظ حرف: عربی زبان میں کوئی فعل جن حروف پر مشتمل ہوتا ہے انہیں دو اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے

1: حروف اصلی 2: حروف زائد

حروف اصلی سے مراد وہ کم سے کم حروف ہیں جن سے کسی فعل ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب بنتا ہے۔ ان کی تعداد تین ہوتی ہے یا چار۔ لہٰذا حروف اصلی کے اعتبار سے فعل کی دو بڑی اقسام ہیں۔

1) ثلاثی یا سہ حرفی: ایسے افعال جن کا ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب صرف تین حروف اصلی پر مشتمل ہو ثلاثی مجرد کہلاتے ہیں۔ جیسے ضَرَبَ، نَصَرَ، فَتَحَ، وغیرہ۔ ان میں آٹھ حروف زائدہ "س ل ا م و ن ی ت"، (سلام و نیت) میں سے کچھ حروف استعمال کر کے نئے افعال بنا کر نئے معانی پیدا کئے جا سکتے ہیں۔ ایسے افعال کو "ثلاثی

مزید فیہ" کہتے ہیں۔

مثلاً: نَصَرٌ ، مدد کرنا، اِنْتِصَارٌ بدلہ لینا، ا اور ت حروف زائدہ ہیں۔

2: رباعی یا چار حرفی: ایسے افعال جن کا فعل ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب چار حروف اصلی پر مشتمل ہو، رباعی مجرد کہلاتے ہیں۔ مثلاً، زَلْزَلَ ، بَعْثَرَ وغیرہ سے حروف زائدہ کی مدد سے ان سے بھی رباعی مزید فیہ افعال بنائے جاسکتے ہیں۔

ثلاثی مجرد افعال کے ابواب: ثلاثی مجرد کے چھ ابواب ہیں۔

1: ضَرَبَ ، یَضْرِبُ (ض) 2: نَصَرَ ، یَنْصُرُ (ن) 3: سَمِعَ ، یَسْمَعُ (س)

4: فَتَحَ ، یَفْتَحُ (ف) 5: کَرُمَ ، یَکْرُمُ (ک) 6: حَسِبَ یَحْسِبُ (ح)

ثلاثی مجرد کے افعال کے پہلے حرف کو کلمہ فا، دوسرے کو، کلمہ عین اور تیسرے کو کلمہ لام سے پکارا جاتا ہے۔ گویا لفظ "فعل" میزان ہے۔ زیادہ تر افعال پہلے چار ابواب کے وزن پر آتے ہیں۔

ثلاثی مزید فیہ: ثلاثی مزید فیہ کے مشہور اور اہم بارہ اوزان (ابواب) ہیں مگر ان میں سے بھی پہلے آٹھ زیادہ مستعمل ہیں۔ قرآنِ حکیم میں حسب ذیل دس ابواب سے افعال آئے ہیں۔

1: اِفْعَالٌ 2: تَفْعِیْلٌ 3: مُفَاعَلَۃٌ 4: تَفَعُّلٌ 5: تَفَاعُلٌ

6: اِفْتِعَالٌ 7: اِنْفِعَالٌ 8: اِسْتِفْعَالٌ 9: اِفْعِلَالٌ 10: اِفْعِیْلَالٌ

عربی معاجم ایک سہ حرفی مادہ کے ثلاثی مجرد کے کلمات کے بعد عام طور پر پہلے سات یا آٹھ ابواب کے لحاظ سے مزید فیہ افعال بنا کر الفاظ اور ان کے معانی پر بحث کرتی ہیں۔ اس کے علاوہ اسمائے مشتقہ، مصادر اور اسمائے جامد وغیرہ بھی زیر بحث لاتی ہیں۔

رباعی مجرد و مزید فیہ: رباعی مجرد (چار حروف اصلیہ) کا صرف ایک باب " فَعْلَلَۃٌ " ہے اور رباعی مزید فیہ کے تین ابواب ہیں جن میں سے قرآن مجید میں صرف ایک " اِفْعِلَّالٌ " استعمال ہوا ہے۔

## ضَرَبَ سے فعل ماضی کی گردان     یَضْرِبُ سے فعل مضارع کی گردان

| صیغہ | قاعدہ | گردان | ترجمہ | قاعدہ | گردان | ترجمہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | . | ضَرَبَ | اس نے مارا | یَ.ْ.ِ.ُ | یَضْرِبُ | وہ مارتا ہے/مارے گا |
| هُمَا | َا | ضَرَبَا | ان دو نے مارا | یَ.ْ.ِ.َانِ | یَضْرِبَانِ | وہ دو مارتے ہیں/ماریں گے |
| هُمْ | ُوْا | ضَرَبُوْا | انہوں نے مارا | یَ.ْ.ِ.ُوْنَ | یَضْرِبُوْنَ | وہ مارتے ہیں/ماریں گے |
| هِیَ | َتْ | ضَرَبَتْ | اس نے مارا | تَ.ْ.ِ.ُ | تَضْرِبُ | وہ مارتی ہے/مارے گی |
| هُمَا | َتَا | ضَرَبَتَا | ان دو نے مارا | تَ.ْ.ِ.َانِ | تَضْرِبَانِ | وہ دو مارتی ہیں/ماریں گی |
| هُنَّ | ْنَ | ضَرَبْنَ | انہوں نے مارا | یَ.ْ.ِ.ْنَ | یَضْرِبْنَ | وہ مارتی ہیں/ماریں گی |
| اَنْتَ | ْتَ | ضَرَبْتَ | تو نے مارا | تَ.ْ.ِ.ُ | تَضْرِبُ | تم مارتے ہو/مارو گے |
| اَنْتُمَا | ْتُمَا | ضَرَبْتُمَا | تم دو نے مارا | تَ.ْ.ِ.َانِ | تَضْرِبَانِ | تم دو مارتے ہو/مارو گے |
| اَنْتُمْ | ْتُمْ | ضَرَبْتُمْ | تم نے مارا | تَ.ْ.ِ.ُوْنَ | تَضْرِبُوْنَ | تم مارتے ہو/مارو گے |
| اَنْتِ | ْتِ | ضَرَبْتِ | تو نے مارا | تَ.ْ.ِ.یْنَ | تَضْرِبِیْنَ | تم مارتی ہو/مارو گی |
| اَنْتُمَا | ْتُمَا | ضَرَبْتُمَا | تم دو نے مارا | تَ.ْ.ِ.َانِ | تَضْرِبَانِ | تم دو مارتی ہو/مارو گی |
| اَنْتُنَّ | ْتُنَّ | ضَرَبْتُنَّ | تم نے مارا | تَ.ْ.ِ.ْنَ | تَضْرِبْنَ | تم مارتی ہو/مارو گی |
| اَنَا | ْتُ | ضَرَبْتُ | میں نے مارا | اَ.ْ.ِ.ُ | اَضْرِبُ | میں مارتا ہوں/ماروں گا |
| نَحْنُ | ْنَا | ضَرَبْنَا | ہم سب نے مارا | نَ.ْ.ِ.ُ | نَضْرِبُ | ہم مارتے ہیں/ماریں گے |

"اِسْتَغْفَرَ سے فعل ماضی کی گردان — یَسْتَغْفِرُ سے فعل مضارع کی گردان

| صیغہ | گردان | معانی | گردان | معانی |
|---|---|---|---|---|
| واحد | اِسْتَغْفَرَ | اس نے معافی مانگی | یَسْتَغْفِرُ | وہ معافی مانگتا ہے/مانگے گا |
| تثنیہ | اِسْتَغْفَرَا | ان دونوں نے معافی مانگی | یَسْتَغْفِرَانِ | وہ دو معافی مانگتے ہیں/مانگیں گے |
| جمع | اِسْتَغْفَرُوْا | انہوں نے معافی مانگی | یَسْتَغْفِرُوْنَ | وہ معافی مانگتے ہیں/مانگیں گے |
| واحد | اِسْتَغْفَرَتْ | اس نے معافی مانگی | تَسْتَغْفِرُ | وہ معافی مانگتی ہے/مانگے گی |
| تثنیہ | اِسْتَغْفَرَتَا | ان دو نے معافی مانگی | تَسْتَغْفِرَانِ | وہ دو معافی مانگتی ہیں/مانگے گی |
| جمع | اِسْتَغْفَرْنَ | انہوں نے معافی مانگی | یَسْتَغْفِرْنَ | وہ معافی مانگتی ہیں/مانگیں گی |
| واحد | اِسْتَغْفَرْتَ | تو نے معافی مانگی | تَسْتَغْفِرُ | تو معافی مانگتا ہے/مانگے گا |
| تثنیہ | اِسْتَغْفَرْتُمَا | تم دو نے معافی مانگی | تَسْتَغْفِرَانِ | تم دو معافی مانگتے ہو/مانگو گے |
| جمع | اِسْتَغْفَرْتُمْ | تم نے معافی مانگی | تَسْتَغْفِرُوْنَ | تم معافی مانگتے ہو/مانگو گے |
| واحد | اِسْتَغْفَرْتِ | تو نے معافی مانگی | تَسْتَغْفِرِيْنَ | تو معافی مانگتی ہے/مانگے گی |
| تثنیہ | اِسْتَغْفَرْتُمَا | تم دو نے معافی مانگی | تَسْتَغْفِرَانِ | تم دو معافی مانگتی ہو/مانگو گی |
| جمع | اِسْتَغْفَرْتُنَّ | تم نے معافی مانگی | تَسْتَغْفِرْنَ | تم معافی مانگتی ہو/مانگو گی |
| واحد | اِسْتَغْفَرْتُ | میں نے معافی مانگی | اَسْتَغْفِرُ | میں معافی مانگتا ہوں/مانگوں گا |
| جمع | اِسْتَغْفَرْنَا | ہم نے معافی مانگی | نَسْتَغْفِرُ | ہم معافی مانگتے ہیں/مانگیں گے |

غیر ثلاثی افعال میں: ماضی معروف کے ماقبل آخر کو زیر (ـِ) دینے اور آخری حرف کے سوا تمام حروف کو پیش (ـُ) دینے سے ماضی مجہول بنتا ہے۔ مثلاً: اِسْتَغْفَرَ سے اُسْتُغْفِرَ۔ البتہ باب مفاعلہ اور تفاعل میں الف ساکن ماقبل مضموم کی وجہ سے واؤ میں بدل جاتا ہے مضارع مجہول علامت مضارع کو پیش اور ماقبل آخر کو زبر دینے سے بنتا ہے۔ جیسے یُسْتَغْفَرُ

## كَانَ سے فعل ماضی کی گردان

| صیغہ | واحد | تثنیہ | جمع |
| --- | --- | --- | --- |
| مذکر غائب | كَانَ | كَانَا | كَانُوْا |
| مؤنث غائبہ | كَانَتْ | كَانَتَا | كُنَّ |
| مذکر حاضر | كُنْتَ | كُنْتُمَا | كُنْتُمْ |
| مؤنث حاضرہ | كُنْتِ | كُنْتُمَا | كُنْتُنَّ |
| متکلم مذکر/مؤنث | كُنْتُ | | كُنَّا |

## يَكُوْنُ سے فعل مضارع کی گردان

| واحد | تثنیہ | جمع |
| --- | --- | --- |
| يَكُوْنُ | يَكُوْنَانِ | يَكُوْنُوْنَ |
| تَكُوْنُ | تَكُوْنَانِ | يَكُنَّ |
| تَكُوْنُ | تَكُوْنَانِ | تَكُوْنُوْنَ |
| تَكُوْنِيْنَ | تَكُوْنَانِ | تَكُنَّ |
| اَكُوْنُ | | نَكُوْنُ |

## بَعْثَرَ (رباعی) سے فعل ماضی مطلق کی گردان

| صیغہ | واحد | تثنیہ | جمع |
| --- | --- | --- | --- |
| مذکر غائب | بَعْثَرَ | بَعْثَرَا | بَعْثَرُوْا |
| مؤنث غائبہ | بَعْثَرَتْ | بَعْثَرَتَا | بَعْثَرْنَ |
| مذکر حاضر | بَعْثَرْتَ | بَعْثَرْتُمَا | بَعْثَرْتُمْ |
| مؤنث حاضرہ | بَعْثَرْتِ | بَعْثَرْتُمَا | بَعْثَرْتُنَّ |
| متکلم مذکر/مؤنث | بَعْثَرْتُ | | بَعْثَرْنَا |

## يُبَعْثِرُ سے فعل مضارع کی گردان

| واحد | تثنیہ | جمع |
| --- | --- | --- |
| يُبَعْثِرُ | يُبَعْثِرَانِ | يُبَعْثِرُوْنَ |
| تُبَعْثِرُ | تُبَعْثِرَانِ | يُبَعْثِرْنَ |
| تُبَعْثِرُ | تُبَعْثِرُتُمَا | تُبَعْثِرُتُمْ |
| تُبَعْثِرِيْنَ | تُبَعْثِرُتُمَا | تُبَعْثِرُتُنَّ |
| اُبَعْثِرُ | | نُبَعْثِرُ |

# ﴿فعل مضارع کے عوامل / تغیرات﴾

جو حروف فعل مضارع کے لفظوں اور معنی دونوں میں تغیر کرتے ہیں وہ تین قسم کے ہیں۔

1: حروف جوازم: جزم دینے والے حروف: لَمْ ، لَمَّا ، لامِ امر ، لا نہی ، اِنْ (شرطیہ) (5)

i: لَمْ : (نہیں) مضارع پر داخل ہو کر ماضی منفی کا معنی پیدا کرتا ہے ۔ جیسے لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ

ii: لَمَّا : (ابھی تک نہیں) لَمَّا مضارع پر داخل ہو کر ماضی منفی کا معنی پیدا کرنے کے علاوہ ماضی منفی کو زمانہ حال تک لے آتا ہے جیسے وَ لَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِي قُلُوْبِكُمْ جبکہ ابھی تک ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا ہے ۔

iii: لام امر (لِ): مضارع کے صیغے پر لِ لگا کر اس کے آخری حرف پر جزم لگانے سے امر غائب بن جاتا ہے۔ لِيَكْتُبْ ، چاہیئے کہ وہ لکھے۔ اس لام سے پہلے وَ یا فَ آجائے تو لام ساکن ہو جاتا ہے۔

iv: لام نہی (لا) : مضارع کے صیغے پر لَا لگا کر آخری حرف پر جزم دینے سے فعل نہی بن جاتا ہے۔

v: اِنْ : (اگر) حرف شرط ہے دو افعال کو مجزوم کرتا ہے۔ اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ ۔

2: حروف نواصب: فعل مضارع کو نصب دینے والے حروف: اَنْ ، لَنْ ، كَيْ ، اِذَنْ (4)

i: اَنْ : (یہ کہ) اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ اور اَنْ تَضِلَّ مِنْكُمْ ۔ یہ اَنْ مصدریہ بھی ہوتا ہے۔

ii: لَنْ : (ہرگز نہیں) اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ ، یقیناً تو ہرگز زمین نہیں پھاڑ سکے گا۔

iii: كَيْ : (تاکہ) كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً

iv: اِذَنْ : (پھر، تب) اس صورت میں، اس لئے۔ اِذَنْ تُفْلِحَ

3: نون تاکید: یہ نون مضارع کے آخر میں آتا ہے اور اس کے آنے سے مضارع سے پہلے لام مفتوح (لَ) یا اِمَّا آجاتا ہے یہ اس کے معنی میں مزید تاکید پیدا کرتا ہے اور اسے زمانہ مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے اس کو مضارع مؤکد بلام تاکید و نون تاکید کہتے ہیں۔

اس کی دو قسمیں۔ (i) نون ثقیلہ: جو مشدد ہوتا ہے۔ (ii) نون خفیفہ: جو ساکن ہوتا ہے۔

جیسے: لَيَضْرِبَنَّ نون ثقیلہ؛ وہ ضرور مارے گا یا اِمَّا يَضْرِبَنَّ ۔ اور لَيَضْرِبَنْ میں نون خفیفہ ہے۔

نون ثقیلہ کے احکام: 1: یہ نون مشدد ہوتا ہے۔ اور مضارع کے 14 صیغوں کے آخر میں آتا ہے۔ سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جاتا ہے۔

2: جمع مذکر (غائب اور مخاطب) کے آخر سے واؤ جمع بھی گر جاتی ہے۔

3: جمع مؤنث (غائب اور مخاطب) کے نون ضمیری کے پیچھے اور نون ثقیلہ سے پہلے "ا" ساکن بڑھایا جاتا ہے۔

4: واحد مؤنث مخاطب کے آخر سے "ی" بھی گر جاتی ہے۔

5: تثنیہ کے چاروں صیغوں میں نون ثقیلہ مکسور ہوتا ہے۔

نون خفیفہ کے احکام: یہ مضارع کے ان صیغوں میں آتا ہے جن میں نون ثقیلہ سے پہلے "ا" ساکن نہیں ہوتا ہے۔ کیونکہ نون خفیفہ بھی ساکن اور الف بھی ساکن ہے اور ساکنین کا اجتماع جائز نہیں۔ باقی تمام احکام میں یہ نون ثقیلہ جیسا ہوتا ہے۔ امر اور نہی کے صیغوں پر بھی نون ثقیلہ و نون خفیفہ بڑھائے جاتے ہیں۔

جیسے امر مؤکد: اُنْصُرَنَّ یا اُنْصُرَنْ تو ضرور مدد کر۔ نہی مؤکد: لَا تَكْتُبَنَّ یا لَا تَكْتُبَنْ تو ہرگز نہ لکھ

نون خفیفہ کی نسبت نون ثقیلہ میں زیادہ تاکید پائی جاتی ہے۔

نون خفیفہ کو کبھی تنوین کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے جیسے لَنَسْفَعَنْ کو لَنَسْفَعًا بھی لکھا جاتا ہے۔

نون ثقیلہ مضارع کے تمام صیغوں پر داخل ہو سکتا ہے۔ مگر نون خفیفہ تثنیہ کے چار صیغوں اور جمع مؤنث (غائب اور مخاطب) کے صیغوں پر داخل نہیں ہوتا اس کے علاوہ باقی آٹھ صیغوں پر داخل ہوتا ہے۔

فعل مضارع سے پہلے س لگانے سے مستقبل قریب اور سوف لگانے سے مستقبل بعید کے معانی پیدا ہوتے ہیں

حروفِ عطف: ایسے حروف جو کلمات اور جملوں کو آپس میں ملاتے ہیں یہ دس ہیں

وَ ، فَ ، ثُمَّ ، اَوْ ، اَمْ ، اِمَّا ، بَلْ ، لٰكِنْ ، لَا ، حَتّٰى

# کلمات استفہام

سوال کرنے یا کچھ دریافت کرنے کے لئے دو حرف أ اور هَلْ اور دس اسماء استفہام استعمال ہوتے ہیں

أَ کیا۔ أَ أَنْتَ يُوْسُفُ تین سورتوں کا آغاز کلمہ أ سے کیا گیا ہے۔

هَلْ کیا۔ هَلْ اَتٰى عَلَى الْإِنْسَانِ دو سورتوں کا آغاز کلمہ هَلْ سے کیا گیا ہے۔

i: مَنْ کون ذی شعور کے لئے۔ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ii: مَا کیا، بے جان اشیاء کے لئے مَالَيْلَةُ الْقَدْرِ

iii: اَيْنَ کہاں، کدھر اَيْنَ الْمَفَرُّ

iv: لِمَ کیوں، کس لئے لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ

v مَتٰى کب (وقت کے لئے) مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ

vi اَيَّانَ کب، کہاں، کس وقت اَيَّانَ مُرْسٰهَا

vii اَیُّ کون سا، کونسی فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ

viii اَنّٰى کہاں سے اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ (20، مریم)

ix كَمْ کتنی، کتنے (مدت اور گنتی کے لئے) كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ

x كَيْفَ کیسے، کیسا (کیفیت اور حالت کیلئے) كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ

☆ اسماء استفہام کے شروع میں حروف جار بھی لگائے جاتے ہیں جیسے من + ما = مِمَّا کس چیز سے لِمَنْ (کس کا/کی) مِنْ اَيْنَ (کہاں سے) اِلٰى مَتٰى (کب تک) مِنْ + مَنْ = مِمَّنْ کس سے

☆ ما کے شروع میں حرف جار آ جائے تو اُسے بغیر الف کے لکھا اور پڑھا جاتا ہے۔

جیسے عَنْ + مَا = عَمَّا (عَمَّ) مِمَّا (مِنْ + مَا) = مِمَّ لِمَا (لِمَ) فِيْمَا (فِيْمَ) بِمَا (بِمَ)

☆ کم کبھی خبر کے لئے بھی آتا ہے كَمْ مِنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا اس کے معانی "کئی ایک یا بہت سے" ہوتے ہیں اس کم کے بعد آنے والا اسم مجرور ہوتا ہے جو واحد بھی آسکتا ہے اور جمع بھی۔

# مضارع کی گردان بانون ثقیلہ و خفیفہ

| صیغہ | مرفوع | بحالتِ نصب | منصوب بلَن | مجزوم بلَم | بانون ثقیلہ | بانون خفیفہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | يَكْتُبُ | يَكْتُبَ | لَنْ يَّكْتُبَ | لَمْ يَكْتُبْ | لَيَكْتُبَنَّ | لَيَكْتُبَنْ |
| هُمَا | يَكْتُبَانِ | يَكْتُبَا | لَنْ يَّكْتُبَا | لَمْ يَكْتُبَا | لَيَكْتُبَآنِّ | ...... |
| هُمْ | يَكْتُبُوْنَ | يَكْتُبُوْا | لَنْ يَّكْتُبُوْا | لَمْ يَكْتُبُوْا | لَيَكْتُبُنَّ | لَيَكْتُبُنْ |
| هِيَ | تَكْتُبُ | تَكْتُبَ | لَنْ تَكْتُبَ | لَمْ تَكْتُبْ | لَتَكْتُبَنَّ | لَتَكْتُبَنْ |
| هُمَا | تَكْتُبَانِ | تَكْتُبَا | لَنْ تَكْتُبَا | لَمْ تَكْتُبَا | لَتَكْتُبَآنِّ | ...... |
| هُنَّ | يَكْتُبْنَ | يَكْتُبْنَ | لَنْ يَّكْتُبْنَ | لَمْ يَكْتُبْنَ | لَيَكْتُبْنَآنِّ | ...... |
| اَنْتَ | تَكْتُبُ | تَكْتُبَ | لَنْ تَكْتُبَ | لَمْ تَكْتُبْ | لَتَكْتُبَنَّ | لَتَكْتُبَنْ |
| اَنْتُمَا | تَكْتُبَانِ | تَكْتُبَا | لَنْ تَكْتُبَا | لَمْ تَكْتُبَا | لَتَكْتُبَآنِّ | ...... |
| اَنْتُمْ | تَكْتُبُوْنَ | تَكْتُبُوْا | لَنْ تَكْتُبُوْا | لَمْ تَكْتُبُوْا | لَتَكْتُبُنَّ | لَتَكْتُبُنْ |
| اَنْتِ | تَكْتُبِيْنَ | تَكْتُبِيْ | لَنْ تَكْتُبِيْ | لَمْ تَكْتُبِيْ | لَتَكْتُبِنَّ | لَتَكْتُبِنْ |
| اَنْتُمَا | تَكْتُبَانِ | تَكْتُبَا | لَنْ تَكْتُبَا | لَمْ تَكْتُبَا | لَتَكْتُبَآنِّ | ...... |
| اَنْتُنَّ | تَكْتُبْنَ | تَكْتُبْنَ | لَنْ تَكْتُبْنَ | لَمْ تَكْتُبْنَ | لَتَكْتُبْنَآنِّ | ...... |
| اَنَا | اَكْتُبُ | اَكْتُبَ | لَنْ اَكْتُبَ | لَمْ اَكْتُبْ | لَاَكْتُبَنَّ | لَاَكْتُبَنْ |
| نَحْنُ | نَكْتُبُ | نَكْتُبَ | لَنْ نَكْتُبَ | لَمْ نَكْتُبْ | لَنَكْتُبَنَّ | لَنَكْتُبَنْ |

| صیغہ | سادہ امر | بانون ثقیلہ | بانون خفیفہ | سادہ امر | بانون ثقیلہ | بانون خفیفہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| واحد | اُكْتُبْ | اُكْتُبَنَّ | اُكْتُبَنْ | اُكْتُبِيْ | اُكْتُبِنَّ | اُكْتُبِنْ |
| تثنیہ | اُكْتُبَا | اُكْتُبَآنِّ | ...... | اُكْتُبَا | اُكْتُبَآنِّ | ...... |
| جمع | اُكْتُبُوْا | اُكْتُبُنَّ | اُكْتُبُنْ | اُكْتُبْنَ | اُكْتُبْنَآنِّ | ...... |

## فعل امر بنانے کا قاعدہ:

1: فعل امر زیادہ تر فعل مضارع حاضر کے صیغوں سے بنایا جاتا ہے۔ البتہ باقی صیغوں سے بھی بنایا جاسکتا ہے۔

2: شروع کی علامت مضارع حذف کر کے آخر میں جزم دی جاتی ہے۔ اگر آخر میں حرف علت ہو تو وہ گر جاتا ہے۔

3: اگر علامت مضارع حذف کرنے کے بعد پہلا حرف ساکن ہو تو شروع میں ہمزہ کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

4: اگر فعل مضارع کی "ع" پر زبر یا زیر ہو تو امر کے ہمزہ کے نیچے زیر لگائی جاتی ہے۔

مثلاً: يَضْرِبُ سے اِضْرِبْ يَفْتَحُ سے اِفْتَحْ، يَسْمَعُ سے اِسْمَعْ، يَحْسِبُ سے اِحْسِبْ۔

5: اگر فعل مضارع کی "ع" پر پیش ہو تو ہمزہ کے اوپر پیش لگائی جاتی ہے۔ جیسے يَنْصُرُ سے اُنْصُرْ.

6: امر کا ہمزہ جب پہلے حرف سے ملا کر پڑھا جائے تو بولنے میں نہیں آتا۔ مثلاً: وَاضْرِبْ لَهُمْ ۔

7: فعل امر بناتے وقت نونِ اعرابی حذف ہو جائے گا جبکہ نون نسوۃ حذف نہیں ہوگا۔ اور نہ اس پر جزم آئے گی۔

| افعال | اَنْتَ | اَنْتُمَا | اَنْتُم | اَنْتِ | اَنْتُمَا | اَنْتُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَرَبَ | اِضْرِبْ<br>تو مار | اِضْرِبَا<br>تم مارو | اِضْرِبُوْا<br>تم مارو | اِضْرِبِیْ<br>تو مار | اِضْرِبَا<br>تم مارو | اِضْرِبْنَ<br>تم مارو |
| جَلَسَ | اِجْلِسْ<br>تو بیٹھ | اِجْلِسَا<br>تم بیٹھو | اِجْلِسُوْا<br>تم بیٹھو | اِجْلِسِیْ<br>تو بیٹھ | اِجْلِسَا<br>تم بیٹھو | اِجْلِسْنَ<br>تم بیٹھو |
| نَصَرَ | اُنْصُرْ<br>تو مدد کر | اُنْصُرَا<br>تم مدد کرو | اُنْصُرُوْا<br>تم مدد کرو | اُنْصُرِیْ<br>تو مدد کر | اُنْصُرَا<br>تم مدد کرو | اُنْصُرْنَ<br>تم مدد کرو |
| سَمِعَ | اِسْمَعْ<br>تو سن | اِسْمَعَا<br>تم دونو سنو | اِسْمَعُوْا<br>تم سب سنو | اِسْمَعِیْ<br>تو سن | اِسْمَعَا<br>تم دونو سنو | اِسْمَعْنَ<br>تم سب سنو |

حروفِ نفی: یہ چھ ہیں۔ لا ، ما ، لَم ، لَمَّا ، اِنْ ، لَنْ

فعل نہی بنانے کا طریقہ: 1: فعل نہی بھی عام طور پر فعل مضارع حاضر کے صیغوں سے بنایا جاتا ہے۔

2: مضارع کے صیغوں سے پہلے ''لا'' کا اضافہ کر کے آخری حرف کو ساکن کیا جاتا ہے۔

3: اگر آخری حرف، حرفِ علت ہو تو گرا دیا جاتا ہے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَرَبَ | لَاتَضْرِبْ<br>تو مت مار | لَاتَضْرِبَا<br>تم دونوں نہ مارو | لَاتَضْرِبُوْا<br>تم سب نہ مارو | لَاتَضْرِبِیْ<br>تو مت مار | لَاتَضْرِبَا<br>تم دونوں نہ مارو | لَاتَضْرِبْنَ<br>تم سب نہ مارو |
| فَتَحَ | لَاتَفْتَحْ<br>تو مت کھول | لَاتَفْتَحَا<br>تم دونوں نہ کھولو | لَاتَفْتَحُوْا<br>تم سب نہ کھولو | لَاتَفْتَحِیْ<br>تو مت کھول | لَاتَفْتَحَا<br>تم دونوں نہ کھولو | لَاتَفْتَحْنَ<br>تم سب نہ کھولو |
| نَصَرَ | لَاتَنْصُرْ<br>تو مت مدد کر | لَاتَنْصُرَا<br>تم دونوں مدد نہ کرو | لَاتَنْصُرُوْا<br>تم سب مدد نہ کرو | لَاتَنْصُرِیْ<br>تو مت مدد کر | لَاتَنْصُرْتُمَا<br>تم دونوں نہ مدد کرو | لَاتَنْصُرْنَ<br>تم سب نہ مدد کرو |

## فعل کی اقسام بلحاظ موجودگی فاعل

اس کی دو قسمیں ہیں: 1: فعل معروف 2: فعل مجہول

1: فعل معروف: وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔ ضَرَبَ، اس نے مارا

2: فعل مجہول: وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ ضُرِبَ مارا گیا، یُضْرَبُ وہ مارا جاتا ہے۔

فعل ماضی مجہول کا وزن '' فُعِلَ '' اور مضارع مجہول کا وزن ''یُفْعَلُ'' ہے۔ یہاں یہ بات پیش نظر رہے کہ باب اَفْعَلَ کا مضارع یُفْعِلُ ہے اور مضارع مجہول یُفْعَلُ ہے اور ثلاثی مجرد کے افعال کا مضارع مجہول بھی یُفْعَلُ ہے۔ لہٰذا ان کی پہچان سیاق وسباق کے حوالے سے ہوگی۔ فعل مجہول کے بعد آنے والا مفعول، نائب فاعل کہلاتا ہے فاعل کے تمام قواعد اس پر لاگو ہوتے ہیں۔ مفعول منصوب ہوتا ہے لیکن نائب فاعل مرفوع ہوتا ہے۔

فعل مجہول اور نائب فاعل تذکیر و تانیث کے لحاظ سے ایک جیسے ہوتے ہیں۔

## ﴿فعل کی اقسام باعتبار ضرورت مفعول﴾

مفعول کی ضرورت کے لحاظ سے فعل کی دو اقسام ہیں۔

1: فعل لازم: وہ فعل جو صرف فاعل کے ملنے سے بات مکمل کر دے اور اس کو مفعول کی ضرورت نہ ہو۔

جَآءَ الْحَقُّ "جَآءَ" فعل لازم ہے۔ " الحق " فاعل ہے۔

جَآءَ اگرچہ فعل لازم ہے لیکن یہ متعدی کی طرح بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ

2: فعل متعدی: وہ فعل جس میں فاعل کے علاوہ مفعول کا لانا بھی ضروری ہو۔ مثلاً قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ میں قَتَلَ فعل متعدی ہے۔ دَاوٗدُ فاعل اور جَالُوْتَ مفعول ہے۔

فعل لازم میں کام کے "ہونے" کا ذکر ہوتا ہے اور متعدی میں "کرنے" کا ذکر ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ اردو ترجمہ کرتے وقت فعل متعدی میں "نے" آتا ہے جبکہ لازم میں "نے" نہیں آتا۔ فعل متعدی سے فوراً سوال پیدا ہوگا۔ "کیا"

بعض متعدی فعل ایک سے زیادہ مفعول چاہتے ہیں۔ زائد مفعول پہلے مفعول کے بعد آتے ہیں۔

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا میں الْاَرْضَ اور فِرَاشًا دونوں مفعول ہیں اور دونوں منصوب ہیں۔

مفعول فیہ: جو اسم یہ ظاہر کرے کہ فعل کس زمانے میں (ظرف زماں) یا کس جگہ (ظرف مکاں) واقع ہوا۔ وہ مفعول فیہ کہلاتا ہے۔ اور یہ منصوب ہوتا ہے۔ سَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا

مفعول مطلق: جب کسی فعل کے بعد اس کے مصدر یا مرادف مصدر کو بطورِ مفعول استعمال کریں تو اُسے مفعول مطلق کہتے ہیں۔ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا اس میں تَكْلِيْمًا مفعول مطلق ہے یہ ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔

## ﴿فعل کی اقسام باعتبار حروف علت﴾

فعل کی اقسام باعتبار حروف علت دو ہیں۔ 1: فعل معتل 2: فعل صحیح

فعل معتل: ایسے افعال جن کے مادہ میں حروف علت (ا، و، ی) استعمال ہوں۔

# ﴿افعال معتلہ کی اقسام﴾

عربی میں فعل میں حروف اصلی تین (ثلاثی) یا چار (رباعی) ہوتے ہیں۔

اصلی حروف ہی فعل کا مادہ کہلاتے ہیں۔ ان اصلی حروف کے نام ،ف ،ع اور ل رکھے گئے ہیں چوتھے اصلی حرف کو بھی "ل" کہتے ہیں۔

**حروف علت:** الف، واؤ اور یاء (ی) **حروف صحیحہ** : حروف علت کے علاوہ باقی تمام حروف صحیحہ ہیں

حروف اصلی کے اعتبار سے فعل کی سات اقسام ہیں۔

**صحیح است ومثال است ومضاعف لفیف وناقص ومہموز واجوف**

2: **فعل صحیح** : وہ فعل جس کے تمام حروف صحیح ہوں ان میں سے نہ کوئی ہمزہ ہو نہ حروف علت اور نہ ایک ہی جنس کے دو حروف صحیح ہوں۔

**فعل مہموز**: وہ فعل جس میں ف ،ع یا ل کی جگہ ہمزہ ہو۔ أَخَذَ، سَأَلَ، قَرَءَ

**فعل مضاعف**: وہ فعل جس میں ف ، ع یا ل میں سے کسی دو کی جگہ دو حروف صحیح ایک ہی جنس کے ہوں۔

**فعل مثال**: جس فعل کا "ف" کلمہ حرف علت ہو، یہ یا تو "و" ہوتا ہے یا "ی"

**مثال واوی** : وَعَدَ ، وَزَنَ **مثال یائی**: یَبِسَ ، یَسَرَ

**فعل اجوف**: جس فعل کا "ع" کلمہ حرف علت ہو۔

**اجوف واوی**: قَالَ (اصل قَوَلَ) خَافَ (اصل خَوِفَ) **اجوف یائی**: بَاعَ (اصل بَيَعَ)

**فعل ناقص**: جس فعل کا "ل" کلمہ حرف علت ہو۔ **ناقص واوی** : دَعَا (اصل میں دَعَوَ) **ناقص یائی** خَشِيَ

**فعل لفیف**: جس فعل میں ف، ع، ل کلموں میں سے کوئی دو حروف علت ہوں۔ وَلِيَ

**لفیف مفروق**: دونوں حروف علت جدا جدا ہوں **لفیف مقرون**: دونوں حروف علت ساتھ ساتھ ہوں۔

اجوف کے اسم فاعل میں حرف علت کی بجائے ہمزہ آتا ہے۔ قَائِلٌ ، سَآئِلٌ۔

اجوف کا اسم مفعول میں وزن مَفُوْلٌ جیسے مَلُوْمٌ اور مَفِيْلٌ جیسے مَزِيْدٌ کے وزن پر آتا ہے۔

اجوف کا اسم ظرف مفعول مفعَل کی بجائے مفال کے وزن پر آتا ہے۔ یعنی عین کلمہ حذف ہو کر الف سے بدل جاتا ہے۔ جیسے قَوْمٌ سے مَقام ،دُوْرٌ سے مَدَارٌ،زَارٌ سے مَزَارٌ ۔

**فعل اور مصدر میں فرق:** فعل میں کسی کام کا ہونا یا کرنا مع کسی زمانہ پایا جاتا ہے جب کہ مصدر صرف کام کا نام ہے۔ جس میں زمانہ نہیں پایا جاتا اور مصدر اسم ہے۔ اس کو چھ مختلف طریقوں سے لکھا جاسکتا ہے۔

مثلاً تَعْلِيْمٌ ، تَعْلِيْمٍ، تَعْلِيْماً ، اَلتَّعْلِيْمُ ، اَلتَّعْلِيْمِ ، اَلتَّعْلِيْمَ ،

**ایک غلط فہمی کا ازالہ:** زیادہ تر عربی معاجم اور کتب میں مصادر کو منصوب یعنی ” تَعْلِيْماً “ کی طرح لکھا جاتا ہے لہٰذا ہر عربی دان کے ذہن میں یہ بات راسخ ہوگئی ہے کہ مصادر ہمیشہ منصوب لکھنے چاہئیں۔ حالانکہ اسم کی بنیادی علامت مرفوع ہونا ہے۔ اس کتاب میں مصادر کو زیادہ تر مرفوع یعنی تَعْلِيْمٌ کی طرز پر لکھا گیا ہے۔ بہر حال مصدر کو مذکورہ چھ طریقوں میں سے کسی بھی ایک طریقہ سے لکھا جاسکتا ہے۔

## اسم مصدر اور اسم مشتق میں فرق:

اسم مصدر وہ ہے جو کسی کام کے ہونے پر دلالت کرے اور اس سے افعال صرف اور اسمائے مشتقہ بنائے جائیں۔

جیسے نَصْرٌ سے نَاصِرٌ ، ضَرْبٌ سے ضَارِبٌ ، مَضْرُوْبٌ وغیرہ۔

جب کہ اسم مشتق وہ اسم ہے جو مصدر سے اس طرح نکلے کہ اس کے اصلی حروف اور معانی باقی رہیں۔

جیسے نَصْرٌ سے نَاصِرٌ ،

اسمائے مشتقہ وغیرہ بنانے کے باقاعدہ قواعد وضوابط ہیں۔ مصدر ان سب کا منبع ہے۔

تو ہی خلاصہ ہے اربع کتاب آسمانی کا     تو ہی مصدر ہے بے شک اس رباعی مجرد کا

مصدر کے بنانے کے کم وبیش پچاس کے لگ بھگ اوزان ہیں۔

اس کی دو اقسام ہیں: i: سماعی مصادر ii: قیاسی مصادر

**سماعی مصادر:** وہ مصادر جو کسی مروجہ قاعدہ کے تحت نہیں آتے بلکہ صرف سماع سے اور لغت کی کتابوں کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتے ہیں۔ چند مشہور اوزان مع مثال درج کیے جا رہے ہیں۔

☆ فَعْلٌ (قَتْلٌ) ☆ فِعْلٌ (عِلْمٌ) ☆ فُعْلٌ (بُخْلٌ)

☆ فَعْلَةٌ (رَحْمَةٌ) ☆ فِعْلَةٌ (رِحْلَةٌ) ☆ فُعْلَةٌ (سُرْعَةٌ)

☆ فَعَلٌ (فَرَحٌ) ☆ فِعِلٌ (كَذِبٌ) ☆ فِعَلٌ (صِغَرٌ)

☆ فَعَالٌ (مَشَادٌ) ☆ فِعَالٌ (قِيَامٌ) ☆ فُعَالٌ (سُؤَالٌ)

☆ فَعَالَةٌ (لَطَافَةٌ) ☆ فِعَالَةٌ (كِفَالَةٌ) ☆ فُعَالَةٌ (رُفَاقَةٌ)

☆ فَعْلَانٌ (رَحْمٰنٌ) ☆ فِعْلَانٌ (حِرْمَانٌ) ☆ فُعْلَانٌ (غُفْرَانٌ)

☆ فَعِلَةٌ (سَرِقَةٌ) ☆ فَعِيْلٌ (رَهِيْنٌ) ☆ فَعِيْلَةٌ (نَصِيْحَةٌ)

☆ فُعُوْلٌ (ثُبُوْتٌ) ☆ فَيْعُوْلَةٌ (قَيْلُوْلَةٌ) ☆ فُعُوْلَةٌ (سُهُوْلَةٌ)

☆ فَاعِلَةٌ (بَاقِيَةٌ) ☆ مَفْعُوْلٌ (مَفْتُوْنٌ) ☆ فُعَل (هُدًى)

☆ فَعْلٰى (دَعْوٰى) ☆ فِعْلٰى (ذِكْرٰى) ☆ فُعْلٰى (بُشْرٰى)

☆ فَعُوْلٌ کے وزن پر صرف پانچ مصادر ہیں۔ وَقُوْدٌ ، وَضُوْءٌ ، وَلُوْعٌ ، قَبُوْلٌ ، طَهُوْرٌ

**مصدر میمی:** وہ مصدر ہے جو باب مفاعلة کے علاوہ میم زائدہ کے ساتھ شروع کیا گیا ہو۔ جیسے: مَحَبَّةٌ ، مَسَرَّةٌ

**بنانے کا طریقہ:** ثلاثی مجرد کے مثال واوی افعال سے۔ مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے: وَعْدٌ سے مَوْعِدٌ

ثلاثی مجرد صحیح افعال کے اوزان ☆ مَفْعِلٌ : (مَرْجِعٌ) ☆ مَفْعَلٌ : (مَدْخَلٌ)

☆ مَفْعَلَةٌ : مَخْمَصَةٌ ، مَتْرَبَةٌ ، مَنْقَبَةٌ ، مَرْحَمَةٌ ☆ مَفْعِلَةٌ : مَوْعِظَةٌ ، مَعْرِفَةٌ

غیر ثلاثی افعال سے اسم مفعول کے اوزان (بمطابق صرف صغیر کے صفحہ کے) پر آتا ہے۔ جیسے اَكْرَمَ سے مُكْرَمٌ

نوٹ: مصدر میمی اور اسم ظرف کے دو اوزان مَفعِلٌ اور مَفعَلٌ مشترک ہیں۔ اس لئے سیاق وسباق کے لحاظ سے ان میں فرق سمجھنا ہوگا۔

قیاسی مصادر: وہ مصادر جو کسی صرفی قاعدہ کے تحت ہوں۔ ان کے چند اوزان حسب ذیل ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اہل حرفہ اور پیشوں کے لئے وزن | فِعَالَةٌ | تِجَارَةٌ ، | زِرَاعَةٌ ، | كِتَابَةٌ |
| مگر بعض اوقات وزن | فَعَالَةٌ | وَكَالَةٌ ، | وَلَايَةٌ ، | دَلَالَةٌ |
| آوازوں کے لئے وزن (i) | فُعَالٌ | خُوَارٌ ، | صُرَاخٌ | |
| (ii) | فَعِيلٌ | شَهِيقٌ ، | نَعِيقٌ | |
| امراض کے لئے وزن | فُعَالٌ | صُدَاعٌ ، | نُعَاسٌ ، | خُنَاقٌ |
| اضطراب کے لئے وزن | فَعَلَانٌ | غَلَيَانٌ ، | سَيَلَانٌ ، | جَرَيَانٌ |
| سیر و سیاحت کے لئے وزن | فَعِيلٌ | رَحِيلٌ | | |
| رنگوں کے لئے وزن | فُعْلَةٌ | صُفْرَةٌ ، | خُضْرَةٌ ، | كُدْرَةٌ |
| اسم مرۃ کے مصدر کا وزن | فَعْلَةٌ | نَظْرَةٌ ، | ضَرْبَةٌ | |
| اسم نوع کے مصدر کا وزن | فِعْلَةٌ | سِيرَةٌ ، | جِلْسَةٌ | |
| مثال کے مصادر کا وزن | عِلَةٌ | وَعْظٌ سے عِظَةٌ ، | وَصْلٌ سے صِلَةٌ ، | وَعْدٌ سے عِدَةٌ |

ثلاثی مجرد افعال کے وہ مصادر جو مخصوص معنی پر دلالت نہیں کرتے ان کی یہ صورتیں ہیں۔

i: ماضی مفتوح العین لازم کا مصدر فُعُوْلٌ کے وزن پر جیسے قَعَدَ سے قُعُوْدٌ

ii: ماضی مفتوح العین یا مکسور العین متعدی سے فَعْلٌ کے وزن پر جیسے فَهِمَ سے فَهْمٌ

iii: ماضی مکسور العین لازم کا مصدر اکثر فَعَلٌ کے وزن پر ہو جیسے فَرِحَ سے فَرَحٌ

iv: ماضی مضموم العین یعنی باب كَرُمَ کے مصادر فَعَلٌ ، فِعَلٌ ، فُعْلٌ ، فَعَالَةٌ اور فُعُوْلَةٌ کے وزن پر آتے ہیں

اسمِ مشتق کی اقسام: اسمِ مشتق کی سات اقسام ہیں۔ان کو اسمائے مشتقہ بھی کہا جاتا ہے۔

1: اسم فاعل  2: اسم مفعول  3: اسم ظرف  4: اسم آلہ

5: اسم تفضیل  6: اسم مبالغہ  7: صفت مشبہ

1: اسم فاعل: کام کرنے والے کو "فاعل" کہتے ہیں۔اگر کام کرنے والا "فاعلٌ" کے خاص وزن پر ہو تو اسم فاعل کہلاتا ہے۔ كُلُّ فَاعِلٍ مَرْفُوْعٌ ۔ہر فاعل حالت رفعی میں ہوتا ہے۔

مثلاً، سَأَلَ سَائِلٌ ، میں "سائِلٌ" فاعل ہے۔اسم فاعل کے "فاعلٌ" کے علاوہ بھی اوزان ہیں۔

ثلاثی مجرد کے افعال کے پہلے پانچ ابواب کے اسم فاعل عام طور پر "فَاعِلٌ" کے وزن پر بنتے ہیں۔مگر بعض اوقات باب سَمِعَ کے فَعِيْلٌ کے وزن پر بھی آتے ہیں باب كَرُمَ کے اسم فاعل "فَعِيْلٌ" کے وزن پر بنتے ہیں

مثالیں: كَرُمَ سے كَرِيْمٌ ، بَصُرَ سے بَصِيْرٌ ، خَبُرَ سے خَبِيْرٌ. لَطُفَ سے لَطِيْفٌ ، قَرُبَ سے قَرِيْبٌ بَعُدَ سے بَعِيْدٌ وغیرہ۔

باب كَرُمَ سے فَعِيْلٌ کے وزن پر آنے والے الفاظ بطور اسم فاعل استعمال ہوتے ہیں لیکن کبھی کبھار مفعول کے معانی میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔

## ﴿اسم فاعل کی گردان﴾

| | واحد | تثنیہ | جمع |
|---|---|---|---|
| مذکر | فَاعِلٌ (نَاصِرٌ) | فَاعِلَانِ (نَاصِرَانِ) | فَاعِلُوْنَ (نَاصِرُوْنَ) |
| مؤنث | فَاعِلَةٌ (نَاصِرَةٌ) | فَاعِلَتَانِ (نَاصِرَتَانِ) | فَاعِلَاتٌ (نَاصِرَاتٌ) |

اگر فعل غیر ثلاثی مجرد ہو تو علامت مضارع کو حذف کر کے اس کی جگہ "م" مضموم (ـُ) لگا کر ماقبل آخر کو کسرہ (ـِ) اور آخری حرف پر تنوین لگا دیتے ہیں۔

مثلاً: اَكْرَمَ سے مضارع يُكْرِمُ اور يُكْرِمُ سے مُكْرِمٌ عزت کرنے والا۔باقی گردان اوپر کی طرز پر ہے۔

2: اسم مفعول: وہ اسم جو اس ذات کو بیان کرے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو یعنی "کیا گیا ہو" کا مفہوم ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے یہ ہمیشہ "مفعول" کے وزن پر آتا ہے۔

مثالیں: مَنْصُوْرٌ، مَحْمُوْدٌ، مَخْلُوْقٌ، مَفْتُوْحٌ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مذکر | مَفْعُوْلٌ (مَنْصُوْرٌ) | مَفْعُوْلَانِ (مَنْصُوْرَانِ) | مَفْعُوْلُوْنَ (مَنْصُوْرُوْنَ) |
| مؤنث | مَفْعُوْلَةٌ (مَنْصُوْرَةٌ) | مَفْعُوْلَتَانِ (مَنْصُوْرَتَانِ) | مَفْعُوْلَاتٌ (مَنْصُوْرَاتٌ) |

ثلاثی مزید فیہ سے اسم مفعول بنانے کے لئے فعل مضارع کے پہلے حرف کو دور کر کے اس کی جگہ "م" مضموم لگا دیں آخر سے پہلے حرف کو زبر اور آخر میں تنوین لگا دیں جیسے۔ مُحْتَرَمٌ، مُخَاطَبٌ، مُکَرَّمٌ، مُحَمَّدٌ،

3: اسم ظرف: وہ اسم جو وقت یا جگہ کو ظاہر کرے اسم ظرف کہلاتا ہے۔ اس کی دو اقسام ہیں۔

i: اسم ظرف زمان: وہ اسم جو وقت یا زمانہ کو ظاہر کرے۔ مثلاً، یَوْمٌ، لَیْلٌ، شَهْرٌ،

ii: اسم ظرف مکان: وہ اسم جو جگہ کو ظاہر کرے۔

اسم ظرف ثلاثی مجرد سے تین اوزان مَفْعِلٌ، مَفْعَلٌ اور مَفْعَلَةٌ پر آتا ہے۔

مَفْعِلٌ : مَجْلِسٌ، مَنْزِلٌ، مَسْجِدٌ، مَشْرِقٌ، مَغْرِبٌ

مَفْعَلٌ : مَکْتَبٌ، مَرْقَدٌ، مَخْرَجٌ، مَصْنَعٌ، مَسْکَنٌ، مَطْعَمٌ وغیرہ

مَفْعَلَةٌ : مَدْرَسَةٌ، مَکْتَبَةٌ،

اسکے علاوہ فَوْقَ، تَحْتَ، اَمَامَ، خَلْفَ، قَبْلُ، بَعْدُ، یَمِیْنُ، یَسَارُ، دَاخِلُ، خَارِجُ، حروف ظرف ہیں۔

غیر ثلاثی افعال سے اسم ظرف، اسم مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مُکْرَمٌ، مُزَلْزَلٌ،

4: اسم آلہ: وہ اسم جو کسی آلہ یعنی ہتھیار کا نام ظاہر کرے اور کام کرنے کا ذریعہ ہو۔

اسم آلہ ثلاثی مجرد افعال سے عام طور پر مِفْعَلٌ، مِفْعَلَةٌ اور مِفْعَالٌ کے اوزان پر آتا ہے۔

1: مِفْعَلٌ : مِقْمَعٌ 2: مِفْعَلَةٌ : مِرْوَحَةٌ، مِنْسَأَةٌ 3: مِفْعَالٌ : مِفْتَاحٌ، مِصْبَاحٌ

اس کے علاوہ مِیْزَانٌ(مِوْزَانٌ) ، مِکْیَالٌ کی طرز کے الفاظ بھی مِفْعَالٌ کے وزن پر اسم آلہ ہیں۔

عام طور پر مِفْعَلٌ کے وزن پر غیر ثلاثی افعال سے اسم آلہ نہیں ہوتا۔

5: اسم تفضیل: ایسا اسم صفت جو دو چیزوں کے درمیان تقابل کرنے کے لئے یا ہر اسم سے اعلیٰ ترین درجہ بیان کرنے کے لئے استعمال ہو۔

مذکر کے لئے اس کا وزن " اَفْعَلُ " اور مؤنث کے لئے " فُعْلٰی " ہے۔ اسم افعل التفضیل پر تنوین نہیں آتی۔ قرآن حکیم میں اسم تفضیل کے طور پر آنے والے کچھ کلمات درج ذیل ہیں۔

اَفْعَلُ: اَحْسَنُ ، اَکْبَرُ ، اَسْفَلُ ، اَعْظَمُ ، اَصْغَرُ ، اَرْذَلُ ، اَظْلَمُ ، اَحْمَدُ ، اَوْسَطُ ، اَوْهَنُ ، اَسْوَأُ

اَحَبُّ ، اَحَقُّ . اَضَلُّ، اَذَلُّ ،اَعَزُّ ، اَشَرُّ ،اَشَدُّ ، اَشَقُّ ، اَقَلُّ ، اَمَرُّ ،

اَدْنٰی ، اَعْلٰی، اَشْقٰی ، اَبْقٰی ، اَتْقٰی ، اَزْکٰی ، اَخْزٰی، اَحْصٰی ، اَخْفٰی ، اَدْهٰی ،اَطْغٰی ، اَوْلٰی

فُعْلٰی : حُسْنٰی ، کُبْرٰی ، سُفْلٰی ، مُثْلٰی ، قُرْبٰی ، قُصْوٰی ، عُسْرٰی ، یُسْرٰی ، وُسْطٰی،طُوْبٰی

افعل التفضیل کے بعد اگر " مِنْ " آجائے تو یہ تفضیل بعض (جزوی برتری) کو ظاہر کرتا ہے۔

مثال: اَنَا اَکْثَرُ مِنْکَ مَالاً

اسم تفضیل کل: تفضیل کل میں اسم تفضیل مضاف بن کر مضاف الیہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ اس میں مِنْ نہیں آتا۔ اَفْعَلُ کے وزن پر اسم صفت مشبہ بھی آتی ہے جسے اَفْعَلُ الصِّفَةِ کہتے ہیں۔ اَفْعَلُ الصِّفَةِ کو اَفْعَلُ التفضیل کے معانی میں ادا کرنا مقصود ہو تو اَشَدُّ ، اَکْثَرُ ، اَقَلُّ کا اضافہ کر دیتے ہیں۔

جیسے اَنَا اَقَلُّ مِنْکَ مَالاً۔

غیر ثلاثی مجرد سے تفضیل کا مفہوم ادا کرنا ہو تو مصدر منصوب سے پہلے اَکْثَرُ ،اَقَلُّ یا اَشَدُّ لگا دیتے ہیں۔

جیسے اَکْثَرُ اِسْتِغْفَارًا ، اَشَدُّ تَنْکِیْلًا ، اَشَدُّ سَوَادًا۔

خَيْرٌ اور شَرٌّ بھی اسم تفضیل ہیں۔کبھی تفضیل بعض کے لئے اور کبھی تفضیل کل کے لئے آتے ہیں۔

6: اسم مُبالغہ: وہ اسم جو فاعل میں معنی کی زیادتی یا شدت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔قرآن حکیم میں استعمال ہونے والے چند اوزان درج ذیل ہیں۔

1: فَعَّالٌ : غفّارٌ، جبّارٌ ، رَزّاقٌ ، فَتّاحٌ،مَنّاعٌ　2: فَعَّالَةٌ : لَوَّامَةٌ ، 3 : مِفْعِيلٌ: مسكينٌ

4: فَعِيلٌ : سَمِيْعٌ،رَحِيْمٌ ، كَرِيْمٌ ، بَصِيْرٌ ، مَلِيْكٌ 5: فِعِّيلٌ:صِدِّيْقٌ 6: فَعْلَانٌ : رَحْمَانٌ ، حَيْرَانٌ

7: فَعُوْلٌ : غَفُوْرٌ ، ظَلُوْمٌ ، جَهُوْلٌ ، مَنُوْعٌ　8: فَعُّوْلٌ: قَيُّوْمٌ　9: فُعُّوْلٌ : قُدُّوْسٌ

یہ عموماً فعل لازم سے مشتق ہوتا ہے اور کسی اسم کی مستقل صفت کو ظاہر کرتا ہے

اسم مبالغہ اور اسم تفضیل میں بنیادی فرق یہ ہے کہ اسم مبالغہ میں کسی دوسری چیز / شخص کے ساتھ مقابلہ نہیں ہوتا ہے جبکہ اسم تفضیل میں دوسری چیزوں / اشخاص کے ساتھ مقابلہ کیا جاتا ہے۔ بلکہ مبالغہ میں یہ زیادتی فی نفسہٖ ہوتی ہے۔

7: صفت مشبہ: وہ اسم جو اس کی ذات کو بیان کرے جس میں مصدری معنی مستقل طور پر پائے جائیں۔

جیسے كَرِيْمٌ ، جَمِيْلٌ ، حَسَنٌ .

مشبہ کا مطلب مشابہت دیا ہوا۔ چونکہ صفت مشبہ عمل میں اسم فاعل کے مشابہ ہوتی ہے۔ اس لئے اسے صفت مشبہ کہتے ہیں۔ مگر اسم فاعل میں وصف مستقل نہیں ہوتا، گویا اس کی صفت عارضی ہوتی ہے۔

ثلاثی مجرد سے صفت مشبہ کے اوزان سماعی ہیں۔ مثلاً فَعِيْلٌ: (اَسِيْرٌ ، قیدی ) فَعُوْلٌ:(رَسُوْلٌ ، بھیجا ہوا)

فُعَلَةٌ : (هُمَزَةٌ ، لُمَزَةٌ ) ، فُعُلٌ : (عُتُلٌّ ) ، فَعِلٌ : ( اَسِفٌ) وغیرہ

رنگ اور حلیہ سے متعلقہ اوزان اَفْعَلُ ، فَعْلَاءُ اور فُعْلٌ

اَفْعَلُ :(اَحْمَرُ ، اَسْوَدُ)　فَعْلَاءُ : (حَمْرَآءُ ، سَوْدَآءُ، بَيْضَآءُ ) اور فُعْلٌ :(حُمْرٌ ، سُوْدٌ ) ہیں۔

اہل حرفت کے لئے فَعَّالٌ (خَيَّاطٌ ) ہے۔

اس کے علاوہ بھی صفت مشبہ کے کئی اوزان ہیں۔ اسم مبالغہ اور صفت مشبہ کے اکثر اوزان مشترک ہیں۔

## ﴿ابواب ثلاثی مجرد سے اسماء مشتقہ کا جدول﴾

| باب | فاعل | مفعول | ظرف | آلہ | تفضیل | مبالغہ | صفت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | فَاعِلٌ | مَفْعُوْلٌ | مَفْعَلٌ | مِفْعَلٌ/مِفْعَالٌ | اَفْعَلُ | فَعَّالٌ | فَعِيْلٌ |
| ضَرَبَ | ضَارِبٌ | مَضْرُوْبٌ | مَضْرِبٌ | مِضْرَبٌ/مِضْرَابٌ | اَضْرَبُ | ضَرَّابٌ | ضَرِيْبٌ |
| نَصَرَ | نَاصِرٌ | مَنْصُوْرٌ | مَنْصَرٌ | مِنْصَرٌ/مِنْصَارٌ | اَنْصَرُ | نَصَّارٌ | نَصِيْرٌ |
| سَمِعَ | سَامِعٌ | مَسْمُوْعٌ | مَسْمَعٌ | مِسْمَعٌ/مِسْمَاعٌ | اَسْمَعُ | سَمَّاعٌ | سَمِيْعٌ |
| فَتَحَ | فَاتِحٌ | مَفْتُوْحٌ | مَفْتَحٌ | مِفْتَحٌ/مِفْتَاحٌ | اَفْتَحُ | فَتَّاحٌ | فَتِيْحٌ |
| حَسِبَ | حَاسِبٌ | مَحْسُوْبٌ | مَحْسَبٌ | مِحْسَبٌ/مِحْسَابٌ | اَحْسَبُ | حَسَّابٌ | حَسِيْبٌ |
| كَرُمَ | كَرِيْمٌ | X | مَكْرَمٌ | مِكْرَمٌ/مِكْرَامٌ | اَكْرَمُ | كَرَّامٌ | كَرِيْمٌ |

☆ باب ضَرَبَ سے اسم ظرف مَفْعِل" کے وزن پر فعل مضارع کے کلمہ عین کے زیر کی وجہ سے ہے

☆ باب نَصَرَ کے بعض افعال سے بھی اسم ظرف مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔

مثلاً سَجَدَ، شَرَقَ، غَرَبَ سے مَسْجِدٌ، مَشْرِقٌ، مَغْرِبٌ اسم ظرف ہیں۔

☆ غیر ثلاثی افعال سے اسم فاعل بنانے کیلئے مضارع معروف سے علامت مضارع (یا) کی جگہ میم مضموم (مُ) لگادیں۔

☆ غیر ثلاثی افعال سے اسم مفعول بنانے کیلئے مضارع مجہول سے علامت مضارع (یا) کی جگہ میم مضموم (مُ) لگادیں۔

☆ غیر ثلاثی افعال سے اسم تفضیل بنانے کے لئے مصدر منصوب سے پہلے اَكْثَرُ ، اَقَلُّ اور اَشَدُّ لگادیتے ہیں۔

☆ غیر ثلاثی افعال سے اسم آلہ مِفْعَلٌ کے وزن پر نہیں آتا۔

☆ اسم فاعل اور اسم مفعول صرف فعل متعدی سے بنتے ہیں۔

# قرآنی جملوں اور آیات کی صرفی ونحوی تحلیل

عربی زبان سیکھنے کے لئے صرف اور نحو کا جاننا ضروری ہے۔

**صرف:** وہ علم ہے جس میں کلمات اور اُن کی بدلتی صورتوں کی پہچان اور ان کے مشتقات کے قاعدوں کا ذکر ہو۔

**نحو:** وہ علم ہے جس میں کلمات کے باہمی تعلق اور ان کی اِعرابی حالت کی پہچان کے قاعدوں کا ذکر ہو۔

**ترکیب یا تحلیل:** کلام میں لفظوں کے الگ الگ جانچنے اور پرکھنے کو ترکیب کہتے ہیں یہ دو قسم کی ہے

1: **ترکیبِ صرفی:** صرف کے قواعد جانچنے کو ترکیب صرفی کہتے ہیں۔

2: **ترکیبِ نحوی:** نحو کے قواعد کے اعتبار سے تجزیہ کرنا اعراب یا ترکیب کہلاتا ہے۔

## ترکیب صرفی

(ترکیبِ صرفی میں مندرجہ ذیل امور پیشِ نظر رکھیں)

1: سب سے پہلے یہ دیکھیں کہ وہ کلمہ اسم ہے فعل ہے یا حرف۔

2: اگر اسم ہے تو کیا وہ نکرہ ہے یا معرفہ ہے. اگر نکرہ ہے تو اسمِ ذات ہے یا اسمِ صفت۔

3: معرفہ ہے تو معرفہ کی کون سی قسم ہے۔ 4: مشتق یا جامد: اگر مشتق ہے تو اس کی سات اقسام سے کونسی ہے

5: اصلی حروف کے لحاظ سے ثلاثی، رباعی یا خماسی ہے، مجرد ہے یا مزید فیہ ۔

6: مفرد ہے، تثنیہ یا جمع اگر جمع ہے تو جمع سالم یا مکسر ، مکسر ہے تو اس کا وزن کیا ہے۔

7: مذکر ہے یا مؤنث، علامتِ تانیث کیا ہے۔ (8): مُعْرَبٌ یا مَبْنِیٌ۔

اگر فعل ہو تو یہ دیکھا جائے گا کہ :

1: فعل ماضی، مضارع، امر یا نہی مع صیغہ۔ 2: ثلاثی ہے یا رباعی، مجرد یا مزید فیہ۔

3: معروف ہے یا مجہول۔ 4: لازم ہے یا متعدی۔ 5: مُعْرَبٌ ہے یا مبنی۔

6: اگر حرف ہے تو دیکھا جائے گا کہ وہ کون سا ہے۔ حرف جار، استفہام، نفی، تاکید، ندا، ناصب، جازم وغیرہ

## ﴿اَلرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَآءِ کی ترکیبِ صرفی﴾

الرِّجَال اسم ہے، معرفہ ہے۔ معرف باللام جمع مکسر ہے۔ اس کا واحد اَلرَّجُلُ ہے مذکر ہے۔ جامد ہے ثلاثی مجرد اور معرب ہے۔ مادہ (ر، ج، ل)

قَوَّامُونَ: اسم ہے، جمع سالم مذکر، اس کا واحد قَوَّامٌ ہے مشتق ہے۔ قَامَ يَقُوْمُ ، قَوْمٌ ، قَوْمَةٌ ، قِيَامٌ سے۔ اسم مبالغہ (صیغہ، جمع) عَلٰی (پر)۔ حرف جار ہے اور مبنی ہے۔

النِّسَآء ، عورتیں، اسم، معرفہ، معرف باللام، جمع مکسر، اس کا واحد اِمْرَأَةٌ مؤنث، جامد، ثلاثی مجرد اور معرب ہے۔

یہ جملہ اسمیہ ہے کیونکہ اس کا پہلا جزو الرجال اسم ہے۔

" اَلرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَآءِ " ترجمہ: مرد عورتوں پر قوام ہیں۔

قَوَّامٌ (قیم) : اس شخص کو کہتے ہیں جو کسی فرد یا ادارہ یا نظام کے معاملات کو درست حالت میں چلانے اور اس کی نگہبانی اور حفاظت کرنے اور اس کی ضروریات مہیا کرنے کا ذمہ دار ہو۔

## ﴿قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ (داؤد نے جالوت کو قتل کیا) کی صرفی تحلیل﴾

قَتَلَ: فعل ماضی، صیغہ واحد مذکر غائب، ثلاثی مجرد (ق ت ل)، متعدی ، مبنی

دَاوٗدُ : اسم علم، واحد، مذکر، جامد، معرب جَالُوْتَ : اسم علم، واحد، مذکر، جامد، معرب

## ﴿وَ زِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ (35، بنی اسرائیل، 17) کی صرفی تحلیل﴾

وَ : حرف عطف زِنُوْا : فعل امر حاضر ، متعدی ، صیغہ جمع مذکر حاضر

اس میں واو جمع حاضر کی ضمیر مرفوع متصل ہے۔ یہ فعل مثال واوی وَزَنَ سے ہے۔

بِ: حرف جار اَلْقِسْطَاسِ: اسم، معرف باللام، واحد مذکر، جامد، معرب

اَلْمُسْتَقِيْم: اسم، معرف باللام، واحد مذکر، اسم فاعل ہے۔ مشتق ہے۔ اِسْتَقَامَ ، يَسْتَقِيْمُ ، اِسْتِقَامَةٌ سے سیدھا ہونا ، مادہ (ق و م)

ب: حرف جار، اَلْقِسْطَاسِ مجرور موصوف ہے اور اَلْمُسْتَقِیْمِ صفت ہے وہ بھی موصوف کی وجہ سے مجرور ہے۔

جار مجرور مل کر متعلق فعل جملہ انشائیہ ، اگر جملے میں استفہام، امر یا نہی ہو اسے جملہ انشائیہ کہتے ہیں۔

## ﴿ترکیب نحوی﴾

ترکیب نحوی میں درج ذیل امور مدنظر رکھے جاتے ہیں۔

۱: وہ مرکب تام یعنی مکمل جملہ ہے یا مرکب ناقص یعنی نامکمل جملہ۔ ۲: مرکب ناقص ہے تو مرکب توصیفی یا مرکب اضافی۔

۳: مرکب توصیفی ہے تو اس میں موصوف کونسا ہے اور صفت کونسی ہے۔

۴: مرکب اضافی ہے تو اس میں مضاف اور مضاف الیہ کون کونسے ہیں۔

۵: مرکب تام ہے تو جملہ اسمیہ یا جملہ فعلیہ۔ ۶: جملہ اسمیہ ہے تو مبتدا کون سا ہے اور خبر کونسی۔

۷: جملہ فعلیہ تو اس میں فعل، فاعل، نائب فاعل اور مفعول کون کون سے ہیں۔

۸: ہر اسم اور فعل کی اعرابی حالت کیا ہے۔ حالت رفعی، نصبی یا جری

۹: اگر کوئی اسم مجرور ہے تو کیوں۔ کیا وہ حرف جر کے بعد آیا ہے یا مضاف الیہ ہے۔

۱۲: ہر کلمہ کے اعراب دیکھنا کہ وہ اعراب بالحرکت ہیں یا اعراب بالحروف ہیں۔

## ﴿الرجال قوامون علی النسآء کی ترکیب نحوی﴾

یہ جملہ اسمیہ ہے کیونکہ اس کا پہلا جزو الرجال اسم ہے۔

اَلرِّجَالُ: مبتداء ہے اسی لئے مرفوع ہے اس کا رفع پیش (ُ) ہے۔

قَوّٰامُوْنَ: خبر ہے اسی لئے مرفوع ہے اس کا رفع ـُ وْنَ ہے۔

علی: حرف جار ہے۔ النسآء مجرور ہے۔ اس کا جر زیر (ءِ) ہے۔

جار اور مجرور مل کر خبر سے متعلق ہے۔ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔

اسی کو اس طرح بھی لکھتے ہیں۔ اَلرِّجَالُ قَوّٰامُوْنَ عَلَی النِّسَآءِ (34، النسآء، 4)

مبتداء خبر جار مجرور متعلق خبر جملہ اسمیہ ۔

ترجمہ : مرد عورتوں پر قوّام (منتظم،نگران ومحافظ،کفیل) ہیں،

## ﴿قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ کی نحوی تحلیل﴾

قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ یہ جملہ فعلیہ ہے کیونکہ اس کا پہلا جزو فعل (قتل) ہے

قَتَلَ : فعل ماضی ہے اور مبنی برفتحہ ۔

دَاوٗدُ: فاعل ہے اس لئے مرفوع ہے اس کا رفع پیش ہے۔

جَالُوْتَ: مفعول ہے۔اسی لئے منصوب ہے اس کا نصب زبر سے دیا گیا ہے۔ اس کو اس طرح بھی لکھتے ہیں۔

| قتل | داوٗد | جالوت | |
|---|---|---|---|
| فعل | فاعل | مفعول | جملہ فعلیہ |

ترجمہ: داود نے جالوت کو قتل کیا۔

## ﴿وَ زِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِیْمِ (35،بنی اسرائیل،17) کی نحوی تحلیل﴾

وَ: حرف عطف زِنُوْا : فعل امر حاضر،متعدی ب: حرف جار اَلْقِسْطَاسِ: مجرور موصوف ہے اور اَلْمُسْتَقِیْمِ:صفت ہے۔وہ بھی موصوف کی وجہ سے مجرور ہے۔جار مجرور مل کر متعلق فعل ۔

جملہ انشائیہ : جس جملے میں استفہام،امر یا نہی ہو اسے جملہ انشائیہ کہتے ہیں۔

ترکیب وتحلیل پر مدارس میں کافی محنت کرائی جاتی ہے۔بعض علماء نے تیسواں پارہ نہایت مفصل انداز اسی طور پر تحریر کیا ہے یہ قرآن کی تفہیم کیلئے نہایت اہم ہے اس کے علاوہ ساری گرامر پر عبور والا فرد ہی اس کو احسن انداز سے کر سکتا ہے۔میں نے معمولی ردوبدل کے ساتھ عربی کا معلم از مولوی عبدالستار سے تحریر کیا ہے۔تقریباً اس طرز پر پورا قرآن حکیم بنام ”معجم اعراب الفاظ القرآن الکریم از ڈاکٹر محمد سید طنطاوی بھی آ چکا ہے۔اس میں دلچسپی رکھنے والے افراد اور دینی مدارس کے علماء واساتذہ اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

## ﴿عربی رسم الخط کے کچھ متفرق قواعد وضوابط﴾

اَنَا (میں) کو بغیر الف پڑھا جاتا ہے جیسے اَنَ مگر لکھنے میں الف کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔

گول تاء (یا تاء مربوطہ) ۃ: اگر کسی مفرد اسم کے آخر میں آئے اور اس سے پہلے حرف پر فتحہ ہو اسے گول لکھا جائے گا۔

جمع مکسر کے آخر میں بھی گول تاء (ۃ) لکھی جاتی ہے۔

جس مفرد کا آخری حرف یاء (ی) ہو اس کی جمع میں گول تاء آئے گی، جیسے قَاضِیٌ سے قُضَاۃٌ

کبھی گول تاء مبالغہ اور شرف کے لئے آتی ہے۔ جیسے عَلَّامَۃٌ

اسم جنس اور واحد میں فرق کرنے کے لئے آتی ہے شَجَرٌ، اسم جنس جبکہ شَجَرَۃٌ" ، ایک درخت

تاء مفتوحہ یا مبسوطہ (ت): وہ تاء جو فعل کے آخر میں آئے چاہے اس کا ماقبل ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے عَلِمْتُ

وہ تاء جو فعل کے آخر میں ہو اور اصل ہو جیسے بَاتَ ، مَاتَ ، سَکَتَ۔

جمع مؤنث سالم کی تاء جیسے مُؤْمِنَاتٌ ، صَالِحَاتٌ

وہ تاء جو مفرد اسم کے آخر میں ہو اور اسی سے پہلے حرف مفتوح نہ ہو، ثَابِتٌ ، تَفَاوُتٌ

## ﴿ہمزہ اور الف میں فرق﴾

حروف تہجی میں ہمزہ ایک ایسا حرف ہے جس کے لکھنے کی کوئی مخصوص صورت نہیں ہے الف، واؤ اور یاء تینوں صورتوں میں لکھا جاتا ہے۔ جیسے سَأَلَ، سُؤَال"، سُئِلَ

البتہ عام طور پر اس کو عین کے سرے (ء) سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ ہمزہ اور الف ایک جیسے ہوتے ہیں۔

کیونکہ ابتداء میں ہمیشہ اور درمیان میں بعض اوقات ہمزہ الف کی صورت میں لکھا جاتا ہے۔ اس لئے مجازاً اسے الف کہہ دیا جاتا ہے۔ ورنہ درحقیقت دونوں میں فرق ہے۔ الف کا ماقبل ہمیشہ زبر والا ہوتا ہے۔ الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے اور آرام سے پڑھا جاتا ہے نیز اس پر جزم نہیں ہوتا۔ جیسے قَالَ، جب کہ ہمزہ متحرک اور ساکن دونوں طرح ہوتا ہے۔ جیسے سَأَلَ، جب ہمزہ ساکن ہو تو تلفظ تنگی اور دشواری کے ساتھ جھٹکے سے پڑھا جاتا ہے جیسے رَأْس"

## ﴿کتابت ہمزہ کے قواعد وضوابط﴾

الف الوصل یا ہمزۃ الوصل: ہمزہ اگر جملہ کے ابتداء میں آئے تو اسے پڑھا جائے گا۔ اور اس پر زبر، زیر اور پیش لکھ دی جائے گی۔ اَ، اِ، اُ۔ جیسے اَلْـکِتَـابُ لیکن اگر اس سے پہلے کوئی دوسرا لفظ یا حرف آجائے تو اب اسے پڑھا نہیں جائے گا۔ جیسے ذٰلِکَ الْکِتَابُ

باب اِفعال کے علاوہ ثلاثی مزید فیہ ورباعی مزید فیہ کے تمام ابواب کے ماضی صیغہ واحد غائب، امر اور مصدر کا ہمزہ، ہمزۃ الوصل ہوتا ہے۔

ہمزۃ القطع: باب افعال کے ماضی وامر، افعل التفضیل، افعل الصفۃ اور ہر ایک باب سے مضارع واحد متکلم کا ہمزہ، ہمزۃ القطع ہوتا ہے۔

ہمزۃ القطع کو لکھنے کا طریقہ: الف قطعی اگر ابتداء میں آجائے تو زبر اور پیش کی صورت میں اس کے اوپر ہمزہ (ء) لکھ دیا جاتا۔ (أَ ، أُ) اور کسرہ کی صورت میں نیچے لکھ دیا جاتا ہے۔ (إ) جیسے إِلٰی ، إِمْلَاء۔

ہمزہ متوسط: اگر ہمزہ قطعی کسی لفظ کے درمیان میں آجائے تو اس کے تحریر کرنے کے قاعدے یہ ہیں۔

اگر ہمزہ سے پہلے یاء ساکنہ ہو تو ہمزہ کو چھوٹے سے دندانے پر لکھا جائے گا جیسے۔ هَيْئَةٌ ۔

اگر ہمزہ سے پہلے الف آجائے اور ہمزہ پر زبر ہو تو اسے الگ لکھا جائے گا۔ جیسے هُمَا جَآءَا

اگر ہمزہ سے پہلے واؤ ساکن ہو تو اسے الگ لکھا جائے گا۔ جیسے ضَوْءُکَ ، سَوْءَةً

اگر ہمزہ مکسور ہے تو ہر حالت میں یاء کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے۔ مَسَآئِلُ ، مَسَآئِلَ ، سُئِلَ

اگر ہمزہ ساکن ہو اور اس سے پہلے متحرک حرف ہو تو اس ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے مطابق حروف علت سے بدل دیتے ہیں۔ یعنی اگر زبر ہے تو الف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے رَأْیٌ

اگر زیر ہے تو یاء کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے بِئْرٌ

اگر پیش ہے تو واؤ کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے سُؤْلٌ

اگر ہمزہ مفتوحہ ہو اور اس کے بعد حرف مدہ نہ ہو تو اسے پہلے حرف کی حرکت کے مشابہ لفظ کی شکل میں لکھا جائے گا
جیسے، زبر کی مثال۔ مَسَأَلَ، پیش کی مثال۔ یُؤَلِّفُ، زیر کی مثال۔ فِئَۃ
اگر اس مفتوحہ ہمزہ سے پہلا حرف صحیح اور ساکن ہو تو اسے الف کی شکل میں لکھا جائے گا۔ جیسے یَسْأَلُ
اگر اس ہمزہ مفتوحہ کے بعد حرف مدہ ہو تو دو حال سے خالی نہیں۔

1. اگر اس کا پہلا حرف بعد والے حرف سے ملا ہوا ہے تو اسے دندانے پر لکھا جائے گا۔ جیسے مَلْجَئَانِ
2. اگر ماقبل اس کا مابعد سے ملا ہوا نہیں ہے تو اسے علیحدہ لکھا جائے گا۔ جیسے قَرَءَ ا، لَمْ یَقْرَءَ ا

اگر ہمزہ قطعی کسی لفظ کے درمیان میں ہو اور اس پر پیش (و) ہو اور اس کے بعد حرف مدہ نہ ہو تو واؤ کی صورت میں لکھا جاتا ہے۔ جیسے یَرُؤُف"، اُؤْلِقِیَ۔
اگر مضموم (پیش والے) ہمزہ کے بعد حرف مدہ آجائے تو ہمزہ دو حال سے خالی نہیں۔

1. اگر ہمزہ کا پہلا حرف بعد کے حرف سے ملا ہوا نہیں ہے تو ہمزہ کو علیحدہ لکھا جائے گا جیسے رَءُوف
2. اگر اس کا ماقبل مابعد سے ملا ہوا ہو تو ہمزہ کو دندانے پر لکھا جائے گا۔ جیسے مَسْئُوْل"

ہمزہ قطعی جب کسی لفظ کے آخر میں آئے یہ ہمزہ دو حال سے خالی نہیں ہے۔
اس کا ماقبل متحرک ہوگا یا ساکن ہوگا۔ ایسی صورت میں ہمزہ اس کے ماقبل کے حرف کے مشابہ حرف کی شکل میں لکھا جائے گا۔ یعنی اگر پہلا حرف مفتوح ہے تو اسے الف کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے قَرَأَ، اَنْبَأَ
اگر اس کا ماقبل مضموم ہوگا تو واؤ کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے وَضُوْءٌ
اگر اس کا ماقبل مکسور ہوگا تو یاء کی شکل میں لکھا جائے گا۔ جیسے قُرِیءَ
اگر اس کا ماقبل حرف ساکن ہے تو اسے الگ لکھا جائے گا۔ جیسے دِفْءٌ"، مِلْءٌ"
ہمزہ استفہام جب ہمزہ وصلی پر داخل ہوگا تو ہمزہ وصلی ساکت ہو جاتا ہے اور ہمزہ استفہام برقرار رہتا ہے۔ جیسے اَصْطَفٰی، اَفْتَرٰی، اَطَّلَعَ دراصل أَاِصْطَفٰی، أَاِفْتَرٰی، أَاِطَّلَعَ تھے۔ اسی طرح اَسْتَغْفَرْتَ، اَسْتَكْبَرْتَ، اَطَّلَعْتَ اور اَتَّخَذْتُمْ دراصل أَاِسْتَغْفَرْتَ، أَاِسْتَكْبَرْتَ، أَاِطَّلَعْتَ اور أَاِتَّخَذْتُمْ تھے۔

# رموزِ اوقافِ قرآنِ حکیم

قرآنِ حکیم کی تلاوت تیز تیز اور بلا سوچے سمجھے کرنا کسی صورت جائز نہیں۔ درست تلاوت کے لئے یہ جاننا ضروری ہے کہ کہاں ٹھہرنا چاہیے اور کہاں نہیں۔ اس کے لئے قرآنِ حکیم کے اندر لگائی گئی علامات (رموز) کا جاننا نہایت ضروری ہے۔

O وقف تام : یہ دراصل گول ۃ ہے۔ آیت ختم ہونے کے بعد آتی ہے اس پر ٹھہرنا چاہیے۔

م وقفِ لازِم: اس پر ٹھہرنا لازم ہے۔ اگر نہ ٹھہریں تو مطلب بدل جانے کا احتمال ہے۔

ط وقف مطلق: اس پر ہر صورت ٹھہرنا چاہیے۔

قف وقف يُوْقَفُ عَلَيْهِ: یہ کلمہ قِفْ فعل امر ہے یعنی ٹھہر جاؤ اس پر سانس روک کر وقف کرنا چاہیے۔

ج وقف جائز: اس پر ٹھہر جانا بہتر ہے۔ مگر ٹھہرنا یا نہ ٹھہرنا دونوں جائز ہیں۔

لا وقف لا: لَا وَقْفَ عَلَيْهِ اس میں وقف نہیں ہے. اگر آیت کے اوپر ہو، ٹھہرنا یا نہ ٹھہرنا دونوں جائز ہیں۔

ص وقف مُرَخَّصْ: یہاں پر ملا کر پڑھنا چاہیے۔ مگر اس پر ٹھہر جانے کی بھی رخصت ہے۔

صل وقف قَدْ يُوْصَلُ : (کبھی کبھی ملا کر پڑھا جاتا ہے) وقف کرنا احسن، مگر وصل کی بھی اجازت ہے۔

صلے وقف اَلْوَصْلُ اَوْلٰى :(ملا کر پڑھنا بہتر ہے) یہاں ملا کر پڑھنا احسن ہے۔

ق قِيْلَ عَلَيْهِ الْوَقْفُ: (کہا گیا ہے اس مقام پر وقف ہے) یہاں ٹھہرنا اور نہ ٹھہرنا دونوں جائز مگر ملانا بہتر ہے

س یا سکتہ: یہ سکتہ کی علامت ہے۔ اس پر بغیر سانس توڑے ٹھہرنا چاہیے۔

وقفہ: یہ لمبے سکتہ کی علامت ہے، سکتہ کی نسبت زیادہ ٹھہرنا چاہیے۔

ز وقف مُجَوَّزْ : اس پر نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔ یہاں سے تجاوز کر جانا یعنی گزر جانا چاہیے۔

ک وقف كَذٰلِكَ: یعنی جو رمز پہلے ہے وہی سمجھی جائے۔

∴ ∴ وقف معانقہ یا مراقبہ: پہلے تین نقاط پر وصل کر کے دوسرے تین نقاط پر وقف کیا جائے یا اس کے برعکس۔

☆ وقف تام O اس کے اوپر جو رمز ہوگی وقف اور وصل اسی کے مطابق ہوگا۔

☆ جہاں ایک سے زائد علامتیں اوپر نیچے لکھی ہوں وہاں وقف اور وصل کے لئے بالائی رمز کا اعتبار ہوگا۔

☆ جہاں ایک سے زائد علامتیں ایک سیدھ میں ہوں تو آخری علامت کا اعتبار ہوگا۔

انعام القرآن
159
حاصل مطالعہ
لفظ
بامعنی
بے معنی (مہمل)
مرکب
مفرد (کلمہ)
اسم
فعل
حرف
مصدر
مشتق
جامد
اسم ظرف
اسم صفت
اسم آلہ
اسم فاعل اسم مفعول، اسم تفضیل، اسم مبالغہ، صفت مشبہ
اسم بلحاظ جنس
مذکر
مؤنث
اسم بلحاظ عدد
واحد
تثنیہ
جمع
وسعت
اسم نکرہ
اسم معرفہ
علم، ضمیر، موصول، اشارہ، معرف باللام، مضاف، منادیٰ
جو اسم ان پانچوں میں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہو
اقسام فعل بلحاظ زمانہ
ماضی
مضارع
امر
نہی
فعل مفعول کے لحاظ سے۔ لازم ومتعدی
فعل فاعل کے لحاظ سے۔ معروف ومجہول
مرکب
مرکب مفید (تام)
مرکب غیر مفید (ناقص)
انشائیہ
جملہ خبریہ
اسمیہ
فعلیہ
مرکب ناقص
اضافی
اشاری
توصیفی
جاری
مضاف + مضاف الیہ ، اشارہ + مشار الیہ ، موصوف + صفت ، جار + مجرور
افعال بلحاظ حروف/ابواب
ثلاثی (سہ حرفی)
رباعی (چہار حرفی)
مجرد (چھ)
مزید فیہ (بارہ)
مجرد (ایک)
مزید فیہ (تین)

## ﴿متفرق قواعد﴾

☆ مصدر کے مجرد کا مزید فیہ ہونا ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب کے تابع ہے۔ جیسے یَنۡصُرُ میں یاء زائد ہے یہ باب نَصَرَ ثلاثی مجرد سے ہے۔

☆ جب کسی فعل کا کلمہ عین الف ہو تو وہ دراصل واؤ یا یاء (ی) کا قائم مقام ہوتا ہے۔ جیسے قَالَ ، خَافَ میں الف واؤ (و) کا قائم مقام ہے۔ اِسی طرح بَاعَ ، شَاعَ میں الف، یاء (ی) کا قائم مقام ہے۔

☆ گول ۃ والے کلمہ کے مادہ میں تاء نہیں آتا رحمۃ کا مادہ ر ح م ہے۔

☆ ا ، و ، ی حروف علت ہیں یہ اِن کا عام نام ہے۔ خواہ متحرک ہوں یا ساکن۔ اگر ساکن ہوں اور ان کے ماقبل کی حرکت ان کے مخالف ہو تو حروف لین کہلاتے ہیں۔ اگر ساکن ہوں اور ان کے ماقبل کی حرکت ان کے موافق ہو تو حروف مدہ کہلاتے ہیں۔ واؤ کے موافق ضمہ ، ی کے موافق کسرہ اور الف کے موافق فتحہ ہوتا ہے۔

☆ ف ع ل کلمہ کو میزان اور جس کلمہ کا وزن نکالنا ہو اسے موزوں کہتے ہیں۔

☆ نون نسوۃ فعل مضارع جمع مؤنث غائب اور حاضر کا "ن" نون نسوۃ کہلاتا ہے اور باقی نون اعرابی ہوتے ہیں۔

☆ نون وقایہ (بچاؤ کا نون): یائے متکلم (ضمیر متکلم کی ی) سے پہلے بعض اوقات ایک نون بڑھایا جاتا ہے یہ لفظ یا صیغے کے آخر کو تغیر سے بچالیتا ہے اسے نون وقایہ کہتے ہیں۔ ماضی، مضارع اور امر کے کسی صیغے کے آخر میں جب یائے متکلم آئے تو وہاں یہ نون لگایا جاتا ہے۔ جیسے۔ عَلَّمَنِیۡ اور جَعَلَنِیۡ
بعض حروف کے ساتھ بھی نون وقایہ آتا ہے۔ جیسے مِنِّیۡ (مِنۡ نِیۡ) اِنَّنِیۡ (اِنَّ نِیۡ) جسے اکثر اِنِّیۡ کہا جاتا ہے۔

جن کلمات کے مادہ میں ہمزہ، واؤ یا یاء (ی) آتے ہیں۔ ان کے سمجھنے میں ہر ایک کو دشواری پیش آتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں کبھی زیادہ پریشان نہ ہوں۔ البتہ ان کو سمجھنے اور یاد کرنے کی مسلسل کوشش کریں۔
آغاز میں عربی کے حروفِ صحیحہ والے کلمات اور بعد میں حروفِ علت والے کلمات سیکھیں۔

# باب ضَرَبَ کی خاصیات

☆ اس باب کا خاصہ مغالبہ ہے۔ غالب شخص کے غلبہ کے اظہار کے لئے پہلے فعل باب مفاعلہ سے لایا جاتا ہے اور پھر ضَرَبَ باب سے فعل لایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ باب مفاعلہ کے بعد میں فعل کا ذکر کیا جائے تو وہ فعل مثال واوی یا یائی، اجوف یائی یا ناقص یائی سے ہو۔

## باب ضَرَبَ کی علامات:

☆ مثال واوی وَبَلَ سے وَهَنَ تک اسی باب سے آئے ہیں۔

☆ اجوف یائی اکثر ضَرَبَ سے آئے گا۔ جیسے بَاتَ سے هَامَ تک کے افعال اسی باب سے آئے ہیں۔

☆ ناقص یائی اکثر ضَرَبَ سے آئے گا۔ جیسے اَتٰی سے هَدٰی تک کے افعال۔

☆ اجوف واوی و ناقص یائی ثَوٰی سے هَوٰی تک کے افعال اس کی مثالیں ہیں۔

☆ مہموز الفاء و ناقص یائی اکثر ضَرَبَ سے آتا ہے۔ اَوٰی، اَدٰی، اَتٰی وغیرہ۔

| ماضی ضَرَبَ | مضارع يَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ (ض) حوالہ قرآن | | سورة |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَرَبَ | يَضْرِبُ | ضَرْبٌ | بیان کرنا، بتانا، مثال دینا | اَنْ يَضْرِبَ مَثَلًا مَّابَعُوْضَةً | 26 | البقرة 2 |
| ضَرَبَ | يَضْرِبُ | ضَرْبٌ | کاٹنا، مارنا | فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ | 12 | الانفال 8 |
| ضَرَبَ | يَضْرِبُ | ضَرْبٌ | سفر کرنا، چلنا (+ فی) | وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ | 101 | النساء 04 |
| ضَرَبَ | يَضْرِبُ | ضَرْبٌ | نصب کرنا، حائل کرنا | فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ | 13 | الحديد 57 |
| ضَرَبَ | يَضْرِبُ | ضَرْبٌ | روکنا، بند کرنا، ہٹالینا (عن) | اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا | 05 | الزخرف 43 |
| بَطَشَ | يَبْطِشُ | بَطْشٌ | سختی (رعب) سے پکڑنا | اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ | 19 | القصص 28 |
| جَرَمَ | يَجْرِمُ | جَرْمٌ، جَرِيْمَةٌ | جرم کرنا، آمادہ کرنا | وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ | 02 | المائدة 5 |
| جَلَدَ | يَجْلِدُ | جَلْدٌ | کوڑے مارنا (جلد پر) | فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا | 02 | النور 24 |
| جَلَسَ | يَجْلِسُ | جُلُوْسٌ، مَجْلَسٌ | بیٹھنا، بیٹھے رہنا | تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجَالِسِ | 11 | المجادلة 58 |
| حَبَسَ | يَحْبِسُ | حَبْسٌ | قید کرنا، روکنا | لَيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ | 08 | هود 11 |
| حَتَمَ | يَحْتِمُ | حَتْمٌ | ضرور کرنا، محکم کرنا، قطعی کرنا | حَتْمًا مَّقْضِيًّا | 71 | مريم 19 |
| حَدَقَ | يَحْدِقُ | حَدْقٌ | ہر طرف سے گھیرنا (فصیل بند باغ) | حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا | 32 | النبا 78 |
| حَرَدَ | يَحْرِدُ | حَرْدٌ | قصد کرنا، روکنا، غصہ ہونا | وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ | 25 | القلم 68 |
| حَرَفَ | يَحْرِفُ | حَرْفٌ | الگ ہونا، کنارے پر کھڑا ہونا | مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ | 11 | الحج 22 |
| حَرَصَ | يَحْرِصُ | حِرْصٌ | حرص کرنا، لالچ کرنا | اِنْ تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰىهُمْ | 37 | النحل 16 |
| حَسَمَ | يَحْسِمُ | حَسْمٌ | مسلسل جاری رہنا | وَثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ حُسُوْمًا | 07 | الحاقة 69 |
| حَصَبَ | يَحْصِبُ | حَصْبٌ | پتھر یا کنکر مارنا | اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا | 17 | الملک 67 |
| حَصَدَ | يَحْصِدُ | حَصْدٌ | کھیتی کاٹنا | وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ | 141 | الانعام 6 |
| حَطَبَ | يَحْطِبُ | حَطْبٌ | ایندھن جمع کرنا | حَمَّالَةَ الْحَطَبِ | 4 | اللهب 111 |

| ماضی | مضارع | مصدر | | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ (ض) | |
|---|---|---|---|---|---|
| ضَرَبَ | يَضْرِبُ | ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | حوالہ قرآن | سورۃ |
| حَطَمَ | يَحْطِمُ | حَطْمٌ | ریزہ ریزہ کرنا | لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ 18 | النمل 27 |
| حَفَدَ | يَحْفِدُ | حَفْدٌ، حُفُوْدٌ | خدمت میں سرگرم ہونا | بَنِيْنَ وَحَفَدَةً مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ 72 | النحل 16 |
| حَفَرَ | يَحْفِرُ | حَفْرٌ | گڑھا کھودنا | ءَ اِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ 10 | النزعت 79 |
| حَلَفَ | يَحْلِفُ | حَلْفٌ، مَحْلُوْفٌ | قسم کھانا | ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ 62 | النساء 4 |
| حَلَقَ | يَحْلِقُ | حَلْقٌ | سر منڈوانا، سر مونڈنا | وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ 196 | البقرة 2 |
| حَمَلَ | يَحْمِلُ | حَمْلٌ، حُمْلَانٌ | بوجھ اٹھانا | يَحْمِلُ اَسْفَارًا 05 | الجمعة 62 |
| حَنَذَ | يَحْنِذُ | حَنْذٌ | پکانا، بھوننا، تلنا (روسٹ) | جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ 69 | هود 11 |
| حَنَفَ | يَحْنِفُ | حَنْفٌ | یک سو ہونا | فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا 30 | الروم 30 |
| خَتَرَ | يَخْتِرُ | خَتْرٌ | عہد شکنی کرنا، بے وفائی کرنا | اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ 32 | لقمٰن 31 |
| خَتَمَ | يَخْتِمُ | خَتْمٌ، خِتَامٌ | مہر کر دینا | خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ 07 | البقرة 2 |
| خَضَدَ | يَخْضِدُ | خَضْدٌ | کانٹے کاٹنا | فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ 28 | الواقعة 56 |
| خَرَبَ | يَخْرِبُ | خَرْبٌ | برباد کرنا، ویران کرنا | وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا 114 | البقرة 2 |
| خَرَقَ | يَخْرِقُ | خَرْقٌ | پھاڑ ڈالنا | لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ 37 | بنی اسرائیل 17 |
| خَسَفَ | يَخْسِفُ | خَسْفٌ | دھنسا دینا | اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ 16 | الملک 67 |
| خَسَفَ | يَخْسِفُ | خَسْفٌ | گہنا جانا، بے نور ہونا | وَخَسَفَ الْقَمَرُ 08 | القيمة 75 |
| خَصَفَ | يَخْصِفُ | خَصْفٌ | چپکانا، جوڑ کر سلائی کر دینا | يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ 22 | الاعراف 07 |
| خَصَمَ | يَخْصِمُ | خَصْمٌ | جھگڑنا | بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ 58 | الزخرف 43 |
| خَفَضَ | يَخْفِضُ | خَفْضٌ | پست کرنا، ذلیل کرنا | خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ 3 | الواقعة 56 |
| خَلَطَ | يَخْلِطُ | خَلْطٌ | ملا دینا | خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّ اٰخَرَ سَيِّئًا 102 | التوبة 9 |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع يَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ (ض) حوالہ قرآن | | سورة | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَطَ | يَرْبِطُ | رَبْطٌ، رِبَاطَةً | مضبوطی سے باندھنا | وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ | 11 | الانفال | 8 |
| رَجَعَ | يَرْجِعُ | رَجْعٌ، رُجُوْعٌ، مَرْجِعٌ | واپس ہونا، رجوع کرنا | لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْا | 13 | الانبياء | 21 |
| رَدَمَ | يَرْدِمُ | رَدْمٌ | سوراخ یا دروازہ بند کرنا | وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا | 95 | الكهف | 18 |
| رَفَدَ | يَرْفِدُ | رَفْدٌ | انعام یا تحفہ دینا، عطا کرنا | بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ | 99 | هود | 11 |
| زَبَنَ | يَزْبِنُ | زَبْنٌ | دفع کرنا، دھکیلنا، پھینکنا | سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ | 18 | العلق | 96 |
| سَبَتَ | يَسْبِتُ | سَبْتٌ | آرام کرنا، سبت کرنا | وَيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ | 163 | الاعراف | 7 |
| سَبَقَ | يَسْبِقُ | سَبْقٌ | سبقت کرنا | لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ | 27 | الانبياء | 21 |
| سَبَقَ | يَسْبِقُ | سَبْقٌ | پہلے گزر چکنا | مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ | 40 | هود | 11 |
| سَرَقَ | يَسْرِقُ | سَرْقٌ، سَرِقَةً | چوری کرنا | وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ | 12 | الممتحنة | 60 |
| سَفَكَ | يَسْفِكُ | سَفْكٌ | خون بہانا | وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ | 30 | البقرة | 2 |
| صَبَرَ | يَصْبِرُ | صَبْرٌ | صبر کرنا | وَالَّذِيْنَ صَبَرُوْا | 22 | الرعد | 13 |
| صَدَفَ | يَصْدِفُ | صَدْفٌ، صُدُوْفٌ | اعراض کرنا، کترانا | ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ | 46 | الانعام | 6 |
| صَرَفَ | يَصْرِفُ | صَرْفٌ | ٹال دینا، پھیر دینا | مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ | 16 | الانعام | 6 |
| صَرَمَ | يَصْرِمُ | صَرْمٌ | پھل توڑنا، قطع کرنا | اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ | 17 | القلم | 68 |
| صَفَدَ | يَصْفِدُ | صَفْدٌ | ہتھکڑی لگانا، بیڑیاں ڈالنا | وَاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ | 38 | ص | 38 |
| صَفَنَ | يَصْفِنُ | صُفُوْنٌ | چوپایہ کا تین پاؤں پر کھڑا ہونا | اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ | 31 | ص | 38 |
| صَلَبَ | يَصْلِبُ | صَلْبٌ | صلیب (سولی) پر چڑھانا | وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ | 157 | النساء | 04 |
| صَلَدَ | يَصْلِدُ | صَلْدٌ، صُلُوْدٌ | زمین کا سخت ہونا | فَتَرَكَهٗ صَلْدًا | 264 | البقرة | 2 |
| طَرَفَ | يَطْرِفُ | طَرْفٌ | پلک جھپکنا یا پھیرنا | اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ | 40 | النمل | 27 |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع يَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ (ض) حوالہ قرآن | | سورۃ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| طَمَثَ | يَطْمِثُ | طَمْثٌ | چھونا | لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ | 56 | الرحمن 55 |
| طَمَسَ | يَطْمِسُ | طَمْسٌ، طَمْسَةٌ | مٹانا، نیست و نابود کرنا | رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰى أَمْوَالِهِمْ | 88 | یونس 10 |
| ظَلَمَ | يَظْلِمُ | ظُلْمٌ، مَظْلِمَةٌ | ظلم کرنا، حق تلفی کرنا | إِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ | 39 | النساء 4 |
| عَبَسَ | يَعْبِسُ | عَبْسٌ، عُبُوْسٌ | ترش رو ہونا | عَبَسَ وَتَوَلّٰى | 01 | عبس 30 |
| عَتَلَ | يَعْتِلُ | عَتْلٌ | گھسیٹنا | خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ إِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ | 47 | الدخان 44 |
| عَجَزَ | يَعْجِزُ | عَجْزٌ، مَعْجِزَةٌ | عاجز ہونا، کمزور ہونا | أَعَجَزْتُ أَنْ أَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ | 31 | المائدة 05 |
| عَدَلَ | يَعْدِلُ | عَدْلٌ، عَدَالَةٌ | عدل کرنا، حرجانہ دینا | وَإِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ | 70 | الانعام 6 |
| عَذَرَ | يَعْذِرُ | عُذْرٌ، مَعْذِرَةٌ | عذر (بہانہ) کرنا | يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ | 52 | المومن 40 |
| عَرَجَ | يَعْرِجُ | عَرَجٌ، عَرَجَانٌ | لنگڑا ہونا | وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ | 61 | النور 24 |
| عَرَشَ | يَعْرِشُ | عَرْشٌ، عُرُوْشٌ | بلند کرنا | وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ | 68 | النحل 16 |
| عَرَضَ | يَعْرِضُ | عَرْضٌ، عُرُوْضٌ | عرض کرنا، پیش آنا، کرنا | ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ | 31 | البقرة 02 |
| عَرَضَ | يَعْرِضُ | عَرْضٌ، عُرُوْضٌ | پھیل جانا، نفع لینا | عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ | 21 | الحديد 57 |
| عَرَفَ | يَعْرِفُ | عِرْفَانٌ، مَعْرِفَةٌ | پہچاننا، جاننا | تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ | 04 | المطففين 83 |
| عَزَلَ | يَعْزِلُ | عَزْلٌ | جدا کرنا، دور کرنا | مِمَّنْ عَزَلْتَ | 51 | الاحزاب 33 |
| عَزَمَ | يَعْزِمُ | عَزْمٌ، عَزِيْمَةٌ | پختہ ارادہ کرنا | وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ | 235 | البقرة 02 |
| عَصَبَ | يَعْصِبُ | عَصْبٌ | سختی سے جکڑنا | هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ | 77 | هود 11 |
| عَصَرَ | يَعْصِرُ | عَصْرٌ | نچوڑنا | وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ | 49 | یوسف 12 |
| عَصَفَ | يَعْصِفُ | عَصْفٌ، عُصُوْفٌ | تیز ہوا (آندھی) کا چلنا | جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ | 22 | یونس 10 |
| عَصَمَ | يَعْصِمُ | عَصْمٌ | بچانا، محفوظ رکھنا | وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ | 67 | المائدة 05 |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع يَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ (ض) حوالہ قرآن | | سورة |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَقَرَ | يَعْقِرُ | عَقْرٌ | کونچیں کاٹ دینا | فَعَقَرُوا النَّاقَةَ | 77 | الاعراف 07 |
| عَقَلَ | يَعْقِلُ | عَقْلٌ، مَعْقُوْلٌ | سمجھنا، عقل سے کام لینا | وَمَا يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعٰلِمُوْنَ | 43 | العنکبوت 29 |
| عَمَدَ | يَعْمِدُ | عَمْدٌ | ستون پر کھڑا کرنا، قصد کرنا | فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ | 09 | الھمزة 104 |
| غَزَلَ | يَغْزِلُ | غَزْلٌ | سوت یا اُون کاتنا | وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا | 92 | النحل 16 |
| غَسَقَ | يَغْسِقُ | غَسْقٌ | اندھیرا چھا جانا | لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ إِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ | 78 | بنی اسرائیل 17 |
| غَسَلَ | يَغْسِلُ | غَسْلٌ | دھونا، نہانا | فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ | 06 | المائدة 05 |
| غَصَبَ | يَغْصِبُ | غَصْبٌ | چھین لینا پکڑ لے جانا | يَأْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا | 79 | الکھف 18 |
| غَفَرَ | يَغْفِرُ | غَفْرٌ، مَغْفِرَةٌ | معاف کرنا | فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ | 284 | البقرة 02 |
| غَلَبَ | يَغْلِبُ | غَلْبٌ، غَلَبَةٌ | غلبہ (قابو) پانا، فتح کر لینا | فَيُقْتَلْ أَوْ يَغْلِبْ | 74 | النساء 04 |
| فَتَقَ | يَفْتِقُ | فَتْقٌ | جدا کرنا، پھاڑنا | كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا | 30 | الانبیاء 21 |
| فَتَلَ | يَفْتِلُ | فَتْلٌ | دھاگا یا رسی بٹنا | وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا | 49 | النساء 04 |
| فَتَنَ | يَفْتِنُ | فَتْنٌ، فُتُوْنٌ | فتنہ میں ڈالنا | أَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا | 101 | النساء 04 |
| فَتَنَ | يَفْتِنُ | فَتْنٌ، فُتُوْنٌ | کٹھالی میں ڈال کر تپانا/ گلانا | يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ | 13 | الذٰریٰت 51 |
| فَتَنَ | يَفْتِنُ | فِتْنَةٌ، مَفْتُوْنٌ | دیوانہ کر دینا، مت مار دینا | بِأَيِّكُمُ الْمَفْتُوْنُ | 06 | القلم 68 |
| فَرَجَ | يَفْرِجُ | فَرْجٌ | کھولنا، فراخ کرنا | وَإِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ | 09 | المرسلٰت 77 |
| فَرَضَ | يَفْرِضُ | فَرْضٌ | فرض کرنا، ضروری قرار دینا | أَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ | 196 | البقرة 02 |
| فَرَشَ | يَفْرِشُ | فَرْشٌ، فِرَاشٌ | فرش بچھانا | وَالْأَرْضَ فَرَشْنٰهَا | 48 | الذٰریٰت 51 |
| فَصَلَ | يَفْصِلُ | فَصْلٌ | فیصلہ کرنا، جدا کرنا | إِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ | 17 | الحج 22 |
| فَقَدَ | يَفْقِدُ | فَقْدٌ، فُقْدَانٌ | گم پانا، کسی چیز کا نہ ملنا | وَأَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ | 71 | یوسف 12 |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع يَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ (ض) حوالہ قرآن | | سورة |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَقَ | يَفْلِقُ | فَلْقٌ | پھاڑنا، صبح کا ظاہر کرنا | اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى | 95 | الانعام 06 |
| قَبَسَ | يَقْبِسُ | قَبْسٌ | آگ تلاش کرنا، آگ جلانا | اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ | 07 | النمل 27 |
| قَبَضَ | يَقْبِضُ | قَبْضٌ | تنگی کرنا، کھینچنا | وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُطُ | 245 | البقرة 02 |
| قَدَرَ | يَقْدِرُ | قَدْرٌ، قُدْرَةٌ | قدرت رکھنا، اندازہ لگانا | اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ | 75 | النحل 16 |
| قَذَفَ | يَقْذِفُ | قَذْفٌ | چوٹ لگانا، غالب کرنا، پھینکنا | بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ | 18 | الانبياء 21 |
| قَذَفَ | يَقْذِفُ | قَذْفٌ | ملامت کرنا، تہمت لگانا | وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ | 08 | الصّٰفّٰت 37 |
| قَرَضَ | يَقْرِضُ | قَرْضٌ | کترا جانا، کاٹنا | تَقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ | 17 | الكهف 18 |
| قَرَضَ | يَقْرِضُ | قَرْضٌ | قرض دینا | وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا | 20 | المزمل 73 |
| قَرَنَ | يَقْرِنُ | قَرْنٌ | دو چیزوں کو ملانا | فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ | 38 | الزخرف 43 |
| قَسَطَ | يَقْسِطُ | قَسْطٌ، قُسُوْطٌ | ظلم کرنا، حق سے برطرف کرنا | وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ | 15 | الجن 72 |
| قَسَمَ | يَقْسِمُ | قَسْمٌ، قِسْمَةٌ | تقسیم کرنا، بانٹنا | اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ | 32 | الزخرف 43 |
| قَصَدَ | يَقْصِدُ | قَصْدٌ | میانہ روی اختیار کرنا | وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ | 19 | لقمان 31 |
| قَصَرَ | يَقْصِرُ | قَصْرٌ | رُکے رہنا | حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ | 72 | الرحمن 55 |
| قَصَفَ | يَقْصِفُ | قَصْفٌ | گرج کر توڑنا | فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا | 69 | بنی اسرائیل 17 |
| قَصَمَ | يَقْصِمُ | قَصْمٌ | برباد کرنا، توڑنا | وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ | 11 | الانبياء 21 |
| قَطَفَ | يَقْطِفُ | قَطْفٌ | پھل توڑنا | قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ | 23 | الحاقة 69 |
| قَلَدَ | يَقْلِدُ | قَلْدٌ | گلے میں پٹہ ڈالنا | وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ | 2 | المائدة 5 |
| كَبَتَ | يَكْبِتُ | كَبْتٌ | بے عزت کرنا، ہلاک کرنا | اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ | 127 | ال عمران 03 |
| كَذَبَ | يَكْذِبُ | كِذْبٌ، كِذَّابٌ | جھوٹ بولنا | اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ | 15 | یٰس 36 |

| ماضي ضَرَبَ | مضارع يَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ (ض) حواله قرآن | | سورة |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَسَبَ | يَكْسِبُ | كَسْبٌ | کمانا | فَإِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ | 111 | النساء 04 |
| كَسَفَ | يَكْسِفُ | كَسْفٌ | ٹکڑے ٹکڑے کرنا | فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا | 187 | الشعراء 26 |
| كَشَفَ | يَكْشِفُ | كَشْفٌ، كَاشِفَةٌ | کھولنا، ہٹا دینا | فَيَكْشِفُ مَاتَدْعُوْنَ | 41 | الانعام 06 |
| كَشَطَ | يَكْشِطُ | كَشْطٌ | کھال اتارنا | وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ | 11 | التکویر 81 |
| كَظَمَ | يَكْظِمُ | كَظْمٌ، كُظُوْمٌ | روکنا، غصہ دبانا، برداشت کرنا | وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ | 134 | آل عمران 3 |
| كَفَتَ | يَكْفِتُ | كَفْتٌ، كِفَاتٌ | سمیٹ لینا | اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا | 25 | المرسلٰت 77 |
| كَلَمَ | يَكْلِمُ | كَلْمٌ | کلام کرنا، بات کرنا | يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ | 10 | الفاطر 35 |
| كَنَزَ | يَكْنِزُ | كَنْزٌ | جمع کرنا، خزانہ میں داخل کرنا | يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ | 35 | التوبة 09 |
| كَنَسَ | يَكْنِسُ | كُنُوْسٌ | غائب ہو جانا | اَلْجَوَارِ الْكُنَّسِ | 16 | التکویر 81 |
| لَبَسَ | يَلْبِسُ | لَبْسٌ | خلط ملط کرنا، ملانا | لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ | 71 | آل عمران 03 |
| لَفَتَ | يَلْفِتُ | لَفْتٌ، لَفْتَةٌ | پھیر دینا، ہٹانا | قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا | 78 | یونس 10 |
| لَفَظَ | يَلْفِظُ | لَفْظٌ، لَفَظٌ | منہ سے پھینکنا، اگل دینا | مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ | 18 | قٓ 50 |
| لَمَزَ | يَلْمِزُ | لَمْزٌ | عیب لگانا | وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ | 11 | الحجرات 49 |
| لَمَسَ | يَلْمِسُ | لَمْسٌ | چھونا | فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ | 07 | الانعام 06 |
| مَلَكَ | يَمْلِكُ | مِلْكٌ، مَمْلُكَةٌ | اختیار رکھنا، مالک ہونا | لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا | 37 | النبا 78 |
| نَبَذَ | يَنْبِذُ | نَبْذٌ | پھینکنا، ڈالنا | فَانْبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ | 58 | الانفال 08 |
| نَتَقَ | يَنْتِقُ | نَتْقٌ | اٹھانا، پھیلانا | وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ | 171 | الاعراف 07 |
| نَحَبَ | يَنْحِبُ | نَحْبٌ | نذر ماننا | فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ | 23 | الاحزاب 33 |
| نَحَتَ | يَنْحِتُ | نَحْتٌ | پہاڑ کھودنا، پتھر تراشنا | وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ | 82 | الحجر 15 |

| ماضی | مضارع | مصدر | معانی | باب ضَرَبَ یَضرِبُ (ض) حوالہ قرآن | | سورۃ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَرَبَ | یَضرِبُ | ضَرْبٌ/ضَرْبًا | | | | |
| نَزَعَ | یَنزِعُ | نَزْعٌ | چھین لینا، کھینچ لینا | وَتَنزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ | 26 | ال عمران 03 |
| نَزَلَ | یَنزِلُ | نُزُوْلٌ، مَنْزِلٌ | اترنا | وَمَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ | 04 | الحدید 57 |
| نَسَفَ | یَنسِفُ | نَسْفٌ | ہوا میں بکھیر دینا، اکھاڑ دینا | فَقُلْ یَنْسِفُھَا رَبِّیْ نَسْفًا | 105 | طٰہ 20 |
| نَسَلَ | یَنسِلُ | نَسْلٌ | دوڑ کر جانا، تیز چلنا | اِلٰی رَبِّھِمْ یَنْسِلُوْنَ | 51 | یٰس 36 |
| نَصَفَ | یَنصِفُ | نَصْفٌ | آدھا حصہ ملنا یا لینا | وَاِنْ کَانَتْ وَاحِدَۃً فَلَھَا النِّصْفُ | 11 | النساء 04 |
| نَضَدَ | یَنضِدُ | نَضْدٌ | تہ بہ تہ رکھنا | وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّھَا طَلْعٌ نَّضِیْدٌ | 10 | ق 50 |
| نَطَقَ | یَنطِقُ | نُطْقٌ، مَنْطِقٌ | بولنا، کلام کرنا | وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی | 03 | النجم 53 |
| نَعَقَ | یَنعِقُ | نَعِیْقٌ، نُعَاقٌ | پکارنا | یَنْعِقُ بِمَا لَا یَسْمَعُ | 171 | البقرۃ 2 |
| نَفَرَ | یَنفِرُ | نَفْرٌ، نَفِیْرٌ | کوچ کرنا، نکلنا (کسی کام کیلئے) | وَمَا کَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِیَنْفِرُوْا | 122 | التوبۃ 9 |
| نَقَمَ | یَنقِمُ | نَقْمٌ | انتقام لینا | وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا | 126 | الاعراف 7 |
| نَکَحَ | یَنکِحُ | نَکْحٌ، نِکَاحٌ | نکاح کرنا | اَنْ یَّنْکِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ | 25 | النساء 4 |
| نَکَصَ | یَنکِصُ | نَکْصٌ، نُکُوْصٌ | بھاگ جانا، پلٹ جانا | فَکُنْتُمْ عَلٰٓی اَعْقَابِکُمْ تَنْکِصُوْنَ | 48 | الانفال 8 |
| ھَبَطَ | یَھبِطُ | ھَبْطٌ، ھُبُوْطٌ | گر پڑنا، اترنا | لَمَا یَھْبِطُ مِنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ | 74 | البقرۃ 02 |
| ھَزَلَ | یَھزِلُ | ھَزْلٌ | مزاح کرنا، بیہودہ کلام کرنا | وَمَا ھُوَ بِالْھَزْلِ | 14 | الطارق 86 |
| ھَزَمَ | یَھزِمُ | ھَزْمٌ، ھَزِیْمَۃٌ | شکست دینا | فَھَزَمُوْھُمْ بِاِذْنِ اللّٰہِ | 251 | البقرۃ 2 |
| ھَشَمَ | یَھشِمُ | ھَشْمٌ | ریزہ ریزہ کرنا، چورا چورا کرنا | فَکَانُوْا کَھَشِیْمِ الْمُحْتَظِرِ | 31 | القمر 54 |
| ھَضَمَ | یَھضِمُ | ھَضْمٌ | حق تلفی کرنا، کم کرنا، توڑنا | ظُلْمًا وَّلَا ھَضْمًا | 112 | طٰہ 20 |
| ھَلَکَ | یَھلِکُ | ھَلَاکٌ، تَھْلُکَۃٌ | ہلاک ہونا، مرنا | لِیَھْلِکَ مَنْ ھَلَکَ عَنْۢ بَیِّنَۃٍ | 42 | الانفال 8 |
| ھَمَزَ | یَھمِزُ | ھَمْزٌ | طعنہ دینا، غیبت کرنا | وَیْلٌ لِّکُلِّ ھُمَزَۃٍ لُّمَزَۃٍ | 01 | الھمزۃ 104 |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع يَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ (ض) حوالہ قرآن | | سورة | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَمَسَ | يَهْمِسُ | هَمْسٌ | سرگوشی کرنا | فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا | 108 | طٰه | 20 |
| يَتَمَ | يَيْتِمُ | يُتْمٌ | یتیم ہونا | فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ | 09 | الضحٰى | 93 |
| يَسَرَ | يَيْسِرُ | يُسْرٌ | آسان ہونا | يُرِيدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ | 185 | البقرة | 2 |
| يَسَرَ | يَيْسِرُ | يُسْرٌ | نرم اور مطیع ہونا | فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا | 3 | الذّٰريٰت | 51 |
| يَسَرَ | يَيْسِرُ | يُسْرٌ | جوا کھیلنا | إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ | 93 | المائدة | 05 |

| سورة | | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ (ض) حوالہ قرآن | | معانی | مصدر ضَرْبٌ/ضَرْبًا | مضارع يَضْرِبُ | ماضی ضَرَبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 06 | الانعام | 115 | وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا | پورا یا مکمل ہونا | تِمٌّ، تَمَامٌ | يَتِمُّ | تَمَّ |
| 72 | الجن | 03 | وَاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا | لوگوں کی نظروں میں بڑا ہونا | جَدٌّ | يَجِدُّ | جَدَّ |
| 13 | الرعد | 05 | ءَ اِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ | جدید یا نیا ہونا | جِدَّةٌ | يَجِدُّ | جَدَّ |
| 55 | الرحمٰن | 27 | ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ | باعزت ہونا، عظیم ہونا | جَلَالٌ، جَلَالَةٌ | يَجِلُّ | جَلَّ |
| 52 | النجم | 32 | وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ | جنین کا رحم میں چھپنا | جَنٌّ | يَجِنُّ | جَنَّ |
| 09 | التوبة | 24 | اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ | محبت کرنا، پسند کرنا | حُبٌّ | يَحِبُّ | حَبَّ |
| 50 | قٓ | 22 | فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ | تیز ہونا | حِدَّةٌ | يَحِدُّ | حَدَّ |
| 21 | الانبياء | 102 | لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا | محسوس کرنا | حِسٌّ | يَحِسُّ | حَسَّ |
| 36 | يٰسٓ | 29 | وَيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ | لازم اور واجب ہونا | حَقٌّ | يَحِقُّ | حَقَّ |
| 02 | البقرة | 229 | وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا | حلال (جائز) ہونا | حِلٌّ، حَلَالٌ | يَحِلُّ | حَلَّ |
| 11 | هود | 39 | وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ | نازل ہونا، وارد ہونا | حِلٌّ | يَحِلُّ | حَلَّ |
| 19 | مريم | 15 | وَحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا | مہربان ہونا، شفقت کرنا | حَنَّةٌ، حَنَانٌ | يَحِنُّ | حَنَّ |
| 19 | مريم | 90 | وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا | گر پڑنا | خَرٌّ، خُرُوْرٌ | يَخِرُّ | خَرَّ |
| 7 | الاعراف | 09 | وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ | خفیف ہونا، ہلکا ہونا | خَفٌّ، خِفَّةٌ | يَخِفُّ | خَفَّ |
| 11 | هود | 06 | وَمَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ | رینگنا، آہستہ چلنا | دَبٌّ، دَبِيْبٌ | يَدِبُّ | دَبَّ |
| 03 | ال عمران | 112 | ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ | ذلیل (بے عزت) ہونا | ذَلٌّ، ذِلَّةٌ، ذَلَالَةٌ | يَذِلُّ | ذَلَّ |
| 16 | النحل | 69 | فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا | آسانی سے (مطیع) ہونا | ذِلٌّ، ذُلٌّ | يَذِلُّ | ذَلَّ |
| 52 | الطور | 3 | فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ | نرم ہونا، باریک ہونا | رَقٌّ، رِقَّةٌ | يَرِقُّ | رَقَّ |
| 36 | يٰسٓ | 78 | قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ | بوسیدہ ہونا | رَمٌّ، رَمِيْمٌ | يَرِمُّ | رَمَّ |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع يَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ (ض) حواله قرآن | | سورة |
|---|---|---|---|---|---|---|
| زَفَّ | يَزِفُّ | زَفٌّ، زَفِيفٌ | تیز دوڑنا | فَأَقْبَلُوٓا إِلَيْهِ يَزِفُّونَ | 94 | الصّٰفّٰت 37 |
| زَلَّ | يَزِلُّ | زَلٌّ، زَلِيلٌ | پھسل کر گرنا | فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَعْدَ ثُبُوتِهَا | 94 | النحل 16 |
| سَدَّ | يَسِدُّ | سَدَادٌ، سُدُوْدٌ | قول وفعل کا درست ہونا | وَلْيَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا | 09 | النساء 04 |
| شَتَّ | يَشِتُّ | شَتٌّ، شَتَاتٌ | متفرق ہونا | وَقُلُوبُهُمْ شَتّٰى | 14 | الحشر 59 |
| صَدَّ | يَصِدُّ | صَدٌّ، صَدِيدٌ | چیخنا، واویلا کرنا | إِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ | 57 | الزخرف 43 |
| صَرَّ | يَصِرُّ | صَرٌّ، صَرِيرٌ | زور سے آواز لگانا | فَأَقْبَلَتِ امْرَأَتُهُ فِي صَرَّةٍ | 29 | الذّٰريٰت 51 |
| ضَلَّ | يَضِلُّ | ضَلَالٌ، ضَلَالَةٌ | بھٹکنا، بہکنا، گمراہ ہونا | لَا يَضِلُّ رَبِّي وَلَا يَنْسَى | 52 | طٰه 20 |
| ضَنَّ | يَضِنُّ | ضَنٌّ، ضِنَّةٌ | بخل کرنا (کسی شے میں بھی) | وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ | 24 | التکویر 81 |
| عَزَّ | يَعِزُّ | عِزٌّ، عِزَّةٌ | صاحب عزت ہونا، غالب ہونا | فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيعًا | 10 | فاطر 35 |
| غَلَّ | يَغِلُّ | غِلٌّ، غَلِيلٌ | حسد کرنا، کینہ رکھنا | وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ | 43 | الأعراف 07 |
| فَرَّ | يَفِرُّ | فَرٌّ، مَفَرٌّ، فِرَارٌ | بھاگنا | يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ | 34 | عبس 80 |
| قَرَّ | يَقِرُّ | قَرَارٌ | خاموشی سے آرام کرنا | وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ | 33 | الأحزاب 33 |
| قَطَّ | يَقِطُّ | قَطٌّ | کسی چیز کے حصے کرنا | رَبَّنَا عَجِّلْ لَنَا قِطَّنَا | 16 | ص 38 |
| قَلَّ | يَقِلُّ | قَلٌّ، قِلَّةٌ | کم ہونا | مِمَّا قَلَّ مِنْهُ أَوْ كَثُرَ | 07 | النساء 04 |
| كَلَّ | يَكِلُّ | كَلٌّ | تھک جانا | وَهُوَ كَلٌّ عَلَى مَوْلَاهُ | 76 | النحل 16 |
| لَجَّ | يَلِجُّ | لَجٌّ، لَجَاجَةٌ | ضد کرنا، اڑ جانا | بَلْ لَجُّوا فِي عُتُوٍّ وَنُفُورٍ | 21 | الملک 67 |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع یَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | باب ضَرَبَ یَضْرِبُ (ض) حوالہ قرآن | سورۃ |
|---|---|---|---|---|---|
| وَبَلَ | یَبِلُ | وَبْلٌ | زور سے برسنا، برسانا | فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا 264 | البقرة 2 |
| وَتَدَ | یَتِدُ | وَتْدٌ | میخ ٹھونکنا، گاڑ دینا | وَالْجِبَالَ اَوْتَادًا 07 | النبا 78 |
| وَتَرَ | یَتِرُ | وَتْرٌ، تِرَةٌ | کم کرنا، ضائع کرنا، طاق ہونا | وَلَنْ یَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ 35 | محمد 47 |
| وَتَنَ | یَتِنُ | وَتْنٌ، وَتِیْنٌ | شہ رگ پر ضرب لگانا | ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِیْنَ 46 | الحآقة 69 |
| وَثِقَ | یَثِقُ | وُثُوْقٌ، ثِقَةٌ | کسی پر اعتماد کرنا | مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ 66 | یوسف 12 |
| وَثَنَ | یَثِنُ | وَثْنٌ | مقیم اور جما ہوا ہونا، بت ہونا | تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا 17 | العنکبوت 29 |
| وَجَبَ | یَجِبُ | وَجْبٌ، وَجْبَةٌ | گر پڑنا، لازم ہونا | فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا 36 | الحج 22 |
| وَجَدَ | یَجِدُ | وِجْدَانٌ، وُجُوْدٌ | پانا، محسوس کرنا، موجود ہونا | یَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ 30 | ال عمران 3 |
| وَجَفَ | یَجِفُ | وَجْفٌ، وُجُوْفٌ | مضطرب ہونا، دھڑکنا | قُلُوْبٌ یَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ 08 | النزعت 79 |
| وَجَهَ | یَجِهُ | وَجْهٌ | صاحب وجاہت ہونا، بلند مرتبہ ہونا | عِیْسَى ابْنُ مَرْیَمَ وَجِیْهًا 45 | ال عمران 3 |
| وَحَدَ | یَحِدُ | وَحْدٌ، وَحْدَةٌ | اکیلا ہونا | وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ 163 | البقرة 2 |
| وَحَشَ | یَحِشُ | وَحْشٌ، وَحَشٌ | خوف کی وجہ سے پھینکنا | وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ 5 | التکویر 81 |
| وَدَقَ | یَدِقُ | وَدْقٌ | پانی (بارش) برسانا، برسنا | فَتَرَى الْوَدْقَ یَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ 48 | الروم 30 |
| وَرَدَ | یَرِدُ | وُرُوْدٌ | پہنچنا، وارد ہونا، آنا | وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْیَنَ 23 | القصص 28 |
| وَزَرَ | یَزِرُ | وِزْرٌ، وِزْرَةٌ | بوجھ اٹھانا | وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى 164 | الانعام 06 |
| وَزَرَ | یَزِرُ | وِزَارَةٌ | وزیر ہونا، وزیر بننا | وَاجْعَلْ لِّیْ وَزِیْرًا مِّنْ اَهْلِیْ 29 | طٰه 20 |
| وَزَنَ | یَزِنُ | وَزْنٌ، زِنَةٌ | تولنا، عدل کرنا | وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِیْمِ 35 | بنی اسرائیل 17 |
| وَسَطَ | یَسِطُ | وَسْطٌ، وَسَاطَةٌ | درمیان میں ہونا یا گھسنا | فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا 05 | العدیت 100 |
| وَسَقَ | یَسِقُ | وَسْقٌ | جمع کرنا، سمیٹ لینا | وَالَّیْلِ وَمَا وَسَقَ 17 | الانشقاق 84 |

| ماضی | مضارع | مصدر | معانی | باب ضَرَبَ يَضرِبُ (ض) | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَرَبَ | يَضْرِبُ | ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | حواله قرآن | | سورة |
| وَسَلَ | يَسِلُ | وَسْلٌ | قرب حاصل ہونا | وَابْتَغُوا اِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ | 35 | المائدة 05 |
| وَسَمَ | يَسِمُ | وَسْمٌ، سِمَةٌ | داغنا، نشان کرنا | سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ | 16 | القلم 68 |
| وَصَبَ | يَصِبُ | وُصُوْبٌ | قائم ودائم رہنا | وَلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ | 09 | الصفت 37 |
| وَصَدَ | يَصِدُ | وَصْدٌ | ثابت رہنا، رہائش کرنا | ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ | 18 | الكهف 18 |
| وَصَفَ | يَصِفُ | وَصْفٌ، صِفَةٌ | صفت بیان کرنا | عَمَّا يَصِفُوْنَ | 22 | الانبياء 21 |
| وَصَلَ | يَصِلُ | وَصْلٌ، صِلَةٌ | پہنچنا، ملنا | فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ | 136 | الانعام 06 |
| وَضَنَ | يَضِنُ | وَضْنٌ | جڑاؤ کرنا، جوڑنا، بُنتا | عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ | 15 | الواقعة 56 |
| وَطَنَ | يَطِنُ | وَطْنٌ | قیام کرنا، ٹھہرنا | فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ | 25 | التوبة 9 |
| وَعَدَ | يَعِدُ | وَعْدٌ، عِدَةٌ | وعدہ کرنا | وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ | 268 | البقرة 02 |
| وَعَدَ | يَعِدُ | وَعِيْدٌ | ڈرانا، دھمکی دینا | وَخَافَ وَعِيْدِ | 14 | ابراهيم 14 |
| وَعَظَ | يَعِظُ | وَعْظٌ، عِظَةٌ | نصیحت کرنا، وعظ کرنا | يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا | 17 | نور 24 |
| وَفَدَ | يَفِدُ | وَفْدٌ، وُفُوْدٌ | ایلچی (مہمان) بن کر جانا | اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا | 85 | مريم 19 |
| وَفَرَ | يَفِرُ | وَفْرٌ، وُفُوْرٌ، فِرَةٌ | پورا حصہ دینا | جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا | 63 | بنی اسرائیل 17 |
| وَفَقَ | يَفِقُ | وَفْقٌ | موافق ہونا، حسب منشاء ہونا | جَزَآءً وِّفَاقًا | 26 | النباء 78 |
| وَقَبَ | يَقِبُ | وَقْبٌ، وُقُوْبٌ | پھیل جانا | وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ | 03 | الفلق 113 |
| وَقَتَ | يَقِتُ | وَقْتٌ | وقت مقرر ہونا یا کرنا | كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا | 103 | النساء 04 |
| وَقَدَ | يَقِدُ | وَقْدٌ، وُقُوْدٌ | جلانا، ایندھن ہونا | وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ | 23 | البقرة 02 |
| وَقَذَ | يَقِذُ | وَقْذٌ | مہلک ضرب لگانا | وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ | 03 | المائدة 05 |
| وَقَرَ | يَقِرُ | وَقْرٌ، وَقُوْرَةٌ | عزت کے ساتھ گھر بیٹھنا | وَ قَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ | 33 | الاحزاب 33 |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع يَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ (ض) حوالہ قرآن | | سورة |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَقَرَ | يَقِرُ | وَقْرٌ | میل سے بوجھل ہونا | وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ | 44 | حم السجدة 41 |
| وَقَفَ | يَقِفُ | وَقْفٌ ، وُقُوْفٌ | ساکن (کھڑا) رہنا | وَلَوْ تَرٰى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ | 30 | الانعام 06 |
| وَكَزَ | يَكِزُ | وَكْزٌ | گھونسا مارنا، مکا مارنا | فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ | 15 | القصص 28 |
| وَكَلَ | يَكِلُ | وَكْلٌ ، وُكُوْلٌ | کام سپرد کرنا، ذمہ داری سونپنا | حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ | 173 | ال عمران 3 |
| وَلَتَ | يَلِتُ | وَلْتٌ | کمی کرنا، گھٹانا | لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْئًا | 14 | الحجرات 49 |
| وَلَجَ | يَلِجُ | وُلُوْجٌ، لِجَةٌ | گھسنا، داخل ہونا | حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ | 40 | الاعراف 07 |
| وَلَدَ | يَلِدُ | وِلَادٌ ، وِلَادَةٌ، مَوْلِدٌ | بچہ جننا | لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ | 3 | الاخلاص 112 |
| وَهَنَ | يَهِنُ | وَهْنٌ | کمزور ہونا، سست ہونا | قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ | 04 | مريم 19 |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع یَضرِبُ | مصدر ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | باب ضَرَبَ یَضْرِبُ ض حوالہ قرآن | | سورة | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| * بَاتَ | یَبِیْتُ | بَیْتٌ ، بَیَاتٌ | رات گزارنا | وَالَّذِیْنَ یَبِیْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا | 64 | الفرقان | 25 |
| بَادَ | یَبِیْدُ | بَیْدٌ ، بَیَادٌ ، بُیُوْدٌ | خراب (ختم) ہونا | مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِیْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا | 35 | الکھف | 18 |
| بَاضَ | یَبِیْضُ | بَیْضٌ | سفید ہونا | فَاِذَا هِیَ بَیْضَآءُ لِلنّٰظِرِیْنَ | 108 | الاعراف | 07 |
| بَاعَ | یَبِیْعُ | بَیْعٌ ، مَبِیْعٌ | بیچنا | یَوْمٌ لَّا بَیْعٌ فِیْهِ وَلَا خُلَّةٌ | 254 | البقرة | 02 |
| بَانَ | یَبِیْنُ | بَیَانٌ ، تِبْیَانٌ | واضح کرنا، بیان کرنا | تِبْیَانًا لِّکُلِّ شَیْءٍ | 89 | النحل | 16 |
| تَاهَ | یَتِیْهُ | تَیْهٌ، تَیْهَانٌ | پریشان پھرنا، بھٹکتے پھرنا | یَتِیْهُوْنَ فِی الْاَرْضِ | 26 | المائدة | 05 |
| جَابَ | یَجِیْبُ | جَیْبٌ | گریبان (جیب) بنانا | وَاَدْخِلْ یَدَکَ فِیْ جَیْبِکَ | 12 | النمل | 27 |
| حَادَ | یَحِیْدُ | حَیْدٌ ، حَیْدَةٌ | کنارہ کرنا، کترانا | ذٰلِکَ مَا کُنْتَ مِنْهُ تَحِیْدُ | 19 | قٓ | 50 |
| حَاصَ | یَحِیْصُ | حَیْصٌ ، حُیُوْصٌ | بچنا، بھاگنا، چھٹکارا پانا | مَا لَنَا مِنْ مَّحِیْصٍ | 21 | ابراھیم | 14 |
| حَاضَ | یَحِیْضُ | حَیْضٌ | حائضہ ہونا | وَالّٰٓئِیْ لَمْ یَحِضْنَ | 04 | الطلاق | 65 |
| حَافَ | یَحِیْفُ | حَیْفٌ | ظلم (بے انصافی) کرنا | اَنْ یَّحِیْفَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ | 50 | النور | 24 |
| حَاقَ | یَحِیْقُ | حَیْقٌ ، حُیُوْقٌ | احاطہ کرنا، گھیر لینا | وَلَا یَحِیْقُ الْمَکْرُ السَّیِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ | 43 | فاطر | 35 |
| حَانَ | یَحِیْنُ | حَیْنٌ ، حَیْنُوْنَةٌ | وقت قریب ہونا | وَّمَتَاعٌ اِلٰی حِیْنٍ | 36 | البقرة | 02 |
| خَابَ | یَخِیْبُ | خَیْبَةٌ | ناکام و نامراد ہونا | وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰی | 61 | طٰه | 20 |
| خَارَ | یَخِیْرُ | خَیْرٌ | اچھا ہونا، نیک ہونا | هُوَ خَیْرٌ ثَوَابًا وَّخَیْرٌ عُقْبًا | 44 | الکھف | 18 |
| خَارَ | یَخِیْرُ | خَیْرٌ ، خِیَرَةٌ | اختیار دینا، پسند کرنا | مَا کَانَ لَهُمُ الْخِیَرَةُ | 68 | القصص | 28 |
| خَاطَ | یَخِیْطُ | خَیْطٌ ، خِیَاطَةٌ | کپڑا سینا | لَکُمُ الْخَیْطُ الْاَبْیَضُ مِنَ الْخَیْطِ الْاَسْوَدِ | 187 | البقرة | 02 |
| خَامَ | یَخِیْمُ | خَیْمٌ، خِیَامٌ | خیمہ میں قیام کرنا | حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِی الْخِیَامِ | 72 | الرحمٰن | 55 |
| دَانَ | یَدِیْنُ | دِیْنٌ ، دِیَانَةٌ | کسی دین کو اپنانا (قبول کرنا) | یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا | 2 | النصر | 110 |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع یَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | باب ضَرَبَ یَضْرِبُ ض — حوالہ قرآن | | سورة | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دَانَ | یَدِیْنُ | دِیْنٌ | مجبور (محکوم) بنا دینا | فَلَوْلَآ اِنْ کُنْتُمْ غَیْرَ مَدِیْنِیْنَ | 86 | الواقعۃ | 56 |
| دَانَ | یَدِیْنُ | دِیْنٌ | جزاوسزا (بدلہ) دینا | ءَ اِنَّا لَمَدِیْنُوْنَ | 53 | الصّٰفّٰت | 37 |
| دَانَ | یَدِیْنُ | دِیْنٌ | قانون کا اطاعت گزار ہونا | وَلَا یَدِیْنُوْنَ دِیْنَ الْحَقِّ | 29 | التوبۃ | 09 |
| دَانَ | یَدِیْنُ | دَیْنٌ | قرض دینا، قرض لینا | اِذَا تَدَایَنْتُمْ بِدَیْنٍ | 282 | البقرۃ | 02 |
| ذَاعَ | یَذِیْعُ | ذَیْعٌ، ذُیُوْعٌ | نشر کرنا | مِنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ | 83 | النساء | 04 |
| رَابَ | یَرِیْبُ | رَیْبٌ | شک میں ڈالنا | ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْهِ | 02 | البقرۃ | 02 |
| رَاحَ | یَرِیْحُ | رِیْحٌ | خوشبو پانا | وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّیْحَانُ | 12 | الرحمٰن | 55 |
| رَاعَ | یَرِیْعُ | رِیْعٌ، رِیْعَانٌ | بڑھنا، بلند ہونا | اَتَبْنُوْنَ بِکُلِّ رِیْعٍ اٰیَةً تَعْبَثُوْنَ | 128 | الشعراء | 26 |
| رَانَ | یَرِیْنُ | رَیْنٌ، رُیُوْنٌ | زنگ آلود ہو جانا | بَلْ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ | 14 | المطففین | 83 |
| زَادَ | یَزِیْدُ | زِیَادَةٌ، مَزِیْدٌ | بڑھانا، زیادہ کرنا | وَ لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ | 07 | ابرٰھیم | 14 |
| زَاغَ | یَزِیْغُ | زَیْغٌ، زَیْغَانٌ | ٹیڑھا ہونا، جھک جانا | مَا کَادَ یَزِیْغُ قُلُوْبُ فَرِیْقٍ | 117 | التوبۃ | 09 |
| زَانَ | یَزِیْنُ | زَیْنٌ، زِیْنَةٌ | خوبصورت بنانا | مَا یُخْفِیْنَ مِنْ زِیْنَتِهِنَّ | 31 | النور | 24 |
| سَابَ | یَسِیْبُ | سَیْبٌ | آوارہ چلا جانا یا ہو جانا | وَمَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِیْرَةٍ وَّ لَا سَآئِبَةٍ | 103 | المائدۃ | 05 |
| سَاحَ | یَسِیْحُ | سَیْحٌ، سَیَاحَةٌ | سیر و سیاحت کرنا | فَسِیْحُوْا فِی الْاَرْضِ | 02 | التوبۃ | 09 |
| سَارَ | یَسِیْرُ | سَیْرٌ | سفر کرنا، زمین پر چلنا | قُلْ سِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ | 11 | الانعام | 06 |
| سَالَ | یَسِیْلُ | سَیْلٌ، سَیَلَانٌ | بہنا (مائع)، جاری ہونا | فَسَالَتْ اَوْدِیَةٌ بِقَدَرِهَا | 17 | الرعد | 13 |
| شَابَ | یَشِیْبُ | شَیْبَةٌ | بالوں کا سفید ہونا، بڑھاپا آنا | یَوْمًا یَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِیْبًا | 17 | المزمل | 73 |
| شَاخَ | یَشِیْخُ | شَیْخٌ، شُیُوْخٌ | بوڑھا ہونا | وَهٰذَا بَعْلِیْ شَیْخًا | 72 | ھود | 11 |
| شَادَ | یَشِیْدُ | شَیْدٌ | گچ کاری کر کے پختہ کرنا | وَقَصْرٍ مَّشِیْدٍ | 45 | الحج | 22 |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع يَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ | معانی | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ ض حوالہ قرآن | | سورة | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَاعَ | يَشِيْعُ | شَيْعٌ، شُيُوْعٌ | شائع کرنا، پھیلنا، پھیلانا | اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ | 19 | النور | 24 |
| شَاعَ | يَشِيْعُ | شِيَاعٌ | رفیق ہونا | كَمَافُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِنْ قَبْلُ | 54 | سبا | 34 |
| صَاحَ | يَصِيْحُ | صَيْحٌ، صَيْحَةٌ | چیخنا | يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ | 04 | المنفقون | 63 |
| صَادَ | يَصِيْدُ | صَيْدٌ | حلال جانور کا شکار کرنا | اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ | 96 | المائدة | 05 |
| صَارَ | يَصِيْرُ | صَيْرٌ، مَصِيْرٌ | لوٹنا، رجوع کرنا | اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ | 53 | الشورى | 42 |
| صَافَ | يَصِيْفُ | صَيْفٌ | موسم گرما میں قیام کرنا | رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ | 2 | قريش | 106 |
| ضَارَ | يَضِيْرُ | ضَيْرٌ | ضرر ہونا، نقصان (حرج) ہونا | قَالُوْا لَا ضَيْرَ | 50 | الشعراء | 26 |
| ضَازَ | يَضِيْزُ | ضَيْزٌ، ضِيْزٰى | غیر عادلانہ تقسیم کرنا (ظلم) | تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى | 22 | النجم | 53 |
| ضَافَ | يَضِيْفُ | ضَيْفٌ، ضِيَافَةٌ | مہمان ہونا، ضیافت مانگنا | وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ | 37 | القمر | 54 |
| ضَاقَ | يَضِيْقُ | ضَيْقٌ، ضِيْقٌ | تنگ ہونا، رکنا | وَيَضِيْقُ صَدْرِىْ | 13 | النساء | 04 |
| طَابَ | يَطِيْبُ | طَابٌ، طِيْبٌ، طَيْبَةٌ | پسند کرنا، حلال ہونا | فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ | 03 | النساء | 04 |
| طَارَ | يَطِيْرُ | طَيْرٌ، طَيَرَانٌ | اُڑنا | وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ | 38 | الانعام | 06 |
| طَانَ | يَطِيْنُ | طَيْنٌ | گارے (مٹی) سے لپائی کرنا | خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ | 02 | الانعام | 06 |
| عَابَ | يَعِيْبُ | عَيْبٌ | عیب دار ہونا | فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا | 79 | الكهف | 18 |
| عَاشَ | يَعِيْشُ | عَيْشٌ، مَعِيْشَةٌ، مَعَاشٌ | زندگی بسر کرنا، زندہ رہنا | اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۢ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا | 58 | القصص | 28 |
| عَالَ | يَعِيْلُ | عَيْلٌ، عَيْلَةٌ | محتاج (مفلس) ہونا | وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى | 07 | الضحى | 93 |
| عَانَ | يَعِيْنُ | عَيْنٌ، عَيَانٌ، مَعْنٌ | بہنا (چشمہ) | وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ | 12 | سبا | 34 |
| غَابَ | يَغِيْبُ | غَيْبٌ ، غَيْبَةٌ | چھپ جانا | فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ | 20 | يونس | 10 |
| غَاثَ | يَغِيْثُ | غَيْثٌ | بارش برسانا | عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ | 49 | يوسف | 12 |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع يَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ/ضَرْبًا | معانی | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ ض حوالہ قرآن | | سورة | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَاضَ | يَغِيْضُ | غَيْضٌ | گھٹانا، سوکھ جانا | وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ | 08 | الرعد | 13 |
| غَاظَ | يَغِيْظُ | غَيْظٌ | غصہ دلانا، غضبناک ہونا | لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ | 29 | الفتح | 48 |
| فَاضَ | يَفِيْضُ | فَيْضٌ، فُيُوْضٌ | بہنا (آنسو)، جاری ہونا | وَاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ | 92 | التوبة | 09 |
| قَالَ | يَقِيْلُ | قَيْلٌ، قَيْلُوْلَةٌ | دوپہر کو سونا، قیلولہ کرنا (مَقِيْلٌ) | خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا | 24 | الفرقان | 25 |
| كَادَ | يَكِيْدُ | كَيْدٌ | مکر (تدبیر) کرنا، فریب دینا | اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا | 15 | الطارق | 86 |
| كَالَ | يَكِيْلُ | كَيْلٌ، مَكِيْلٌ | ماپنا، پیمائش کرنا | وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ | 35 | بنی اسرائیل | 17 |
| لَانَ | يَلِيْنُ | لَيْنٌ، لِيْنَةٌ | نرم ہونا، نرم کرنا | ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ | 23 | الزمر | 39 |
| مَادَ | يَمِيْدُ | مَيْدٌ، مَيَدَانٌ | گھومنا، حرکت کرنا، ٹیڑھا ہونا | اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ | 15 | النحل | 16 |
| مَارَ | يَمِيْرُ | مَيْرٌ، اَمَارٌ | غلہ مہیا کرنا | وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا | 65 | یوسف | 12 |
| مَازَ | يَمِيْزُ | مَيْزٌ | الگ کرنا، تمیز کرنا | حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ | 179 | ال عمران | 03 |
| مَالَ | يَمِيْلُ | مَيْلٌ، مَيَلَانٌ | مائل ہونا، جھک پڑنا | فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ | 129 | النساء | 04 |
| هَاجَ | يَهِيْجُ | هَيْجٌ، هَيَجَانٌ | پک جانا، متحرک کرنا | ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا | 21 | الزمر | 39 |
| هَالَ | يَهِيْلُ | هَيْلٌ | مٹی کا باریک اور نرم ہو جانا | وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا | 14 | المزمل | 73 |
| هَامَ | يَهِيْمُ | هِيَامٌ | سخت پیاسا ہونا | فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ | 55 | الواقعة | 56 |
| هَامَ | يَهِيْمُ | هَيْمٌ، هُيُوْمٌ | مجنونانہ کیفیت سے پھرنا | فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ | 225 | الشعراء | 26 |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع یَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ | معانی | باب ضَرَبَ یَضْرِبُ ض حوالہ قرآن | | سورۃ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| * اَنٰی | یَاْنِیْ | اَنْیٌ، اَنَآءٌ | کھولنے کے قریب ہونا | وَبَیْنَ حَمِیْمٍ اٰنٍ | 44 | 55 الرحمٰن |
| اَنٰی | یَأْنِیْ | اَنْیٌ، تَأْنِیَةٌ | وقت آجانا، حاضر ہونا | اَلَمْ یَاْنِ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا | 16 | 57 الحدید |
| اَنٰی | یَأْنِیْ | اَنْیٌ | کھانا پکنا، کھانا تیار ہونا | اِلٰی طَعَامٍ غَیْرَ نٰظِرِیْنَ اِنٰىهُ | 53 | 33 الاحزاب |
| بَرٰی | یَبْرِیْ | بَرْیٌ | بنانا، خلق کرنا | اُوْلٰٓئِکَ هُمْ خَیْرُ الْبَرِیَّةِ | 6 | 98 البینة |
| بَغٰی | یَبْغِیْ | بَغْیٌ، بُغْیَةٌ | بغاوت کرنا، زیادتی کرنا | فَقَاتِلُوا الَّتِیْ تَبْغِیْ حَتّٰی تَفِیْٓءَ | 09 | 49 الحجرات |
| بَغٰی | یَبْغِیْ | بَغْیٌ | طلب کرنا، چاہنا | اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ | 83 | 3 ال عمران |
| بَکٰی | یَبْکِیْ | بُکًی، بُکَآءٌ، بَکَآءٌ | رونا | وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً یَّبْکُوْنَ | 16 | 12 یوسف |
| بَنٰی | یَبْنِیْ | بَنْیٌ، بِنَآءٌ | تعمیر کرنا، بنانا | رَبِّ ابْنِ لِیْ عِنْدَکَ بَیْتًا | 11 | 66 التحریم |
| ثَبٰی | یَثْبِیْ | ثَبْیٌ | جمع کرنا، اکٹھا کرنا | فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِیْعًا | 71 | 4 النساء |
| ثَنٰی | یَثْنِیْ | ثَنْیٌ | چھپانا، لپیٹنا، محفوظ کرنا | اَلَآ اِنَّهُمْ یَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ | 05 | 11 هود |
| جَبٰی | یَجْبِیْ | جَبْیٌ، جِبَایَةٌ | اکٹھا کرنا | وَجِفَانٍ کَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِیٰتٍ | 13 | 34 سبا |
| جَثٰی | یَجْثِیْ | جُثِیٌّ | گھٹنے (زانو) ٹیکنا | وَتَرٰی کُلَّ اُمَّةٍ جَاثِیَةً | 28 | 45 الجاثیة |
| جَرٰی | یَجْرِیْ | جَرْیٌ، جَرَیَانٌ، جِرْیَةٌ | چلنا، جاری ہونا | کُلٌّ یَّجْرِیْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّی | 02 | 13 الرعد |
| جَزٰی | یَجْزِیْ | جَزَآءٌ | بچانا، پورا بدلہ دینا | یَوْمًا لَّا یَجْزِیْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ | 33 | 31 لقمٰن |
| جَنٰی | یَجْنِیْ | جَنْیٌ، جِنَایَةٌ | پھل توڑنا | وَجَنَا الْجَنَّتَیْنِ دَانٍ | 54 | 55 الرحمٰن |
| حَلٰی | یَحْلِیْ | حَلْیٌ | زیور پہنانا | مِنْ حُلِیِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ | 148 | 07 الاعراف |
| دَرٰی | یَدْرِیْ | دَرْیٌ، دِرَایَةٌ | حیلہ سے جاننا | وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَّاذَا تَکْسِبُ غَدًا | 34 | 31 لقمٰن |
| رَقٰی | یَرْقِیْ | رَقْیٌ، رُقْیَةٌ | جھاڑ پھونک کرنا، پناہ میں دینا | وَقِیْلَ مَنْ رَّاقٍ | 27 | 75 القیامة |
| رَمٰی | یَرْمِیْ | رَمْیٌ، رِمَایَةٌ | پھینکنا، تیر چلانا | تَرْمِیْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ | 04 | 105 الفیل |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع يَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ | معانی | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ ض حوالہ قرآن | | سورة | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَمٰى | يَرْمِي | رَمْيٌ | تہمت لگانا | ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيٓـًٔا | 112 | النساء | 04 |
| زَنٰى | يَزْنِي | زِنًى، زِنَآءٌ | بدکاری (زنا) کرنا | وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ | 12 | الممتحنة | 60 |
| سَرٰى | يَسْرِي | سُرًى ، سَرَايَةٌ | رات کا آہستہ آہستہ گزر جانا | وَاللَّيْلِ اِذَا يَسْرِ | 04 | الفجر | 89 |
| سَقٰى | يَسْقِي | سُقْيٌ | پلانا | يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ | 25 | المطففين | 83 |
| شَرٰى | يَشْرِي | شِرًى، شِرَآءٌ | بیچنا، خریدنا | وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِىْ نَفْسَهُ | 207 | البقرة | 02 |
| شَفٰى | يَشْفِي | شِفَآءٌ | شفا (صحت) دینا | وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ | 80 | الشعرآء | 26 |
| عَصٰى | يَعْصِي | عَصْيٌ، مَعْصِيَةٌ | نافرمانی کرنا | وَلَآ اَعْصِىْ لَكَ اَمْرًا | 69 | الكهف | 18 |
| غَلٰى | يَغْلِي | غَلْيٌ | کھولنا (اُبلنا) | كَالْمُهْلِ يَغْلِىْ فِى الْبُطُوْنِ | 45 | الدخان | 44 |
| فَدٰى | يَفْدِي | فِدًى، فِدَآءٌ | قربان ہونا (فدیہ دیکر) چھڑانا | وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ | 107 | الصفت | 37 |
| فَرٰى | يَفْرِي | فَرْىٌ ، فَـرَايٌ | افتراء کرنا، جھوٹ گھڑنا | لَقَدْ جِئْتِ شَيْـًٔا فَرِيًّا | 27 | مريم | 19 |
| قَضٰى | يَقْضِي | قَضَآءٌ | فیصلہ سنانا، طے کرنا | اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِىْ بَيْنَهُمْ | 93 | يونس | 10 |
| قَضٰى | يَقْضِي | قَضَى | ادا کرنا، پورا کرنا | فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ | 200 | البقرة | 02 |
| قَضٰى | يَقْضِي | قَضَى | حکم بھیجنا (اِلٰی) | اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ | 44 | القصص | 28 |
| قَلٰى | يَقْلِي | قِلًى ، قِلَآءٌ | ناراض ہونا، بیزار ہونا | مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى | 03 | الضحى | 93 |
| كَفٰى | يَكْفِي | كِفَايَةٌ | کافی ہونا | فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ | 137 | البقرة | 02 |
| مَشٰى | يَمْشِي | مَشْيٌ، تَمْشَآءٌ | چلنا، پھرنا | وَيَمْشِىْ فِى الْاَسْوَاقِ | 07 | الفرقان | 25 |
| مَضٰى | يَمْضِي | مُضِيٌّ، مَضَآءٌ | گزر جانا، چلے جانا | اَوْ اَمْضِىَ حُقُبًا | 60 | الكهف | 18 |
| مَنٰى | يَمْنِي | مَنْيٌ | ٹپکانا، ڈالنا | مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰى | 46 | النجم | 53 |
| نَفٰى | يَنْفِي | نَفْيٌ | نکال دینا، خارج کرنا | اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ | 33 | المائدة | 05 |

| ماضی ضَرَبَ | مضارع يَضْرِبُ | مصدر ضَرْبٌ | معانی | باب ضَرَبَ يَضْرِبُ ض حوالہ قرآن | | سورة |
|---|---|---|---|---|---|---|
| هَدٰى | يَهْدِىْ | هُدًى، هِدَايَةٌ | ہدایت دینا | لَايَهْدِىْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ | 52 | يوسف 12 |
| • ثَوٰى | يَثْوِىْ | ثَوَآءٌ | کسی جگہ ٹھہرنا، آباد ہونا | وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ | 151 | آل عمران 3 |
| خَوٰى | يَخْوِىْ | خَوِيٌّ ، خَوَآءٌ | اوندھا گرنا، مکان کا خالی ہونا | وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا | 259 | البقرة 02 |
| شَوٰى | يَشْوِىْ | شَيٌّ ، شَوَآءٌ | آگ میں بھوننا، جھلس دینا | يَشْوِى الْوُجُوْهَ | 29 | الكهف 18 |
| طَوٰى | يَطْوِىْ | طَيٌّ | موڑنا، طے کرنا، لپیٹنا | يَوْمَ نَطْوِى السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ | 104 | الانبياء 21 |
جب ثلاثی مجرد کے پہلے کلمہ کا حرف "ذ" ہو تو ایسے افعال کو باب افتعال میں لے جاکر ذ کو د

سے بدلنے کے بعد ت کو حذف کر کے د پر شد لگا دی جاتی ہے۔ مثلاً:

ذَخَرَ سے اِذْتَخَرَ سے اِذْتَخَرَ سے اِدَّخَرَ ذَكَرَ سے اِذْتَكَرَ سے اِذْتَكَرَ سے اِدَّكَرَ

## 4: پہلے حرف کو مشدد کرنا اور تائے افتعال کو حذف کرنا:

جب ثلاثی مجرد کے پہلے کلمہ کا حرف ت ، د یا ط ہو تو ایسے افعال کو باب افتعال میں لے جا کر ت کو حذف کر کے پہلے حرف کو مشدد کیا جاتا ہے۔ مثلاً

تَبِعَ سے اِتْتَبَعَ سے اِتَّبَعَ دَخَلَ سے اِدْتَخَلَ سے اِدَّخَلَ

طَلَعَ سے اِطْتَلَعَ سے اِطَّلَعَ دَعٰی سے اِدْتَعٰی سے اِدَّعٰی

## 5: مادہ کے کلمہ فا کا تائے افتعال میں ادغام اور ت کو مشدد کرنا

جب ثلاثی مجرد کے پہلے کلمہ کا حرف "و ، یا ، ء" ہو تو ایسے افعال کو باب افتعال لے جا کر مادہ کے کلمہ فا کو حذف کر کے ت کو مشدد کر دیا جاتا ہے۔ مثلاً

وَسَقَ سے اِوْتَسَقَ سے اِيْتَسَقَ سے اِتَّسَقَ

وَقٰی سے اِوْتَقٰی سے اِيْتَقٰی سے اِتَّقٰی

وَكَاءَ سے اِوْتَكَأَ سے اِيْتَكَأَ سے اِتَّكَأَ

اَخَذَ سے اِئْتَخَذَ سے اِيْتَخَذَ سے اِتَّخَذَ

## 6: کلمہ "ع" کو مشدد کرنا :

ثلاثی مجرد کو باب افتعال میں لے جا کر ت کو کلمہ "ع" سے بدل کر کلمہ "عین" کو مشدد کیا جاتا ہے۔ اور ہمزۃ الوصل ختم کر کے کلمہ "فا" کو زیر لگائی جاتی ہے۔

خَصَمَ سے اِخْتَصَمَ سے خِصَّمَ هَدٰی سے اِهْتَدٰی سے هِدّٰی

مذکورہ بالا افعال نمبر 1 تا 6 اسی ترتیب سے اگلے صفحہ پر درج ہیں۔

| ماضی اِفْتَعَلَ | مضارع یَفْتَعِلُ | مصدر اِفْتِعَالٌ | معانی | 6 باب اِفْتِعَالٌ حوالہ قرآن | | سُورۃ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| *1 اِصْطَبَرَ | یَصْطَبِرُ | اِصْطِبَارٌ | مشکلات میں ڈٹ جانا | بِالصَّلٰوۃِ وَاصْطَبِرْ عَلَیْهَا | 132 | طٰهٰ | 20 |
| اِصْطَرَخَ | یَصْطَرِخُ | اِصْطِرَاخٌ | چیخنا، فریاد کرنا | وَهُمْ یَصْطَرِخُوْنَ فِیْهَا | 37 | فاطر | 23 |
| اِصْطَنَعَ | یَصْطَنِعُ | اِصْطِنَاعٌ | تیار کر کے پسند کر لینا | وَاصْطَنَعْتُکَ لِنَفْسِیْ | 41 | طٰهٰ | 20 |
| اِضْطَرَّ | یَضْطَرُّ | اِضْطِرَارٌ | مجبور کرنا، بے اختیار کرنا | اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ | 62 | النمل | 27 |
| اِصْطَفٰی | یَصْطَفِیْ | اِصْطِفَآءٌ | چن لینا، پسند کر لینا | اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰی لَکُمُ الدِّیْنَ | 132 | البقرة | 2 |
| اِصْطَلٰی | یَصْطَلِیْ | اِصْطِلَآءٌ | آگ تاپنا یا سینکنا | لَعَلَّکُمْ تَصْطَلُوْنَ | 29 | القصص | 28 |
| اِصْطَادَ | یَصْطَادُ | اِصْطِیَادٌ | شکار کرنا | وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا | 21 | المائدة | 5 |
| *2 اِزْدَادَ | یَزْدَادُ | اِزْدِیَادٌ | زیادہ ہونا، بڑھنے دینا | وَیَزْدَادَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِیْمَانًا | 31 | المدثر | 74 |
| اِزْدَجَرَ | یَزْدَجِرُ | اِزْدِجَارٌ | جھڑکنا | وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ | 9 | القمر | 54 |
| اِزْدَرٰی | یَزْدَرِیْ | اِزْدِرَآءٌ | حقیر جاننا، نفرت کرنا | لِلَّذِیْنَ تَزْدَرِیْٓ اَعْیُنُکُمْ | 31 | هود | 11 |

## اِفَّعَالٌ 6 ذ

| ماضی اِفَّعَلَ | مضارع یَفَّعِلُ | مصدر اِفِّعَالٌ | معانی | حوالہ قرآن | | سُورۃ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِدَّخَرَ [*3] | یَدَّخِرُ | اِدِّخَارٌ | قصد سے ذخیرہ کرنا | وَمَا تَدَّخِرُوْنَ فِیْ بُیُوْتِکُمْ | 98 | ال عمران | 3 |
| اِدَّکَرَ | یَدَّکِرُ | اِدِّکَارٌ | یاد آنا، نصیحت قبول کرنا | وَادَّکَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ | 45 | یوسف | 12 |
| اِتَّبَعَ [*4] | یَتَّبِعُ | اِتِّبَاعٌ | اتباع کرنا، پیروی کرنا | اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ | 162 | ال عمران | 3 |
| اِدَّخَلَ | یَدَّخِلُ | اِدِّخَالٌ | داخل کرنا | اَوْمَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا | 57 | التوبة | 9 |
| اِطَّلَعَ | یَطَّلِعُ | اِطِّلَاعٌ | جھانکنا، مطلع ہونا | فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِیْ سَوَآءِ الْجَحِیْمِ | 55 | الصفت | 37 |
| اِدَّعٰی | یَدَّعِیْ | اِدِّعَآءٌ | طلب کرنا، خواہش کرنا | وَلَهُمْ مَّا یَدَّعُوْنَ | 57 | یٰسٓ | 36 |
| اِتَّسَقَ [*5] | یَتَّسِقُ | اِتِّسَاقٌ | پورا یا مکمل ہونا | وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ | 18 | انشقاق | 84 |
| اِتَّقٰی | یَتَّقِیْ | اِتِّقَآءٌ | اللہ کے خوف سے ڈرنا | وَلٰکِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰی | 189 | البقرة | 2 |
| اِتَّکَاَ | یَتَّکِیُٔ | اِتِّکَآءٌ | تکیہ یا ٹیک لگانا | وَسُرُرًا عَلَیْهَا یَتَّکِئُوْنَ | 34 | الزخرف | 43 |
| اِتَّخَذَ | یَتَّخِذُ | اِتِّخَاذٌ | پکڑنا | لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِیْلًا | 28 | الفرقان | 25 |
| خِصَّمَ [*6] | یَخِصِّمُ | خِصَّامٌ، اِخْتِصَامٌ | جھگڑنا | تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ یَخِصِّمُوْنَ | 49 | یٰسٓ | 36 |
| هِدّٰی | یَهِدِّیْ | هِدَّآءٌ، اِهْتِدَآءٌ | ہدایت پانا | اَمَّنْ لَّا یَهِدِّیْٓ اِلَّآ اَنْ یُّهْدٰی | 35 | یونس | 10 |

# ﴿باب اِنْفِعَال کی خاصیات﴾

☆ ندامت: اس کے افعال میں شرمندگی اور خجالت کی خاصیت پائی جاتی ہے۔ مثلاً اِنْقِضَاضٌ ، گر پڑنا اِنْفِعَالٌ کے معانی شرمندہ ہونا اور بطورِ اسم شرمندگی اور خجالت ہیں جو کہ اس شعر سے بالکل عیاں ہیں۔

موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لئے ۔۔۔ قطرے جو تھے مرے عرقِ اِنْفِعَال کے

☆ انفعالیت: لفظ اِنْفِعَال کے معنی اثر قبول کرنا ہیں۔ ثلاثی مجرد کے جن افعال میں اثر اندازی اور زور لگا کر کچھ کرنے کا مفہوم پایا جاتا ہے یہ باب ان افعال کا اثر قبول کرنے اور ویسا ہو جانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ نیز متعدی فعل کو لازم کر دیتا ہے ۔ مثلاً فَلَقَ ، پھاڑا اِنْفَلَقَ ، پھٹ گیا۔

☆ لزوم: یہ ہمیشہ بطور فعل لازم آتا ہے لہٰذا اس کے ماضی و مضارع مجہول اور اسم مفعول کے صیغے نہیں بنتے

☆ ابتداء: فعل مزید میں بالکل نئے معنی کو ظاہر کرنا جو فعل مجرد میں نہیں تھے۔

جیسے بَغٰی ، وہ نافرمان ہوا۔ اِنْبَغٰی سے اِنْبِغَآءٌ ، مناسب ہونا۔

☆ مطاوعت : فَعَلَ ،اَفْعَلَ اور فَعَّلَ کی مطاوعت کے لئے بھی باب اِنْفِعَال استعمال ہوتا ہے۔

☆ اس باب کے افعال کا تعلق ظاہری اعضاء ہاتھ، پاؤں کے کام سے ہوتا ہے یعنی وہ کام عقل اور سوچ سے مختص نہیں ہوتا۔

☆ جس فعل کے کلمہ فاء میں یہ سات حروف " ا، و، ل ن، ر، م، ی" (اوّل نرمی) ہوں تو وہ باب انفعال کے بجائے باب افتعال میں آئے گا۔

## ﴿باب انفعال کے مشتق افعال و اسماء کے اوزان﴾

| ماضی | مضارع | امر | نہی | اسم فاعل | ظرف زماں ومکاں | مصدر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْقَلَبَ | يَنْقَلِبُ | اِنْقَلِبْ | لَاتَنْقَلِبْ | مُنْقَلِبٌ | مُنْقَلَبٌ | اِنْقِلَابٌ |

| ماضی | مضارع | مصدر | | 7 باب اِنْفِعَالٌ | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنْفَعَلَ | يَنْفَعِلُ | اِنْفِعَالٌ | معانی | حوالہ قرآن | سُورة |
| اِنْبَجَسَ | يَنْبَجِسُ | اِنْبِجَاسٌ | پھوٹ نکلنا (تنگ جگہ سے) | فَانْبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا 160 | الاعراف 7 |
| اِنْبَعَثَ | يَنْبَعِثُ | اِنْبِعَاثٌ | اٹھ کھڑا ہونا | اِذِا انْبَعَثَ اَشْقٰهَا 12 | الشمس 91 |
| اِنْخَنَقَ | يَنْخَنِقُ | اِنْخِنَاقٌ | گلا یا دم گھٹ کر مرنا (مرجانا) | وَ الْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ 3 | المائدة 5 |
| اِنْسَلَخَ | يَنْسَلِخُ | اِنْسِلَاخٌ | گزر جانا | فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ 5 | التوبة 9 |
| اِنْسَلَخَ | يَنْسَلِخُ | اِنْسِلَاخٌ | چھوڑ دینا، گمراہی میں چلا جانا | اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا 175 | الاعراف 07 |
| اِنْصَرَفَ | يَنْصَرِفُ | اِنْصِرَافٌ | پلٹ جانا، نکل جانا، چل پڑنا | ثُمَّ انْصَرَفُوْا صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ 127 | التوبة 9 |
| اِنْطَلَقَ | يَنْطَلِقُ | اِنْطِلَاقٌ | آسانی سے چلنا | وَيَضِيْقُ صَدْرِىْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِىْ 13 | الشعرآء 26 |
| اِنْطَلَقَ | يَنْطَلِقُ | اِنْطِلَاقٌ | چل پڑنا، اپنی راہ لینا | فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ 23 | القلم 68 |
| اِنْفَجَرَ | يَنْفَجِرُ | اِنْفِجَارٌ | پھوٹ (بہہ) پڑنا | فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا 60 | البقرة 2 |
| اِنْفَصَمَ | يَنْفَصِمُ | اِنْفِصَامٌ | ٹوٹنا (علیحدہ ہوئے بغیر) | بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا 256 | البقرة 2 |
| اِنْفَطَرَ | يَنْفَطِرُ | اِنْفِطَارٌ | پھٹنا، چر جانا، پھٹ جانا | اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ 1 | الانفطار 82 |
| اِنْفَلَقَ | يَنْفَلِقُ | اِنْفِلَاقٌ | پھٹ جانا | فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ 63 | الشعرآء 26 |
| اِنْقَعَرَ | يَنْقَعِرُ | اِنْقِعَارٌ | جڑ سے اکھڑ پڑنا | تَنْزِعُ النَّاسَ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ 20 | القمر 54 |
| اِنْقَلَبَ | يَنْقَلِبُ | اِنْقِلَابٌ | الٹا پھرنا، الٹ پلٹ ہونا | وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ 144 | آل عمران 03 |
| اِنْقَلَبَ | يَنْقَلِبُ | اِنْقِلَابٌ | واپس لوٹنا، پلٹنا | يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا 04 | المُلک 67 |
| اِنْكَدَرَ | يَنْكَدِرُ | اِنْكِدَارٌ | جھڑ جانا، بکھر جانا | وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ 2 | التكوير 81 |
| اِنْهَمَرَ | يَنْهَمِرُ | اِنْهِمَارٌ | بارش کا خوب برسنا | فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ 11 | القمر 54 |

| ماضی | مضارع | مصدر | | 7 باب اِنْفِعَالٌ | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنْفَعَلَ | يَنْفَعِلُ | اِنْفِعَالٌ | معانی | حوالہ قرآن | سُورة |
| *اِنْبَغٰى | يَنْبَغِيْ | اِنْبِغَآءٌ | مناسب یا شایانِ شان ہونا | وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ 69 | يٰسٓ 36 |
| اِنْهَارَ | يَنْهَارُ | اِنْهِيَارٌ | گر پڑنا، ڈھے جانا | جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ 109 | التوبة 9 |
| *اِنْبَثَّ | يَنْبَثُّ | اِنْبِثَاثٌ | پھیل جانا، بکھر جانا | فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا 6 | الواقعة 56 |
| اِنْشَقَّ | يَنْشَقُّ | اِنْشِقَاقٌ | شق ہو جانا، پھٹ جانا | اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ 1 | القمر 54 |
| اِنْفَضَّ | يَنْفَضُّ | اِنْفِضَاضٌ | متفرق ہو جانا، منتشر ہو جانا | لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا 7 | المنٰفقون 63 |
| اِنْفَكَّ | يَنْفَكُّ | اِنْفِكَاكٌ | باز آنا، باز رہنا | مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ 1 | البينة 98 |
| اِنْقَضَّ | يَنْقَضُّ | اِنْقِضَاضٌ | گر پڑنا، ٹوٹ جانا | يُرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ 77 | الكهف 18 |

## ﴿باب اِنْفِعَال کے بارے میں چند اہم باتیں﴾

☆ اِنْهَارَ کا مادہ ’’ ہ و ر ‘‘ ہے جو کہ اجوف واوی ہے اس کا ماضی و مضارع ’’اِنْفَالَ ، يَنْفَالُ‘‘ اور مصدر ’’اِنْفِيَالٌ‘‘ کے وزن پر ہوگا۔ اور اجوف یائی کا بھی اسی طرز پر ہوگا۔

☆ اِنْبَغٰى کا مادہ ’’ب غ ی ‘‘ ہے جو کہ ناقص یائی ہے لہٰذا اس کا ماضی و مضارع ’’اِنْفَعٰى ، يَنْفَعِيْ‘‘ اور مصدر ’’اِنْفِعَآءٌ‘‘ کے وزن پر ہوگا۔ اور ناقص واوی کا بھی اسی طرز پر ہوگا۔

☆ درج ذیل ثلاثی مجرد افعال قرآن حکیم میں صرف باب انفعال میں بطور ثلاثی مزید فیہ استعمال ہوئے ہیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَجَسَ (ن) | يَبْجُسُ | بُجُوْسٌ | پھوٹ پڑنا (پانی) | كَدَرَ (ن) | يَكْدُرُ | كَدْرٌ | گرانا |
| فَصَمَ (ض) | يَفْصِمُ | فَصْمٌ | پھاڑنا، توڑنا | خَنَقَ (ن) | يَخْنُقُ | خَنْقٌ | گلا گھونٹنا |
| فَضَّ (ن) | يَفُضُّ | فَضٌّ | منتشر کرنا، کھولنا | قَعَرَ (ف) | يَقْعَرُ | قَعْرٌ | گہرا کھودنا |
| قَضَّ (ن) | يَقُضُّ | قَضٌّ | گرانا، ڈھانا | هَمَرَ (ن) | يَهْمُرُ | هَمْرٌ | بارش برسنا |

# ﴿باب استِفعَال کی خاصیات﴾

☆**طلب**: اس میں طلب کرنے اور خواہش کرنے کا مفہوم پایا جاتا ہے جیسے اِسْتَغْفَرَ، اس نے مغفرت طلب کی، اِسْتَطْعَمَ، اس نے کھانا طلب کیا اور اِسْتَأْذَنَ، اس نے اجازت طلب کی۔

یہ شعر طلب، خاصیت کی کس قدر بہترین غمازی کرتا ہے۔

ہے طلب سے اس قدر نفرت، کہ رہتا ہے خیال آنہ جائے لفظ لب پر، باب اِسْتِفْعَال کا

☆**مطاوعت اَفْعَلَ**: جیسے اَقَمْتُه فَاسْتَقَامَ ، میں نے اس کو سیدھا کیا تو وہ سیدھا ہو گیا۔

☆ **موافقت مجرد**: جیسے اِسْتَقَرَّ برقرار رہنا بمعنی قَرَّ ۔

☆**موافقت اَفْعَلَ**: بعض اوقات دونوں افعال ایک ہی معنی میں استعمال ہوتے ہیں۔

اَجَابَ اور اِسْتَجَابَ، قبول کیا۔

☆**مبالغہ یا تکثیر**: اس کے افعال میں مصدری معنی میں زیادتی کا اظہار پایا جاتا ہے۔

اِسْتَبْصَرَ ، واضح طور پر سمجھنا۔ اِسْتَمْسَکَ ، مضبوطی سے پکڑنا۔

☆**حِسْبَانٌ**: حِسبان میں شک کے معانی پائے جاتے ہیں۔یعنی ظن اور گمان غالب ہوتا ہے۔

مثلاً: اِسْتَحْسَنَه اس نے اس کو نیک گمان کیا۔

☆**قصر**: یعنی پورے جملے کے بجائے صرف ایک کلمہ استعمال کرنا۔

جیسے فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ کا مطلب اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھ کر پناہ مانگو۔

☆فعل متعدی کا معنی دیتا ہے۔اِسْتَشْهَدَ ، اس نے گواہی طلب کی۔

☆کبھی کبھار فعل لازم کا معنی دیتا ہے۔ اِسْتَحْسَرَ، وہ تھک گیا۔

| ماضی اِسْتَفْعَلَ | مضارع يَسْتَفْعِلُ | مصدر اِسْتِفْعَالٌ | معانی | 8 باب اِسْتِفْعَال حوالہ قرآن | سُورۃ |
|---|---|---|---|---|---|
| اِسْتَبْدَلَ | يَسْتَبْدِلُ | اِسْتِبْدَالٌ | بدل لینا، تبدیلی چاہنا | وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ 38 | محمد 47 |
| اِسْتَبْشَرَ | يَسْتَبْشِرُ | اِسْتِبْشَارٌ | بشارت سن کر خوش ہونا | ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ 39 | عبس 80 |
| اِسْتَبْصَرَ | يَسْتَبْصِرُ | اِسْتِبْصَارٌ | واضح طور پر دیکھنا اور سمجھنا | وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ 38 | العنکبوت 29 |
| اِسْتَحْسَرَ | يَسْتَحْسِرُ | اِسْتِحْسَارٌ | تھک کر چور ہو جانا | وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ 19 | الانبیاء 21 |
| اِسْتَحْفَظَ | يَسْتَحْفِظُ | اِسْتِحْفَاظٌ | کسی کی حفاظت میں دینا | بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ 44 | المائدة 5 |
| اِسْتَحْوَذَ | يَسْتَحْوِذُ | اِسْتِحْوَاذٌ | غالب آنا، مسلط ہونا | قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ 141 | النساء 4 |
| اِسْتَخْرَجَ | يَسْتَخْرِجُ | اِسْتِخْرَاجٌ | نکالنا، نکال لینا | ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ 76 | یوسف 12 |
| اِسْتَخْلَصَ | يَسْتَخْلِصُ | اِسْتِخْلَاصٌ | چن لینا، خاص کر لینا | اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ 54 | یوسف 12 |
| اِسْتَخْلَفَ | يَسْتَخْلِفُ | اِسْتِخْلَافٌ | خلیفہ بنانا، جانشین بنانا | لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ 55 | النور 24 |
| اِسْتَدْرَجَ | يَسْتَدْرِجُ | اِسْتِدْرَاجٌ | بتدریج (آہستہ آہستہ) لے جانا | سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ 182 | الاعراف 7 |
| اِسْتَرْضَعَ | يَسْتَرْضِعُ | اِسْتِرْضَاعٌ | دودھ پلوانا (رضاعت) | اِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ 233 | البقرة 2 |
| اِسْتَرْهَبَ | يَسْتَرْهِبُ | اِسْتِرْهَابٌ | ڈرانا، خوف دلانا، (ترہیب) | سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ 116 | الاعراف 7 |
| اِسْتَسْخَرَ | يَسْتَسْخِرُ | اِسْتِسْخَارٌ | کسی بات کا مذاق اڑانا | وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ 14 | الصّٰفّٰت 37 |
| اِسْتَسْلَمَ | يَسْتَسْلِمُ | اِسْتِسْلَامٌ | مطیع ہونا، فرمانبردار بنے رہنا | بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ 26 | الصّٰفّٰت 37 |
| اِسْتَشْهَدَ | يَسْتَشْهِدُ | اِسْتِشْهَادٌ | شہادت (گواہی) کیلئے طلب کرنا | وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ 282 | البقرة 2 |
| اِسْتَصْرَخَ | يَسْتَصْرِخُ | اِسْتِصْرَاخٌ | مدد کیلئے پکارنا | اِسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ يَسْتَصْرِخُهٗ 18 | القصص 28 |
| اِسْتَضْعَفَ | يَسْتَضْعِفُ | اِسْتِضْعَافٌ | کمزور جاننا، جبری کمزور کرنا | وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ 75 | النساء 4 |
| اِسْتَطْعَمَ | يَسْتَطْعِمُ | اِسْتِطْعَامٌ | طعام طلب کرنا | اِسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا 77 | الکهف 18 |
| اِسْتَعْتَبَ | يَسْتَعْتِبُ | اِسْتِعْتَابٌ | عذر قبول کرنا، توبہ قبول کرنا | وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ 35 | الجاثية 45 |

| ماضی اِسْتَفْعَلَ | مضارع يَسْتَفْعِلُ | مصدر اِسْتِفْعَالٌ | معانی | 8 باب اِسْتِفْعَالٌ حوالہ قرآن | سُورة |
|---|---|---|---|---|---|
| اِسْتَعْتَبَ | يَسْتَعْتِبُ | اِسْتِعْتَابٌ | توبہ کرنا رضا جوئی کرنا | وَإِنْ يَسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِنَ الْمُعْتَبِيْنَ 24 | حم السجدة 41 |
| اِسْتَعْجَلَ | يَسْتَعْجِلُ | اِسْتِعْجَالٌ | جلدی چاہنا، جلدی مانگنا | وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ 6 | الرعد 13 |
| اِسْتَعْصَمَ | يَسْتَعْصِمُ | اِسْتِعْصَامٌ | اپنے آپ کو بچانا، پاکیزہ رکھنا | وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ 32 | یوسف 12 |
| اِسْتَعْمَرَ | يَسْتَعْمِرُ | اِسْتِعْمَارٌ | آباد کرنا، بسانا | وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا 61 | هود 11 |
| اِسْتَغْفَرَ | يَسْتَغْفِرُ | اِسْتِغْفَارٌ | مغفرت چاہنا، بخشش چاہنا | وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ 64 | النساء 4 |
| اِسْتَغْلَظَ | يَسْتَغْلِظُ | اِسْتِغْلَاظٌ | سخت ہونا، (گاڑھا) موٹا ہونا | فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ 29 | الفتح 48 |
| اِسْتَفْتَحَ | يَسْتَفْتِحُ | اِسْتِفْتَاحٌ | فتح مانگنا، مدد چاہنا | وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ 89 | البقرة 2 |
| اِسْتَفْتَحَ | يَسْتَفْتِحُ | اِسْتِفْتَاحٌ | کسی کے خلاف فیصلہ طلب کرنا | إِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ 19 | الانفال 08 |
| اِسْتَقْبَلَ | يَسْتَقْبِلُ | اِسْتِقْبَالٌ | استقبال کرنا، آگے بڑھ کر ملنا | رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ 24 | الاحقاف 46 |
| اِسْتَقْدَمَ | يَسْتَقْدِمُ | اِسْتِقْدَامٌ | آگے بڑھنے کی خواہش کرنا | وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ 24 | الحجر 15 |
| اِسْتَقْسَمَ | يَسْتَقْسِمُ | اِسْتِقْسَامٌ | قسمت معلوم کرنا | اَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ 3 | المائدة 5 |
| اِسْتَكْبَرَ | يَسْتَكْبِرُ | اِسْتِكْبَارٌ | ناحق تکبر کرنا | الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا 173 | النساء 4 |
| اِسْتَكْثَرَ | يَسْتَكْثِرُ | اِسْتِكْثَارٌ | کثرت (بہت زیادہ) طلب کرنا | وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ 6 | المدثر 74 |
| اِسْتَمْتَعَ | يَسْتَمْتِعُ | اِسْتِمْتَاعٌ | فائدہ اٹھانا، خوشی حاصل کرنا | اِسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ 128 | الانعام 6 |
| اِسْتَمْسَكَ | يَسْتَمْسِكُ | اِسْتِمْسَاكٌ | مضبوط پکڑنا، چمٹنا | فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى 256 | البقرة 2 |
| اِسْتَنْبَطَ | يَسْتَنْبِطُ | اِسْتِنْبَاطٌ | اجتہاد سے دریافت کرنا | الَّذِيْنَ يَسْتَنْبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ 83 | النساء 4 |
| اِسْتَنْسَخَ | يَسْتَنْسِخُ | اِسْتِنْسَاخٌ | لکھوانا | اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ 29 | الجاثية 45 |
| اِسْتَنْصَرَ | يَسْتَنْصِرُ | اِسْتِنْصَارٌ | مدد طلب کرنا | الَّذِى اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ 18 | القصص 28 |
| اِسْتَنْفَرَ | يَسْتَنْفِرُ | اِسْتِنْفَارٌ | بھاگ جانا، بدک جانا | كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ 50 | المدثر 74 |

| اِسْتَفْعَلَ | یَسْتَفْعِلُ | 8 اِسْتِفْعَالٌ | معانی | حوالہ قرآن | سور |
|---|---|---|---|---|---|
| اِسْتَنْقَذَ | یَسْتَنْقِذُ | اِسْتِنْقَاذٌ | خلاصی دلوانا، چھڑانا، بچانا | لَا یَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ 73 | الحج 22 |
| اِسْتَنْكَحَ | یَسْتَنْكِحُ | اِسْتِنْكَاحٌ | نکاح چاہنا | اِنْ اَرَادَ النَّبِیُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا 50 | الاحزاب 33 |
| اِسْتَنْكَفَ | یَسْتَنْكِفُ | اِسْتِنْكَافٌ | عار سمجھنا | وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ 172 | النساء 4 |
| *اِسْتَحَبَّ | یَسْتَحِبُّ | اِسْتِحْبَابٌ | محبت کرنا، اچھا سمجھنا | اَلَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا 3 | ابراھیم 14 |
| اِسْتَحَقَّ | یَسْتَحِقُّ | اِسْتِحْقَاقٌ | جرم کا مستحق ٹھہرنا، حقدار ہونا | اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا 107 | المائدۃ 5 |
| اِسْتَخَفَّ | یَسْتَخِفُّ | اِسْتِخْفَافٌ | حقیر سمجھنا، ہلکا پانا | تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ 80 | النحل 16 |
| اِسْتَزَلَّ | یَسْتَزِلُّ | اِسْتِزْلَالٌ | کوشش کرکے پھسلانا | اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ 155 | آل عمران 3 |
| اِسْتَعَفَّ | یَسْتَعِفُّ | اِسْتِعْفَافٌ | بالارادہ بچنا، رکنا | وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ 6 | النساء 4 |
| اِسْتَفَزَّ | یَسْتَفِزُّ | اِسْتِفْزَازٌ | گھبرانا، ہلاکت میں ڈالنا، بہکانا | فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ 103 | بنی اسرائیل 17 |
| اِسْتَقَرَّ | یَسْتَقِرُّ | اِسْتِقْرَارٌ | برقرار رہنا، قائم رہنا | لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ 67 | الانعام 6 |
| اِسْتَمَرَّ | یَسْتَمِرُّ | اِسْتِمْرَارٌ | ایک ہی طریقہ پر چلے آنا | وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ 2 | القمر 54 |
| * اِسْتَبَانَ | یَسْتَبِيْنُ | اِسْتِبَانَةٌ | واضح ہونا، ظاہر ہونا | وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ 55 | الانعام 6 |
| اِسْتَجَابَ | یَسْتَجِيْبُ | اِسْتِجَابَةٌ | جواب دینا، سوال پورا کرنا | فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ 195 | آل عمران 3 |
| اِسْتَعَاذَ | یَسْتَعِيْذُ | اِسْتِعَاذَةٌ | پناہ لینا، پناہ چاہنا | اَلشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ 200 | الاعراف 7 |
| اِسْتَجَارَ | یَسْتَجِيْرُ | اِسْتِجَارَةٌ | پناہ مانگنا، فریاد رسی چاہنا | مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ 6 | التوبۃ 9 |
| اِسْتَطَارَ | یَسْتَطِيْرُ | اِسْتِطَارَةٌ | پھیل جانا | كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا 7 | الدھر 76 |
| اِسْتَطَارَ | یَسْتَطِيْرُ | اِسْتِطَارَةٌ | لکھا جانا | وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ 53 | القمر 54 |
| اِسْتَطَاعَ | یَسْتَطِيْعُ | اِسْتِطَاعَةٌ | طاقت رکھنا، استطاعت رکھنا | وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا 25 | النساء 4 |
| اِسْتَعَانَ | یَسْتَعِيْنُ | اِسْتِعَانَةٌ | مدد مانگنا | وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ 4 | الفاتحۃ 1 |
| اِسْتَغَاثَ | یَسْتَغِيْثُ | اِسْتِغَاثَةٌ | مدد کیلئے پکارنا، فریاد کرنا | وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ 29 | الکہف 18 |

| اِسْتَفْعَلَ | يَسْتَفْعِلُ | 8 اِسْتِفْعَالٌ | معانی | حوالہ قرآن | | سُورة |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسْتَقَامَ | يَسْتَقِيمُ | اِسْتِقَامَةٌ | ڈٹ جانا، استقامت دکھانا | قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا | 30 | حم السجدة 41 |
| اِسْتَكَانَ | يَسْتَكِيْنُ | اِسْتِكَانَةٌ | دب جانا، ڈر جانا، ذلیل ہونا | وَمَاضَعُفُوْا وَمَااسْتَكَانُوْا | 146 | ال عمران 3 |
| اِسْتَكَانَ | يَسْتَكِيْنُ | اِسْتِكَانَةٌ | جھکنا، عاجزی کرنا | فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ | 76 | المؤمنون 23 |
| *اِسْتَوْدَعَ | يَسْتَوْدِعُ | اِسْتِيْدَاعٌ | حفاظت میں رکھنا، سپرد کرنا | فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ | 98 | الانعام 6 |
| اِسْتَوْقَدَ | يَسْتَوْقِدُ | اِسْتِيْقَادٌ | بتکلف ایندھن سے آگ جلانا | كَمَثَلِ الَّذِى اسْتَوْقَدَ نَارًا | 17 | البقرة 2 |
| * اِسْتَنْبَأَ | يَسْتَنْبِأُ | اِسْتِنْبَآءٌ | خبر پوچھنا، دریافت کرنا | وَيَسْتَنْبِئُوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ | 53 | يونس 10 |
| اِسْتَهْزَأَ | يَسْتَهْزِءُ | اِسْتِهْزَآءٌ | مذاق اڑانا | اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ | 15 | البقرة 2 |
| *اِسْتَثْنٰى | يَسْتَثْنِيْ | اِسْتِثْنَآءٌ | ان شاء اللہ کہنا | وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ | 18 | القلم 68 |
| اِسْتَحْيٰى | يَسْتَحْيِيْ | اِسْتِحْيَآءٌ | حیا کرنا، شرم کرنا، زندہ چھوڑنا | اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا | 26 | البقرة 2 |
| اِسْتَحْيٰى | يَسْتَحْيِيْ | اِسْتِحْيَآءٌ | زندہ رکھنا، زندہ چھوڑنا | يُذَبِّحُ اَبْنَآءَ هُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَ هُمْ | 04 | القصص 28 |
| اِسْتَخْفٰى | يَسْتَخْفِيْ | اِسْتِخْفَآءٌ | مخفی رکھنا، چھپا رہنا | وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ | 108 | النساء 4 |
| اِسْتَسْقٰى | يَسْتَسْقِيْ | اِسْتِسْقَآءٌ | کسی سے پانی مانگنا | اِذِاسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ | 60 | البقرة 2 |
| اِسْتَعْلٰى | يَسْتَعْلِيْ | اِسْتِعْلَآءٌ | غالب ہونا، بلندی چاہنا | وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى | 64 | طٰه 20 |
| اِسْتَغْشٰى | يَسْتَغْشِيْ | اِسْتِغْشَآءٌ | ڈھانپنا، کپڑے اوڑھ لینا | اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ | 5 | هود 11 |
| اِسْتَغْنٰى | يَسْتَغْنِيْ | اِسْتِغْنَآءٌ | بے نیاز ہونا، لاپروائی کرنا | وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى | 8 | الليل 92 |
| اِسْتَفْتٰى | يَسْتَفْتِيْ | اِسْتِفْتَآءٌ | فتوی پوچھنا، تحقیق کرنا، مشورہ مانگنا یا لینا | وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِى النِّسَآءِ | 127 | النساء 4 |
| اِسْتَهْوٰى | يَسْتَهْوِيْ | اِسْتِهْوَآءٌ | بدحواس بنا دینا، بھلا دینا | كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ | 71 | الانعام 6 |
| اِسْتَوْفٰى | يَسْتَوْفِيْ | اِسْتِيْفَآءٌ | کامل حق لینا، پورا لینا | اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ | 2 | المطففين 83 |
| *اِسْتَاْجَرَ | يَسْتَاْجِرُ | اِسْتِيْجَارٌ | اجرت پر ملازم رکھنا | اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ | 26 | القصص 28 |
| اِسْتَاْخَرَ | يَسْتَاْخِرُ | اِسْتِيْخَارٌ | تاخیر کرنا یا کرنے کی خواہش کرنا | وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ | 24 | الحجر 15 |

| ماضی اِسْتَفْعَلَ | مضارع يَسْتَفْعِلُ | مصدر اِسْتِفْعَالٌ | معانی | 8 باب اِسْتِفْعَالٌ حوالہ قرآن | | سُورة | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسْتَأْذَنَ | يَسْتَأْذِنُ | اِسْتِيْذَانٌ | اجازت مانگنا، اجازت لینا | جَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَأْذَنَكَ | 86 | التوبة | 9 |
| اِسْتَأْنَسَ | يَسْتَأْنِسُ | اِسْتِيْنَاسٌ | اجازت لینا | غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَأْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا | 27 | النور | 24 |
| اِسْتَأْنَسَ | يَسْتَأْنِسُ | اِسْتِيْنَاسٌ | جی لگا کر بیٹھنا شناسائی کرانا | وَلَا مُسْتَأْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ | 53 | الاحزاب | 33 |
| اِسْتَيْئَسَ | يَسْتَيْئِسُ | اِسْتِيْأَسٌ | مایوس ہونا، ناامید ہونا | حَتّٰى إِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ | 110 | يوسف | 12 |
| اِسْتَيْسَرَ | يَسْتَيْسِرُ | اِسْتِيْسَارٌ | میسر ہونا، آسان ہونا | فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ | 196 | البقرة | 2 |
| اِسْتَيْقَنَ | يَسْتَيْقِنُ | اِسْتِيْقَانٌ | یقین کرنا | لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ | 31 | المدثر | 74 |

| ماضی اِفْعَلَّ | مضارع یَفْعَلُّ | مصدر اِفْعِلَالٌ | معانی | 9 باب اِفْعِلَالٌ حوالہ قرآن | | سُورۃ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِبْيَضَّ | يَبْيَضُّ | اِبْيِضَاضٌ | سفید (روشن) ہونا | يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ | 106 | ال عمران 3 |
| اِخْضَرَّ | يَخْضَرُّ | اِخْضِرَارٌ | سرسبز ہونا | فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً | 63 | الحج 22 |
| اِسْوَدَّ | يَسْوَدُّ | اِسْوِدَادٌ | سیاہ (پریشان) ہونا | وَتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ | 106 | ال عمران 3 |
| اِصْفَرَّ | يَصْفَرُّ | اِصْفِرَارٌ | زرد ہوجانا | ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰهُ مُصْفَرًّا | 21 | الزمر 39 |

مادہ کے حروف: ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب کا ہمزہ ہٹانے سے مادہ کے حروف آجاتے ہیں۔

## مادہ ﴿ ب ی ض ﴾

قرآن حکیم میں اس مادہ سے کل چھ (6) کلمات تکرار کے ساتھ بارہ (12) بار آئے ہیں۔
جن میں سے چار کلمات بِيْضٌ ، بَيْضٌ ، اَبْيَضُ ایک ایک بار اور بَيْضَآءُ (5 بار) ثلاثی مجرد کے ہیں۔
اور دو کلمات (i) تَبْيَضُّ (ایک بار) اور (ii) اِبْيَضَّتْ (2 بار) ثلاثی مزید فیہ کے ہیں۔

ا: ثلاثی مجرد میں بَاضَ کا باب ضَرَبَ ہے۔ بَاضَ ، يَبِيْضُ ، بَيْضٌ انڈے دینا۔
اسی سے بَاضَ فُلَانًا ، وہ فلاں سے گورے (سفید) رنگ میں بڑھ گیا۔ گویا سفید ہونا معنیٰ بھی ہیں۔

1: بِيْضٌ ، اسم جمع سفید، بَيَاضٌ سے صفت مشبہ ہے۔ مذکر کے لئے وَاحِد اَبْيَضُ (سفید) اور مؤنث کے لئے بَيْضَآءُ آتا ہے۔

" وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيْضٌ اور پہاڑوں میں سے کچھ ٹکڑے سفید ہیں۔ ( 27 ، فاطر 35 )

2: اَبْيَضُ : حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ (187، البقرۃ 02)
حتی کہ واضح ہوجائے تمہارے لئے سفید دھاری (صبح صادق) فجر کی سیاہ دھاری (صبح کاذب) سے

3: بَیْضَآءُ ، سفید واحد مؤنث بِیضٌ کا

(i) وَ نَزَعَ یَدَہٗ فَاِذَا ھِیَ بَیْضَآءُ لِلنّٰظِرِیْنَ (108،الاعراف)( 33، الشعراء)

اور اس (موسیٰ) نے باہر نکالا اپنے ہاتھ کو، تو اچانک وہ دیکھنے والوں کے سامنے سفید (چمکدار) تھا

(ii) بَیْضَآءُ لَذَّۃٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ، سفید لذت (سے بھرپور) پینے والوں کے لئے (46، الصّٰفّٰت 37)

(iii) وَاَدْخِلْ یَدَکَ فِیْ جَیْبِکَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ (12، النمل 16)

اور داخل کر اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں وہ نکلے گا بالکل سفید ہوکر بغیر کسی عیب (برص) کے

(iv) اُسْلُکْ یَدَکَ فِیْ جَیْبِکَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ (32، القصص28)

داخل کرو اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں وہ نکلے گا بالکل سفید ہوکر بغیر کسی عیب (برص) کے

(v) وَاضْمُمْ یَدَکَ اِلٰی جَنَاحِکَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ اٰیَۃً اُخْرٰی (22 ، طٰہٰ 20)

اور ملاؤ اپنا ہاتھ اپنی بغل کی طرف وہ نکلے گا (چمکتا ہوا) سفید بغیر کسی بیماری کے (بطور) نشانی دوسری کے

4: بَیْضٌ ، انڈے ، واحد بَیْضَۃٌ ، کَاَنَّھُنَّ بَیْضٌ مَّکْنُوْنٌ (49، الصّٰفّٰت 37)

گویا وہ (حوریں) ایسی ہیں (جس طرح) انڈے چھپا چھپا کر رکھے ہوئے (یعنی ملفوف اور ہر آلائش سے پاکیزہ و مبرا)

ب: ثلاثی مزید فیہ: تَبْیَضُّ ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب وہ سفید ہو جائے گی/ہو جاتی ہے۔

5: یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْہٌ وَّ تَسْوَدُّ وُجُوْہٌ (106، اٰلِ عمران3)

اُس روز (قیامت) سفید (خوش) ہوں گے کچھ چہرے اور سیاہ (غمزدہ) ہوں گے کچھ چہرے

6: اِبْیَضَّتْ ، ماضی واحد مؤنث غائب، وہ سفید ہوگئی/ہوگئیں (آنکھیں یعنی کمزور نظر یا بے نور)

(i) وَاَمَّا الَّذِیْنَ ابْیَضَّتْ وُجُوْھُھُمْ فَفِیْ رَحْمَۃِ اللّٰہِ (107، اٰلِ عمران 3)

اور لیکن وہ لوگ سفید ہونگے ان کے چہرے پس اللہ کی رحمت میں ہوں گے ۔

(ii) وَابْیَضَّتْ عَیْنٰہُ مِنَ الْحُزْنِ فَھُوَ کَظِیْمٌ (84، یوسف 12)

اور سفید (بے نور) ہوگئیں ان کی آنکھیں حزن کی وجہ سے پس وہ خود ہی غم برداشت کر رہے تھے۔

## مادہ ﴿ " خ ض ر " ﴾

قرآن حکیم میں اس مادہ کے کل پانچ کلمات تکرار کے ساتھ آٹھ بار استعمال ہوئے ہیں۔

ثلاثی مجرد کے چار کلمات سات بار استعمال ہوئے ہیں۔

ثلاثی مزید فیہ: اس کا صرف ایک کلمہ مُخْضَرَّۃً بطور اسم فاعل (سرسبز) ایک بار استعمال ہوا ہے۔

1: فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّۃً تو ہو جاتی ہے زمین سرسبز (63، الحج 22)

ثلاثی مجرد کے کلمات (i) خَضِرًا ، سبز ، ہرے واحد اَخْضَرُ و خَضْرَآءُ

2: خَضِرًا، سرسبز فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا پھر نکالی ہے اس سے سرسبز (شاخ) (99، الانعام 6)

3: اَخْضَرُ صفت مشبہ ، خُضْرَآءُ سے ہرا، سبز

اَلَّذِیْ جَعَلَ لَکُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ (80، یٰس 36)

جس نے پیدا کی ہے تمہارے لئے سرسبز درخت سے آگ پھر تم اس سے آگ جلاتے ہو۔

4:i، ii، خُضْرٍ (4بار)، سرسبز، سبز صفت مشبہ سَبْعَ سُنْبُلٰتٍ خُضْرٍ ، سات بالیاں سرسبز (43، یوسف 12)

iii، مُتَّكِـئِيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّ عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ (76، الرحمن 55)

وہ تکیہ لگائے ہوئے بیٹھے ہوں گے سبز قالینوں پر، جو نادر (اور) نفیس (ہیں)۔

iv، عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ (21، الدھر 76)

ان کے (جسموں) پر کپڑے ہوں گے باریک ریشم کے سبز اور موٹے ریشم کے

## مادہ ﴿ س و د ﴾

قرآن حکیم میں اس مادہ سے رنگوں سے متعلق کل چھ کلمات آئے ہیں۔ ان کا تعلق سیاہ رنگ سے ہے۔ یہ تکرار کے ساتھ کل سات بار آئے ہیں ثلاثی مجرد کے صرف دو کلمات دو بار آئے ہیں۔ اور چار کلمات ثلاثی مزید فیہ باب اِفْعِلَالٌ سے ہیں اور پانچ بار آئے ہیں۔

ا: ثلاثی مجرد: سَوِدَ (س) يَسْوَدُ ، سُوْدٌ ، سیاہ (کالا) ہونا

1: سُوْدٌ، کالے واحد اَسْوَدُ کالا ، سَوَادٌ سے صفت مشبہ

وَغَرَابِیْبُ سُوْدٌ (27، فاطر 35) اور کچھ (پہاڑ) گہرے کالے ہیں۔

2: حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکُمُ الْخَیْطُ الْاَبْیَضُ مِنَ الْخَیْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ (187، البقرۃ 2)

حتیٰ کہ واضح ہوجائے تمہارے لئے سفید دھاری (صبح صادق) فجر کی سیاہ دھاری (صبح کاذب) سے

ب:3: ثلاثی مزید فیہ اِسْوَدَّتْ ماضی واحد مؤنث غائب۔ سیاہ ہوگئی۔

فَاَمَّا الَّذِیْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ اَکَفَرْتُمْ بَعْدَ اِیْمَانِکُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا کُنْتُمْ تَکْفُرُوْنَ (106، اٰلِ عمران)

پھر لیکن وہ لوگ کہ سیاہ پڑ جائیں گے جن کے چہرے (ان سے کیا جائے گا)

کیا کفر کیا تھا تم نے ایمان لانے کے بعد تو پھر چکھو عذاب اس کے بدلے جو تم کفر کر رہے تھے۔

4: تَسْوَدُّ ۔مضارع، واحد مؤنث غائب، سیاہ پڑ جائیں گے۔

یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ (106، اٰلِ عمران 3)

اُس روز (قیامت) سفید ہوں گے (خوش) کچھ چہرے اور سیاہ (غمزدہ) ہوں گے کچھ چہرے

5: مُسْوَدًّا (2 بار) اسم مفعول واحد مذکر ، کالا کیا ہوا، سیاہ۔

(i) وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰی ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ کَظِیْمٌ (58، النحل 16)

اور جب خبر ملتی ہے ان میں سے کسی کو لڑکی کی، تو ہو جاتا ہے اس کا چہرہ سیاہ اور وہ خوب غصے سے بھر جاتا ہے۔

(ii) وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ کَظِیْمٌ (17 الزخرف 43)

اور جب خوش خبری سنائی جاتی ہے (بیٹی کی) ان میں سے کسی کو ان کی جو وہ بیان کرتا ہے رحمٰن کے لئے

مثال، تو ہو جاتا ہے اس کا چہرہ سیاہ اور وہ غم سے بھر جاتا ہے۔

6: مُسْوَدَّةٌ اسم مفعول ، واحد مؤنث ،کالی کی ہوئی، سیاہ۔

وَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ تَرَی الَّذِیْنَ کَذَبُوْا عَلَی اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ (60، الزمر 39)

اور دن قیامت کے آپ دیکھیں گے لوگوں کو جنہوں نے جھوٹ بولا تھا اللہ پر کہ ان کے منہ سیاہ ہو رہے ہوں گے۔

## ﴿دونوں مادوں "ب ی ض اور س و د" سے متعلق چند نکات﴾

یہ دونوں مادے ایک دوسرے کی ضد ہیں، لہٰذا ان سے جو کلمات بنیں گے وہ بھی اکثر ایک دوسرے کا متضاد ہوں گے جیسے بَیَاضٌ اور سَوَادٌ ، اسی طرح بِیْضٌ اور سُوْدٌ ، تَبْیَضُّ اور تَسْوَدُّ اَبْیَضُ اور اَسْوَدُ ، اِبْیَضَّتْ اور اِسْوَدَّتْ ایک دوسرے کی ضد ہیں۔

## ﴿رنگ، حلیہ یا جسمانی عیوب سے متعلقہ اسماء الصفۃ کے اوزان﴾

سفید رنگ اللہ کے حبیب محمد ﷺ کا پسندیدہ رنگ ہے۔ یہ خوشی اور مسرت کی بھی علامت ہے۔ سیاہ رنگ غم، پریشانی، سوگ اور حزن کی علامت ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ غم اور پریشانی سے چہرہ سیاہی مائل ہو جاتا ہے اور خوشی سے چہرہ چمکدار ہو جاتا ہے۔

| اَفْعَلُ ، واحد مذکر | معنی | فَعْلَآءُ ، واحد مؤنث | فُعْلٌ ، جمع مذکر و مؤنث | مصدر |
|---|---|---|---|---|
| اَبْیَضُ | سفید | بَیْضَآءُ | بِیْضٌ (اصل بُیْضٌ) | بَیَاضٌ |
| اَسْوَدُ | سیاہ | سَوْدَاءُ | سُوْدٌ | سَوَدٌ |
| اَصْفَرُ | زرد | صَفْرَآءُ | صُفْرٌ | صُفْرَةٌ |
| اَخْضَرُ | سبز | خَضْرَآءُ | خُضْرٌ | خَضَرٌ |
| اَحْمَرُ | سرخ (لال) | حَمْرَآءُ | حُمْرٌ | حَمَرٌ |
| اَزْرَقُ | نیلا (اندھا) | زَرْقَآءُ | زُرْقٌ | زَرَقٌ |
| اَصَمُّ (اَصْمَمُ) | بہرا | صَمَّآءُ | صُمٌّ | صَمٌّ |
| اَبْكَمُ | گونگا | بَكْمَآءُ | بُكْمٌ | بَكَمٌ |
| اَعْمٰی (اصل اَعْمَیُ) | اندھا | عَمْيَآءُ | عُمْیٌ | عَمًی |
| اَعْرَجُ | لنگڑا | عَرْجَآءُ | عُرْجٌ | عَرَجٌ |

فعل بَاضَ کے علاوہ باقی تمام مادے باب سَمِعَ سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ، خُضْرَةٌ ، حُمْرَةٌ اور زُرْقَةٌ بھی مصادر مستعمل ہیں۔

## مادہ ﴿ ص ف ر ﴾

قرآن حکیم میں اس مادہ سے کل تین کلمات تکرار کے ساتھ پانچ بار استعمال ہوئے ہیں۔

ثلاثی مجرد کے دو کلمات اور ثلاثی مزید فیہ کا صرف ایک کلمہ مُصْفَرًّا تین بار استعمال ہوا ہے۔

**ثلاثی مجرد کے کلمات:**

1: صَفْرَآءُ زرد ، پیلا ، صفت مشبہ ، صُفْرَةٌ سے

قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ (69،البقرۃ 02)

اس (موسیٰ) نے کہا کہ بے شک وہ فرماتا ہے کہ بے شک وہ گائے زرد گہرے رنگ کی،خوش کرتی ہے ناظرین کو

2: صُفْرٌ: زرد ، صفت مشبہ ،كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ گویا کہ وہ اونٹ ہیں زرد رنگ کے (33،المرسلت 77)

**ثلاثی مزید فیہ:**

3:(i) مُصْفَرًّا (3بار)،اسم مفعول، اِصْفِرَارٌ سے۔زرد (پیلا) کیا ہوا۔

(ii) ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا پھر وہ خشک ہو جاتی ہے تو دیکھتے ہو تم اس کو زرد پڑ گئی ہے۔(21، الزمر 39)

(iii) وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ (51، الروم 30)

اور ضرور اگر ہم بھیجیں تیز ہوا پھر وہ دیکھیں اس (کھیتی) کو زرد پڑ گئی ہے تو ضرور وہ ہو جاتے ہیں اسکے بعد ناشکرے۔

| ماضی | مضارع | مصدر | | 10 باب اِفْعِیلَالٌ | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِفْعَآلَّ | یَفْعَآلُّ | اِفْعِیلَالٌ | معانی | حوالہ قرآن | سُورۃ |
| اِدْهَآمَّ | یَدْهَآمُّ | اِدْهِیمَامٌ | گہرا سبز (کالا) ہونا | مُدْهَآمَّتٰنِ 64 | الرحمٰن 55 |

## مادہ ﴿ د ھ م ﴾

قرآن حکیم میں یہ ثلاثی مادہ صرف ثلاثی مزید فیہ میں استعمال ہوا ہے۔ اور اس کا صرف ایک کلمہ مُدْهَآمَّتٰنِ آیا ہے۔ دَهِمَ (س) یَدْهَمُ ، دَهْمٌ ، دَهْمَةٌ ، سیاہ (کالا) ہونا۔

مُدْهَآمٌّ : اسم فاعل واحد مذکر۔ مُدْهَآمَّةٌ ، واحد مؤنث، مُدْهَآمَّتٰنِ ، تثنیہ مؤنث

مُدْهَآمَّتٰنِ دونوں گہرے سبز (سیاہی مائل) باغات، جنتیں۔ (64، الرحمٰن 55)

## ﴿باب اِفْعَلَّ اور اِفْعَآلَّ کی خاصیات﴾

☆ باب اِفْعَآلَّ میں اِفْعَلَّ کی نسبت مبالغہ زیادہ ہوتا ہے۔

☆ ان دونوں ابواب کے افعال لازم آکر مبالغہ کے معنی دیتے ہیں اکثر رنگ یا عیب کیلئے آتے ہیں۔

☆ دونوں ابواب میں ہمزہ ہمیشہ ہمزۃ الوصل ہوتا ہے جو صرف جملے کے شروع میں پڑھا جاتا ہے۔

نوٹ: ثلاثی مزید فیہ کے کل بارہ اہم ابواب میں سے قرآن حکیم میں استعمال ہونے والے دس ابواب کا ذکر کر دیا گیا ہے اس کے دو مزید باب اِفْعِیْعَالٌ اور اِفْعِوَّالٌ عربی زبان میں بھی نہایت قلیل الاستعمال ہیں۔ اور قرآن مجید میں ان سے متعلقہ کوئی فعل نہیں آیا ہے۔

## رباعی مجرد و رباعی مزید فیہ

**رباعی مجرد** ایسے افعال جن کے ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں حروف اصلیہ کی تعداد چار ہو رباعی مجرد کہلاتے ہیں، جیسے زَلْـزَلَ ، بَـعْثَـرَ وغیرہ، رباعی مجرد کا صرف ایک ہی باب فَـعْـلَـلَةً (فِعْـلَالٌ) ہے اس کی مثال زَلْزَلَةٌ (زِلْزَالٌ ) ہے۔

## رباعی مجرد کی خاصیات

☆ رباعی مجرد کی خاصیات اختصار، اتخاذ اور مماثلت ہیں۔

**رباعی مزید فیہ** ایسے افعال جن میں چار حروف اصلی کے علاوہ کچھ اور حروف زائدہ موجود ہوں رباعی مزید فیہ کہلاتے ہیں۔ مثلاً: اِزْمَهَرَّ ، اِقْمَطَرَّ ، اِشْمَأَزَّ ، اِقْشَعَرَّ ، اِطْمَئَنَّ وغیرہ۔

رباعی مزید فیہ کے کل تین باب اِفْـعَـلَـلَّ ، تَـفَـعْلَلَ ، اِفْعَنْلَلَ ہیں۔ قرآن مجید میں صرف ایک باب اِفْعَلَلَّ (اِفْعِلَّالٌ ) کے افعال آئے ہیں۔ تَفَعْلَلَ کا مصدر تَفَعْلُلٌ ہے اردو میں تَذَبْذُبْ، تَسَلْسُلْ ، تَزَلْزُلْ وغیرہ الفاظ کا تعلق تَـفَـعْـلَـلَ (تَفَعْلُلٌ) سے ہے۔ رباعی مجرد کے افعال میں ''ذَبْذَبَ'' کا مطلب ''تَذَبْذُبْ میں پڑنا'' بھی ہے۔

## باب اِفْعَلَلَّ کی خاصیات

☆ مبالغہ: اِقْشَعَرَّ کانپتے ہوئے سکڑنا کہ رونگٹے کھڑے ہو جائیں

☆ یہ باب صرف لازم ہوتا ہے۔ اس باب سے کوئی فعل متعدی نہیں آیا۔

| ماضی فَعْلَلَ | مضارع يُفَعْلِلُ | مصدر فَعْلَلَة | ﴿رباعی مجرد﴾ معانی | باب فَعْلَلَة حوالہ قرآن | | سورة |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حَصْحَصَ | يُحَصْحِصُ | حَصْحَصَةً | ظاہر ہونا، دور ہونا | اَلْئٰنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ | 51 | يوسف 12 |
| دَمْدَمَ | يُدَمْدِمُ | دَمْدَمَةً | ہلاک کرنا | فَعَقَرُوْهَا فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ | 14 | الشمس 91 |
| ذَبْذَبَ | يُذَبْذِبُ | ذَبْذَبَةً | تذبذب میں پڑنا | مُذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ | 143 | النسآء 4 |
| زَحْزَحَ | يُزَحْزِحُ | زَحْزَحَةً | ہٹانا، دور کرنا | فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ | 185 | ال عمران 3 |
| زَلْزَلَ | يُزَلْزِلُ | زَلْزَلَةً | ہلا دینا، زلزلہ پیدا کرنا | اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا | 1 | الزلزال 70 |
| سَلْسَلَ | يُسَلْسِلُ | سَلْسَلَةً | زنجیر کی مانند جڑا ہونا، جاری ہونا | ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا | 32 | الحآقة 69 |
| صَرْصَرَ | يُصَرْصِرُ | صَرْصَرَةً | تند ہوا کا چلنا، چیخنا | عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا | 19 | القمر 54 |
| صَفْصَفَ | يُصَفْصِفُ | صَفْصَفَةً | ہموار زمین میں اکیلا چلنا | فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا | 14 | طٰه 20 |
| صَلْصَلَ | يُصَلْصِلُ | صَلْصَلَةً | بجنا، کھنکھنانا (مٹی کا) | خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ | 14 | الرحمٰن 55 |
| عَسْعَسَ | يُعَسْعِسُ | عَسْعَسَةً | رات کا اندھیرا کم ہونا | وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ | 17 | التكوير 81 |
| كَبْكَبَ | يُكَبْكِبُ | كَبْكَبَةً | اوندھے منہ گرانا، گڑھے میں پھینکنا | فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ | 94 | الشعرآء 26 |
| وَسْوَسَ | يُوَسْوِسُ | وَسْوَسَةً | وسوسہ پیدا کرنا | يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ | 5 | الناس 114 |
| * بَرْزَخَ | يُبَرْزِخُ | بَرْزَخَةً | آڑ ہونا، رکاوٹ ہونا | بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ | 20 | الرحمٰن 55 |
| بَرْهَنَ | يُبَرْهِنُ | بَرْهَنَةً | دلیل سے ثابت کرنا | قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ | 111 | البقرة 2 |
| بَعْثَرَ | يُبَعْثِرُ | بَعْثَرَةً | ابھارنا، تلاش کرنا | اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ | 9 | العاديات 100 |
| سَرْمَدَ | يُسَرْمِدُ | سَرْمَدَةً | ہمیشہ رہنا | اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا | 71 | القصص 28 |
| سَيْطَرَ | يُسَيْطِرُ | سَيْطَرَةً | نگہبان ہونا، داروغہ ہونا | لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ | 22 | الغاشية 88 |
| قَنْطَرَ | يُقَنْطِرُ | قَنْطَرَةً | ڈھیر لگانا، اکٹھا کرنا | وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ | 14 | ال عمران 3 |
| هَيْمَنَ | يُهَيْمِنُ | هَيْمَنَةً | نگرانی و نگہبانی کرنا | وَ مُهَيْمِنًا عَلَيْهِ | 48 | المائدة 05 |

# ﴿رباعی مزید فیہ﴾

| ماضی اِفْعَلَلَّ | مضارع یَفْعَلِلُّ | مصدر اِفْعِلَّالٌ | معانی | رباعی مزید فیہ باب اِفْعِلَّالٌ حوالہ قرآن | | سورة | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِزْمَهَرَّ | یَزْمَهِرُّ | اِزْمِهْرَارٌ | شدید سرد ہونا | لَایَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِیْرًا | 13 | الدھر | 76 |
| اِقْمَطَرَّ | یَقْمَطِرُّ | اِقْمِطْرَارٌ | شدید پریشانی ہونا | یَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِیْرًا | 10 | الدھر | 76 |
| اِشْمَأَزَّ | یَشْمَئِزُّ | اِشْمِئْزَازٌ | کڑھنا، نفرت کرنا | وَاِذَا ذُکِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ | 45 | الزمر | 39 |
| اِقْشَعَرَّ | یَقْشَعِرُّ | اِقْشِعْرَارٌ | رونگٹے کھڑے ہونا | تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِیْنَ | 23 | الزمر | 39 |
| اِطْمَأَنَّ | یَطْمَئِنُّ | اِطْمِئْنَانٌ | مطمئن ہونا | فَاِنْ اَصَابَهٗ خَیْرُ نِ اطْمَأَنَّ بِهٖ | 11 | الحج | 22 |

## مادہ ﴿ ز م ھ ر ﴾

اس رباعی مجرد مادہ سے رُباعی مزید فیہ کا ایک کلمہ زَمْهَرِیْرًا (سخت سردی) بطور اسم آیا ہے۔

لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّ لَا زَمْهَرِیْرًا (13، الدھر 76)

نہ وہ دیکھیں گے اس (جنت) میں دھوپ کی (حدت) اور نہ سردی کی (ٹھر)

## مادہ ﴿ ق م ط ر ﴾

اس رباعی مجرد مادہ سے رُباعی مزید فیہ کا ایک کلمہ قَمْطَرِیْراً (سخت پریشانی) بطور اسم آیا ہے۔

اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا یَوْماً عَبُوْسًا قَمْطَرِیْراً (10، الدھر 76)

یقیناً ہم ڈرتے ہیں اپنے رب کے اس دن سے جو بہت ترش رُو نہایت سخت ہوگا۔

## مادہ ﴿ ش م ء ز ﴾

قرآن حکیم میں یہ رباعی مادہ رباعی مزید فیہ میں استعمال ہوا ہے اور اس مادہ سے صرف ایک کلمہ اِشْمَأَزَّتْ (باب اِفْعِلَّال سے) آیا ہے۔اِشْمَأَزَّ کا مصدر اِشْمِئْزَازٌ / اِشْمِيْزَازٌ ہے

ثلاثی مجرد مادہ شَمَزَ (ن) يَشْمُزُ ، شَمْزٌ سکڑنا ، سمٹنا ، اظہار ناگواری کرنا۔

رباعی مزید فیہ میں اِشْمَأَزَّتْ ماضی واحد مؤنث غائب۔اس نے نفرت کی۔ وہ تنگ ہوتی ہے۔

وَإِذَا ذُكِرَ اللهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْآخِرَةِ (45،الزمر ، 39)

اور جب ذکر کیا جاتا ہے اللہ واحد کا تو سکڑ جاتے ہیں دل ان لوگوں کے جو نہیں ایمان رکھتے آخرت پر

## مادہ ﴿ ق ش ع ر ﴾

قرآن مجید میں یہ رباعی مادہ صرف رباعی مزید فیہ میں استعمال ہوا ہے۔اس کا صرف ایک کلمہ تَقْشَعِرُّ (باب اِفْعِلَّال سے) آیا ہے۔

اِقْشَعَرَّ ، رونگٹے (خوف سے) کھڑے ہونا۔کپکی طاری ہونا۔تَقْشَعِرُّ۔ مضارع،واحد مؤنث حاضر۔

تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ (23، الزمر 39)

اس (قرآن کی آیات سے) سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں ان کے جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے۔

## مادہ ﴿ ط م ء ن ﴾

قرآن حکیم میں یہ رباعی مادہ صرف رباعی مزید فیہ میں استعمال ہوا ہے اس کے کل آٹھ کلمات تکرار کے ساتھ تیرہ بار آئے ہیں۔ اِطْمَأَنَّ کا مصدر اِطْمِئْنَانٌ (اِطْمِيْنَانٌ) اور طَمَانِيَّةٌ ہے۔

اس کا باب اِفْعِلَّال ہے بعض نے اِطْمِيْنَانٌ کے کلمہ یاء کی وجہ سے اس کو باب افعیلال سے بتایا ہے جو کہ کسی

صورت درست نہیں۔ باب افعیلال سے متعلقہ صرف ایک کلمہ مُذھَا مّتن آیا ہے جس کا مصدر ادھیمام ہے۔

اِطْمِینَانٌ کا مطلب ، خلجان یا بے چینی کے بعد نفس کا سکون پذیر ہونا۔

1: فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرٌ ۨاطْمَاَنَّ بِهٖ (11. الحج 22)

پھر اگر اسے پہنچ جائے فائدہ (دنیاوی) تو وہ اس سے مطمئن ہو جاتا ہے۔

2: اِطْمَاَنُّوْا : ماضی ، جمع مذکر غائب ، وہ مطمئن ہو گئے انہوں نے آرام پایا۔

وَ رَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا (7. یونس 10)

اور وہ راضی ہو گئے ہیں دُنیا کی زندگی پر ہی اور مطمئن ہو رہے ہیں اس پر

3: فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ (103. النساء 4)

پھر جب تم کو اطمینان ہو جائے پس قائم کرو صلوۃ کو

4: لِيَطْمَئِنَّ ، مضارع منصوب بوجہ لام کَیْ واحد مذکر غائب۔ تاکہ وہ مطمئن رہے۔

قَالَ اَوَ لَمْ تُؤْمِنْ ، قَالَ بَلٰى وَ لٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ (260، البقرۃ 2)

اُس (اللہ تعالٰی) نے کہا اور کیا نہیں ایمان لایا تو؟ فرمایا (ابراہیمؑ نے) کیوں نہیں اور لیکن تاکہ مطمئن ہو جائے میرا قلب

5: تَطْمَئِنُّ : مضارع، واحد مؤنث غائب ، وہ اطمینان (آرام) پاتی ہے۔

قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا (113 المائدۃ 5)

انہوں نے (عیسٰی کے حواریوں) نے کہا ہمارا ارادہ ہے یہ کہ ہم کھائیں اس سے اور مطمئن ہوں دِل ہمارے۔

(ii) اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ تَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ (28 الرعد 13)

جو ایمان لائے اور اطمینان پاتے ہیں ان کے قلوب اللہ کے ذکر سے

(iii) اَ لَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (28 ، الرعد 13)

یاد رہے (یقینا) کہ اللہ کے ذکر ہی سے قلوب مطمئن ہو سکتے ہیں۔

(iv) لِتَطْمَئِنَّ: مضارع منصوب (بوجہ لام کَیْ) واحد مؤنث غائب ، تا کہ وہ اطمینان پائے۔

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ (126، الِ عمران 3)

اور نہیں بنایا اس کو اللہ نے مگر صرف خوشخبری تمہارے لئے اور تا کہ مطمئن ہوں قلوب تمہارے اس پر

(v) وَمَاجَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّابُشْرٰى وَ لِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ (10 ، الانفال 8)

اور نہیں بنایا اس کو اللہ نے مگر صرف خوشخبری ہی اور تا کہ مطمئن ہو جائیں اس سے قلوب تمہارے۔

:6 مُطْمَئِنٌّ ۔اسم فاعل، واحد مذکر۔ مطمئن ، پر سکون۔

اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَ قَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِيْمَانِ (106، النحل 16)

ماسوائے اس کے جس کو مجبور کر دیا گیا ہو جب کہ اس کا قلب مطمئن رہے ایمان پر۔

:7 مُطْمَئِنِّيْنَ :اسم فاعل، جمع مذکر ۔ اطمینان سے قیام کرنے والے

قُلْ لَّوْ كَانَ فِى الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ (95، بنی اسرائیل 17)

کہہ دو کہ اگر ہوتے زمین میں فرشتے جو چلتے پھرتے آرام سے تو ضرور ہم اتار دیتے ان پر

:8 مُطْمَئِنَّةٌ، اسم فاعل ، واحد مؤنث۔ اطمینان پانے والی

(i) كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ (112، النحل 16)

کہ تھی وہ (بستی) امن والی ہر طرح سے مطمئن کھنچا آتا تھا رزق اس کا کھلم کھلا ہر جگہ سے۔

(ii) يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ○ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ○ (الفجر89 :27,28)

اے نفس مطمئنہ ! تو واپس چل اپنے رب کی طرف راضی خوشی (جب کہ اللہ بھی تجھ سے) راضی ہے

فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ ○ وَ ادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ○ (الفجر89 :29,30)

پھر داخل ہو جا میرے بندوں میں اور داخل ہو جا میری جنت میں

## ثلاثی مجرد، ثلاثی مزید فیہ، رباعی مجرد، رباعی مزید فیہ کے ابواب کی صرف صغیر

| فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | اسم فاعل | اسم مفعول | ماضی مجہول | مضارع مجہول | باب / مصدر | ماضی کی مثال |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَرَبَ | يَضْرِبُ | اِضْرِبْ | لَاتَضْرِبْ | ضَارِبٌ | مَضْرُوْبٌ | ضُرِبَ | يُضْرَبُ | ضَرْبٌ | غَفَرَ |
| نَصَرَ | يَنْصُرُ | اُنْصُرْ | لَاتَنْصُرْ | نَاصِرٌ | مَنْصُوْرٌ | نُصِرَ | يُنْصَرُ | نَصْرٌ | خَلَقَ |
| سَمِعَ | يَسْمَعُ | اِسْمَعْ | لَاتَسْمَعْ | سَامِعٌ | مَسْمُوْعٌ | سُمِعَ | يُسْمَعُ | سَمْعٌ | عَلِمَ |
| فَتَحَ | يَفْتَحُ | اِفْتَحْ | لَاتَفْتَحْ | فَاتِحٌ | مَفْتُوْحٌ | فُتِحَ | يُفْتَحُ | فَتْحٌ | جَعَلَ |
| حَسِبَ | يَحْسِبُ | اِحْسِبْ | لَا تَحْسِبْ | حَاسِبٌ | مَحْسُوْبٌ | حُسِبَ | يُحْسَبُ | حَسْبٌ | وَرِثَ |
| كَرُمَ | يَكْرُمُ | اُكْرُمْ | لَا تَكْرُمْ | كَرِيْمٌ | لازم ہوتا ہے | لہٰذا مفعول و | مجہول نہیں ہوتا | كَرُمٌ | بَصُرَ |
| ☆ اَفْعَلَ | يُفْعِلُ | اَفْعِلْ | لَا تُفْعِلْ | مُفْعِلٌ | مُفْعَلٌ | اُفْعِلَ | يُفْعَلُ | اِفْعَالٌ | اَسْلَمَ |
| فَعَّلَ | يُفَعِّلُ | فَعِّلْ | لَا تُفَعِّلْ | مُفَعِّلٌ | مُفَعَّلٌ | فُعِّلَ | يُفَعَّلُ | تَفْعِيْلٌ | عَلَّمَ |
| فَاعَلَ | يُفَاعِلُ | فَاعِلْ | لَا تُفَاعِلْ | مُفَاعِلٌ | مُفَاعَلٌ | فُوْعِلَ | يُفَاعَلُ | مُفَاعَلَةٌ | جَاهَدَ |
| تَفَعَّلَ | يَتَفَعَّلُ | تَفَعَّلْ | لَا تَتَفَعَّلْ | مُتَفَعِّلٌ | مُتَفَعَّلٌ | تُفُعِّلَ | يُتَفَعَّلُ | تَفَعُّلٌ | تَفَكَّرَ |
| تَفَاعَلَ | يَتَفَاعَلُ | تَفَاعَلْ | لَا تَتَفَاعَلْ | مُتَفَاعِلٌ | مُتَفَاعَلٌ | تُفُوْعِلَ | يُتَفَاعَلُ | تَفَاعُلٌ | تَعَارَفَ |
| اِفْتَعَلَ | يَفْتَعِلُ | اِفْتَعِلْ | لَاتَفْتَعِلْ | مُفْتَعِلٌ | مُفْتَعَلٌ | اُفْتُعِلَ | يُفْتَعَلُ | اِفْتِعَالٌ | اِمْتَحَنَ |
| اِسْتَفْعَلَ | يَسْتَفْعِلُ | اِسْتَفْعِلْ | لَاتَسْتَفْعِلْ | مُسْتَفْعِلٌ | مُسْتَفْعَلٌ | اُسْتُفْعِلَ | يُسْتَفْعَلُ | اِسْتِفْعَالٌ | اِسْتَغْفَرَ |
| اِنْفَعَلَ | يَنْفَعِلُ | اِنْفَعِلْ | لَاتَنْفَعِلْ | مُنْفَعِلٌ | لازم ہوتا ہے | لہٰذا مفعول و | مجہول نہیں ہوتا | اِنْفِعَالٌ | اِنْقَلَبَ |
| اِفْعَلَّ | يَفْعَلُّ | اِفْعَلِلْ | لَاتَفْعَلِلْ | مُفْعَلٌّ | لازم ہوتا ہے | لہٰذا مفعول و | مجہول نہیں ہوتا | اِفْعِلَالٌ | اِخْضَرَّ |
| اِفْعَالَّ | يَفْعَالُّ | اِفْعَالِلْ | لَاتَفْعَالِلْ | مُفْعَالٌّ | لازم ہوتا ہے | لہٰذا مفعول و | مجہول نہیں ہوتا | اِفْعِيْلَالٌ | اِدْهَامَّ |
| ☆ فَعْلَلَ | يُفَعْلِلُ | فَعْلِلْ | لَاتُفَعْلِلْ | مُفَعْلِلٌ | مُفَعْلَلٌ | فُعْلِلَ | يُفَعْلَلُ | فَعْلَلَةٌ | زَلْزَلَ |
| اِفْعَلَلَّ | يَفْعَلِلُّ | اِفْعَلِلَّ | لَاتَفْعَلِلْ | مُفْعَلِلٌّ | لازم ہوتا ہے | لہٰذا مفعول و | مجہول نہیں ہوتا | اِفْعِلَّالٌ | اِطْمَأَنَّ |

# باب ضَرَبَ يَضْرِبُ اور نَصَرَ يَنْصُرُ سے صرف صغیر

صرف صغیر کو گزشتہ صفحہ پر نہایت مفصل جداول میں بیان کر دیا گیا ہے۔ دینی مدارس میں علماء اس پر بہت زیادہ توجہ دیتے ہیں آج کے دور میں کمپیوٹر نے اِس مشکل مسئلے کو بہت آسان کر دیا ہے۔ آپ نے جس فعل کی جس باب کے لحاظ سے صرف صغیر بنانی ہو کمپیوٹر میں متعلقہ باب کے صرف صغیر کے تمام اوزان مادہ، ف، ع، ل، کے مطابق لکھ دیں۔ جیسا کہ گزشتہ جدول میں دیا گیا ہے اس کے بعد ف ع ل کی جگہ متعلقہ فعل کے مادہ کے حروف رکھ کر کمپیوٹر کو کمانڈ دیں تو اُس فعل کی ساری صرف صغیر اگلے لمحہ صفحہ قرطاس پر موجود ہوگی۔ اسی لئے دیباچہ میں جو بیان کیا ہے کے سال ہا سال کا کام اَب چند ماہ میں نہایت احسن انداز سے ہو سکتا ہے۔

ماضی مضارع مصدر فاعل ماضی و مضارع (مجہول) مصدر مفعول

ضَرَبَ يَضْرِبُ ضَرْبًا فهو ضَارِبٌ ضُرِبَ يُضْرَبُ ضَرْبًا فَذَاكَ مَضْرُوْبٌ

اَلْاَمْرُ مِنْهُ اِضْرِبْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَضْرِبْ اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَضْرِبٌ وَالْاٰلَةُ مِنْهُ مِضْرَبٌ

اَفْعَلُ التَّفْضِيْلُ اَلْمُذَكَّرُ مِنْهُ اَضْرَبُ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ ضُرْبٰى

فِعْلِ تَعَجُّبِ مِنْهُ مَا اَضْرَبَهُ وَاَضْرِبْ بِهٖ

اسی طرز پر باب نصر کی صرفِ صغیر درج ذیل ہے باقی ابواب کی بھی صرفِ صغیر لکھی جا سکتی ہے۔

نَصَرَ يَنْصُرُ نَصْرًا فَهُوَ نَاصِرٌ وَ نُصِرَ يُنْصَرُ نَصْرًا فَذَاكَ مَنْصُوْرٌ

اَلْاَمْرُ مِنْهُ اُنْصُرْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَنْصُرْ اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَنْصَرٌ وَالْاٰلَةُ مِنْهُ مِنْصَرٌ

اَفْعَلُ التَّفْضِيْلُ اَلْمُذَكَّرُ مِنْهُ اَنْصَرُ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ نُصْرٰى فِعْلِ تَعَجُّبِ مِنْهُ مَا اَنْصَرَهٗ وَاَنْصِرْ بِهٖ

کمپیوٹر میں صرفِ صغیر کے جدول افعل میں ف ع ل کی جگہ س ل م اور خ ل ف رکھیں کمپیوٹر اگلے لمحہ جدول کے سارے کلمات آپ کے سامنے رکھ دے گا۔

| فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | اسم فاعل | اسم مفعول | ماضی مجہول | مضارع مجہول | باب / مصدر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| * اَفْعَلَ | يُفْعِلُ | اَفْعِلْ | لَا تُفْعِلْ | مُفْعِلٌ | مُفْعَلٌ | اُفْعِلَ | يُفْعَلُ | اِفْعَالٌ |
| اَسْلَمَ | يُسْلِمُ | اَسْلِمْ | لَا تُسْلِمْ | مُسْلِمٌ | مُسْلَمٌ | اُسْلِمَ | يُسْلَمُ | اِسْلَامٌ |
| اَخْلَفَ | يُخْلِفُ | اَخْلِفْ | لَا تُخْلِفْ | مُخْلِفٌ | مُخْلَفٌ | اُخْلِفَ | يُخْلَفُ | اِخْلَافٌ |

## ﴿عربی افعال کے "صلات" کا استعمال﴾

عربی زبان کے افعال کے ساتھ ان کے صلات یعنی حروف جر استعمال ہوتے ہیں۔ اور کسی فعل کے ساتھ اس کا صلہ (جو کہ مصدر ہے وَصَلَ کا) لگنے سے خاص محاورہ بنتا ہے جو خاص معانی اور مفہوم ادا کرتا ہے۔ اس طرح بعض اوقات کوئی فعل مختلف صلات کے استعمال سے دس سے زائد معانی میں بھی استعمال ہو سکتا ہے۔

صلہ کے درست استعمال کو جانے بغیر کوئی فرد عربی زبان جاننے کا دعویٰ نہیں کر سکتا، صلہ کے بدلنے سے معانی میں اس قدر تفاوت آ جاتا ہے کہ عربی عالم کے علاوہ کوئی دوسرا فرد اس کا گمان بھی نہیں کر سکتا، چند مثالوں سے یہ فرق ملاحظہ فرمائیں۔

رَغِبَ (ب) یا (اِلٰی) رغبت کرنا، خواہش کرنا۔ وَلَا یَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ (120، التوبۃ، 09)

رَغِبَ (عَنْ) بیزار ہونا، انحراف کرنا۔ وَمَنْ یَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرَاهِیْمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ

صَدَعَ شق کرنا، جدا کرنا۔ صَدَعَ (بِ) کھول کر بیان کرنا۔ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ

دَعَا دعا کرنا، دَعَا زَكَرِیَّا رَبَّهٗ (38، آل عمران) دعا (ل) نیک دعا کرنا۔ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ یُخْرِجْ لَنَا (61، البقرۃ)

دَعَا (عَلٰی) بددعا کرنا، لَمَّا یَئِسَ نُوْحٌ مِّنْ قَوْمِهٖ دَعَا عَلَیْهِمْ، لَایَجُوْزُ اَنْ یَّدْعُوا الْاِنْسَانَ عَلٰی اَوْلَادِهٖ

دَعَا (اِلٰی) بلانا، وَاللّٰهُ یَدْعُوْٓا اِلَی الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ (221، البقرۃ، 02)

دَعَا (ب) پکارنا، وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْهُ بِهَا (180، الاعراف 07)

فَرَّ (مِن) ڈر سے بھاگنا، فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ (51، المدثر 74)

فَرَّ (الی) کسی کی طرف پناہ کے لئے بھاگنا، فَفِرُّوْٓا اِلَی اللّٰهِ

ضَلَّ (عن) کھو جانا، بیکار جانا، وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ (24، الانعام 06)

ضَلَّ (عن) چلا جانا، وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ (94، الانعام، 06)

ضَلَّ (علی) بہک جانا، نقصان کرنا، قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ عَلٰی نَفْسِیْ (49، سبا، 34)

ضَلَّ (فی) گم ہو جانا، چھپ جانا، قَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِی الْاَرْضِ (9، السجدۃ، 32)

قرآنِ حکیم کے تمام افعال مع صِلات پر جامع کام کرنے کی اَشد ضرورت ہے جو کہ قرآن فہمی کیلئے نہایت اہم ہے۔

# قرآن فہمی کی دعوت کے لئے عرض مؤلف

ہر انسان کی قلبی تمنا ہوتی ہے کہ اس کی زندگی میں جلد از جلد کوئی اہم تبدیلی یعنی ''انقلاب'' آئے اس خواہش کی تکمیل کے لئے اُس کو خلوصِ دِل سے تائب ہو کر استقامت کے ساتھ ''استغفار'' کرنی ہوگی۔ لہٰذا اُس کو تجدید عہد کے لئے کلمہء توحید پر دِل کی گہرائی سے ایمان لا کر خالص دین ''اسلام'' میں نئے سرے سے داخل ہونا ہوگا۔ ایسے ہی کلمہ توحید کے بارے میں کسی نے کہا ہے۔

چوں می گویم مسلمانم ! بلرزم　　که دانم مشکلات لا الٰہ را

اس کے بعد نہایت'' تدبر و تفکر'' سے اعلیٰ دینی و دنیاوی ''تعلیم'' و تربیت میں اوّل درجے کی کامیابی حاصل کرنا اشد ضروری ہوگا۔ اس سے فرد کا وسیع علمی و عملی دنیا سے ''تعارف و تقابل'' ہوگا۔ اب لمحہ بہ لمحہ انسان کی عملی زندگی میں ''امتحان و اِحتِساب'' ہوگا۔ گویا اب اسے ساری زندگی مسلسل ''مجاہدہ و جہاد'' اصغر و اکبر درپیش ہوگا۔ شیطانی ''وسوسہ'' تو شہادت کی سچی عملی آرزو سے ہی ختم ہوسکتا ہے۔ اللہ کے ہاں صرف انسان کی انتہائی کوشش کی قدر و منزلت ہے۔ اس کے باوجود ''فتح و نصرت'' کا دارومدار رب ''سمیع و بصیر'' کے خصوصی فضل و کرم کے علاوہ کاری ''ضَـرْبِ'' مومن پر ہے اس دوران انسان کا قادر مطلق پر غیر متزلزل ایمان، خونِ جگر جیسی محنت شاقہ، کامل مومن جیسی فہم و فراست، ذاتی محاسبہ، قلبی اظہارِ تشکر کے علاوہ رب ذوالجلال والاکرام کی رحمت کاملہ پر پختہ یقین اور انسان پر لحہ بہ لحہ خوف و رجا کی کیفیت از حد ضروری ہے۔ عام طور پر انسان ارفع و اعلیٰ منزل کے حصول کے قریب گھبرا جاتا ہے کیوں کہ جتنا بڑا انعام اتنی ہی بڑی آزمائش ہوتی ہے۔ فرمانِ الٰہی ہے۔

'' اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا '' 214۔ (البقرة) الٰہی آزمائش میں عزم و ہمت کے پیکر بھی اس طرح پکار اُٹھے۔

'' حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ '' 214 ۔(البقرة) بہر حال ہر کامیاب اور عظیم

انسان کو اس جاں گسل اور روح فرسا منزل سے گزار کر ہی ایسی بشارت دی جاتی ہے۔

" اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ " پھر ہی کہیں زندگی سے تذبذب کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔

جس کے نتیجے میں قلب سلیم میں "اطمینان" نصیب ہوتا ہے۔ ایسی زندگی قابل رشک ہوتی ہے ایسے ہی انسان کے بدن کو موت کا فرشتہ صرف چھوتا ہے۔

ہو اگر خود نگر و خود گر و خود گیر خودی — یہ بھی ممکن ہے تو موت سے بھی مر نہ سکے

ایسے انسان ہی شہید فی سبیل اللہ کہلاتے ہیں ان کی زندگی

" اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَ مَحْیَایَ وَ مَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ " کی عملی تصویر ہوتی ہے۔ انہی کے لئے آیا ہے۔" وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتٌ " بَلْ اَحْیَآءٌ وَّلٰکِنْ لَّاتَشْعُرُوْنَ " (154 : البقرۃ)

ایسے مومنین کا استقبال اس فرمان الٰہی سے کیا جاتا ہے۔

" یٰٓاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ٥ ارْجِعِیْٓ اِلٰی رَبِّکِ رَاضِیَةً مَّرْضِیَّةً ٥

فَادْخُلِیْ فِیْ عِبٰدِیْ ٥ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ ٥ (27 تا 30 :الفجر)

اور پھر ہمیشہ ان کے لئے یہی صدا گونجتی رہتی ہے۔" سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ "

اس پوری کتاب میں کثیر الاستعمال پندرہ ابواب کے پندرہ نمائندہ الفاظ کے ذریعے قرآن فہمی کا ذکر کیا گیا ہے۔

ضَرَبَ (ض) نَصَرَ (ن) فَتَحَ (ف) سَمِعَ (س) کَرُمَ (ک)

اسلام (اِفعال)، تعلیم و تربیت (تَفعیل و تَفعِلة)، تفکُّر (تفعل)، تعارُف (تفاعل)، مُجاہدۃ و جِہاد (مُفاعَلہ و فِعال)، امتحان (افتِعال)، انقلاب (اِنفِعال)، اِستغفار (استِفعال)، وسوسہ (فَعلَلَہ)، اطمینان (افعِلال)

اے میرے محترم بھائی! میری آپ سے عاجزانہ و مؤدبانہ درخواست ہے کہ ان پندرہ الفاظ کی ترکیب و

بناوٹ سمجھ کر قرآن کے الفاظ و معانی پر غور و فکر کر، کیا تو نے کبھی اس فرمان الٰہی پر ذرا سا بھی تدبر کیا۔ "اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰی قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا" اس طرح تجھے قرآنی عربی کے علاوہ اردو کی بھی اچھی خاصی سوجھ بوجھ حاصل ہو جائے گی، جس سے آپ خود نئے الفاظ بنا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کے اردو کے مشکل الفاظ کے بہت سارے تلفظ بھی درست ہو جائیں گے جس سے اردو زبان کی درس و تدریس کا معیار بہتر اور بلند ہوگا۔ اس سے یقیناً قومی زبان کو فائدہ ہوگا۔ قرآنی احکام اور اسوۂ حسنہ ﷺ پر عمل پیرا ہو کر ہر فرد اپنی اور اپنے لواحقین کی زندگی میں انقلاب لا کر بتدریج پوری دنیا میں احسن انقلاب لا کر گمراہ لوگوں کو بدحال جہنمی زندگی سے نکال کر خوشحال جنتی زندگی میں لے جا سکتا ہے۔ جس سے انسان کی دنیا و آخرت سنور سکتی ہے۔ ایسا ہی انسان حقیقی طور پر کامیاب اور انعام کا مستحق ہوتا ہے۔ وَرِضْوَانٌ اللّٰهِ اَكْبَرُ "مگر اس میں پڑتی ہے محنت زیادہ" قرآن مجید میں ہے۔ مَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ جس کسی نے جو کوشش کی اُس نے اپنے ہی لئے کی اور اِس میں اُس کی اپنی بہتری ہے۔ پورے عالم میں قرآنی انقلاب تو برپا ہو کر رہے گا اور قرآن کا نورانی آفتاب طلوع ہو کر ظلمت کی طویل رات کو ہر صورت روشنی میں تبدیل کرے گا۔ اے اللہ ہم کو اپنا حقیقی عبد بننے کی توفیق عطا فرما۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ "

"رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا، اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ"

اے اللہ ہم تجھ سے تکمیل نور، مغفرت اور خاتمہ بالایمان کی التجا کرتے ہیں۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا، اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

☆☆☆☆☆

# قرآن فہمی کا ایک احسن اور آسان طریقہ کار

مساجد اور دینی مدارس کے علماء اور اساتذۂ کرام اپنے طلباء اور تلامیذ القرآن کیلئے نہایت اہم اور کثیر الاستعمال افعال مثلاً **امن ، علم ، کفر ، صدق، کذب، سبح ، شکر ، غفر، شرک اور ھدی ......** سے کسی ایک فعل کو لیں یقیناً اس سے متعلقہ ایک موضوع بھی ہوگا۔ اس فعل کا مادہ بتا کر اس کا ماضی، مضارع ومصدر مع معانی واضح کریں۔ اس کے بعد اس کے سارے الفاظ ومشتقات مع آیات قرآنی **المعجم المفهرس لألفاظ القرآن الكريم** مرتبہ محمد عبدالباقی فؤاد سے یا قرآن کریم سے نکال کر ترتیب وتنظیم سے مع ابواب اور صرف صغیر وکبیر طلبا کے سامنے وضاحت سے بیان کریں۔ اس طریقے سے آپ کو خود بھی ایک موضوع سے متعلقہ تمام پہلو مع سیاق وسباق واضح ہو جائیں گے۔ اس فعل اور موضوع سے متعلق طلباء کو سوالات کرنے کی کھلی اجازت دیں تا کہ اصطلاحی تشریح کے علاوہ لغوی ومعنوی، صرفی ونحوی اور تفسیری اعتبار سے کوئی پہلو تشنہ نہ رہ جائے۔ کیونکہ "**القران یفسر بعضه بعضا**" اور یہی قرآن کی احسن تفسیر کہلاتی ہے۔ حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ اپنے مقدمہ تفسیر میں لکھتے ہیں اگر ہم سے پوچھا جائے کہ قرآن فہمی کے لئے سب سے بہتر طریقہ کیا ہو سکتا ہے تو ہمارا یہ جواب ہوگا۔ ''کہ قرآن کو قرآن ہی سے سمجھنے کی کوشش کی جائے''۔

امام راغب اصفہانی رحمہ اللہ نے بھی مفردات القرآن کے مقدمہ میں یہ لکھا ہے کہ ''علوم قرآن میں سب سے پہلے ان علوم کی ضرورت پیش آتی ہے جن کا تعلق نظم قرآن (الفاظ) سے ہے اور ان میں بھی سب سے پہلے مفرد الفاظ کی تحقیق ضروری ہے لہٰذا قرآن کے مطالب ومعانی کی تحقیق کے لئے مفردات قرآن کے معانی حاصل کرنا ایسا ہی ضروری ہے جیسا کہ عمارت بنانے کے لئے سب سے پہلے اینٹ اور مسالہ کا حصول ضروری ہے۔ اس کی تائید حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ جو ترجمان القرآن کے لقب سے معروف ہیں۔ مجاہد رحمہ اللہ راوی ہیں کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا "**فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ**" کا صحیح مفہوم میرے ذہن میں نہیں آرہا تھا حتی کہ دو اعرابی ایک

کنوئیں کے متعلق نزاع میرے پاس لائے ان میں سے ایک نے اپنے حق ملکیت کے ثبوت میں کہا" اَنَا فَطَرْتُهَا" کہ اس کنوئیں کو پہلی مرتبہ میں نے کھودا آپ نے فرمایا کہ یہ کلمہ سن کر میری مشکل حل ہوگئی۔ اسی طرح علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ اپنی مشہور و معروف کتاب ''الاتقان فی علوم القرآن'' میں لکھتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آیت کریمہ " وفاکھة و ابًّا "میں " ابًّا " کے معنی سمجھنے سے عجز کا اعتراف کیا ہے۔

نیز منقول ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منبر پر کھڑے ہو کر آیت کریمہ " او یاخذھم علی تخوف " تلاوت فرمائی اور حاضرین سے'' تخوف " کے معنی دریافت فرمائے اس پر بنی ہذیل سے ایک شخص کھڑا ہو کر کہنے لگا اس آیت میں'' تخوف " بمعنی " تنقص " ہے اور اس کی وضاحت ایک عربی شعر سے فرمائی مندرجہ بالا سطور سے یہ بات بخوبی ثابت ہوتی ہے کہ اہل زبان ہونے کے باوجود صحابہ کبار کو بھی بعض مفرد اور مرکب کلمات کے سمجھنے جب بھی کوئی مشکل پیش آتی تھی تو وہ رسول کریم ﷺ یا اپنے رفقاء میں سے ایک دوسرے سے دریافت کرتے تھے۔ آج بھی ''مفردات القرآن'' کو سمجھنے اور اس پر تحقیقی کام کرنے کی بہت زیادہ ضرورت اور اہمیت ہے اس کے ساتھ ہی ''مفردات الحدیث'' پر کام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ لہٰذا کسی بھی موضوع کو اسی انداز سے اسی قرآنی موضوع سے متعلقہ تمام احادیث المعجم المفھرس لالفاظ الاحادیث النبوی سے یا مختلف احادیث کی کتب سے نکال کر طلباء کو واضح کریں۔ اب اس موضوع سے متعلقہ آپ کے اور طلباء کے سامنے قرآن و حدیث کے تمام پہلو آ جائیں گے۔ اب آپ خود علمی و عملی لحاظ سے قلبی اطمینان محسوس کریں گے اس طریقہ سے اور بھی اہم موضوعات لے کر اسی طرح سیر حاصل بحث کریں۔ اب آپ اِس علمی ورثے کو جمع کے خطاب کے دوران یا کسی اور مجلس و محفل میں خطاب کے وقت کسی بھی موضوع کو قرآن و حدیث کے نقطہ نظر سے پیش کریں تو افراد اللہ اور اس کے رسول محمد مصطفیٰ ﷺ کے پیغام وحی کی حقیقی روح کو بہتر انداز سے سمجھنے کے قابل ہوں گے۔ اسی میں ہر فرد، ملک و قوم اور مسلم امہ کی فلاح و اصلاح مضمر ہے۔ اسی سے قوم و ملت متحد ہو سکتی ہے اور ایک مرکز پر آ سکتی ہے جس سے نہ صرف مسلم امہ کی بلکہ انسانیت کی دنیا و آخرت سنور سکتی ہے فرقہ واریت اور گروہ بندی

ختم ہو سکتی ہے۔ ذاتی مفادات اور فروعی اختلافات کو زبان پر بالکل نہ لائیں۔ پیغام وحی کی وسعت پذیری سمجھے بغیر کبھی اجتماعیت و مرکزیت قائم نہیں ہو سکتی۔ اس بات اور طریقہ تدریس و تعلیم اور خطابت پر ضرور غور فرمائیے اگر آئے تو اپنائیے۔ افراد اور مسلم امہ کو اجتماعیت کی طرف لا کر اللہ اور رسول کے ہاں بلند درجات حاصل کیجئے۔

جو فرد یا قوم بھی ظلم و ستم کے گھٹا ٹوپ اندھیرے اور مسائل کے گرداب سے نکلنا چاہتی ہے تو وہ فوری طور پر اپنا انفرادی و اجتماعی محاسبہ کرے اور مغفرت طلب کرے۔ گویا اپنے رب سے معافی کی خواستگار ہو۔ ''قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اس کی اس طرح ترغیب دی ہے۔

'' وَسَارِعُوْا اِلٰی مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّکُمْ ''(133۔ آل عمران 03) اور دوسری جگہ ارشاد فرمایا:

''سَابِقُوْا اِلٰی مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّکُمْ '' (21۔الحدید 57) پہلی آیت میں سَارِعُوْا تیزی سے دوڑو اور دوسری آیت میں سَابِقُوْا ''سبقت لے جاؤ (ایک دوسرے سے) بخشش کے لئے جو تمہارے رب کی طرف سے ہے''

ایک اور جگہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ وَمَا کَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرَاھِیْمَ لِاَبِیْهِ (114۔ التوبۃ 09)

ان آیات میں دو کلمات مغفرۃ اور استغفار آئے ہیں ان کا مادہ '' غ ف ر '' ہے قرآن حکیم میں ان سے متعلقہ دو ابواب آئے ہیں ایک غفر جس کا تعلق ضرب سے ہے اور دوسرے استغفار جس کا تعلق استفعال سے ہے۔ ان دونوں ابواب سے قرآن مجید میں کل ''36'' الفاظ آئے ہیں جن میں سے '' 18 '' کا تعلق غفر سے اور '' 18 '' کا تعلق استغفر سے ہے۔ پھر ان الفاظ کے تکرار سے قرآن مجید میں '' 234 '' جگہ ان الفاظ کا ذکر آیا ہے۔ جس میں سے غفر سے متعلقہ ''192'' الفاظ استعمال ہوئے ہیں اور باقی ''142'' الفاظ کا تعلق استغفر سے ہے۔ تمام الفاظ اور ان کی تعداد معجم المفہرس القرآن صفحہ 499 تا 502 سے لی گئی ہے۔ ان دونوں ابواب کی ماضی و مضارع کی گردانیں بھی اس کتاب میں آ چکی ہیں۔ اس موضوع پر قرآن و حدیث کی رُو سے ایک مبسوط علیحدہ کتاب لکھی جا سکتی ہے۔ البتہ یہاں پر صرف اس مادہ سے متعلقہ تمام قرآنی کلمات مع تعداد دئے جا رہے ہیں۔

ماضی مضارع مصدر معانی

غَفَرَ (3) يَغْفِرُ (33) غَفْرٌ ، غِفِيْرٌ ، غَفِيْرَةٌ ، غُفْرَانٌ ، غُفُوْرٌ ، مَغْفِرَةٌ معاف کرنا، بخش دینا

غَفُوْرٌ (71) غَفُوْرٌ (20) غَفَّارٌ اسم مبالغہ ، سب سے زیادہ بخشنے والا

اَلْغَفَّارُ ہر صورت بہت بخشنے والا غَافِرٌ اسم فاعل، معاف کرنے والا

الغَافِرِيْنَ بخشنے والے غُفْرَانَ اسم مصدر، معانی مَغْفِرَةٌ (28) مصدر میمی بخشش

اِغْفِرْ (17) تو معاف کر تَغْفِرْ (04) تو معاف کرے نَغْفِرْ (02) ہم معاف کریں۔

غَفَرْنَا ہم نے معاف کیا يُغْفَرْ (02) مضارع مجہول ، اسے معاف کر دیا جائے گا۔

تَغْفِرُوْا تم معاف کرو يَغْفِرُوْا ، وہ معاف کریں۔ يَغْفِرُوْنَ ، وہ معاف کرتے ہیں۔

اِسْتَغْفَرَ (02) اس نے استغفار کی يَسْتَغْفِرُ (02) وہ استغفار کرتا ہے، وہ استغفار کرے گا۔

يَسْتَغْفِرُوْنَ (04) وہ استغفار کرتے ہیں اِسْتَغْفِرْ (09) تو استغفار کر

اِسْتَغْفِرُوْا (06) تم استغفار کرو وَاسْتَغْفِرُوْهُ (02) اور تم بخشش مانگو اس سے

يَسْتَغْفِرُوْا (02) وہ استغفار کریں اَسْتَغْفِرُ (02) میں استغفار کروں گا

تَسْتَغْفِرْ (03) تو استغفار کر اَسْتَغْفَرْتَ خواہ آپ مغفرت مانگیں

وَاسْتَغْفِرْهُ اور تو بخشش مانگ اس سے اِسْتَغْفِرِيْ تو (عورت) استغفار کر

تَسْتَغْفِرُوْنَ تم استغفار کرتے ہو لَاَسْتَغْفِرَنَّ میں یقیناً استغفار کروں گا

اَلْمُسْتَغْفِرِيْنَ استغفار کرنے والے لوگ فَاسْتَغْفَرُوْا (02) پھر بخشش مانگتے وہ

اِسْتِغْفَارٌ بخشش مانگنا يَسْتَغْفِرُوْنَهٗ بخشش مانگتے ہیں اس سے

اسی طرح صفحہ ۳۲۹ پر مادہ خ ل ط دیا گیا ہے۔

رب کریم کا یہ فرمان کہ دوڑ و بخشش کے لئے اپنے رب کی طرف۔ اس بات کا واضح اشارہ ہے کہ تم بخشش مانگو۔ میں معاف کردوں گا۔ مگر اس کی طرف آنا ضروری ہے۔ رب اپنے بندوں پر ماں سے ستر گنا زیادہ مہربان ہے۔ اللہ کے حبیب محمد مصطفیٰ ﷺ ہر روز ستر بار استغفار فرماتے تھے۔ ہم سے جتنا ہو سکے ہر روز لسانی و قلبی حضوری کے ساتھ اس کی طرف رجوع کریں۔ اس میں کوئی شک نہیں اس کی رحمت و بخشش اس کے غضب و جلال پر حاوی ہے مگر جو اس کی طرف رجوع نہیں کرتے ان کی رسی ڈھیلی چھوڑ دیتا ہے۔ اور ان کے قلوب پر مہر لگا دیتا ہے پھر ان کا کوئی پرسان حال نہیں ہوتا ذرا یہ آیات پڑھیے۔ غور فرمائیے کہ وہ جب کسی کی پکڑ کر لیتا ہے پھر اس کو کوئی بچا نہیں سکتا۔

اَسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْلَا تَسْتَغْفِرْلَهُمْ ، اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۔(80 :التوبة 9)

(اے نبی ﷺ) تو بخشش مانگ ان کے لئے یا نہ بخشش مانگ ان کے لئے، اگر تو بخشش مانگے ان کے لئے ستر مرتبہ بھی، تو بھی اللہ نہیں بخشے گا ان کو۔

دوسری جگہ فرمایا: سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْلَهُمْ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۔(6 : المنفقون 63)

رب کائنات دنیا کے ہر انسان پر ہر لمحہ رحمت و مہربانی اور حفاظت کا سائبان تانے رکھتا ہے "وَاِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ" ذرا اُس نے اپنی رحمت ہٹالی انسان بھسم ہو گیا۔ یہ بات ہمیشہ ذہن نشین رہے کہ ایمان خوف ورجا کی کیفیت کا نام ہے۔ جتنا خوف الٰہی اتنا ہی ایمان، بہر حال انسان جتنی بھی مشکل حالت میں ہو، اگر خلوص دل سے وہ اپنے رب کو پکارے تو وہ صرف اس کی پکار سنتا ہی نہیں بلکہ فوری طور پر اس کی مدد کرتا ہے۔ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ (110 : النساء 4)

مغفرت و بخشش سے متعلقہ قرآنی دعائیں تحریر کی جارہی ہیں تاکہ آپ ان کو ہمیشہ ورد زبان بنالیں پھر رب کریم ہمیشہ آپ کے لئے رحمت کا دروازہ کھلا رکھے گا۔

إِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ط 32:النجم 53 بلاشبہ آپ کا رب بڑی وسیع مغفرت والا ہے

نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ 49:الحجر15

اے پیغمبر خبر دیجیے میرے بندوں کو کہ یقیناً میں بہت زیادہ بخشنے والا اور نہایت رحم کرنے والا ہوں

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ط اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ o 53: الزمر39

وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ o 56:الحجر 15

اور کون ناامید ہوتا ہے اپنے رب کی رحمت سے سوائے گمراہوں کے

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ o 16:ال عمران3

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ o 147:ال عمران 3

رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ o 193:ال عمران3

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتہ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ o 23:الاعراف 7

اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ o 155:الاعراف7

رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْــَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ط وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ o 47:هود 11

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ o 109:المؤمنون23

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ o 118:المؤمنون23

رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ ط اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ o 16:القصص 28

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ o 10:الحشر 59

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا ج رَبَّنَآ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ o 5:الممتحنة60

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ج رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقفہ وَاغْفِرْ لَنَا وقفہ وَارْحَمْنَا وقفہ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ o 286:البقرة2

## مادہ: خ ل ط

اس مادہ سے قرآن حکیم میں کل چار کلمات صرف چھ بار آئے ہیں۔

i: خَلَطُوْا ii: خُلَطَآء iii: خَالَطَ (تینوں ایک ایک بار) iv: اِخْتَلَطَ تین بار۔

خَلَطَ (ض) یَخْلِطُ خَلْطٌ، ملانا، ملا دینا۔ آمیزش کرنا، خلط ملط کرنا۔ خَلَطَ باب نَصَرَ سے بھی آتا ہے یعنی دو چیزوں کو ملانا، چاہے وہ جامد ہوں یا مائع (سیال) خواہ وہ علیحدہ ہو سکیں یا نہ ہو سکیں۔ ص183

خَلَطُوْا ، جمع مذکر غائب: انہوں نے ملایا/جمع کیا۔ خَلَطَ کی ضد خَلَصَ (ہر آمیزش سے خالص کرنا) ہے۔

خَلَطُوْ عَمَلاً صَالِحاً وَّ اٰخَرَ سَیِّئًا (102 التوبۃ 09) انہوں نے ملا جلا دیا ہے عمل نیک اور دوسرے برے۔

خُلَطَآءِ، اسم فاعل ، جمع مذکر شرکاء ، ساجھی ، حصہ دار ، واحد خَلِیْطٌ ص79

وَاِنَّ كَثِیْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَیَبْغِیْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ

اور بلاشبہ اکثر شرکاء ضرور زیادتی کرتے ہیں بعض ان کے دوسروں پر

اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِیْلٌ مَّا هُمْ 24:صٓ 38

مگر وہ جو ایمان لائے اور عمل کرتے رہے نیک جب قلیل ہی ہیں جو وہ (ایسے ہیں)

خَلَطَ کے مترادف اَلَّفَ ، رَكَّبَ ، شَابَ ، ضَغَثَ ، ضَمَّ ، لَبَسَ، مَرَجَ ، مَزَجَ ، مَشَجَ ، وَصَلَ ، ہیں۔

خَالَطَ (مفاعلة) یُخَالِطُ مُخَالَطَةٌ ، خِلَاطٌ باہم میل ملاپ کرنا، مخلوط ہونا، ساتھ مل کر رہنا، ملا دینا۔

یُخَالِطُوْا فعل مضارع، جمع مذکر حاضر تم ملا لو، تم مل جل کر رہنا چاہو۔ ص277

وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ (220، البقرة) اور اگر تم ملا دو (اپنا خرچ) ان (یتیموں) سے تو وہ تمہارے بھائی ہیں۔

اِخْتَلَطَ (افتعال) یَخْتَلِطُ اِخْتِلَاطٌ ۔ رَل مِل (گھل مل) جانا، خلط ملط ہونا۔ ص295

اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ یا جو ملی ہوئی ہو (چربی) ہڈی کے ساتھ (تو وہ حلال تھی یہود پر)

فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ (24، یونس 10" "45، الکھف 18) پھر مل گئی ہو اس کے ساتھ زمین کی روئیدگی

اِخْتَلَطَ کے مترادف اِشْتَمَلَ ، اَصغیٰ، تَجَاوَزَ ، تَحَیَّزَ ، رَتَقَ ، لَحِقَ ، لَقِیَ ، وَلِیَ ہیں۔

فَإِذَا انسَلَخَ الْأَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدتُّمُوهُمْ وَخُذُوهُمْ وَاحْصُرُوهُمْ وَاقْعُدُوا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَإِن تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ○

(آیت 5- التوبة -9)

## افعال کی اہمیت وافادیت

کتاب افعال القرآن بنیادی طور پر افعال کی اہمیت وافادیت کو مدنظر رکھ کر تحریر کی گئی ہے کسی بھی فعل کے ماضی معروف کے صیغہ واحد مذکر غائب سے چوہتر (74) کے لگ بھگ با قاعدہ الفاظ بنائے جاسکتے ہیں۔لہذا ان کا سمجھنا قرآن کے مخلص تلامیذ کے لئے نہایت ضروری ہے اس سے قرآنی علوم اور عربی زبان کی بے شمار گتھیاں بآسانی خود بخود سلجھ جاتی ہیں۔سورۂ توبہ کی مذکورہ صرف ایک آیت میں دس افعال بلا واسطہ اور چار بالواسطہ اسمائے مشتقہ کے طور پر استعمال ہوئے ہیں۔افعال کے ساتھ کتاب کے صفحہ نمبر بھی لکھ دیے ہیں۔جب تک ان تمام افعال کے معانی مع گرامر کے بنیادی قواعد کی اچھی خاصی سوجھ بوجھ نہ ہو تب تک اس کا درست ترجمہ نہیں ہوسکتا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِنْسَلَخَ (سَلَخَ ف، اِنْفِعَالٌ) سے | 305 | اُقْتُلُوْا (قَتَلَ ،ن) سے | 166 |
| وَجَدْتُّمُوْا (وَجَدَ،ض) سے | 173 | خُذُوْا (اَخَذَ، ن) سے | 2،3 |
| اُحْصُرُوْ (حَصَرَ،ن،ض) سے | 187 | اُقْعُدُوْ (قَعَدَ،ن) سے | 195 |
| تَابُوْا (تَابَ ،ن) سے | 204 | اَقَامُوْا (اَقَامَ ،اِفْعَالٌ) سے | 256 |
| اٰتَوْا (اٰتٰی ،اِفْعَالٌ) سے | 260 | خَلُّوْا (خَلّٰی ،تَفْعِیْلٌ) سے | 274 |
| اسی طرح مُشْرِکِیْنَ (اَشْرَکَ ،اِفعال) سے | 248 | مَرْصَدٍ (رَصَدَ،ن) سے | 189 |
| غَفُوْرٌ (غَفَرَ (ض) سے | 166 | رَحِیْمٌ (رَحِمَ (س) سے | 216 |

افعال کی بنیادی حالت مع ابواب وصفحہ نمبر تحریر کر دیے ہیں آیت میں استعمال شدہ حالت گرامر کی مدد سے خود سمجھ کر درست ترجمہ کرلیں۔

قرآنِ حکیم دنیا کی اعلیٰ ترین زبان عربی مبین میں بامحاورہ شہہ پارۂ ادب ہے اسکو ترجمہ کے ذریعے اچھی طرح سمجھا جا سکتا ہے۔ مگر اسکے حسن بیان، صوتی ہم آہنگی، عربی لب ولہجہ کی غنائیت، حلاوت وشیریں بیانی، روح فرسا واقعات کے مطابق دبدبہ وتمکنت والے آنکھیں اور کان کھول دینے والے کلمات، دل ودماغ میں سرایت کر جانیوالی مسرور کن صوتی لہریں۔ اصل مطلب ومدعا اور کامل ہدایت تک رسائی صرف اور صرف عربی مبین سمجھ کر ہی حاصل ہوسکتے ہیں۔ ان آیات کو بلند آواز سے ترتیل کیساتھ تلاوت کریں۔

إِذَا السَّمَآءُ انشَقَّتْ ○ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ○ وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ ○ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ○وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (انشقاق) إِذَا السَّمَآءُ انفَطَرَتْ ○ وَإِذَا الْكَوَاكِبُ انتَثَرَتْ ○ وَإِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ○ وَإِذَا الْقُبُورُ بُعْثِرَتْ ○ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَأَخَّرَتْ (انفطار)

وَإِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ○وَإِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ○ وَإِذَا الرُّسُلُ أُقِّتَتْ ○ لِأَيِّ يَوْمٍ أُجِّلَتْ (المرسلٰت) إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ○ وَإِذَا النُّجُومُ انكَدَرَتْ ○ وَإِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ○ وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ○ وَإِذَا الْوُحُوشُ حُشِرَتْ ○ وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ○ وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ ○ وَإِذَا الْمَوْءُدَةُ سُئِلَتْ ○ بِأَيِّ ذَنبٍ قُتِلَتْ ○ وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ○ وَإِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ○ وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ ○ وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ ○ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا أَحْضَرَتْ ○ فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ○ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ○ وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ ○ وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ○ إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ (التکویر) وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ○ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا ○ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ○ أَن دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ○ وَمَا يَنبَغِي لِلرَّحْمٰنِ أَن يَتَّخِذَ وَلَدًا ○ إِن كُلُّ مَن فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ○ لَقَدْ أَحْصٰهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ○ وَكُلُّهُمْ آتِيهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ○ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ○ فَإِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِينَ وَتُنذِرَ بِهِ قَوْمًا لُّدًّا ○ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُم مِّنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا (مریم)

# ترجمہ وتفسیر القرآن

غیر عربی افراد کی اکثریت قرآنِ حکیم کو اپنی مقامی زبان میں ترجمہ کے ذریعے ہی سمجھتی ہے۔ میرا خیال ہے کہ ویسے تو کسی بھی کتاب کا دوسری زبان میں ترجمہ نہایت مشکل کام ہے۔ مگر قرآنِ حکیم جیسے بلند پایہ شہہ پارۂ ادب کا ترجمہ انتہائی مشکل کام ہے۔ مختلف زبانوں میں قرآنِ حکیم کے ہزاروں بہترین تراجم موجود ہیں۔ کچھ افراد نے مفہوم القرآن لکھنے کی کوشش کی۔ یہ ترجمہ سے بھی زیادہ مشکل اور نازک کام ہے۔ کیوں کہ اس میں انسان کی اپنی عقل و شعور کی ناپختگی اور اپنے جذبات ونظریات کے شامل ہونے کا مکمل احتمال ہے۔ بہت سے افراد قرآنی تراجم کو سمجھنے سے عجز کا اظہار کرتے ہیں۔ اسکی کئی ایک وجوہات ہو سکتی ہیں۔ مگر ایک بنیادی وجہ قرآنِ حکیم اور عربی زبان سے لاپروائی اور بے اعتنائی ہے۔ جدید تعلیم یافتہ افراد باقی تمام علوم کو سیکھنے کے لئے اعلیٰ سے اعلیٰ اساتذہ سے اور بہترین اداروں میں سال ہا سال بلکہ پوری زندگی صرف کر دیتے ہیں۔ مگر قرآن جیسی اہم اور عظیم الہامی کتاب کو سطحی نظر سے دیکھ کر اور اپنے طور پر پڑھ کر یہ فیصلہ کر لیتے ہیں کہ اس میں سے کچھ یا بہت سی باتیں سمجھ نہیں آتیں۔ قرآنِ حکیم کے بارے میں یہ زاویۂ نگاہ درست نہیں۔ آپ اس کے لئے اپنی زبان میں مختلف تراجم وتفاسیر کا مطالعہ کریں، اچھے علماء سے رابطہ رکھیں، نہ صرف اس پر تدبّر وتفکر کریں بلکہ اس کو لکھ کر یاد کریں۔ اس کے نوٹس بنائیں۔ آپ کی بہت سی الجھنیں خود بخود دور ہو جائیں گی۔ علماءِ قدیم وجدید نے بہت اچھے تراجم کئے ہیں۔ شاہ ولی اللہؒ کے بیٹوں شاہ عبدالقادر صاحب، شاہ رفیع الدین صاحب کے تراجم ہمارے ہاں بہت مقبول مانے جاتے ہیں۔ پیر محمد کرم شاہ صاحب الازہری نے ضیاء القرآن کے نام سے لفظی وبامحاورہ ترجمہ وتفسیر نہایت احسن انداز میں پیش کیا ہے۔ سید شبیر حسین بخاری صاحب کا لفظی وبامحاورہ آسان ترجمۂ قرآن مختلف رنگوں میں ایک بہت اچھی کاوش ہے۔ جناب حافظ نذر محمد صاحب کا لفظی وبامحاورہ ترجمہ بھی کافی لوگ پسند کرتے ہیں۔ پروفیسر قاری جاوید انور صدیقی صاحب نے معلم القرآن کے نام سے لفظی، بامحاورہ یک سطری تفسیر والا نہایت خوبصورت اور عام فہم ترجمہ لکھا ہے۔ امین احسن اصلاحی صاحب کی تفسیر تدبّر القرآن، مولانا مودودی صاحب کی تفہیم القرآن، مفتی محمد شفیع صاحب کی معارف القرآن اور مولانا ادریس کاندھلوی صاحب کی معارف القرآن عوام میں مقبول ہونے کے علاوہ علمی لحاظ سے مستند مانی جاتی ہیں۔ انشاء اللہ تراجم وتفاسیر پر افعال القرآن جلد دوئم میں مزید مفصل تحریر کیا جائے گا۔

## پیر سید نصیر الدین نصیر گیلانی، سجادہ نشین گولڑہ شریف، اسلام آباد

پروفیسر صاحب نے جو کام کیا ہے وہ نہایت اہم کام ہے اللہ کریم ان کو اس کا اجر عطا فرمائے میرے پاس اتنا وقت نہیں کاش اگر وقت ہوتا تو اس عظیم کام کے لئے میں اپنی حقیر خدمات بھی پیش کرتا۔

## ڈاکٹر غلام مرتضیٰ آزاد، ڈائریکٹر جنرل ریسرچ اسلامی نظریاتی کونسل، پاکستان

ماشاء اللہ ''افعال القرآن'' پر کیا گیا کام نہایت وقیع ہے اور اُمید واثق ہے کہ یہ کام اردو خواں حضرات کے لئے قرآن فہمی میں نہایت مددگار ثابت ہوگا لغات القرآن پر تو متعدد کتابیں موجود ہیں۔ تاہم اس طرح کا افعال پر جو مفصل کام پروفیسر صاحب نے کیا ہے اس طرح کا کوئی کام راقم الحروف کی نظر سے نہیں گزرا۔

## محمد اشرف ناز ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن (DPI) ایلیمنٹری ایجوکیشن، پنجاب، لاہور

پروفیسر صاحب کا ''افعال القرآن'' پر کام انتہائی قابل قدر ہے یہ اتنا عظیم کام ہے کہ اس کا صلہ دینا انسان کے بس میں نہیں، دعا ہے کہ اللہ رب العزت ان کو خیر و برکت سے نوازے اور اجر عظیم عطا فرمائے۔ انہوں نے ایک عظیم کام کا بیڑا اٹھایا ہے اللہ تعالیٰ ان کو استقامت عطا فرمائے اور قوت و ہمت سے نوازے۔

## علی اصغر شاہد ایسوسی ایٹ پروفیسر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، فیصل آباد

کتاب ''افعال القرآن'' میں ماضی، مضارع، مصدر کے علاوہ فعل اَمر کا بھی اضافہ ہوجاتا تو بہت سہولت ہوجاتی اور قرآن فہمی بہت ہی سہل ہوجاتی پروفیسر صاحب نے جو عظیم کام کیا ہے اللہ تعالیٰ ان کو اس کی احسن جزاء عطا فرمائے

## مظہر اقبال ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول، ضلع گجرات

پروفیسر صاحب کی کاوش قابلِ تحسین ہے۔ یقیناً پروفیسر صاحب رحمت و فضل کے سمندر میں غوطہ زن ہیں۔ غواص کو موتی و جواہرات مل ہی جاتے ہیں۔ ان کے ذہن رسا نے اپنے مزاج کے ہم آہنگ میدان منتخب کرلیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی سعی کو قبول فرمائے اور ان کی یہ جان گدازی اور عرق ریزی قرآن کے قاری کے لئے باعث فیضان ہو۔ اللہ تعالیٰ ان کی یہ کاوش قبول فرمائے اور ان کے لئے فلاحِ دارین کا باعث بنے۔

## پروفیسر حبیب اللہ چشتی ایف جی کالج ایچ ایٹ، اسلام آباد

پروفیسر صاحب نے ''افعال القرآن'' پر یہ وقیع کام کر کے قرآن کریم کی ایک گراں قدر خدمت سرانجام دی ہے یہ کتاب اپنی نوعیت کی ایک منفرد کتاب ہے جس میں مبتدی طلباء سے لے کر فہم القرآن کے ہر محب کے لئے اس کی تشنگی بجھانے کا سامان موجود ہے۔ ان شاء اللہ یہ عدیم المثال کتاب فہم قرآنی کے لئے مشعل راہ ثابت ہوگی۔ اور قاری کے لئے قرآن کریم کی افہام وتفہیم کے لئے نئی راہیں کھولے گی۔

پروفیسر صاحب نے اس کتاب کی ترتیب وتدویب میں کافی کتب سے استفادہ کیا ہے اُن کی قرآن مجید سے بے پناہ محبت، ان کا جذبہ صادق، سعی پیہم اور جہد مسلسل اس کتاب کی ہر سطر سے عیاں نظر آتی ہے۔ یہ کتاب ہر اس انسان کے لئے ایک گوہر نایاب ہے جو بھی فہم القرآن کی منزلوں کا متلاشی ہے۔

اللہ تعالیٰ ان کی حسین اور دلربا کاوش کو اپنی بارگاہِ ناز میں شرف قبولیت عطا فرمائے اور ان کو دونوں جہانوں کی سعادتوں سے بہرہ مند فرمائے۔ اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ

## ڈاکٹر حافظ عبدالرحیم ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبہ عربی، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان

کتاب ''افعال القران'' کا کام دیکھ کر محسوس ہوا کہ یہ کام بہت عمدہ ہے اللہ تعالیٰ اس میں برکت ڈالے۔

## عافی بخش قریشی ایم اے۔ ایم ایڈ، پرنسپل / مدرس قرآن کالج، کراچی

پروفیسر صاحب کے اور ہمارے کام میں بڑی حد تک مماثلت ہے۔ بس فرق ہے تو یہ کہ ان کا کام عالمانہ طرز پر ہے اور ہمارا کام عامیانہ طرز پر ہے یا یوں کہہ لیجئے کہ ان کا کام systematic اور خوبصورت ہے اور ہمارا کام automatic ہے۔ ایک مادے کے خانے کا اضافہ میرے خیال سے ضروری معلوم ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے عوام میں شرف مقبولیت عطا فرمائے۔ آمین۔

## پروفیسر ڈاکٹر محمد عمر سابق چیئر مین شعبہ اسلامیات، پشاور یونیورسٹی

کتاب ''افعال القرآن'' طلباء اور علماء کے لئے قرآنِ کریم کے ترجمہ کے سیکھنے سکھانے میں بڑی مفید ثابت ہوگی اور یہ کتاب کالج کے طلباء اور اساتذہ کے لئے ایک نعمت ہوگی۔

## خواجہ غلام ربانی مجال فاضل محقق و مصنف، راولپنڈی

### بڑے نصیب کی بات ہے

پروفیسر صاحب کی کتاب کا مسودہ مختلف مراحل میں مجھے جستہ جستہ دیکھنے کا موقع ملتا رہا بلکہ ان کی اجازت سے تھوڑا سا مواد میں نے اپنے مطبوعہ مضمون'' ہمزہ اُردو صوتیات کا مثلث برمودہ'' میں استعمال بھی کیا ابھی تک میرے علم میں قرآنی افعال کی کوئی ایسی کتاب نہیں جو اِس سے قبل اس نہج پر لکھی گئی ہو اس کتاب کا انداز ہی منفرد اور جاندار ہے۔ پروفیسر صاحب نے کتاب میں عربی گرامر کا بہت کچھ نہایت جامع اور مختصر انداز میں شامل کیا ہے۔ اس کو سمجھ لینے کے بعد آپ کے لئے قرآن کی تفہیم کافی آسان ہو جائے گی۔

پروفیسر صاحب کی سعی جلیل کے کچھ ضمنی افادات بھی ہوں گے۔ میری نظر میں ایک اہم فائدہ عربی اوزان کے دو جدولوں (صرف صغیر+تلفیظ و تلفظ) سے ہو گا جن میں بہت سی مثالیں جمع کر کے یہ بتایا گیا ہے کہ اوزانِ کلمات کیا اور کیوں ہیں۔ درست تلفظ کیا ہے۔ اُس تلفظ کی درست املاء کیا ہے۔ میں نے لغت کی کسی کتاب میں بھی اُردو الفاظ (عربی الاصل) کے لئے ایسے مفید جداول یا اشارات نہیں دیکھے۔ پروفیسر صاحب کا اختصاص تو ریاضی ہے مگر قدیم علمائے اسلام کی طرح ان کی شخصیت ہمہ جہتی ہے اور یہی علم کا صحیح فیضان ہے۔

میری دعا ہے کہ اس کتاب کا پڑھنے والوں کو حسبِ دل خواہ نفع پہنچے اور پروفیسر صاحب اور ان کی اس کوشش میں کسی بھی طرح معاونت کرنے والے اللہ تعالیٰ کے ہاں اجرِ عظیم کے حقدار قرار پائیں، آمین۔

## محترم صفدر قریشی محقق و مصنف وحدت اللساں، راولپنڈی

قرآن فہمی کے لئے لغات القرآن کا جاننا نہایت ضروری ہے۔ ہر زمانہ میں وقتی ضروریات و نظریات کے پیش نظر لغات کی از سر نو تدوین و تالیف کی ضرورت پیش آتی ہے۔ ہر زمانہ میں ماہرین لغات نے کئی ایک جامع لغات مرتب کی ہیں جو اپنی جامعیت اور ثقاہت کے لحاظ سے سند کی حیثیت رکھتی ہیں۔ ان صفات کے باوجود ان

میں ترمیم واضافہ کی گنجائش بہرطور موجود ہے۔ اس گنجائش کو جناب پروفیسر عاشق حسین صاحب نے بڑی شدت سے محسوس کیا چنانچہ انہوں نے جدید تقاضوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ایک منفرد کتاب ''افعال القرآن'' لغت کی طرز پر تالیف کرنے کا ارادہ کیا ، اللہ تعالیٰ کا نہایت کرم ہے کہ آج وہ اپنے ارادے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔ اس کتاب کے بارے میں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں کہ کتاب آپ کے ہاتھ میں ہے۔ یہ واقعی قابل قدر کاوش ہے۔ پروفیسر صاحب کے بارے میں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں کہ تالیف صاحب تالیف کی منہ بولتی تصویر ہے۔ وہ ہمہ وقت اشاعتِ قرآن کیلئے متفکر رہتے ہیں۔ قرآن پاک کو لازمی مضمون کے طور پر تعلیمی نصاب میں پرائمری سے پی ایچ ڈی تک شامل کرنے کے متمنی ہیں۔ اللہ کرے ہمارے نصابِ تعلیم کا ہر مضمون فکرِ قرآن سے مزین ہو۔ آمین

حمید الرحمٰن مدرس وخطیب جامع مسجد عمر فاروق، منگرال ٹاؤن، اسلام آباد

پروفیسر عاشق حسین صاحب نے ایک ایسا منفرد اور قابل رشک کارنامہ سرانجام دیا ہے جس کی نظیر شاید ''چراغ رخ زیبا لے کر'' ڈھونڈے سے بھی نہ ملے میری مراد ''افعال القرآن'' سے ہے جو پروفیسر صاحب کا ایک عظیم الشان تحقیقی شاہکار ہے اور تالیفی وتصنیفی شہہ پارہ ہے۔ ''افعال القرآن'' کی وادیٔ پرخار میں گامزنی کرنا اور قدم قدم پر آبلہ پائی سے پالا پڑنا، پِتہ پانی نہ ہوگا تو کیا ہوگا۔ جاں جوکھوں میں ہلکان اور روح سوہان بے درماں ہی ہوگی شاید یہی وجہ ہے کہ جہاں تک میری ناقص معلومات کا تعلق ہے ہنوز کسی چاک بداماں سرپھرے نے اس التزام واہتمام کے ساتھ اس طرف توجہ مبذول نہیں کی۔ قسامِ ازل نے اس جوئے شیر کی کوہکنی ان کے مقدر میں ہی ودیعت فرمائی۔ آپ قرآن مجید کو کسی پہلو اور کسی حوالہ سے تفہیم کے لحاظ سے جاننا چاہتے ہیں تو ''افعال القرآن'' پڑھیے آپ ایسے محسوس فرمائیں گے گویا کمپیوٹر چلا دیا ہے اور سب کچھ پردہ سیمی پر تیار ہے۔ یہ فکری کاوش زندگی کے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے باشعور انسانوں کیلئے خواہ وہ طلباء ہوں یا علماء، وکلاء ہوں یا جج، عامی وامی ہوں یا منطقی و

فلسفی، معلم و مدرس ہوں یا خطباء و مقررین، مفتی و مفسر ہوں یا محقق و مدقق۔ الغرض کوئی ہوں کسی حیثیت کے ہوں اگر قرآن فہمی کے خواہش مند ہیں اور براہِ راست اسے سمجھنا چاہتے ہیں تو اس کلید و مفتاح کے ذریعے یکساں مستفید و مستفیض ہو سکیں گے اور احساس محرومی تفہیم قرآن سے جلد ہی نجات پا جائیں گے۔ اب آپ کام کو خود پرکھیئے

عطر آں باشد کہ خود بوید نہ کہ عطار بگوید

## سید زوار حسین بخاری، لاہور

پروفیسر صاحب کی محنت قابل داد اور قابل تحسین ہے۔ اس قسم کا کام کسی نے پہلے کیا ہو میرے علم میں نہیں ان کا کام قرآن فہمی اور عربی زبان کی تفہیم و تدریس میں کافی معاون ہوگا بلکہ یہ اُردو زبان اور فارسی زبان کی بھی خدمت ہے۔ جس میں ساٹھ فیصد سے زیادہ الفاظ عربی کے مستعمل ہیں۔ میرے علم کے مطابق اس قسم کا کام پہلی دفعہ ہوا ہے، جو بنیادی اور فیض رساں ہے۔ اُمید ہے کہ بارگاہِ باری تعالیٰ میں مقبول ہوگا۔

## سرور انبالوی نامور شاعر، راولپنڈی

ایں سعادت بزورِ بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

کلام مجید کے آج تک ہزاروں تراجم اور تفاسیر لکھی جا چکی ہیں اور اُردو زبان میں بھی اس سلسلہ میں بہت کام ہوا ہے۔ یہ سلسلہ آج بھی جاری و ساری ہے اور ابد الاباد تک جاری رہے گا۔ لیکن میری نظر سے کوئی ایسی کتاب نہیں گزری جو قرآنی افعال و مصادر پر مفصل روشنی ڈالتی ہو۔ اللہ تعالیٰ نے ''افعال القرآن'' پر کام کرنے کی یہ سعادت اپنے ایک عاجز اور قومی و ملی درد رکھنے والے بندے پروفیسر عاشق حسین کو ارزانی فرمائی اور انہوں نے نہایت تن دہی اور شبانہ روز محنت سے یہ کتاب مرتب کی ہے جس میں قرآن مجید کے تقریباً تمام افعال پر مفصل بحث ہے۔ یہ سارا کام جو انہوں نے نہایت خلوصِ نیت اور عرق ریزی سے کیا ہے قرآن فہمی اور عربی زبان کی تفہیم و تدریس کے علاوہ اُردو زبان میں تلفیظ و تلفظ کو آسان بنانے میں ممد و معاون ثابت ہوگا۔ پروفیسر عاشق حسین نے یہ کارنامہ سرانجام دے کر قرآن فہمی کو نہایت سہل فرما دیا ہے اور اس کمی کو پورا کر دیا ہے جو ایک طویل عرصہ سے محسوس

کی جا رہی تھی۔ اس کارنامہ پر وہ مبارک باد کے مستحق ہیں۔ مجھے قوی امید ہے کہ ان کے اس کام کو علمی، ادبی اور دینی حلقوں میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ ان کو اس نیک کام کے سرانجام دینے کا اجر عطاء فرمائے۔

پروفیسر قیصر آفتاب اوپی ایف کالج، اسلام آباد

کوزہ گر نے مٹی کے لوندھے کو چاک پر دھرا اور دیکھتے ہی دیکھتے ایک خوبصورت صراحی، گلدان یا پرات بن گئی۔ یہی حال پروفیسر صاحب کا ہے جو حروف کے آبگینوں کو الفاظ میں پرو کر اپنے لہجے سے منعکس کر کے یوں پیش کرتے ہیں۔ کہ ان کا ایک ایک رنگ اور ایک ایک انگ نمایاں ہو جاتا ہے۔ کتاب افعال القرآن جہاں معلمین، علماء، شعراء، کالم نگاروں اور طلباء کے لئے انتہائی مفید ہے۔ وہاں یہ کتاب ٹی وی اور ریڈیو والوں کے لئے ایک درسی کتب کی حیثیت رکھتی ہے۔ جو آئے دن تلفظ کی ایسی ایسی غلطیاں کرتے ہیں کہ اللہ کی پناہ۔

محمد عبدالرحمٰن قریشی سینئر ریٹائرڈ ڈائریکٹر قرآن وزارت مذہبی امور حکومت پاکستان، اسلام آباد

کتاب افعال القرآن نہایت محنت شاقہ سے تیار کی گئی ہے اس دور میں عربی اور فارسی کے علوم سے اغماض برتا جا رہا ہے اور آہستہ آہستہ لوگ اِن دونوں مفید سے مفید تر زبانوں سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔ اندریں حالات مؤلف عزیز نے اس علمی کوشش سے عام لوگوں کو عربی زبان کے قریب لانے کی سعی کی ہے۔ جو میری نظر میں بہت بڑی کوشش ہے۔ اللہ تعالیٰ پروفیسر صاحب کی اس قیمتی کاوش کو درجہ پذیرائی بخشے اور انہیں اجرِ جمیل سے نوازے۔

پروفیسر عبدالماجد حمید مشرقی ایم اے انگلش گولڈ میڈلسٹ، ایم اے اسلامیات، پولیٹیکل سائنس، اردو

کتاب افعال القرآن ایک نئی طرز کی کتاب ہے، کاوش بے حساب ہے محنت لاجواب ہے، اس طرز کی کتاب میری نظر سے تاحال نہیں گزری یہ کتاب یقیناً قرآن فہمی کے لئے جسر صراط کا کام کر رہی ہے۔ شعبہ قرآنیہ کے معلمین و متعلمین کے لئے یہ کتاب چراغِ راہ ثابت ہوگی۔ شاعرِ مشرق علامہ اقبال اپنے چشم بصیرت سے آپ جیسے لوگوں کو بھانپ کر فرما دیتے "ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی" حقیقت یہ کہ ایسے کام ایسے افراد سے ہوتے ہیں۔ جن میں علمی جنون ہوتا ہے۔ اور وہ علمی محبت کے اسیر ہوتے ہیں۔ یقیناً پروفیسر صاحب بحرِ بیکراں کے گواہرِ نایاب کی محبتوں کے اسیر ہیں۔ اپنی تمام مصروفیات کے باوجود پروفیسر صاحب کی کتاب افعال القرآن کے متعلق کچھ لکھنا میرے لیے باعث سعادت ہے۔ اللہ کریم پروفیسر صاحب کی سعی جمیلہ کو سندِ قبولیت عطا فرمائے۔

حافظ ڈاکٹر عبدالکبیر محسن  ایسوسی ایٹ پروفیسر صدر شعبہ عربی، گورنمنٹ کالج اصغر مال، راولپنڈی

مؤلف نے نہایت محنت و عرق ریزی سے قرآن میں مستعمل افعال کی ایک جامع فہرست تیار کی ہے۔ جس میں ان کے مصادر و معانی بھی درج ہیں۔ فہم قرآن اور عربی زبان کے طلبہ کے لئے اس کا مطالعہ نہایت مفید اور نافع ہے۔

ڈاکٹر بشیر الحق  سابق چیف میڈیکل آفیسر، لاہور، حال مقیم، پشاور

افعال القرآن ایک painstaking work ہے۔ میں ایک کتاب قرآن فہمی کے طریقے لکھ رہا ہوں۔ قرآن فہمی کے طریقوں میں ایک طریقہ متضاد الفاظ لا کر سمجھانے کا انداز ہے۔ آپ کی کتاب مذکورہ میں 500 متضاد قرآنی الفاظ دیئے گئے ہیں جس سے میں بھرپور استفادہ کروں گا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت اور زورِ قلم سے نوازیں۔

ڈاکٹر محمد ایوب شاہد  ایسوسی ایٹ پروفیسر، گورنمنٹ کالج سیٹلائٹ ٹاؤن، راولپنڈی

پروفیسر عاشق حسین صاحب کے دینی رجحان سے تو میں آگاہ تھا، مگر مجھے اس بات کا قطعاً اندازہ نہ تھا کہ ایک ریاضی کے استاد قرآن فہمی میں ایسا منفرد کام کر ڈالیں گے کہ جس کی نظیر موجود نہیں۔ افعال القرآن ایسی ہی ایک منفرد کتاب ہے۔ یہ نہ صرف قرآن کے الفاظ سمجھنے میں معاون ہوگی بلکہ اردو زبان کے تلفظ اور ادائیگی میں بھی یہ بنیادی کردار ادا کرے گی۔ حقیقت یہ ہے کہ عربی زبان کے اوزان جانے بغیر اردو میں تلفظ پر گرفت ناممکن ہے یوں گویا افعال القرآن بیک وقت عربی اور اردو کے علاوہ اسلامیات کے اساتذہ اور طلباء کی ضرورت پوری کرتی ہے۔

عبداللطیف صوفی  متخصص فی الفقہ الاسلام، سٹلائیٹ ٹاؤن دارالسلام، راولپنڈی

افعال القرآن بہت اچھی کوشش اور محنت ہے۔ جو قرآن فہمی، عربی و قرآنی زبان کی تفہیم و تدریس کے علاوہ اردو زبان میں تلفیظ و تلفظ کو آسان ترین بنانے میں ممد و معاون ہوگی۔ علماء، فضلاء، اساتذہ، طلباء و طالبات اور ہر ایک تعلیم یافتہ کے لئے راہنماء ہوگی۔ اس طرز پر اور ایسی کتاب کی شدت سے ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ دعا گو ہوں کہ شائع ہو کر جلد ہی سب لوگوں کے ہاتھ میں ہو۔ اللہ تعالیٰ پروفیسر صاحب کے کام میں آسانیاں عطا فرمائے۔

# الحمد لله رب العالمين

وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ 12:لقمٰن 31 وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ 17:براھیم14 اگر تم شکر کرو گے تو ہر صورت تم کو زیادہ دوں گا

## ﴿میں شکر گزار ہوں﴾

رب ذوالجلال والاکرام کا جس نے مجھے اس قرآنی کام کی خصوصی توفیق بخشی۔

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی نظر کرم کا جن کے طفیل میں آپ تک یہ کام پہنچانے کے قابل ہوا۔

والدین اور بہن بھائیوں کا جنہوں نے میری تعلیم وتربیت فرمائی۔

فقیر مولوی محبوب علی جہلمی اور اُن کے گھرانے کا جنہوں نے میری میٹرک کی تعلیم میں اہم کردار ادا کیا۔

صوفی برکت علی صاحب المعروف باباجی دارالاحسان اور عبداللہ ابن عبدہ کا جنہوں نے میری روحانی تربیت فرمائی۔

حاجی محمد صدیق صاحب اور میاں غلام حسین صاحب کا جنہوں نے نہایت شفقت سے شروع میں مجھے قرآن حکیم سکھایا۔

محمد امین صاحب، قیصر آفتاب صاحب، صوفی عبداللطیف صاحب اور شامی صاحب کا جنہوں نے مسلسل دعاؤں میں یاد رکھا۔

تمام اساتذہ کرام اور علماء کرام کا جن کی وجہ سے میں پڑھنے، لکھنے اور سمجھنے کے قابل ہوا۔

اپنی اہلیہ، اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کا جنہوں نے مجھے بے مقصد الجھنوں سے آزاد رکھا۔

قاری یعقوب صاحب کا جنہوں نے نہایت صبر وتحمل سے خوبصورت کمپوزنگ کی۔

صفدر قریشی صاحب اور اپنے بیٹے حسان کا جنہوں نے کمپوزنگ میں معاونت کی۔

ڈاکٹر کبیر محسن صاحب، خواجہ غلام ربانی مجاہد صاحب کا جنہوں نے پروف ریڈنگ فرمائی۔

بہت سے احباب، محسنین اور افراد کا جنہوں نے مختلف انداز سے اس کام میں معاونت فرمائی۔

پبلشر مکتبہ رشیدیہ محمد یٰسین صاحب کا جنہوں نے چند صفحات دیکھ کر اشاعت کی بے لوث حامی بھری۔

علماء اور سکالرز کا جنہوں نے تقریظات میں دعاؤں اور احسن کلمات سے نوازا۔

فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا 139 النّسآء 4 اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا 65: يُوْنُس 10

وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ۔ وما توفیقی الا باللہ

# کتابیات

| نمبر | کتاب | مصنف | پبلشر |
|---|---|---|---|
| 1 | القرآن الحکیم مترجم | سید شبیر حسینؒ | قرآن آسان تحریک لاہور۔ |
| 2 | مرآۃ القرآن فی لغۃ القرآن | حافظ عبدالحیؒ | مکتبہ السلام وسن پورہ لاہور۔ |
| 3 | تفسیر قرآنِ عزیز | مسعود احمدؒ | مسجد المسلمین نارتھ ناظم آباد کراچی نمبر ۳۳۔ |
| 4 | المعجم لِالفاظ القرآن | عبدالباقی فواد | سہیل اکیڈمی لاہور۔ |
| 5 | Voc .of The Holy Quraan | ڈاکٹر عبداللہ عباس ندویؒ | دارالاشاعت کراچی۔ |
| 6 | قرآن کا اردو عربی لغت | ڈاکٹر محمد میاں صدیقی | مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد۔ |
| 7 | قاموس القرآن | زین العابدین میرٹھی | دارالاشاعت کراچی۔ |
| 8 | تیسیر القرآن (ڈکشنری) | عطاالرحمن ثاقب | فہم قرآن انسٹیٹیوٹ سول سکریٹریٹ لاہور۔ |
| 9 | گرامر | عطاالرحمن ثاقب | فہم قرآن انسٹیٹیوٹ سول سکریٹریٹ لاہور۔ |
| 10 | چالیس سبق | علامہ فروغ احمدؒ | ادارہ شرقیہ اسلام آباد پاکستان۔ |
| 11 | تدریس لغت القرآن | ابو مسعود علویؒ | اسلامک ریسرچ اکیڈمی راولپنڈی کینٹ۔ |
| 12 | سورۃ البقرۃ | حافظ نذر محمد | علم اکیڈمی محمد نگر لاہور۔ |
| 13 | مختصر التسھیل فی لغۃ التنزیل | عزیز الرحمن دانش امدادی | حاجی امداد اللہ اکیڈمی حیدر آباد سندھ۔ |
| 14 | قواعد زبانِ قرآن | خلیل الرحمن چشتی | الفوز اکیڈمی اسلام آباد۔ |
| 15 | آسان قرآن | ڈاکٹر ملک غلام مرتضیٰؒ | سیرت انٹر پرائزز شاہراہِ قائد اعظم لاہور۔ |
| 16 | تعلیم القرآن | صابر قرنی | ادارہ تعلیم القرآن منصورہ لاہور۔ |
| 17 | مترادفات القرآن | مولانا عبدالرحمن کیلانیؒ | مکتبہ السلام وسن پورہ لاہور۔ |
| 18 | حسنِ تفسیر | ڈاکٹر نصیر احمد ناصر | فیروز سنز لاہور۔ |
| 19 | تصویر القرآن مع لغت القرآن | ابو قاسم شمس الزماں | مکتبہ خدیجۃ الکبریٰ لیاقت آباد کراچی۔ |
| 20 | لغات القرآن | تاج محمد دہلوی | مکتبہ خیر کثیر آرام باغ کراچی۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 21 | لسان القرآن | مولانا محمد حنیف ندوی | علم و عرفان پبلشرز لاہور۔ |
| 22 | لغات القرآن | مولانا محمد عبدالرشید نعمانی | دارالاشاعت کراچی ا۔ |
| 23 | معلم لغۃ القرآن | سید اعجاز حیدر | دارالتذکیر اردو بازار لاہور۔ |
| 24 | غریب القرآن | مولنا ابوالفضل بن فیاض علی | قانونی کتب خانہ کچہری روڈ لاہور۔ |
| 25 | مطالعہ قرآن حکیم | خواجہ عبدالرحمٰن | اردو اکیڈمی سندھ |
| 26 | قاموس الفاظ قرآن الحکیم | مترجم پروفیسر عبدالرزاق | دارالاشاعت کراچی۔ |
| 27 | المعجم الوسیط | مترجم ابنِ سرور محمد اویس | مکتبہ رحمانیہ لاہور۔ |
| 28 | مصباح اللغات | مولنا عبدالحفیظ | اسلامی اکیڈمی اردو بازار لاہور۔ |
| 29 | المنجد | مترجمین عبدالصمد صارم وغیرہ | دارالاشاعت کراچی۔ |
| 30 | لغات القرآن | عبدالکریم پاریکھ | مجلس نشریات اسلام آباد۔ |
| 31 | لغات القرآن | تاج محمد دہلوی | قدیمی کتب خانہ آرام باغ کراچی۔ |
| 32 | انوار القرآن | مولوی عبدالرحمٰن دہلوی | سنگت پبلشرز لاہور۔ |
| 33 | انوار البیان | علی محمد ایڈیشنل کمشنر | مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور۔ |
| 34 | کنز العرفان (شرح مفردات القرآن) | علامہ محمد دین چشتی | مکتبہ نوریہ صفویہ فیصل آباد۔ |
| 35 | القرآن الکریم | مترجم پروفیسر جاوید انور صدیقی | دارالاندلس چوبرجی لاہور۔ |
| 36 | تسہیل الصرف | حافظ محمد خاں نوری | ضیاء القرآن پبلیکیشنز لاہور۔ |
| 37 | معارف الصرف | مترجم عبدالقیوم قاسمی | درخواستی کتب خانہ کراچی نمبر ۵۔ |
| 38 | قرآن سمجھنا سیکھیے | محمد عافی بخش قریشی | خان پرنٹرز ناظم آباد کراچی۔ |
| 39 | فضائلِ حفاظ القرآن | ابوعبدالقادر محمد طاہر مدنی | دارالمطالعہ حاصل پور۔ |
| 40 | معجم القرآن | سید فضل الرحمٰن | ادارہ مجددیہ ناظم آباد کراچی۔ |
| 41 | عربی گرامر | شازیہ کوثر | دارالھدیٰ اسلام آباد۔ |
| 42 | تدبر قرآن | امین احسن اصلاحی | فاران فاؤنڈیشن لاہور۔ |
| 43 | فرہنگ کامل لغات القرآن | پروفیسر عباس شوستری | انتشارات نگینہ، تہران۔ |

# افعال القرآن کے متعلق اہلِ علم کی آراء

| رائے | صاحبِ رائے |
|---|---|
| پروفیسر صاحب نے جو کام کیا ہے وہ نہایت اہم کام ہے۔ | پیر سید نصیر الدین گیلانی |
| یہ کام اردو خواں حضرات کے لئے قرآن فہمی میں نہایت مددگار ثابت ہوگا۔ | ڈاکٹر غلام مرتضیٰ آزاد |
| پروفیسر صاحب کا ''افعال القرآن'' پر کام انتہائی قابل قدر ہے۔ | محمد اشرف ناز |
| یہ عدیم المثال کتاب فہم قرآنی کے لئے مشعل راہ ثابت ہوگی۔ | پروفیسر حبیب اللہ |
| یہ کتاب کالج کے طلباء اور اساتذہ کے لئے ایک نعمت ہوگی۔ | پروفیسر ڈاکٹر محمد عمر |
| کتاب میں عربی گرامر کا بہت کچھ نہایت جامع اور مختصر انداز میں شامل کیا گیا ہے۔ | خواجہ غلام ربانی مجال |
| ''افعال القرآن'' واقعی قابل قدر کاوش ہے۔ | صفدر قریشی |
| ''افعال القرآن'' پروفیسر صاحب کا ایک عظیم الشان تحقیقی شاہکار ہے۔ | خطیب حمید الرحمٰن |
| ''افعال القرآن'' قرآن فہمی اور عربی زبان کی تفہیم و تدریس میں کافی معاون ہوگا | سید زوار حسین بخاری |
| یہ کتاب ٹی وی اور ریڈیو والوں کے لئے ایک درسی کتاب کی حیثیت رکھتی ہے۔ | پروفیسر قیصر آفتاب |
| اس علمی کوشش سے عام لوگوں کو عربی زبان کے قریب لانے کی سعی کی گئی ہے۔ | محمد عبد الرحمٰن قریشی |
| شعبہ قرآنیہ کے معلمین و متعلمین کے لئے یہ کتاب چراغِ راہ ثابت ہوگی۔ | پروفیسر عبد الماجد |
| فہمِ قرآن اور عربی زبان کے طلبہ کے لئے اس کا مطالعہ نہایت مفید اور نافع ہے۔ | ڈاکٹر عبد الکبیر محسن |
| اردو زبان کے تلفظ اور ادائیگی میں بھی یہ بنیادی کردار ادا کرے گی۔ | ڈاکٹر محمد ایوب شاہد |
| علماء، فضلاء، اساتذہ، طلباء و طالبات اور ہر ایک تعلیم یافتہ کے لئے راہنماء ہوگی۔ | عبد اللطیف صوفی |
| ''افعال القرآن'' دراصل مفتاح القرآن کا افتتاحیہ ہے۔ | مؤلف |

اعظم مارکیٹ اقبال روڈ کمیٹی چوک راولپنڈی
Ph:051-5552058
Cell:0300-6062699,0332-6062699